عظیم نورانی نقش
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ
محمد المصطفیٰ
فاطمۃ الزہراؑ
یٰسٓ
لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ
یَا ذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ
یَا قَاھِرَ الۡعَدُوِّ یَا وَالِیَ الۡوَلِیِّ
یَا مَظۡھَرَ الۡعَجَائِبِ یَا مُرۡتَضٰی عَلِیؑ
الحسنؑ
الحسینؑ
Copyright @www.imamiajantri.com
سیّد علی اس عظیم نورانی نقش کو حضرت امام رضا علیہ السّلام سے روایت کرتے ہیں کہ شکل عین ہر روز دیکھیں یعنی اس کی زیارت کریں اور بوقت زیارت آیت الکرسی کی تلاوت کریں۔ آپ دنیا میں کسی کے محتاج نہ رہیں گے۔ لوگوں میں عزت کا مقام حاصل ہوگا۔ رزق میں اضافہ ہوگا۔
imamiajantriofficial
imamiajantriofficial
imamiajantriofficial
@imamia_jantri
imamia-jantri

اصلی امامیہ جنتری خریدنے کے لیے سرورق (ٹائٹل) پر چمکنے والی (Original) کی سٹیمپ اور معیار ضرور چیک کریں

افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) 43 مین بازار اسلام پورہ لاہور 54000 فون: 37223686 42 92+

اصلی امامیہ جنتری خریدنے کے لیے سرورق (ٹائٹل) پر چمکنے والی (Original) کی سٹیمپ اور معیار ضرور چیک کریں

فہرست مضامین

ایڈیٹر کے قلم سے

السلام وعلیکم قارئین اکرام! الحمداللہ دنیا میں شاید ہی کسی جریدے کو اس قدر پزیرائی اور محبت ملی ہو جس قدر امامیہ جنتری کو اس کے قارئین نے بخشی۔ ہمارے گھروں میں خوشی ہو یا غم امامیہ جنتری ہمیشہ ہمارے ساتھ رہتی ہے۔ ہم یہ بات فخر سے کہہ سکتے ہیں کہ امامیہ جنتری صرف ایک جنتری نہیں بلکہ ایک وراثت ہے اور بہت سے لوگوں کی روحانی وابستگی امامیہ جنتری سے منسلک ہے۔ پچھلے پچاس سالوں سے اس محبت، اپنائیت، اور اعتماد کا شکریہ!

امامیہ جنتری کو شہرہ آفاق بلندیوں تک پہنچانے میں امامیہ جنتری کے بانی آغا افتخار حسین کی انتھک کاوشوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ مگر افسوس! آغا افتخار حسین 19 فروری 2021 (5 رجب) کو اس جہان فانی سے کوچ کر گئے۔ ادارے نے آغا افتخار حسین کی زندگی میں ہی ان کی زیر نگرانی دور جدید کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے امامیہ جنتری کو ڈیجیٹائز کرنے کا عمل شروع کر دیا تھا اور اب اس کا باقاعدہ افتتاح انشاءاللہ امامیہ جنتری 2022 کے ایڈیشن سے کیا جا رہا ہے۔ حسب وعدہ اس سال بھی امامیہ جنتری دین و دنیا کی تمام دعائیں، پورے سال کے لئے ستاروں کا حال، یومیہ و ماہانہ تقویم، کیفیتِ ایام، اسلامی تقریبات کی معلومات، اعمال، اسلامی معلومات نگینے اور قیمتی پتھروں کی معلومات لے کر آپکی خدمت میں حاضر ہے۔

ہمیں کچھ شکایات موصول ہوئیں جن کی تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی کہ امامیہ جنتری کے نام سے کچھ لوگ جعلی جنتریاں چھاپ رہے ہیں۔ جنتری کی ایک اشاعت میں پوری ٹیم کی ایک سال کی محنت شامل ہوتی ہے۔ جعلی جنتری کی اشاعت کو روکنے کیلئے قانونی چارہ جوئی بھی کی جا رہی ہے تاکہ قارئین تک اصلی اور معیاری جنتری کی رسائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

دور حاضر کے ڈیجیٹل تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے امامیہ جنتری آفیشل ایپ بھی متعارف کروا چکا ہے جس کو پلے سٹور اور ایپ سٹور سے با آسانی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ اس ایپ میں قرآن پاک، دعائیں، اعمال، اسلامی کیلنڈر، اسلامی خبریں اور بے شمار علمی معلومات مستند حوالہ جات کے ساتھ موجود ہیں۔ مگر افسوس کے ساتھ بہت ساری جعلی ایپس بھی ہمارے قارئین کو گمراہ کرنے کیلئے پلے سٹور پر دستیاب ہیں، اس لئے قارئین سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ صرف افتخار بک ڈپو کی جانب سے پیش کی گئی امامیہ جنتری آفیشل ایپ ہی ڈاؤن لوڈ کریں اور جعلی ایپس سے نہ صرف ہوشیار رہیں بلکہ ان کو رپورٹ بھی کریں تاکہ جعلی مافیا کی حوصلہ شکنی کی جا سکے

رواں برس قارئین امامیہ جنتری کو درپیش مسائل کے حل کو بہتر بنانے کیلئے روحانی پلیٹ فارم بھی متعارف کروا رہا ہے جس میں مختلف شعبوں کے ماہرین اپنی خدمات فراہم کریں گے اب آپ امامیہ جنتری کے آفیشل نمبر 03111888668 پر بلا جھجک کال کر کے اپنے مسائل کا بروقت حل حاصل کرنے کیلئے متعلقہ روحانی مشیر سے رابطہ بھی کر سکتے ہیں۔

ہم رواں برس جس پہلو کو لازم و ملزوم گردان رہے ہیں وہ یہ ہے کہ امامیہ جنتری کے قارئین کے لئے اس بات کو یقینی بنائیں کہ امامیہ جنتری میں شائع ہونے والے مضامین کے مولفین اپنے تمام قارئین کے ساتھ مخلصانہ رویہ اپنائیں اور اپنی خدمات کی انجام دہی میں کوئی غفلت نہ برتیں۔

امامیہ جنتری کی انتظامیہ اپنے قارئین سے التماس کرتی ہے کہ ہماری جنتری سے منسلک کسی بھی روحانی مشیر کے متعلق رائے، تجویز یا شکایت کی صورت میں بلا جھجک ہم سے رابطہ کریں۔ اور ساتھ ہی ساتھ اس بات کا بھی خاص خیال رکھیں کہ 03111888668 کے علاوہ آنے والے کسی بھی نمبر سے کال امامیہ جنتری کی جانب سے نہیں ہے۔ ایسے کسی دھوکے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ آپکی شکایات پر بروقت کارروائی کر کے ہم اپنا سسٹم شفاف بنانے کے لئے ہر وقت کوشاں ہیں۔

ہم امامیہ جنتری پر آپ کے بھروسے اور آپکے پیار کے بے حد مشکور ہیں۔ اور امید کرتے ہیں کہ ہماری طرف سے کی جانے والی تمام کاوشیں آپ کے لئے تسلی بخش ہونگی۔ اپنی قیمتی رائے سے ہمیں آگاہ کریں اور اسی طرح امامیہ جنتری کا ساتھ دیتے رہیں۔

علی فرزاد

رواں سال قارئین کی راہنمائی اور سہولت کو بہتر بنانے کے پیشِ نظر امامیہ جنتری ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم کی صورت میں میدانِ عمل میں آ رہی ہے۔ اور اسی ضمن میں ہم اپنی آفیشل ٹیلیفون ایکسچینج بھی متعارف کروا رہے ہیں جس کے ذریعے آپ امامیہ جنتری میں شائع ہونے والے تمام مضامین کے مؤلفین اور روحانی نمائندگان سے براہ راست رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔ درج ذیل خاکہ آپ لوگوں کی راہنمائی کے لئے تشکیل دیا گیا ہے کہ آپ کس طرح اپنے متعلقہ فرد سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔ سب سے پہلے دیا گیا نمبر ڈائل کریں۔

امامیہ جنتری ٹیلیفون ایکسچینج

03 111888668

اردو 1 — English 2

		1	2	3	4	5	6
دعا قرآنی 1	دعا قرآنی-1 (1)	روشنی	جہانِ حیرت	راہِ خدا	میری دُعا قبول ہو	آمین زندگی	
	دعا قرآنی-2 (2)	بابِ رحمت	فریادِ عبد	دستک	دارالاستخارہ	خود آگاہی	
فلکیات 2	فلکیات-1 (1)	ستارے آپ کے	زیبِ حیات	گلستانِ اسم	دریچہ علم	دستور العمل	
	فلکیات-2 (2)	جوہری بتائے گا	گردشِ کونین	ستارے آپ کے	کاشف الکرب	پہلی پرواز	
صحت 3	صحت-1 (1)	حکیم بتائے گا	زندگی خوبصورت ہے	جدید حکمت			
	صحت-2 (2)	روشنی کا راستہ	جان ہے تو جہان ہے				
عملیات 4	عملیات-1 (1)	جہانِ حیرت	اوراق و وظائف	ہدیۂ اعمال	نعمتِ حیات	اور کچی	
	عملیات-2 (2)	لوحِ قلم	تاثیرِ قرآن	درگاہ	کشکولِ عمل	انکشاف	
	عملیات-3 (3)	الف ابجد	امیدِ رزق افروز	خزینہ علم	بندگی	التجا	یقین کی دولت
	عملیات-4 (4)	رمل کی دنیا	مسئلہ کیا ہے؟	سفینۂ نجات	گلدستہ اعمال	وجدان	زیرِ فلک
پتھر اور نگینے 5							
شکایات 9							
مینجر 0							

SCAN ME

نوٹ: اگر آپ کو کال کے دوران کسی بھی قسم کی مشکل درپیش ہو تو کسی بھی وقت آپ 0 کا بٹن دبا کر سسٹم مینجر سے بات کر سکتے ہیں۔

اپنے نام کے اعداد کے مطابق اسم اعظم تلاش کر کے نماز فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگیں

اسمائے مبارکہ و القابات حضور پرنور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مع حروف باطن و اعداد

محمدؐ م،ح،د ۹۲	احمدؐ ا،ذ،غ ۵۳	حامدؐ ح،ذ،غ ۵۳	مرتبہ: (کراچی) راجہ افتخار حسین جفار 03 111 888 668		محمودؐ م،ن،ت ۹۸	قاسمؐ ق،ہ،ث ۲۰۱	عاقبؐ ع،ہ،ث ۱۷۳
فاتحؐ ف،م،ل ۴۸۹	شاہدؐ ش،ب،ض ۳۱۰	حاشرؐ ح،ہ،ث ۵۰۹	رشیدؐ ر،ی،ص ۵۱۴	مشہودؐ م،ق،ع ۳۵۵	بشیرؐ ب،ح،د ۵۱۲	نذیرؐ ن،س،د ۲۶۷	داعؐ د،ق،ع ۷۵
شافؐ ش،ف،خ ۳۸۱	ہادؐ ہ،ص،و ۱۰	مہدؐ م،ش،ر ۴۹	ماحؐ م،ش،ر ۴۹	منجؐ م،ط،ق ۹۳	ناہؐ ن،غ،ر ۵۶	رسولؐ ر،ع،ن ۲۹۶	نبیؐ ن،و،ت ۶۲
امیؐ ا،ث،خ ۵۱	تہامیؐ ت،ح،د ۴۵۶	ہاشمیؐ ہ،د،د ۳۵۶	ابطحیؐ ا،ب،ب ۳۰	عزیزؐ ع،ی،ص ۹۴	عارفؐ ع،س،د ۳۵۱	رءوفؐ ر،و،ت ۲۸۶	رحیمؐ ر،د،خ ۲۵۸
طٰہٰؐ ط،ن،ت ۱۴	مجتبیٰؐ م،ز،ش ۴۵۵	طٰسٓؐ ط،م،ل ۴۹	مرتضیٰؐ م،ت،ح ۱۴۵۰	حٰمٓؐ ح،د،د ۴۸	مصطفیٰؐ م،ہ،ث ۲۲۹	یٰسٓؐ ی،ن،ت ۷۰	اولیؐ ا،ق،ع ۴۷
مزملؐ م،ہ،ث ۱۱۷	ولیؐ و،ص،و ۴۶	مدثرؐ م،ع،ن ۷۴۴	متینؐ م،خ،ل ۵۰۰	مصدقؐ م،ی،ص ۲۳۴	طیبؐ ط،ز،ش ۲۱	ناصرؐ ن،ہ،ث ۳۴۱	منصورؐ م،ت،ح ۳۸۶
مصباحؐ م،ا،ط ۱۴۱	مامورؐ م،ز،ش ۲۸۷	حجازیؐ ح،ا،ظ ۲۹	عالمؐ ع،ا،ظ ۱۴۱	قرشیؐ ق،ت،ح ۴۱۰	صابرؐ ص،م،ل ۲۹۳	التقیؐ ت،و،ت ۵۱۰	حافظؐ ح،ط،ق ۹۸۹
کاملؐ ک،ز،ش ۹۱	صادقؐ ص،ظ،د ۱۹۵	امینؐ ا،ف،خ ۱۰۱	عبداللہؐ ع،ب،ض ۱۴۲	کلیم اللہؐ ک،ض،ع ۱۶۶	حبیب اللہؐ ح،د،خ ۸۸	نجی اللہؐ ن،ف،خ ۱۲۹	صفی اللہؐ ص،ت،ح ۲۴۶
خاتم الانبیاءؐ خ،ع،ن ۱۱۳۶	حسیبؐ ح،خ،ل ۸۰	مجیبؐ م،ظ،د ۵۵۰	شکورؐ ش،ت،ح ۵۲۶	مبلغؐ م،ح،د ۱۰۷۲	رسول الرحمۃؐ ر،ث،خ ۹۷۵	قویؐ ق،د،خ ۱۱۴	حفیؐ ح،ن،ت ۹۸
مامونؐ م،ذ،غ ۱۳۷	معلومؐ م،ص،و ۱۸۶	حقؐ ح،خ،ل ۱۰۸	مبینؐ م،ص،و ۱۰۲	مطیعؐ م،ف،خ ۱۲۹	رسول الاحۃؐ ر،ل،ب ۹۳۶	اولؐ ا،ط،ق ۳۷	آخرؐ ا،ف،خ ۸۰۱
ظاہرؐ ظ،ن،ت ۱۱۰۶	باطنؐ ب،و،ت ۶۲	نبی الرحمۃؐ ن،ذ،غ ۷۴۱	یتیمؐ ی،ل،ب ۴۶۰	کریمؐ ک،ص،و ۲۷۰	حکیمؐ ح،ت،ح ۷۸	خاتم الرسلؐ خ،خ،ل ۱۳۶۸	سیدؐ س،ص،د ۷۴
سراجؐ س،ل،ب ۲۶۴	منیرؐ م،ر،د ۳۰۰	الحقؐ ا،ظ،د ۱۳۹	مکرمؐ م،ر،د ۳۰۰	مبشرؐ م،ی،ص ۵۴۲	مذکرؐ م،ن،ت ۲۶۷	مطہرؐ م،ب،ض ۲۵۴	قریبؐ ق،د،خ ۳۱۲
خلیلؐ خ،ض،ع ۶۷۰	مدعوؐ م،ح،د ۱۲۰	جوادؐ ج،ن،ت ۱۴	خاتمؐ خ،ہ،ث ۱۰۴۱	عادلؐ ع،ش،د ۱۰۵	شہیرؐ ش،ک،ح ۵۱۵	شہیدؐ ش،ک،ح ۳۱۹	مبعوثؐ م،ب،ض ۶۱۸

یَا اللّٰہُ

یَا مُحَمَّدُ یَا عَلِیُّ یَا فَاطِمَۃُ یَا حَسَنُ یَا حُسَینُ

القابات امامت امیرالمومنین
علی ابن ابی طالب علیہ السّلام

اِمَامُ الْمُتَّقِيْنَ | اِمَامُ الْمُسْلِمِيْنَ | اِمَامُ الْعَارِفِيْنَ | اِمَامُ الْوَاصِلِيْنَ | اِمَامُ الْمُوَحِّدِيْنَ | اِمَامُ الْمُحَقِّقِيْنَ | اِمَامُ السَّالِكِيْنَ | اِمَامُ الْمُحْسِنِيْنَ | اِمَامُ الصَّادِقِيْنَ

اِمَامُ الْاَوَّلِيْنَ | اِمَامُ الْعٰلَمِيْنَ | اِمَامُ الْمُتَعَبِّدِيْنَ | اِمَامُ السَّابِقِيْنَ | اِمَامُ الْمَسْبُوْقِيْنَ | اِمَامُ الْمَخْلُوْقِيْنَ | اِمَامُ الْعَادِلِيْنَ | اِمَامُ الْمُتَعَلِّمِيْنَ

اِمَامُ الْمُرْشِدِيْنَ | اِمَامُ الْمُبَشِّرِيْنَ | اِمَامُ الْمُنْذِرِيْنَ | اِمَامُ الْمُقْسِطِيْنَ | اِمَامُ الْعَاشِقِيْنَ | اِمَامُ الْمُقَرَّبِيْنَ | اِمَامُ الرَّاشِدِيْنَ | اِمَامُ الْمُتَوَكِّلِيْنَ | اِمَامُ الشَّاهِدِيْنَ

اِمَامُ الْمُتَكَلِّمِيْنَ | اِمَامُ الطَّاهِرِيْنَ | اِمَامُ الْمُبَارِزِيْنَ | اِمَامُ الْمُعَظَّمِيْنَ | اِمَامُ الْاَجْوَدِيْنَ | اِمَامُ الْقَارِئِيْنَ | اِمَامُ الْمَالِكِيْنَ | اِمَامُ الْمُفْلِحِيْنَ

اِمَامُ الرَّاكِعِيْنَ | اِمَامُ السَّاجِدِيْنَ | اِمَامُ الْمَحْكُوْمِيْنَ | اِمَامُ الْمُتَاَخِّرِيْنَ | اِمَامُ الْمُحِبِّيْنَ | اِمَامُ الرَّاسِخِيْنَ | اِمَامُ الْوَاصِفِيْنَ | اِمَامُ الْخَاشِعِيْنَ | اِمَامُ الْمُكَبِّرِيْنَ

اِمَامُ الْقَائِمِيْنَ | اِمَامُ الْمُقَدَّسِيْنَ | اِمَامُ الْاَفْصَحِيْنَ | اِمَامُ الْبَاذِلِيْنَ | اِمَامُ الْمُكَمَّلِيْنَ | اِمَامُ الْكَامِلِيْنَ | اِمَامُ الْحَافِظِيْنَ | اِمَامُ الْمُشْفِعِيْنَ

اِمَامُ الْمُكَرَّمِيْنَ | اِمَامُ الْقَانِتِيْنَ | اِمَامُ الْمُهَاجِرِيْنَ | اِمَامُ الشَّاهِدِيْنَ | اِمَامُ الْمُطَهَّرِيْنَ | اِمَامُ الْمَخْدُوْمِيْنَ | اِمَامُ الصَّامِتِيْنَ | اِمَامُ الرَّافِعِيْنَ | اِمَامُ الْاَطْهَرِيْنَ

اِمَامُ الْاَئِمَّةِ | اِمَامُ الْمُلْهِمِيْنَ | اِمَامُ الْمُقَاتِلِيْنَ | اِمَامُ الْاَشْجَعِيْنَ | اِمَامُ الْاَعْلَمِيْنَ | اِمَامُ الْاَمِيْنَ | اِمَامُ الزَّكِيِّيْنَ | اِمَامُ الْاَوْرَعِيْنَ

اِمَامُ الْمُجْتَهِدِيْنَ | اِمَامُ الْاٰمِرِيْنَ | اِمَامُ الْمُجَاهِدِيْنَ | اِمَامُ الْخَطِيْبِيْنَ | اِمَامُ الْمُطِيْعِيْنَ | اِمَامُ الْمُبَرَّئِيْنَ | اِمَامُ الْمُقَارِنِيْنَ | اِمَامُ الْخَاضِعِيْنَ | اِمَامُ الْاَفْضَلِيْنَ

اِمَامُ الْغَالِبِيْنَ | اِمَامُ الْمُخَيَّرِيْنَ | اِمَامُ الْمُتَقَدِّمِيْنَ | اِمَامُ الْمُعَلِّمِيْنَ | اِمَامُ الصَّائِمِيْنَ | اِمَامُ الْمُظَفَّرِيْنَ | اِمَامُ النَّاظِرِيْنَ | اِمَامُ الْعَالِمِيْنَ

اِمَامُ الْمُحْتَسِبِيْنَ | اِمَامُ الْمَعْطُوْفِيْنَ | اِمَامُ الشَّهِيْدِيْنَ | اِمَامُ الْوَارِثِيْنَ | اِمَامُ الْمُطَيَّبِيْنَ | اِمَامُ الْاَكْمَلِيْنَ | اِمَامُ الْكَاظِمِيْنَ | اِمَامُ الْمُسَبِّحِيْنَ | اِمَامُ الْمَعْشُوْقِيْنَ

رسول خدا ﷺ نے فرمایا، خوبصورت بال خدا کی طرف سے پوشاک کی حیثیت رکھتے ہیں۔ لہٰذا ان کا احترام کرو۔

دُعائے مُجَرّب وَعَجِیبُ التَّاثِیر

برائے حفاظت از آفات و بلیّات و حادثات و سحر و ز ہر و شر شیاطین و جن وانس وغیرہ

کتاب **زین المتقین** سے منقول ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام کے زمانہ میں ایک بدکار شخص کو 3 مرتبہ آگ میں ڈالا گیا نہ جلا، پھر پانی میں ڈالا گیا نہ ڈوبا، گردن پر شمشیر چلائی گئی کارگر نہ ہوئی۔ امامؑ سے سبب دریافت کیا گیا آپؑ نے فرمایا اس کے پاس ایک تعویذ ہے دیکھا گیا تو اسکے پاس سے یہ دعا نکلی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

يَامَنْ لَّا يَعْلَمُ الْغَيْبَ اِلَّا هُوَ ط يَامَنْ لَّا يُدَبِّرُ الْاَمْرَ اِلَّا هُوَ ط يَامَنْ لَّا يَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا هُوَ ط يَامَنْ لَّا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا هُوَ ط يَامَنْ لَّا يُحْيِي الْعِظَامَ الْمَوْتٰى اِلَّا هُوَ ط هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ط وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا وَبِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ الصَّمَدِ الْفَرْدِ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ ٥لا وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ط كَامِلاً هَادِيًا يَا سِرًّا يَامِلاً صَادِقًا بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

دعا رد بلا

بلاؤں کے دور ہونے کے لیے درج ذیل دعا بعد ہر نماز 70 مرتبہ روزانہ پڑھیں

يَا اللّٰهُ يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ يَا فَاطِمَةُ يَا حَسَنُ يَا حُسَيْنُ يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ اَدْرِكْنِيْ وَلَا تُهْلِكْنِيْ ● اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

ترجمہ اے اللہ، اے محمدؐ، اے علیؑ، اے فاطمہؑ، اے حسنؑ، اے حسینؑ اے زمانہ کے سردار میری مدد فرمایئے ورنہ میں ہلاک ہو جاؤں گا۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی پُراثر دُعا

دُعائے مقاتل بن سلیمان

اول و آخر ۱۵ مرتبہ دُرود پڑھیں۔ پھر حاجت طلب کریں۔ شیخ کفعمی نے مقاتل بن سلیمان سے نقل کیا۔ امامؑ نے فرمایا! سو مرتبہ اس دُعا کو پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دُعا مستجاب ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اِلٰهِيْ كَيْفَ اَدْعُوْكَ وَاَنَا اَنَا وَكَيْفَ اَقْطَعُ رَجَائِيْ مِنْكَ وَاَنْتَ اَنْتَ اِلٰهِيْ اِذَا لَمْ اَسْئَلْكَ فَتُعْطِيْنِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ اَسْئَلُهٗ فَيُعْطِيْنِيْ اِلٰهِيْ اِذَا لَمْ اَدْعُوْكَ فَتَسْتَجِيْبُ لِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ اَدْعُوْهُ فَيَسْتَجِيْبُ لِيْ اِلٰهِيْ اِذَا لَمْ اَتَضَرَّعْ اِلَيْكَ فَتَرْحَمُنِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ اَتَضَرَّعُ اِلَيْهِ فَيَرْحَمُنِيْ اِلٰهِيْ فَكَمَا فَلَقْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَنَجَّيْتَهٗ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَنْ تُنَجِّيَنِيْ مِمَّآ اَنَا فِيْهِ وَتُفَرِّجَ عَنِّيْ فَرَجًا عَاجِلاً غَيْرَ اٰجِلٍ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ترجمہ: اے میرے معبود کیسے تجھے پکاروں اس حال میں کہ میں میں ہوں اور کیسے اپنی اُمید تجھ سے منقطع کرلوں حالانکہ تو تو ہے۔ اے میرے معبود جب میں تجھ سے نہیں مانگتا تب بھی تو مجھے عطا کرتا ہے۔ تو وہ کون ہے کہ اُس سے مانگوں اور وہ مجھے عطا کرے اے میرے معبود جب میں تجھے نہیں پکارتا تب بھی تو میری دُعا قبول کرتا ہے تو وہ کونسی ذات ہے کہ میں اُسے پکاروں اور وہ میری دُعا قبول کرے۔ اے میرے معبود جب میں تیرے حضور میں نہیں گڑ گڑاتا تو مجھ پر رحم کرتا ہے۔ تو وہ کونسی ہستی ہے کہ اس کے سامنے گڑ گڑاؤں اور وہ مجھ پر رحم کرے اے میرے معبود جس طرح تو نے موسیٰ علیہ السلام کے لیے دریا کو شگافتہ کیا اور اُن کو نجات دی میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں محمد ﷺ اور اُن کی آل پر رحمت نازل فرما اور مجھ کو اُس چیز سے جس میں میں مبتلا ہوں نجات دے اور میری تمام پریشانیوں کو جلد از جلد بلا تاخیر (فوری) اپنے فضل اور اپنی رحمت سے دُور فرما۔ اے سب سے بڑے رحم کرنے والے۔

استغاثہ بحضور رب کائنات دردانع وبا و بلیات

اکبر ترابی

اے محمدؐ کے خدا رب علیؑ مرتضیٰ
سیدہ خاتون جنت فاطمہؑ کا واسطہ
واسطہ حسنینؑ کا تو ٹال دے مہلک وبا
چہاردہ معصومؑ کے صدقے تو سُن میری دعا
لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

اس کرونا وائرس کا چھا گیا خوف و ہراس
عالم و عامل، حکیم و ڈاکٹر ہیں بدحواس
قادر مطلق ہے تو قرآن بھی ہے اپنے پاس
چھٹ گئی خلاق عالم سے مسلمانوں کی آس
لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

حج کعبہ بند، مساجد بند عبادت گاہ بند
خادم حرمین حجروں میں عرب کے شاہ بند
مارکیٹ وشاہراہ، مکتب جنازہ گاہ بند
سازش شیطان ہے کہ مغفرت کی راہ بند
لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

ساری سُپر طاقتوں کی طاقتیں بیکار ہیں
ایک جرثومے سے عاجز جوہری ہتھیار ہیں
ہم محمدؐ اور اس کی آلؑ کے حبدار ہیں
مار اُن کو جو کہ تجھ سے برسر پیکار ہیں
لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

بے شبہ تو نے لیا ہے انبیاءؑ کا امتحان
وہ تیرے نورانی بندے وہ کہاں اور ہم کہاں
وائرس کا خوف سے ہے مضطرب سارا جہاں
چھینک بھی آئے تو ہوتا ہے کرونا کا گماں
لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

ہم بے عمل بدکار بندے تو غفور تو رحیم
اپنی خلقت پر فضل کر بخش الطافِ عمیم
ہم پہ قابو پا کے خوش ہے آج شیطانِ رجیم
معاف کر دے ہم کو مولا تو ہے رحمن و رحیم
لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

کھول دے کعبہ کا در مہدیؑ کو دے امر ظہور
ظلم لبریز دھرتی ہے گناہوں کا وفور
لہو لعب میں مست بندے پست قرآنی امور
ہر طرف جرم و گناہ ہیں لوگ ہیں نیکی سے دور
لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

کلمہ گو ہیں استغاثہ غیر سے کرتے نہیں
زندگی میں ہم تیرے دشمن کا دم بھرتے نہیں
موت برحق ہے ترابی موت سے ڈرتے نہیں
گھر بدلتے ہیں علیؑ والے کبھی مرتے نہیں
لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

تو بادشاہ بحر و بر تابع تیرے شمس و قمر
کون ہے تیرے سوا ہم عاصیوں کا چارہ گر
فریاد ہے فریاد ہے فریاد ہے باچشم تر
ہاتھ پھیلائے ہوں تیرے سامنے شام و سحر
لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

اے خدا مہدیؑ کو اب اذن خروج عام دے
جیتے جی ان کی زیارت کا ہمیں انعام دے
لِیْ خَمْسَةٌ پڑھتے ہیں جو اُن کو شفا کا جام دے
اے ترابی مشکلوں میں پنجتنؑ کا نام دے
لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةْ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةْ

ماں

مولانا سید
حسن ظفر نقوی

فقر و فاقہ میں اگر اولاد کو پاتی ہے ماں
دھوپ میں سڑکوں پہ اک مزدور بن جاتی ہے ماں

ایک سستا سا کھلونا جب نہ لے پاتی ہے ماں
اُس گھڑی بچے سے اپنے کتنا شرماتی ہے ماں

قبر میں بھی چین سے پھر رہ نہیں سکتی ہے وہ
اپنے بچوں کو کبھی افسردہ جو پاتی ہے ماں

جو اذیت کا سبب بن جاتی ہیں ماں کے لئے
ایسی اولادوں کو بھی سینے سے چمٹاتی ہے ماں

ٹھوکریں کھا کر سنبھلنا کس طرح اے میرے لال
یا حسینؑ و یا علیؑ کا ورد سکھلاتی ہے ماں

ہو اگر اولاد پر حملہ تو یہ نازک سی جاں
یک بیک پھر شیرنی بن کر بپھر جاتی ہے ماں

مدتیں گزریں پر اب تک ایسا لگتا ہے مجھے
ہاتھ میرا تھام کر مجلس میں لے جاتی ہے ماں

دم بخود ہیں کربلا میں سب یہ منظر دیکھ کر
سر کو اپنے لال کے واپس جو پلٹاتی ہے ماں

شکر کا سجدہ بھی ہے اور دل کا شیشہ چور بھی
قاسمؑ گلگوں قبا کے ٹکڑے جو پاتی ہے ماں

اک طرف محسنؑ کا غم اور زخم پہلو کا الگ
دیکھ نہ پائے کوئی سب اشک پی جاتی ہے ماں

ہو اگر شبیرؑ جیسا لاڈلا بیٹا تو پھر
اپنے بیٹے کے لئے مقتل میں آ جاتی ہے ماں

جی رہا ہوں یوں تو پہلے کی طرح لیکن ظفرؔ
لطف جینے کا بھی اپنے ساتھ لے جاتی ہے ماں

منظومِ خراجِ تحسین وعقیدت

بیادِ محترم آغا افتخار حسین (مرحوم و مغفور)

سیّد ذوالفقار حسین نقویؔ (کراچی)

نیک انسان، افتخار حسین : اہلِ عرفان، افتخار حسین
اِمامیہ جنتری کے رُوحِ رواں : اُس کی پہچان، افتخار حسین
خُوب ہے افتخار بُک ڈپو : رہے ہر آن، افتخار حسین
جو عمل میں بھی پیش پیش رہے : عِلم کا مان، افتخار حسین
اہلِ کربل سے عشق تھا اُن کو : خُلد سامان، افتخار حسین
عاشقِ معصومینؑ کو قرآں کا : سمجھا جُزدان، افتخار حسین
مجلسوں، محفلوں کی تھے رونق : حق کا میلان، افتخار حسین
علَمِ غازیؑ سایَباں اُن کا : رُوح کا مان، افتخار حسین
یادیں اُن کی حُسینؑ، علیؑ فرزاد : خُلق کی جان، افتخار حسین
مہرباں شخصیت رہے ایسی : فخرِ خاندان، افتخار حسین
اہلِ بیتؑ و قرآن سے ماخوذ : علمی فیضان، افتخار حسین
تھے ملنسار اور خوش اَخلاق : شانِ ایمان، افتخار حسین
خوشبوئے صِدق وصفا، مہر ووفا : گویا ریحان، افتخار حسین
تھے کتابوں کی اشاعت کے سفیر : اِک گلستان، افتخار حسین
عِلم وحِلم، انکساری، سیر وسلوک : فیضِ سلمانؑ، افتخار حسین
ہیں دُعاگو یہ سب تمہارے لیے : دوست داران، افتخار حسین
ربِّ تعالیٰ کی رحمتیں پاؤ : مثلِ باران، افتخار حسین
تھی بلندی ہی پہ نظر اُن کی : عکسِ فاران، افتخار حسین
یاد کیوں کر کریں نہ سب اُن کو : خیر کی جان، افتخار حسین
پاکستان آپ پہ رہا نازاں : ایسے ذِی شان، افتخار حسین
آپ لاہور کی بنے پہچان : حق کی بُرہان، افتخار حسین
عِلم کی ضوفشاں وہ صورت تھے : مردِ میدان، افتخار حسین
آپ کی زیست کا ہے یہ حاصل : کام کی جان، افتخار حسین
جان سے آپ نے عزیز رکھا : ربّ کا فرمان، افتخار حسین
کی جو چشمِ کرم علی مولاؑ : شاد ہر آن، افتخار حسین

نقویؔ اُن کا نام رہے گا سدا
ایسا فیضان، افتخار حسین

مولانا سید
حسن ظفر نقوی

imamiajantriofficial@gmail.com

اکثر لوگ دعاؤں کے قبول نہ ہونے کا گلہ کرتے نظر آتے ہیں۔ اور دعاؤں کے قبول ہونے اور قبول نہ ہونے کے اسباب پر اب تک بے شمار تحریریں اور تقریریں سامنے آچکی ہیں لیکن عوام الناس کا شکوہ اور گلہ ہے کہ اپنی جگہ برقرار ہے۔ آج ہم آپ کے لئے ایک ایسا نسخہ تحریر کر رہے ہیں جسے استعمال کرنے کے بعد ہمیں یقین ہے کہ آپ کا شکوہ اور گلہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دور ہو جائے گا۔ اور آپ کی زندگی میں بے چینی اور پریشانی کی جگہ اطمینان اور سکون کا راج ہوگا۔ اس نسخے کا نام ہے صلہ رحمی

صلہ رحمی اللہ کے احکام میں وہ حکم ہے جس کی بجا آوری فوری اثرات کی حامل ہے۔ صلہ رحمی یعنی عزیز و اقربا کی خبر گیری کرنا اور خاص طور پر ان میں ضرورت مندوں کی ضرورت کو بغیر احسان جتائے پورا کرنا۔ قرآن مجید میں متعدد مقامات پر رشتہ داروں کے حقوق کی ادائیگی کا حکم تاکید کے ساتھ دیا گیا ہے جیسا کہ ارشاد رب العزت ہے:

أُولُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَىٰ بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ

اللہ کی کتاب میں رشتہ داروں میں بھی بعض کو بعض پر ترجیح ہے۔
(سورۂ انفال، آیت ۷۵)

اور سورہ اسرا میں ارشاد ہوا:

وَآتِ ذَا الْقُرْبَىٰ حَقَّهُ (سورۂ اسراء، آیت ۲۶) رشتہ داروں کا حق ادا کرو۔

سورہ نساء میں ارشاد ہوا: وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا

اور اللہ سے ڈرو جس کا نام تم ایک دوسرے سے کوئی چیز مانگتے وقت لیتے ہو۔ اور رشتہ داروں کا خیال کرو۔ (ان سے قطع تعلق نہ کرو) کیونکہ اللہ تم پر نظر رکھے ہوئے ہے۔

اس آیت میں ارحام کی تفسیر میں صادق آل محمدؐ فرماتے ہیں۔ (سورۂ نساء، آیت ۱)

فَقَالَ يَعْنِي أَرْحَامَ النَّاسِ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ أَمَرَ لِصِلَتِهَا وَعَظَّمَهَا أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ جَعَلَهَا مَعَهُ

اس سے مراد لوگوں کے عزیز و اقربا ہیں، اللہ نے ان سے صلہ رحمی کا حکم دیا ہے، اور ان کی عزت افزائی فرمائی ہے۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ نے ان کا نام اپنے نام کے ساتھ لیا ہے۔ (تفسیر برہان، ج ۱، ص ۳۳۸)

آیئے اب آپ کو بتائیں کہ اس "صلہ رحمی" کا صلہ آپ کو کس صورت میں ملتا ہے؟ سب سے پہلے وہ لوگ جو رزق میں تنگی کی شکایت کرتے ہیں جب وہ صلہ رحمی کی طرف آتے ہیں اور اپنے غریب رشتہ داروں کی مدد کرتے ہیں تو اللہ ان کے رزق میں وسعت عطا کر دیتا ہے اور ایسی جگہوں سے رزق عطا کرتا ہے، جہاں سے انھیں گمان بھی نہیں ہوتا اور اپنے وعدے کے مطابق بے حساب رزق عطا کرتا ہے اور طویل زندگی دیتا ہے۔

جی ہاں! صلہ رحمی ایک ایسا عمل ہے جو آپ کی عمر میں اضافے کا باعث بن جاتا ہے۔ معصومہ کونینؑ کے خطبے میں جہاں آپ نے فلسفہ احکام بیان کئے ہیں وہاں آپ نے صلہ رحمی کے بارے میں فرمایا کہ:

وَصِلَةُ الْأَرْحَامِ مَنْسَأَةٌ فِي الْعُمْرِ وَمَنْمَاةٌ لِلْعَدَدِ

(خطبۂ فدک)

صلہ رحمی کرنے سے انسان کی عمر میں اضافہ ہوتا ہے اور اس سے افرادی قوت بھی بڑھ جاتی۔

امام سجادؑ فرماتے ہیں: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَمُدَّ اللَّهُ فِي عُمْرِهِ وَأَنْ يَبْسُطَ اللَّهُ فِي رِزْقِهِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ

جسے یہ بات پسند ہو کہ اللہ اس کی عمر دراز کرے اور اس کے رزق میں اضافہ فرمائے تو اسے چاہیے کہ صلہ رحمی انجام دے۔
(اصول، کافی، ج ۲، ص ۱۵۴)

اسی ضمن میں امام علی رضاؑ کا ارشاد ہے۔

يَكُونُ الرَّجُلُ يَصِلُ رَحِمَهُ فَيَكُونُ قَدْ بَقِيَ مِنْ عُمْرِهِ ثَلَاثُ سِنِينَ فَيُصَيِّرُهَا اللَّهُ ثَلَاثِينَ سَنَةً وَيَفْعَلُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ

گاہے کوئی شخص ایسے وقت میں صلہ رحمی کرتا ہے جبکہ اس کی عمر تین سال

باقی بچی ہو لیکن اللہ (صلہ رحمی کے باعث) اسے تیس سال میں بدل دیتا ہے۔ (اصول کافی، ج ۲، ص ۱۵۰)

اور پھر اس سے بھی بڑھ کر یہ صلہ رحمی کا عمل انسان کے اعمال کی پاکیزگی اور قبولیت کا سبب بن جاتا ہے، بلائیں دور ہو جاتی ہیں اور مال میں برکت ہو جاتی ہے۔ امام محمد باقرؑ فرماتے ہیں:

صِلَةُ الْاَرْحَامِ تُزَكِّي الْاَعْمَالَ وَتَدْفَعُ الْبَلْوٰى وَ تُنْمِي الْاَمْوَالَ وَتُنْسِئُ لَهُ فِيْ عُمُرِهٖ وَتُوَسِّعُ فِيْ رِزْقِهٖ وَ تُحَبِّبُ فِيْ اَهْلِ بَيْتِهٖ فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ وَلْيَصِلْ رَحِمَهُ

صلہ رحمی کے باعث اعمال پاک ہو جاتے ہیں، بلائیں دور ہو جاتی ہیں، اموال میں برکت ہو جاتی ہے، عمر طولانی ہو جاتی ہے، رزق میں اضافہ ہوتا ہے، اور انسان اپنے خاندان میں محبوب بن جاتا ہے۔ پس اسے چاہیے کہ اللہ کا تقویٰ اختیار کرے اور صلہ رحمی کرتا رہے۔ (اصول کافی، ج ۲، ص ۱۵۲) اور آخر میں امام جعفر صادقؑ کا یہ ارشاد بھی مومنین کے لیے سودمند ہوگا کہ آپ نے فرمایا:

صِلَةُ الرَّحِمِ تُهَوِّنُ الْحِسَابَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهِيَ مَنْسَاَةٌ فِي الْعُمُرِ وَتَقِيْ مَصَارِعَ السُّوْءِ

صلہ رحمی کی وجہ سے قیامت کے دن حساب میں آسانی ہو جاتی ہے، عمر طولانی ہو جاتی ہے اور انسان بری موت سے محفوظ رہتا ہے۔"

(بحار الانوار، ج ۷۱، ص ۱۰۲)

مومنین کرام صفحات کی محدودیت اس سے زیادہ کی اجازت نہیں دیتی۔ لیکن پھر بھی ہم نے کوشش کی کہ آپ کی خدمت میں ایک ایسا آسان نسخہ پیش کر دیں جس پر عمل کرنا آپ کے لیے دشوار بھی نہ ہو اور جس پر عمل کرنے میں دنیا اور آخرت کی بھلائی بھی ہو اور یہ بھی سمجھ لیجئے کہ صلہ رحمی کے لیے کوئی سرمایہ دار یا جاگیردار ہونا ضروری نہیں بلکہ اپنی اپنی حیثیت کے مطابق یہ عمل انجام دیا جا سکتا ہے بلکہ رشتہ داروں سے خوش مزاجی اور خوش خلقی سے ملنا بھی صلہ رحمی شمار ہوتا ہے۔ وما علینا الا البلاغ

مجرب عمل سورۃ الرحمٰن برائے تسخیر خلائق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَلرَّحْمٰنُ ۙ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ○ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۙ○ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ○ (سورۃ الرحمٰن)

عمل کی تفصیل کچھ یوں ہے ☆ قرآن کی مشہور و معروف اور خوبصورت ترین سورۃ الرحمٰن کو زبانی یاد کر لو۔ ☆ اچھی طرح یاد ہو جانے پر صبح کو نکلتے ہوئے سورج کی طرف منہ کر کے باوضو سورۃ الرحمٰن پڑھنا شروع کرو۔ جب اس سورۃ کی آیت۔ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہنچو تو دائیں ہاتھ کی شہادت والی انگلی سے سورج کی طرف اشارہ کریں۔

یہ عمل روزانہ 5 یا 7 منٹ میں مکمل ہو جاتا ہے۔ یہ عمل چالیس یوم تک صبح کا ہے۔ تسلسل سے چار چلّے 160 یوم تک عمل کریں۔ فراخی رزق اور تسخیر خلق کا تجربہ شدہ عمل ہے۔ صحافی، وکلاء، بیرسٹر، ڈاکٹر طبیب، عامل، تاجر، دکاندار چاہے جس شعبہ کا فرد کرے تسخیر خلق بے بہا پائیگا۔ والد محترم نے بھی مجھے اس کی اجازت بخشی ہے اور ہر مومن مولائی کو بھی اجازت عام دی ہے۔ مطلوب محبوب۔ افسران کو مسخر کرنے کا آسان عمل ہے۔ ناجائز مقصد کے لئے نہ کریں۔ پرہیز جمالی اختیار کریں۔

عمل برائے حل مشکلات

مکارم الاخلاق میں ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ جو کوئی مشکل اور پریشانی کے وقت اس دعا کو دس مرتبہ پڑھیگا تو اسکی مشکل حل ہو جائیگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

فیض علوم قرآنی

سیّد مبارک حسین کاظمی
R-31 فیز II ڈیفنس گارڈن،
ابوالحسن اصفہانی روڈ کراچی

وَعِنْدَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۚ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ

اور اُس کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جنکو اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا اور جو کچھ خشکی اور تری میں ہے اُس کو (بھی) وہی جانتا ہے اور کوئی پتا بھی نہیں کھڑکتا مگر وہ اُسے ضرور جانتا ہے اور نہ زمین کی تاریکیوں میں کوئی دانہ اور نہ کوئی خشک چیز ہے مگر یہ کہ وہ نورانی کتاب (لوح محفوظ) میں موجود ہے۔

السلام وعلیکم! قارئین امامیہ جنتری کے لئے چند مجرب و آزمودہ قرآنی آیات پیش خدمت ہیں۔ آپ ان سے استفادہ کریں اور امامیہ جنتری کے بانی آغا نثار احمد مرحوم اور آغا افتخار حسین مرحوم کی مغفرت کی دعا کریں۔

دعا کی قبولیت کے لئے:

دعا مانگنے سے قبل 3 مرتبہ درج ذیل سورۃ انبیاء آیت نمبر 87 پڑھیں

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ

قرض کی ادائیگی کے لئے:

صبح و شام کثرت سے درج ذیل سورۃ آلِ عمران آیت نمبر 26 کا ورد کریں

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ ۖ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

مصیبت سے نجات کے لئے:

اگر کوئی شخص چھوٹی یا بڑی مصیبت میں پھنس جائے تو وہ درج ذیل سورہ آل عمران آیت نمبر 173 کا ورد شروع کر دے اور قبولیت دعا کے لیے کم از کم 111 مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

حصول اولاد کے لئے:

کثرت سے درج ذیل سورۃ آل عمران آیت نمبر 38 کا ورد کریں

رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۖ إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ

رسول خدا کی زیارت کے لئے:

ہر نماز کے بعد سورۃ توبہ آیت نمبر 129-128 پڑھیں

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ ۝ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

ڈراؤنے خوابوں سے بچنے کے لئے:

سونے سے قبل درج ذیل سورۃ یونس آیت نمبر 64 پڑھیں

لَهُمُ الْبُشْرَىٰ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۚ لَا تَبْدِيلَ لِكَلِمَاتِ اللّٰهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ

نافرمان اولاد کو راہ راست پر لانے کے لئے:

نافرمان اولاد کو راہ راست پر لانے اور فرمانبردار بنانے کے لیے درج ذیل سورۃ بروج آیت نمبر 21-22 کو جب اولاد سو جائے تو سرہانے کھڑے ہو کر اول و آخر درود کے ساتھ روزانہ 3 مرتبہ 21 دن تک پڑھ کر دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَجِيدٌ ۝ فِي لَوْحٍ مَحْفُوظٍ

عزت اور وقار کے لئے:

روزانہ 7 مرتبہ درج ذیل سورۃ جاثیہ آیت نمبر 36۔37 پڑھ کر دعا مانگیں

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ

رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَلَهُ الْكِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضِ ۪ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ

غم سے نجات پانے کے لئے:

درج ذیل سورۃ فاطر آیت نمبر 41 کا کثرت سے ورد کریں۔

وَلَهُ مَا سَكَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ ؕ

وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا

خواب میں با خبر ہونے کے لئے:

رات کو سوتے وقت 7 مرتبہ درود پاک پڑھیں اور پھر 170 مرتبہ درج ذیل سورۃ فاتحہ آیت نمبر 5 پڑھیں اور آخر میں پھر 7 مرتبہ درود پاک پڑھیں تو ان شاء اللہ خواب میں مطلب حاصل ہوگا۔

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

رزق کی تنگی دور کرنے کے لئے:

اگر آپ کے پاس مکان نہ ہو اور رزق کی تنگی ہو تو درج ذیل سورۃ اعراف آیت نمبر 10 کو 151 مرتبہ روزانہ پڑھیں اور جب تک کامیابی نہ ہو یہ عمل جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَ جَعَلْنَا

لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ

کسی بھی بیماری سے صحت یابی کے لئے:

درج ذیل سورۂ بنی اسرائیل آیت نمبر 82 کو پڑھ کر مریض پر پھونکیں

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ

ذہنی تناؤ دور کرنے کے لئے:

درج ذیل سورۃ رعد آیت نمبر 28 کو پڑھیں۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

دشمن سے بچاؤ کے لئے:

اگر ساری دنیا آپ کی دشمن ہو جائے تو درج ذیل سورۃ یٰسین آیت نمبر 53 کو 7 مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ آپکا دشمن کچھ نہ بگاڑ سکے گا

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً

فَاِذَا هُمْ جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا مُحْضَرُوْنَ

حافظے کی کمزوری دور کرنے کے لئے:

درج ذیل سورۃ اعلیٰ آیت نمبر 7۔6 کو 7 مرتبہ پڑھ کر پھونکیں۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰۤى ۝ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ

امتحان میں کامیابی کے لئے:

امتحان میں فرح اور کامیابی کے لیے، امتحان میں جاتے وقت جس دن پرچہ ہو گھر سے نکلتے وقت 7 مرتبہ درج ذیل سورۂ انفال آیت نمبر 62 کو پڑھیں اور پھر دعا مانگ کر جائیں۔

فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِیْۤ

اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ

مزید علوم قرآنی سے استفادہ حاصل کرنے کے لئے دیے گئے کوڈ کو اپنے فون سے سکین کیجئے اور امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلیکیشن اپنے فون میں ڈاؤن لوڈ کیجئے

تحفہ امامیہ اسم اعظم

آغا حسنین احمد
(ماہر عملیات)
03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

لغوی طور پر اسم اعظم کے معنی ہیں اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے بزرگ تر نام۔ اسم اعظم کے موضوع پر سینکڑوں کتب اور اہل علم کے ہزاروں مضامین شائع ہو چکے ہیں۔ جن سے عوام نے استفادہ کیا۔ 80 سال کی عمر میں امامیہ جنتری کے لیے ایک مضمون لکھ رہا ہوں جو میری 50 سالہ ریاضت کا قلب ہے۔ 1971 میں خاکسار کو ایران، عراق کے مقدس مقامات کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ نجف اشرف میں امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کی ضریح مبارک کے سامنے کھڑے ہو کر میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یا رب العالمین دو انبیا حضرت آدم علیہ السلام و حضرت نوح علیہ السلام اور ایک امام الاولیا مولا علی علیہ السلام کے صدقہ مجھے خدمت خلق کے لیے اسم اعظم عطا فرما۔ دعا مانگ کر مولا علی کی ضریح کے چاروں طرف نگاہ کی تو سینکڑوں کتب عربی فارسی میں شیشے کی الماری میں سجی ہوئی تھیں ان میں سے ایک کتاب نکالی اور ضریح کے سامنے بیٹھ کر کھولی تو لکھا ہوا تھا **اسم اعظم** رب کریم کا کرم تھا کہ 2 منٹ قبل جو مانگا تھا وہ فوراً عطا ہوا۔ یہ کتاب ہے مفاتیح الجنان مولف حاج شیخ عباس قمی ثقۃ المحدثین مرحوم طبع ایران صفحہ 179 پر لکھا تھا کہ یہ آیات نافعہ جو کتب معتبرہ اول سید اجل سید علی خان شیرازی رضوان اللہ علیہ سے منتخب ہوئیں کہ اسم اعظم اللہ تعالیٰ یہ ہے کہ فتاح اسم ذات اللہ سے ہو اختتام ھُو پر ہو اور اس پر کوئی نقطہ نہ ہو۔ قرآن مجید میں یہ آیت 5 سورتوں میں موجود ہے۔ سورۂ بقرہ، سورۂ آل عمران، سورۂ نساء، سورۂ طہٰ، سورۂ تغابن۔

آیت یہ ہے اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اس آیت میں 5 الفاظ ہیں اور قانون جفر سے بسط حرفی کریں۔

ا ل ل ھ ل ا ا ل ا ھ ا ل ا ھ و

14 حروف ہیں۔ اعداد قمری سے اس آیت اسم اعظم کا مجموعہ 176 ہے۔ قانون جفر میں ہر حرف کا زبر و بنیات ہوتا ہے یعنی ظاہر و باطن ہوتا ہے جیسے 1 کا باطن ل ف ہے، ع کا باطن ی ن ہے، ن کا باطن و ن ہے۔ اس آیت مذکورہ میں اسم ذات اللہ کا ظاہر و باطن یوں ہے۔ ا ل ف = 110 = علی

ل = ا م	ا م ا م ا
ل = ا م	اِ مَا مًا
ھ = ا	

اللہ خالق ہے امام علیؑ مخلوق ہے۔ اللہ کو راضی کرنا ہے تو علیؑ امام کی پیروی کرو مولا علیؑ سے حُب رکھو۔ مولا علیؑ کے اس فرمان پر عمل کرو (اے اللہ تعالیٰ میں آپ کی اتنی عبادت نہ کر سکا جتنی عبادت کے لائق آپ اللہ ہیں)۔ اللہ معبود ہے علیؑ عابد ہے۔

اسم اعظم کی آیت میں اسم ذات اللہ کی وضاحت ہو چکی ہے۔ اب باقی آیت ہے ل ا ا ل ھ ا ل ا ل ھ و

اسکے اعداد قمری 30+1+1+30+5+1+30+1+5+6=110

اس آیت کا مجموعہ 110 کا اسم اعظم علی ہے جو اللہ کا صفاتی نام ہے۔

اسم اعظم اللہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سے استفادہ کا طریقہ۔ جو مومن مشکل میں ہو اسکا مسئلہ پہاڑ جتنا ہی کیوں نہ ہو۔ وہ 14 شب تک عشاء کے بعد سونے سے قبل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ا مرتبہ، 11 مرتبہ درود پاک پڑھے اور منہ قبلہ کی طرف کر کے آیت اسم اعظم اللہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ 176 مرتبہ ورد کر کے بارگاہ خداوندی سے حاجت بیان کرے۔ ان شاء اللہ 14 دن کے بعد بصدقہ معصومین علیہم السلام مقصد حاصل ہوگا۔ ہزاروں مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ پرہیز دوران ورد کچا پیاز، کچا ٹماٹر، اچار، چٹنی، دہی بھلے، سموسے پکوڑے، گول گپے نہ کھائے اکل حلال لازمی شرط ہے۔

روشنی

1972 سے 1996 چوبیس سال تک تحقیق اس اعظم میں لگے اس دوران میں نے اللہ تعالیٰ 850 اسمائے حسنیٰ تلاش کر لیے اور انکے اردو معنی بھی لکھ لئے۔ یہ فہرست اسمائے حسنیٰ قارئین 400 روپے منی آرڈر کر کے بذریعہ ڈاک منگوا سکتے ہیں۔

قرآن ایک زندہ معجزہ

تحریر و تحقیق
راشد آفاض

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! یہ کائنات سراسر ایک جہان حیرت ہے۔ دیکھنے والی آنکھ ہو تو قطرے میں دجلہ موجود ہے اور نہ دیکھیں تو کچھ بھی نہیں۔ یہ وسیع و عریض کائنات جس کی ابتدا اور انتہا صرف پروردگار عالم کو معلوم ہے اور اسی نے اپنے بندوں کو کچھ علم عطا کیا کہ وہ اس کے سربستہ رازوں کے بارے میں سوچ بچار کرسکیں۔ انسان اس کائنات کا مرکزی ہے خیال ہے اس کی تخلیق کا واحد مقصد اپنی پہچان اور اللہ رب العزت کی عبادت ہے۔ مخلوق کے ساتھ بھلائی ہے اور تہہ در تہہ چھپے ہوئے رازوں کو سمجھنا ہے۔ انسان کی فلاح کے لیے نبی پیغمبر رسول معبوث ہوئے، کچھ پر اپنا پیغام نازل فرمایا اور کچھ پر صحیفے اتارے۔ مسلمان اس حوالے سے خوش قسمت رہے کہ اللہ نے آخری نبی الزماں حضرت محمد ﷺ پر اپنا آخری کلام قرآن مجید نازل فرمایا۔ ہمارے لیے سمجھنے کے لیے جا بجا نشانیاں اتاریں۔ کہیں واضح پیغام کی صورت میں کلام کیا اور کہیں اشاروں سے بات سمجھائی گئی۔ قرآن پاک کا نزول کوئی معمولی واقع تو نہیں تھا مشرکین اس کلام کو جادو اور شاعری سے تعبیر کرتے تھے۔ یاد رہے کہ اس دور میں عرب شاعری کو باعث فخر سمجھتے تھے اور امراء القیس جیسے شاعروں کا کلام کپڑے کے بڑے بڑے پارچوں پر لکھ کر خانہ کعبہ پر ٹانگتے تھے۔ جب نبی کریم ﷺ کو معلوم ہوا کہ مشرکین اللہ کے کلام کو شاعری سے تعبیر کرتے ہیں تو آپ نے سورۂ کوثر کو خانہ کعبہ کی دیوار پر آویزاں کیا تو وہ تمام لوگ جو اس بات سے انکار کرتے رہے تھے یہ اللہ کا کلام ہے ایک زبان پکار اُٹھے واللہ یہ کسی انسان کا کلام نہیں۔ فصاحت و بلاغت کا یہ نمونہ جو صرف تین آیتوں پر مشتمل ہے اس نے مخالفین کے منہ بند کر دیے۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ

جہانِ حیرت

اب دیکھئے یہ تین آیات اپنے اندر کس قدر حیران کن ہیں۔ اور ہمارا پروردگار عالم کی ربوبیت اور نبی اکرم ﷺ کی نبوت پر ایمان اور عقیدہ اور گہرا ہو جاتا ہے جب ہم اسکی تہہ میں جاتے ہیں تو کئی پردے اٹھ جاتے ہیں۔ اس تحقیق نے دور حاضر کے لوگوں کو سوچنے پر بھی مجبور کر دیا ہے کہ اعداد کا یہ کرشمہ جو اس سورۂ مبارک میں استعمال ہوا ہے وہ کس قدر Calculated ہے۔

یہ کائنات ایک جہان حیرت ہے۔ قدم قدم پر حیرت کا سامان ہے قرآن مجید میں ہمیں تفکر کا بار بار کہا گیا۔ اسی کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ کے لیے یہ مضمون شائع کیا جا رہا ہے۔ تاکہ ہم اللہ تبارک وتعالیٰ کی قدرت کا یہ کرشمہ دیکھ سکیں۔ سورۃ الکوثر قرآن کی سب سے چھوٹی سورۃ ہے اور اس سورۃ کے جملہ الفاظ 10 ہیں۔ قرآن بذات خود ایک معجزہ ہے۔ سورۃ الکوثر کی پہلی آیت میں 10 حروف ہیں۔ سورۃ الکوثر کی دوسری آیت میں 10 حروف ہیں۔ سورۃ الکوثر کی تیسری آیت میں 10 حروف ہیں۔ اس پوری سورۃ میں جو سب سے زیادہ تکرار سے حرف آیا ہے وہ۔ حرف (ا) الف ہے جو 10 مرتبہ آیا ہے۔ وہ حروف جو اس سورۃ میں صرف ایک ایک دفعہ آئے ہیں انکی تعداد 10 ہیں۔ اس سورۃ کی تمام آیات کا اختتام حرف (ر) راء پر ہوا ہے جو کہ حروف ہجا میں 10 واں حرف شمار ہوتا ہے۔

قرآن مجید کی وہ سورتیں جو حرف "ر" راء پر اختتام پذیر ہو رہی ہیں، انکی تعداد 10 ہے جن میں سورۃ الکوثر سب سے آخری سورۃ ہے۔ سورۃ میں جو 10 کا عدد ہے اسکی حقیقت یہ ہے کہ وہ ذوالحجہ کے مہینے کا 10 واں دن ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ "پس نماز پڑھو اور قربانی کرو" وہ دراصل قربانی کا دن ہے اللہ کی شان کہ یہ ...... سب کچھ قرآن کریم کی سب سے چھوٹی سورۃ، جو ایک سطر پر مشتمل ہے، میں آ گیا آپکا کیا خیال ہے بڑی سورتوں کے متعلق اللہ تعالیٰ نے اسی لیے فرمایا "ہم نے اپنے بندے پر جو کچھ نازل کیا ہے اگر تمہیں اس میں شک ہو تو اس جیسی ایک سورۃ ہی لے آؤ نا قابل یقین معلومات۔ قرآن حکیم کا دعویٰ ہے کہ اس میں کوئی باطل بات داخل نہیں ہو سکتی اس لئے کہ قرآن حکیم کا ایک ایک حرف اتنی زبردست کیلکو لیشن اور اتنے حساب و کتاب کے ساتھ اپنی جگہ پرفٹ ہے کہ اسے تھوڑا سا اِدھر اُدھر کرنے سے وہ ساری کیلکولیشن درہم برہم ہو جاتی ہے جس کے ساتھ قرآن پاک کی اعجازی شان نمایاں ہے۔ اتنی بڑی کتاب میں اتنی باریک کیلکولیشن کا کوئی رائٹر تصور بھی نہیں کر سکتا۔ بریکٹس میں دیے گئے یہ الفاظ بطور نمونہ ہیں ورنہ قرآن کا ہر لفظ جتنی مرتبہ استعمال ہوا ہے وہ تعداد اور اس کا پورا بیک گراؤنڈ اپنی جگہ خود علم و عرفان کا ایک وسیع جہان ہے۔

دنیا کا لفظ اگر 115 مرتبہ استعمال ہوا ہے تو اس کے مقابل آخرت کا لفظ بھی 115 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ وعلیٰ ھٰذِہِ القِیاس۔ (دُنیا وآخرت:115) (شیاطین وملائکہ:88) (موت وحیات:145) (نفع وفساد: 5 0) (اجر وفصل 1 0 8)(کفر وایمان : 2 5) (شہر:12) کیونکہ شہر کا مطلب مہینہ اور سال میں 12 مہینے ہی ہوتے ہیں (اور یوم کا لفظ 360 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔اتنی بڑی کتاب میں اس عددی مناسبت کا خیال رکھنا کسی بھی انسانی مصنف کے بس کی بات نہیں، مگر بات یہیں ختم نہیں ہوتی۔۔۔جدید ترین ریسرچ کے مطابق قرآن حکیم کے حفاظتی نظام میں 19 کے عدد کا بڑا عمل دخل ہے، اس حیران کن دریافت کا سہرا ایک مصری ڈاکٹر راشد خلیفہ کے سر ہے جو امریکہ کی ایک یونیورسٹی میں کیمسٹری کے پروفیسر تھے۔1968ء میں انہوں نے مکمل قرآنِ پاک کمپیوٹر پر چڑھانے کے بعد قرآنِ پاک کی آیات ان کے الفاظ وحروف میں کوئی تعلق تلاش کرنا شروع کردیا رفتہ رفتہ اور لوگ بھی اس ریسرچ میں شامل ہوتے گئے حتیٰ کہ 1972ء میں یہ ایک باقاعدہ اسکول بن گیا۔ریسرچ کا کام جونہی آگے بڑھا اُن لوگوں پر قدم قدم پر حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے ،قرآنِ حکیم کے الفاظ و حروف میں انہیں ایک ایسی حسابی ترتیب نظر آئی جس کے مکمل ادراک کیلئے اُس وقت تک کے بنے ہوئے کمپیوٹر ناکافی تھے۔کلام اللہ میں 19 کا ہندسہ صرف سورہ مدثر میں آیا ہے جہاں اللہ نے فرمایا: دوزخ پر ہم نے اُنیس محافظ فرشتوں کو مقرر کر رکھا ہے اس میں کیا حکمت ہے یہ تو رب ہی جانے لیکن اتنا اندازہ ضرور ہوجاتا ہے کہ 19 کے عدد کا تعلق اللہ کے کسی حفاظتی انتظام سے ہے پھر ہر سورۃ کے آغاز میں قرآنِ مجید کی پہلی آیت بسم اللہ کو رکھا گیا ہے گویا کہ اس کا تعلق بھی قرآن کی حفاظت سے ہے کیونکہ ہم دیکھتے ہیں بسم اللہ کے کُل حروف بھی 19 ہی ہیں، پھر یہ دیکھ کر مزید حیرت میں اضافہ ہوتا ہے کہ بسم اللہ میں ترتیب کے ساتھ چار الفاظ استعمال ہوئے ہیں اور ان کے بارے میں ریسرچ کی تو ثابت ہوا کہ لفظ (اسم)پورے قرآن میں 19 مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ لفظ الرّحمٰن 57 مرتبہ استعمال ہوا ہے جو 19×3 کا حاصل ہے اور لفظ الرَّحِیم 114 مرتبہ استعمال ہوا ہے جو 19×6 کا حاصل ہے اور لفظ اللہ پورے قرآن میں 2699 مرتبہ استعمال ہوا ہے 19×142 کا حاصل ہے،لیکن یہاں بقیہ ایک رہتا ہے جس کا صاف مطلب ہے کہ اللہ کی ذات پاک کسی حساب کے تابع نہیں ہے وہ یکتا ہے۔قرآن مجید کی سورتوں کی تعداد بھی 114 ہے جو 19×6 کا حاصل ہے۔سورہ توبہ کے آغاز میں بسم اللہ نازل نہیں ہوئی لیکن سورہ نمل آیت نمبر 30 میں مکمل بسم اللہ نازل کرکے 19 کے فارمولا کی تصدیق کردی گئی اگر ایسا نہ ہوتا تو حسابی قاعدہ فیل ہوجاتا۔اب آیئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اُترنے والی پہلی وحی کی طرف:

یہ سورہ علق کی پہلی 5 آیات ہیں :اور یہیں سے 19 کے اس حسابی فارمولے کا آغاز ہوتا ہے!ان 5 آیات کے کل الفاظ 19 ہیں اور ان 19 الفاظ کے کل حروف 76 ہیں جو ٹھیک 19×4 کا حاصل ہیں لیکن بات یہیں ختم نہیں ہوتی جب سورہ علق کے کل حروف کی گنتی کی گئ تو عقل تو ورطہ حیرت میں ڈوب گئی کہ اسکے کُل حروف 304 ہیں جو 19×4×4 کا حاصل ہیں۔اور قارئین کرام !عقل یہ دیکھ کر حیرت کی اتھاہ گہرائیوں میں مزید ڈوب جاتی ہے کہ قرآنِ پاک کی موجودہ ترتیب کے مُطابق سورہ علق قرآن پاک کی 96 نمبر سورۃ ہے اب اگر قرآن کی آخری سورۃ الناس کی طرف سے گنتی کریں تو آخر کی طرف سے سورہ علق کا نمبر 19 بنتا ہے اور اگر قرآن کی ابتداً سے دیکھیں تو اس 96 نمبر سورۃ سے پہلے 95 سورتیں ہیں جو ٹھیک 19×5 کا حاصل ضرب ہیں جس سے یہ بھی ثابت ہوجاتا ہے کہ سورتوں کے آگے پیچھے کی ترتیب بھی انسانی نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے حسابی نظام کا ہی ایک حصہ ہے۔قرآنِ پاک کی سب سے آخر میں نازل ہونے والی سورۃ سورۃ نصر ہے یہ سن کر آپ پر پھر ایک مرتبہ خوشگوار حیرت طاری ہوگی کہ اللہ پاک نے یہاں بھی 19 کا نظام برقرار رکھا ہے،پہلی وحی کی طرح آخری وحی سورہ نصر ٹھیک 19 الفاظ پر مشتمل ہے یوں کلام اللہ کی پہلی اور آخری سورت ایک ہی حسابی قاعدہ سے نازل ہوئیں۔سورۃ فاتحہ کے بعد قرآن حکیم کی پہلی سورۃ سورۃ بقرہ کی کُل آیات 286 ہیں اور 2 ہٹادیں تو مکّی سُورتوں کی تعداد سامنے آتی ہے 6 ہٹادیں تو مدنی سورتوں کی تعداد سامنے آتی ہے۔ 86 کو 28 کے ساتھ جمع کریں تو کُل سورتوں کی تعداد 114 سامنے آتی ہے۔آج جب کہ عقل وخرد کو سائنسی ترقی پر بڑا ناز ہے یہی قرآن پھر اپنا چیلنج دہراتا ہے۔۔۔۔۔ریاضی دان ،سائنسدان، ہر خاص وعام مومن کافر سبھی سوچنے پر مجبور ہیں کہ آج بھی کسی کتاب میں ایسا حسابی نظام ڈالنا انسانی بساط سے باہر ہے طاقتور کمپوٹرز کی مدد سے بھی اس جیسے حسابی نظام کے مطابق ہر طرح کی غلطیوں سے پاک کسی کتاب کی تشکیل ناممکن ہوگی۔لیکن چودہ سو سال پہلے تو اس کا تصور ہی محال ہے لہذا کوئی بھی صحیح العقل آدمی اس بات کا انکار نہیں کرسکتا کہ قرآنِ کریم کا حسابی نظام اللہ کا ایسا شاہکار معجزہ ہے جس کا جواب قیامت تک کبھی بھی نہیں ہوسکتا۔اور قرآن میں اللہ تعالیٰ ایک جگہ فرماتے ہیں کہ "پوچھ لو گنتی کرنے والوں سے"

ڈاکٹر و حکیم محمد ثناءاللہ (ماہر روحانیت)
03 111 888 668

معزز قارئین السلام علیکم! آپ سے گزارش ہے کہ ایک سورۂ فاتحہ مع اول وآخر تین، تین مرتبہ درود پاک کی تلاوت فرما کر آغا افتخار حسین اور ان کی اہلیہ مرحومہ کو ایصال ثواب کردیں۔ نیز بانی امامیہ جنتری کے مرحومین کے لیے سورۂ فاتحہ کی درخواست ہے۔

راہِ خدا

معزز قارئین آپ کی خدمت میں سورۂ کوثر کا نقش پیش خدمت ہے آپ اس نقش کے ذریعے اپنا ہر جائز کام لے سکتے ہیں لیکن حرام کام کے لیے ہرگز اجازت نہیں ہے۔ پسند کی شادی کے لیے نقش کو کبوتر کی ٹانگ سے باندھکر اڑا دیں فوری کام ہوگا۔ میاں بیوی کی محبت کے لیے نقش کو پلائیں۔ دشمن کے شر سے حفاظت کے لیے اپنے گلے میں ڈالیں۔ جو افسران بلاوجہ تنگ کرتے ہوں ان کی محبت کے لیے گلے میں ڈالیں۔ رزق روزی بے حساب ملے اپنے پرس میں رکھیں، بیماری جادو ٹونہ کے لیے ایک گلے میں ڈالیں ایک پینا ہے۔ 21 دن تک۔

نقش لکھنے کا طریقہ شروع چاند کی نوچندی جمعرات یا جمعہ کو سب سے پہلے 3 کلو آٹا غریب کو صدقہ دیں۔ 2 نفل خاتون جنتؑ کو ہدیہ کریں، سورج طلوع ہونے کے بعد فوری یہ نقش تحریر کرلیں۔ نقش کو زعفران سے لکھیں سبز یا سفید کپڑے میں رکھیں رجال الغیب کی دعا پڑھ کر خود پر 7 مرتبہ پڑھ کر آیت الکرسی کا حصار کرکے لکھیں رجال الغیب کی طرف کمر کرکے لکھیں رجال الغیب آپ کے منہ اور سیدھے ہاتھ کی طرف نہ آئے۔ اگر کسی بات کو سمجھ میں نہ آئے تو فون پر معلوم کرلیں۔ نقش کی چال ساتھ دی ہے آتشی چال ہے۔

۷۸۶

الحق	جبرائیل	قولہ
6 / ٩١٩	1 / ٩١٣	8 / ٩٢١
7 / ٩٢٠	5 / ٩١٨	3 / ٩١٦
2 / ٩١٥	9 / ٩٢٢	4 / ٩١٧
ولہ	اسرافیل	الملک

(دائیں: عزرائیل — بائیں: میکائیل)

مقصد فلاں بن فلاں اب بن طالب مطلوب

اگر کوئی مقصد یا اللہ بحق محمدؐ و آل محمدؐ فلاں بن فلاں کا کام ہو جائے

نوٹ: نقش روزانہ 21 بار سورۂ کوثر پڑھ کر دم کرتے رہیں۔

03 111 888 668 سیدہ صوفیہ نقوی

محمدؐ و آل محمدؐ کی ہستی ہی مشکلات کو حل کرسکتی ہے درود و سلام ہے ہمارے آئمہ علیہم السلام پر۔ پروردگار ان ہستیوں کے صدقے ہر مومن کی مشکلات کو آسان کرے جو زمین کے اوپر ہیں اُن کی اور جو زمین کے نیچے سو رہے ہیں

☆ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جب تم بہت پریشان ہو اور کوئی اُمید نظر نہ آرہی ہو تو ایک تسبیح اس طرح سے پڑھو۔

یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بحق بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اول وآخر درود پڑھ کر دعا کریں ان شاءاللہ ہر جائز مشکل آسان ہوگی۔

بی بی سیدہ سلام اللہ علیہا کی دعا

میری دعا قبول ہو

برائے دفع، پریشانی اور مشکلات دو رکعت نماز ہدیہ برائے جناب فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا پڑھیں اور قنوت میں یہ دعا پڑھیں ناممکن ہے کہ حاجت روا نہ ہو۔

اَللّٰھُمَّ بِفَاطِمَۃَ وَاَبِیْھَا وَبِفَاطِمَۃَ وَبَعْلِھَا وَ بِفَاطِمَۃَ وَبَنِیْھَا وَبِفَاطِمَۃَ وَسِرِّ الْمُسْتَوْدَعِ فِیْھَا

بارالہا فاطمہؑ کے ذریعے اور ان کے باپؐ کے ذریعے سے فاطمہؑ اور ان کے شوہرؑ کے ذریعے سے اور فاطمہؑ اور ان کے بیٹوں کے ذریعے سے اور اس راز کے ذریعے جو اس میں موجود ہے۔

پھر باقی نماز مکمل کرکے بی بیؑ پاک کے صدقے میں دعا کریں ان شاءاللہ ہر جائز مشکل آسان ہوگی۔ بس کسی انسان کو نقصان پہنچانا مقصد نہ ہو

☆ بڑی سے بڑی مشکل جو آسان نہ ہو رہی ہو اول وآخر درود پڑھیں اور درمیان میں 100-100 مرتبہ یہ ذکر پڑھیے جو اس طرح سے ہے۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اس ذکر کو پڑھ کر دعا کریں ان شاءاللہ قبول ہوگی۔

وھاج الجنت

عامل و جفار
تنویر عصری

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

اس مضمون کو آغا افتخار حسین مرحوم مع ان کے خاندان کے مرحومین، علامہ طالب جوہری مرحوم، علامہ ضمیر اختر نقوی مرحوم، علامہ ذوالفقار نقوی مرحوم سید منتظر عباس نقوی مرحوم ان کے علاوہ تمام روحانی علماء دین اور مومن و مومنات کی بلندی درجات کے لیے انتخاب کیا گیا ہے جنہوں نے پچھلے سال کے عرصہ میں میں ابدی زندگی کی طرف کوچ کیا۔

نیز اس مضمون کے مطالعہ سے پہلے معصومینؑ سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق عنایت فرمائے اور والدین اپنی نجات کا سرمایہ سمجھتے ہوئے اپنی اولادوں میں اس سیرت کو منتقل کرنے کی کوشش کریں۔ مضمون کو طویل ہونے سے بچانے کے لیے تمہید کے بغیر مقاصد کو بیان کیا جا رہا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِاَهْلِهٖ وَالصَّلٰوةُ عَلٰى اَهْلِهَا کے بعد عرض ہے کہ ہر انسان خواہ اس کی معرفت کے اعتبار سے نیت کچھ بھی ہو۔ منزل کے اعتبار سے مشترکہ نتیجہ نجات و حصول جنت ہے۔ اسی سبب واجبات، عبادات میں پنجگانہ نماز کو اتنی اہمیت دی گئی ہے کہ اگر نماز قبول ہوجائے گی تو دوسرے تمام کار خیر مع مجالس و محافل قبول ہوجائیں گے۔ اسی سبب امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالبؑ اور امام حسینؑ نے کربلا جیسے ناموافق حالات میں اپنے محبوں کو قیام صلوٰۃ کا عملی درس دیکر اسکی افادیت کو اجاگر کیا۔ امام حسینؑ نے جس سجدہ میں سر رکھا وہ آج بھی ویسے ہی توحید خداوندی کا اعلان کر رہا ہے کم سے کم 5 اوقات میں نماز میں انسان سورۃ الحمد کی تلاوت کے دوران اللہ سے نعمتوں والوں کے راستے کی التجا کرتا ہے۔ اس مضمون میں اُسی صراط تک رسائی کے لیے نشانیاں بیان کرنے کی کوشش ہے۔ ان کو اپنی پرخلوص عبادت کا حصہ بنانے کی توفیق بھی مانگیں اور عملی مظاہرہ بھی کریں۔ اسکا نتیجہ سامنے آنے پر مجھ غریب کو بھی دعاؤں میں خصوصی جگہ عطا فرما کر بخشش کے خزانے میں اضافہ کا باعث بنیں۔

آئین زندگی

درج ذیل دعاؤں سے رجوع کے بغیر نجات ناممکن ہے

دعائے معرفت امام زمانہ نجات چاہنے والا اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ آئمہ کی معرفت کے لیے اس دعا سے مدد طلب کرے نیز تزکیہ نفس و رجوع امام زمانہ عجل اللہ فرجہ نماز فجر میں لازمی کوشش کر کے تلاوت کریں۔

اَللّٰهُمَّ عَرِّفْنِيْ نَفْسَكَ فَاِنَّكَ اِنْ لَمْ تُعَرِّفْنِيْ نَفْسَكَ لَمْ اَعْرِفْ نَبِيَّكَ اَللّٰهُمَّ عَرِّفْنِيْ رَسُوْلَكَ فَاِنَّكَ اِنْ لَمْ تُعَرِّفْنِيْ رَسُوْلَكَ لَمْ اَعْرِفْ حُجَّتَكَ اَللّٰهُمَّ عَرِّفْنِيْ حُجَّتَكَ فَاِنَّكَ اِنْ لَمْ تُعَرِّفْنِيْ حُجَّتَكَ ضَلَلْتُ عَنْ دِيْنِيْ۔

ترجمہ: بارالہا! تو مجھے اپنی معرفت عطا کر اس لئے کہ اگر تو نے مجھے اپنی معرفت نہیں عطا کی تو مجھے تیرے نبی کی معرفت حاصل نہ ہوگی۔ خدایا! تو مجھے اپنے رسول کی معرفت عطا کر اس لئے کہ اگر تو نے مجھے اپنے رسول کی معرفت نہیں عطا کی تو مجھے تیرے حجت کی معرفت حاصل نہ ہوگی۔ میرے اللہ! تو مجھے اپنی حجت کی معرفت عطا کر کیونکہ اگر تو نے مجھے اپنی حجت کی معرفت نہیں عطا کی تو میں اپنے دین ہی سے گمراہ ہو جاؤں گا۔

☆اس دعا کو واجب نمازوں کے بعد لازمی پڑھنا چاہیے۔ بچوں کو بچپن میں یاد کروادیں۔ اس دعا میں ان تمام سوالوں کے جوابات موجود ہیں جو کہ مرنے کے فوراً بعد قبر میں منکر و نکیر کریں گے۔ اور مومن ہونے کے لیے ان کا یاد کر کے ورد کرنا دنیا کے امور میں کشائش کا سبب بنے گا۔ ان شاء اللہ۔ اس کو قنوت میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِالْقُرْاٰنِ كِتَابًا وَّبِالْكَعْبَةِ قِبْلَةً وَّ بِعَلِيٍّ وَّلِيًّا وَّاِمَامًا وَّبِالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَّجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّمُوْسَى بْنِ جَعْفَرٍ وَّعَلِيِّ بْنِ مُوْسٰى وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَّعَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ وَّالْحُجَّةِ بْنِ الْحَسَنِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَئِمَّةً وَّسَادَةً وَّقَادَةً بِهِمْ اَتَوَلّٰى وَمِنْ اَعْدَآئِهِمْ اَتَبَرَّءُ

اللّٰهُمَّ اِنِّیْ رَضِیْتُ بِهِمْ اَئِمَّةً فَارْضِنِیْ لَهُمْ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (مصباح الکفعمی)

ترجمہ: میں راضی ہوں اللہ کی ربوبیت پر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت پر دین اسلام پر قران کتاب اللہ پر کعبہ پر جو کہ قبلہ ہے اور میں راضی ہوں علیؑ کی امامت پر حسنؑ کی امامت پر حسینؑ کی امامت پر علیؑ بن الحسینؑ کی امامت پر محمدؑ بن علیؑ کی امامت پر جعفرؑ بن محمدؑ کی امامت پر موسیٰؑ بن جعفرؑ کی امامت پر علیؑ بن موسیٰؑ کی امامت پر محمدؑ بن علیؑ کی امامت پر علیؑ بن محمدؑ کی امامت پر حسنؑ بن علیؑ کی امامت پر حجۃ بن الحسنؑ کی امامت پر کہ جن پر سلام ہے، یہ سب امام ہیں، یہ سب سید و سردار سب قائد ہیں۔ میں ان سے تولیٰ کرتا ہوں اور ان کے دشمنوں سے تبرا اور بیزاری کرتا ہوں۔ اے اللہ میں ان کی امامت پر راضی ہوں پس مجھ سے ان کی وجہ سے راضی ہوجا۔ بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

اَلْمَالُ وَ الْبَنُوْنَ زِیْنَةُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَاۚ وَ الْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّ خَیْرٌ اَمَلًا (الکہف 46)

ترجمہ مال و دولت اور بیٹے دنیا کی زندگانی کی زینت ہیں اور باقی رہنے والی نیکیاں تیرے پروردگار کے نزدیک ثواب کے لحاظ سے بہتر اور امید کے اعتبار سے بہت اچھی ہیں۔

☆ اور اس شخص سے زیادہ گمراہ کون ہوگا جس نے اللہ تعالی کی ہدایت کو چھوڑ کر اپنی خواہشوں کی پیروی کی ہو۔ (سورۃ القصص 50)

☆ مولا علیؑ ابن ابی طالبؑ نے ارشاد فرمایا! لوگ سوئے ہوئے ہیں جب مریں گے تو بیدار ہوں گے۔

باقیات الصالحات

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلٰی سُنَّةِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

ترجمہ خدا کے نام اور اس کے ذکر اور محمدؐ و آل محمدؐ کے طریق کار پر پیروی کر رہا ہوں (مفاتیح الجنان) یہ ورد شکرانہ نعمت کے اعتبار سے اعلیٰ ترین ہے۔ روزانہ کا معمول بنائیں اور بچوں کو عادت ڈالیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ نِعْمَةٍ كَانَتْ اَوْهِیَ كَائِنَةٌ

ترجمہ اللہ کے نام سے جو رحمن اور رحیم ہے حمد کلی ہے اس اللہ کے لیے ہر اس نعمت پر جو ہے یا ہوگی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ كَثِیْرًا عَلٰی كُلِّ حَالٍ

حمد ہے اللہ کے لیے جو جہانوں کا ربّ ہے ہر حال میں بہت بہت حمد ہے

مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

جو کچھ خدا چاہے، نہیں کوئی قوت سوائے خدا کے، میں اس سے بخشش چاہتا ہوں

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے بخشش چاہتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔

نفس اور شیطان کے شر سے بچاؤ کے لیے مسلسل ہر وقت یہ ورد نیک و صالح بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

نہیں حرکت و قوت مگر جو خدا سے ہے، میں اس سے بخشش چاہتا ہوں

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ

تمام پاکیزگی و ثنا اللہ کے لیے ہی ہے، پاک ہے خدا بزرگ اور تعریف سب اسی کی ہے۔

یَاعَزِیْزُ یَاغَفَّارُ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَذُنُوْبَ جَمِیْعَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

اے قابل عزت ذات، اے جلد بخشنے والے، بخش دے میرے گناہ، بخش دے تمام مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کے گناہ کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں ہے۔

☆ کیونکہ آغا افتخار حسین مرحوم آغا علی فرزاد کے والد تھے اس نسبت سے اس حصہ کو مضمون کا جز قرار دیا جا رہا ہے۔ نیز معصومینؑ کی تعلیمات کو زندہ رکھنے کے لیے بھی یہ ضروری ہے۔

باپ کی عظمت

تمہارے باپ کا تم پر حق یہ ہے کہ تم جانو کہ وہ تمہاری جڑ ہے اور تم اسکی شاخیں ہو اور اگر وہ نہ ہوتا تو تمہارا وجود بھی نہ ہوتا۔ پس جب تم غور کرو اور اپنے وجود پر تعجب کرو تو جان لو کہ تمہارا باپ ہی تم پر نازل ہونے والی نعمتوں کی اصل ہے۔ پس تمہیں چاہئے کہ ان باتوں پر اسکا شکر ادا کرو۔ (حضرت امام زین العابدینؑ)

اے ہمارے رب تو ان دونوں پر رحم فرما جیسا کہ انہوں نے مجھے بچپن میں پالا (بنی اسرائیل 24) اولاد کو خصوصاً قنوت میں اس دعا کی عادت ڈالنی چاہئے۔ اللہ تعالی سب کو توفیق عطا فرمائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

خدا کی ذات اور اسکے ذکر کے ساتھ اے معبود محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرما اور

مومن مردوں اور عورتوں کی بخشش فرما دے۔

نوٹ اس دعا کو جنازے میں شریک لوگوں کو اپنی زبانوں کی زینت بنانا چاہئے۔ نیز قبرستان میں قیام کے دوران دنیاوی گفتگو کے بجائے اس کی ادائیگی مفید ہے۔

☆ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ قیامت کے دن نیک لوگوں کا سردار وہ شخص ہوگا جس نے اپنے والدین کے ساتھ مرنے کے بعد نیکی کی ہے۔ حضرت امام زین العابدینؑ نے والدین کی مغفرت کے لیے یہ دعا تعلیم فرمائی ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ حضرت امام زین العابدینؑ کی دعاؤں کی کتاب صحیفہ کاملہ، صحیفہ علویہ مولا علیؑ، صحیفہ زہراؑ، صحیفہ امام رضاؑ کے علاوہ علامہ مجلسیؒ کی کتاب حلیۃ المتقین کو اپنے گھر کے تمام افراد کو مطالعہ کرائیں۔ تاکہ ان کی بخشش کا سامان ہو سکے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ اَلْاَحْيَاۗءِ مِنْهُمْ وَ الْاَمْوَاتِ تَابِعْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَهُمْ بِالْخَيْرَاتِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا ذَكَرِنَا وَ اُنْثَانَا صَغِيْرِنَا وَ كَبِيْرِنَا حُرِّنَا وَمَمْلُوْكِنَا

اے میرے معبود! مومنین و مومنات میں زندوں اور مردوں سب ہی کو بخش دے اور ہمارے اور ان کے درمیان بھلائیوں کے ذریعے رابطہ استوار فرما دے۔ اے میرے معبود! ہمارے زندوں اور مُردوں، ہمارے حاضرین و غائبین، ہمارے مردوں اور عورتوں ہمارے چھوٹوں اور بڑوں نیز ہمارے آزاد اور غلاموں سب ہی کو بخش دے۔

ایک شخص نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر موت کی تمنا کی اجازت طلب فرمائی تو آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ موت تو حتمی ہے مگر سفر طولانی ہے۔ اس سفر کو کامیاب کرنے کے لیے 10 تحائف کا ساتھ ہونا ضروری ہے۔ سوال کے جواب میں آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ

(۱) ایک ہدیہ خدا کے لیے۔ (۲) ایک ہدیہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے۔ (۳) ایک ہدیہ جبرائیلؑ کے لیے (۴) ایک ہدیہ جناب عزرائیلؑ کے لیے (۵) ایک ہدیہ قبر کے لیے لیے (۶) ایک ہدیہ منکر و نکیر کے لیے (۷) ایک ہدیہ پل صراط کے لیے (۸) ایک ہدیہ نامہ اعمال کے ترازو کے (۹) ایک ہدیہ رضوانِ جنت کے لیے (۱۰) ایک ہدیہ جہنم کے نگہبان کے لیے

اللہ تبارک و تعالیٰ کا تحفہ چار چیزیں ہیں

☆ نیکیوں کا حکم دینا ☆ برائیوں سے روکنا ☆ لوگوں کو وعظ و نصیحت کرنا ☆ ہر ایک کے ساتھ مہربانی پیش آنا

نبیؐ کا ہدیہ چار چیزیں ہیں

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دوست رکھنا ☆ سنت و سیرت نبیؐ کی پیروی کرنا ☆ اہل بیتؑ پیغمبر سے محبت کرنا ☆ برائیوں سے زبان کو محفوظ رکھنا۔

جبرائیلؑ کا تحفہ چار چیزیں ہیں

☆ کم کھانا ☆ کم سونا ☆ ہمیشہ خدا کی حمد کرنا ☆ خدا کی ثنا کرنا

جناب عزرائیلؑ (ملک الموت) کا ہدیہ چار چیزیں ہیں

☆ ناراض لوگوں کو راضی کرنا ☆ عبادتوں کی قضا بجالانا ☆ خدا سے ملاقات کا شوق ☆ موت کی تمنا

قبر کا تحفہ چار چیزیں ہیں

☆ سخن چینی ترک کرنا ☆ استنجاء (پیشاب کے بعد استبراء کرنا۔ ☆ قرآن مجید کی تلاوت کرنا ☆ نماز شب پڑھنا

منکر و نکیر کا ہدیہ چار چیزیں ہیں

☆ سچ بولنا ☆ غیبت نہ کرنا ☆ حق بیانی ☆ ہر ایک کے لیے تواضع کرنا

پل صراط کا تحفہ چار چیزیں ہیں

☆ عمل میں خلوص ☆ اچھا اخلاق ☆ ذکر خدا زیادہ کرنا۔ ☆ دوسروں کی تکلیف پر صبر کرنا

میزان کا ہدیہ چار چیزیں ہیں

☆ غصہ کو پی جانا ☆ سچا تقویٰ ☆ نماز جماعت کے لیے جانا۔ ☆ مغفرت کی دعا کرنا

رضوان کا ہدیہ چار چیزیں ہیں

☆ سختی و صعوبت پر صبر ☆ خدا کی نعمتوں پر شکر ☆ خدا کی اطاعت میں مال انفاق کرنا ☆ وقف میں امانت کی حفاظت کرنا

جہنم کے نگہبان کا ہدیہ چار چیزیں ہیں

☆ خوف خدا سے گریہ کرنا ☆ چھپ کر صدقہ دینا ☆ گناہوں کو ترک کرنا ☆ والدین کے ساتھ نیکی کرنا

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

السلام علیکم! محترم قارئین سلامت رہیے۔ آمین۔ انسان ہمیشہ اپنے مستقبل سے خوف زدہ رہا ہے۔ قرآن شاہد ہے کہ چھن جانے کے خوف اور فاقوں کے ڈر نے انسانی فطرت کے دامن سے رشتوں کا تقدس چھین لیا۔ باپ جو ایک نئے وجود کو زندگی دیتا ہے اُس کی پدری شفقت کو قاتل کا روپ دھارتے دیکھا ہے۔ یقین کے ساتھ یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ دُنیا میں شاید ہی تخت وتاج کے لیے کسی نومولود کی سانسیں روکی گئی ہوں لیکن رزق کا خوف ایسا عفریت ہے جس نے تمام تر شفیق جذبوں کو بے یقینی کی صلیب پر چڑھا دیا۔ والدین اولاد کی رگِ حیات صرف اسی وجہ سے کاٹ دیتے کہ اپنے محدود وسائل سے اس ننی کونپل کی آبیاری کیسے کریں! انسانی رگوں میں بہتے لہو نے اس شدت سے رنگ بدلا کہ قدرت الٰہیہ نے بے چین ہو کر فرمایا:

بابِ رحمت

لا تقتلوا اولادکم۔۔۔ معصومین علیہم السلام چونکہ انسان کی فطری کمزوریوں سے پوری طرح واقف ہیں اس لیے اُنہوں نے قلب انسانی میں چھپے ہوئے بے یقینی کے درندے کے خدوخال ہم پر پوری طرح واضح کیے ہیں اور ہمارے رزق سے متعلق مختلف شبہات کو دُور فرمایا۔ ان فرامین کے مطالعے سے ہمیں رزق کے حقیقی مفہوم کا ادراک ہوتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مُبارک ہے ''جس نے صبح کی اس حالت میں کہ اُس کا جسم عافیت میں ہو، اپنی زوجہ اور عیال کے بارے میں مطمئن ہو اور ایک دِن کی غذا اُس کے پاس ہو بس گویا اُس نے دُنیا کا احاطہ کر لیا یعنی دُنیا کو پا لیا۔'' حضرت علی علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ اگر کسی شخص کو گھر میں چھوڑ کر اُس کا دروازہ بند کر دیا جائے، تو اُس کی روزی کدھر سے آئے گی؟ فرمایا ''جدھر سے اُس کی موت آئے گی!'' دُوسرے مقام پر فرمایا: ''اے کمیل! یاد رکھو کہ علم مال سے بہتر ہے (کیونکہ) علم تمہاری نگہداشت کرتا ہے اور مال کی تمہیں حفاظت کرنا پڑتی ہے اور مال خرچ کرنے سے گھٹتا ہے۔ لیکن علم صرف کرنے سے بڑھتا ہے اور مال و دولت کے نتائج و اثرات مال کے فنا ہونے سے دفن ہو جاتے ہیں''۔

ہمارا رزق مقسوم ہے اور ہمیں صرف جائز وسائل رزق اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے نیز ہمیں حصولِ رزق میں عملی اقدامات کے ساتھ دُعا کا بھی حکم ہے۔ حسبِ معمول اس مرتبہ بھی مدینۃ الروحانیت کو فرامین معصومین علیہم السلام کی روشنی میں اپنے ذی وقار قارئین کے لیے حصولِ رزق اور ترقیٔ مال کے بیش قیمت اعمال قرآنی پیش کرنے کی سعادت حاصل ہے۔ عوام الناس اور خواص دونوں کے لیے یہ اعمال دین و دُنیا کے بیش قیمت اجر کے حامل ہیں۔

رزق میں اِضافہ کرنے والے چند اسباب

استغفار، صلہ رحمی یعنی رشتہ داروں سے اچھا سلوک، باوضو رہنا، سچ بولنا، شکر ادا کرنا، صفائی کرنا، کنگھا کرنا، ناخن تراشنا، ہاتھ دھونا، سفید جوتے پہننا، صدقہ دینا، خیرات کرنا، عقیق، فیروزہ اور یاقوت کی انگوٹھی پہننا۔

حضرت علیؑ کے تعلیم کردہ رزق میں کمی کے سولہ اسباب

مکڑی کا جالا؛ حمام میں پیشاب؛ جنابت میں کھانا؛ خلال (ایک خاص درخت کا)؛ کھڑا ہو کر کنگھا کرنا؛ کوڑا گھر میں جمع رکھنا؛ جھوٹی قسم کھانا؛ زنا کرنا؛ حریص ہونا؛ عشاء سے پہلے سونا طلوع سے پہلے سونا؛ جھوٹ بولنا؛ عدم تدبیر؛ قطع رحمی؛ موسیقی سُننا؛ سائل کو خالی لوٹانا۔

قرآنی سورتوں اور آیات سے حصول رزق و مال کے مستند وظائف و اعمال

☆ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ جو شخص اپنے گھر میں داخل ہو تو سُورہ فاتحہ اور سُورہ اخلاص کی تلاوت کرے تو اللہ تعالیٰ فقر اور تنگدستی کو ختم کرے گا اور بہت خیر و برکت عطا فرمائے گا۔

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جس شخص کی روزی تنگ ہو وہ سات مرتبہ سُورہ مریم پڑھے تو اُس کی روزی فراخ ہوگی۔ نیز قرض کی ادائیگی کے لیے اس سُورہ کی تلاوت بکثرت کرے تو سارا قرض دُور ہوگا۔ ☆ آپ علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص سُورہ مریم لکھ کر شیشے کے تنگ مُنہ والے برتن میں ڈال کر گھر میں رکھے تو اُس کے گھر میں روزی اور برکت زیادہ ہوگی اور وہ خواب میں اچھی چیزیں دیکھے گا۔ ☆ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کہ جو شخص سُورہ کہف لکھ کر شیشے کے تنگ مُنہ والے برتن میں ڈال

اپنے گھر میں رکھے (ادب کے ساتھ محفوظ اور بلند جگہ پر) تو وہ شخص اور اُس کے اہل وعیال قرض، فقر اور لوگوں کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

☆رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا! اپنی عورتوں کو سورہ واقعہ یاد کروائیں کیوں کہ یہ سورہ بے نیاز کرنے والی ہے۔☆نیز یہ بھی ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورہ واقعہ لکھ کر گھر میں لٹکا دے تو اُس کے گھر میں خیر و برکت ہوگی اور اس کی مُسلسل تلاوت کرنے والے کو فقر سے نجات ملے گی اور مال میں وسعت ہوگی۔☆قرض کی ادائیگی کے لیے ہر نماز کے بعد سورہ مزمل پڑھ کر دُعا کرنے سے قرض ادا ہوتا ہے۔

☆ چالیس دِن سُورہ مزمل ایک بار تلاوت کرنے سے روزی وسیع ہوتی ہے۔☆بدھ کی رات سُورہ الم نشرح، سُورہ تین، سُورہ نصر اور سُورہ توحید سب کو سات مرتبہ تلاوت کر کے دُعا کرنے سے رزق و دولت ملتی ہے۔☆حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص قرض ادا کرنے سے قاصر ہو تو کثرت سے استغفار کرے اور سُورہ قدر کی تلاوت کرے۔☆حضرت امام علی علیہ السّلام نے فرمایا کہ سُورہ قدر آدمی کی بہترین رفیق ہے کہ اس کے وسیلے سے وہ اپنا قرض ادا کرسکتا ہے۔☆وسعتِ رزق کے لیے روزانہ دَس مرتبہ سُورہ قدر نمازِ صُبح کے فوراً بعد تلاوت کریں اور قدرتِ خُدا کا مشاہدہ کریں۔☆امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سُورہ عادیات کی تلاوت کرتا رہے گا تو اُس کا قرض اَیسی جگہ سے اَدا ہوگا جس کا گُمان بھی نہ ہوگا۔☆جو شخص مالی پریشانی اور قرض میں مُبتلا ہو تو حضرت علی علیہ السلام کے نام کے اعداد کے مطابق ۱۱۰ مرتبہ سُورہ عادیات تلاوت کر کے دُعا کرے اِن شاء اللہ فائدہ ہوگا۔☆رزق میں اِضافے اور روزی یا مُلازمت کے حُصول کے لیے سُورہ عادیات لکھ کر اپنے ساتھ رکھیں۔☆دو رکعت نمازِ نفل پڑھیں اور سُورہ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سُورہ قریش تلاوت کریں اور سلام کے بعد دَس مرتبہ درودِ پاک تلاوت کریں اور نماز کے بعد سجدے میں جا کر یہ دُعا پڑھیں اِن شاء اللہ رزق وسیع ہوگا۔ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَنْ خَلْقِكَ۔☆حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ تنگ دست سُورہ آلِ عمران کو اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کے امر میں آسانی پیدا کرے گا اور اُسے رزق عطا کرے گا۔☆جو شخص جمعہ کے دِن نماز کے فوراً بعد اِس آیت کو لکھ کر گھر یا دُکان و کاروباری مرکز میں لگائے تو اللہ تعالیٰ اُس کی روزی فراخ کرے گا، مال و رزق میں خیر و برکت ہوگی اور تجارت میں نفع ہوگا۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ۔ سُورہ اعراف آیت ۱۰۔

☆حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا اِرشادِ گرامی ہے کہ جو شخص سُورہ یوسف کسی برتن میں لکھ کر پانی سے دھو کر پی لے اللہ تعالیٰ اُس پر روزی آسان کر دیتا ہے۔☆جو شخص سُورہ حجر کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو خرید و فروخت زیادہ ہوگی، لوگ اُس کے ساتھ معاملہ کرنا پسند کریں گے اور اللہ تعالیٰ اُس کو کثیر رزق عطا کرے گا۔☆جو شخص سُورہ فاطر کی آیات نمبر ۲۹، ۳۰ کو چار عدد سُوتی کپڑے کے ٹکڑوں پر لکھ کر اپنے تجارتی مرکز میں رکھے تو اُس کی تجارت میں اضافہ ہو اور خُوب نفع ہو۔ آیات یہ ہیں:

اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ۔ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ط اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ۔

☆رسول اکرم ﷺ نے فرمایا اے علی علیہ السلام (یٰس) کی تلاوت کیا کریں کہ اس میں دَس اثرات ہیں؛ جو کوئی اسے تلاوت کرے گا:
۱: اگر بھوکا ہو تو سیر ہوگا، ۲: پیاسا ہو تو سیراب ہوگا، ۳: عُریاں ہو تو صاحبِ لباس ہوگا، ۴: کنوارا ہو تو شادی شُدہ ہوگا، ۵: خوف زدہ ہو تو پُرامن ہوگا، ۶: مریض ہو تو عافیت میں ہوگا، ۷: زندان میں ہو تو رہائی پائے گا، ۸: مُسافر ہو تو سفر میں مدد ہوگی، ۹: میت پر پڑھیں تو اللہ آسانی پیدا کرے، ۱۰: اگر کوئی چیز گمشدہ ہو تو مل جائے۔☆فقر کے خاتمے کے لیے سُورہ یٰس کی آیت نمبر ۶۸ کی تلاوت کیا کریں۔ آیت یہ ہے:

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ط اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ۔

☆ تاجر حضرات سُورہ دُخان لکھ کر اپنے کاروباری مرکز میں رکھیں تو مال میں نفع زیادہ ہوگا اور گاہک بکثرت ہوں گے۔☆حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ سُورہ آلِ عمران کو تیرہ مرتبہ قرض کی ادائیگی کے لیے تلاوت کریں۔☆روایت ہے کہ سُورہ طلاق بیماری سے شِفا، قرض کی ادائیگی کے لیے مُفید ہے۔ رزق میں وسعت کے لیے اِسے تین مرتبہ روزانہ تلاوت کریں۔☆حضرت امام جواد علیہ السلام نے اپنے ایک پیروکار کو فرمایا کہ بدحالی اور مالی پریشانی کے لیے سُورہ نُوح کی مداومت کرو۔☆صاحبِ حُزن و غم اگر سُورہ جن کو پڑھے تو غم خوشی میں بدل جائے اور اگر قرض دار اس سُورہ کو قرض کی ادائیگی کی نیت سے پڑھے تو اِن شاء اللہ قرض ادا ہو۔☆حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

کا فرمانِ مُبارک ہے کہ جس کی روزی کم ہو، توفیق کم ہو، زیادہ تر کاموں میں خسارہ اور نقصان ہو اور کام کا نتیجہ حسرت اور افسوس ہو تو بہترین ہے کہ سُورہ شمس کی مداومت کرے (یعنی روزانہ کافی مرتبہ پڑھے) کیوں کہ یہ سُورہ مُوجب افزائش رزق اور توفیق ہے۔☆ سُورہ تکاثُر کو سوموار اور بُدھ کے دن چالیس مرتبہ پڑھنے سے اَیسے وسیلے سے بہت سامال ملے گا جس کا تصور بھی نہ ہوگا۔☆ مالی تنگی دُور کرنے کے لیے تین جمعے کی راتوں میں دو رکعت نماز پڑھیں اور ہر رکعت میں دَس مرتبہ سُورہ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ سُورہ توحید پڑھیں اور آخر پر سومرتبہ درودِ پاک تلاوت کرکے دُعا کریں۔☆ جو شخص سُورہ غافر کو لکھ کر اپنی دُکان یا تجارتی مرکز میں لٹکائے تو خیر و برکت ہوگی اور خرید و فروخت زیادہ ہوگی اور گاہک زیادہ آئیں گے۔☆ رزق اور روزی میں وسعت کے لیے اتوار کی رات سے شروع کریں اور ہر رات تین مرتبہ اور جمعہ کی رات آٹھ مرتبہ سُورہ واقعہ پڑھیں اور یہ عمل پانچ ہفتے جاری رکھیں۔ ہر بار سُورہ واقعہ کی تلاوت سے پہلے یہ دُعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا رِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا مِنْ غَيْرِكَ اسْتَجِبْ دَعْوَتَنَا مِنْ غَيْرِ رَدٍّ وَاَعُوْذُ مِنَ الْفَضِيْحَتَيْنِ الْفَقْرِ وَالدَّيْنِ وَادْفَعْ عَنِّيْ هٰذَيْنِ بِحَقِّ الْاِمَامَيْنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

☆ شیخ بہاؤ الدّین عاملی علیہ الرحمہ کشکول میں لکھتے ہیں کہ جس شخص کو افلاس نے ستایا ہو اور اُس کو منظور ہو کہ اُس کی روزی وسیع ہو جائے تو نو چندے بُدھ (چاند کا پہلا بُدھ) کے دن اوّل زوال کے وقت غسل کرکے نمازِ ظہرین بجالائے اور پھر دو رکعت نماز حاجت کی نیت سے نمازِ صُبح کی طرح پڑھ کر پانچ سو مرتبہ درودِ پاک پڑھے اور اُس کے بعد ایک مرتبہ سُورہ واقعہ پڑھے۔ دُوسرے دن غسل کی ضرورت نہیں واجب وضو سے ظہر و عصر کی نماز پڑھے اور نماز حاجت اور درود کے بغیر صرف سُورہ واقعہ پڑھے۔ تیسرے دن اسی طرح تین مرتبہ، چوتھے دن چار مرتبہ، پانچویں دن پانچ مرتبہ۔ اسی طرح روزانہ ایک مرتبہ اضافہ کرتا جائے۔ حتیٰ کہ چالیسویں دن چالیس مرتبہ پڑھے۔ اگر اس دوران مغربین کا وقت ہو جائے تو مغربین کی نماز ادا کر کے باقی تعداد پُوری کرے۔ آخری دن پانچ سو مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر روزانہ ایک مرتبہ مغرب و عشاء کے درمیان یا اس کے بعد سُورہ واقعہ تلاوت کرتا رہے۔ علامہ موصوف لکھتے ہیں کہ اگر اس شخص اور اُس کی روزی میں مشرق و مغرب کا فرق بھی ہوگا تو خُدائے تعالیٰ اُس سے مُتصل کر دے گا اور وسعتِ رزق کے اَیسے سامان بہم پہنچیں گے کہ جو اس کی سمجھ میں نہ آسکیں گے۔☆ وسعتِ رزق کے لیے سُورہ طلاق کی آیت نمبر ۲، ۳ کو اس ترتیب سے پڑھیں: ختم کی ابتداء جمعہ، جمعرات، یا سوموار سے کریں۔ اگر جمعہ ہو تو بہتر ہے۔ روزانہ چالیس دن تک ۱۵۹ مرتبہ یہ آیات پڑھیں۔ صبح کی نماز کے بعد بہتر ہے ورنہ اپنی سہولت کا وقت اختیار کر سکتے ہیں۔ چالیسویں دن ۱۷۹ مرتبہ پڑھیں۔ ختم کی ابتداء غسل، دو رکعت نماز حاجت اور ایک تسبیح درود سے کریں اور آخری دن ایک تسبیح درودِ پاک تلاوت کریں۔ ان شاء اللہ رزق حلال کے اسباب پیدا ہوں گے۔ آیات یہ ہیں:

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا۔

لوح رزق ملازمت، ترقی کاروبار، وسعتِ رزق، ادائیگی اور وصولیٔ قرض کے لیے سعد اوقات میں چاندی کی تختی پر سُورہ شُوریٰ کی آیت اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۔۔۔ سُورہ شُوریٰ آیت ۱۹۔ کا نقش کندہ کروالیں اور لوح اپنے گلے، بازو یا بٹوے میں رکھیں نیز روزانہ اکیس مرتبہ تلاوت کریں۔ یہ نقش ہمارے پاس دستیاب ہے۔

لوح مبارک

قو — جبرائیل — بسم الله الرحمن الرحیم — عزرائیل

الله لطیف	بعبادہ	یرزق	من یشاء
۳۱۸	۴۰۱	۱۹۶	۸۳
۴۰۰	۳۱۵	۸۶	۱۹۷
۸۵	۱۹۸	۳۹۹	۳۱۶

حمعسق — کہیعص

اسرافیل — میکائیل

روحانی دسترخوان بزبان وارث قرآن

سید علی رضا
رضوی (ماہر عملیات)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! امامیہ جنتری کے ساتھ 8 واں سال روحانی سلسلہ کا جڑا ہوا ہے۔ جو کہ مومنین کیلئے جہاں بہت سارے مسائل کے حل کا نام ہے وہاں بہت سارے ایسے ہاتھ دعا میں شامل ہو جاتے ہیں جنہیں آپ نہیں جانتے مگر وہ روحانی سلسلہ امامیہ جنتری کے توسل سے بنا ہوتا ہے۔ مالک ادارہ کی توفیقات خیر میں اضافہ کریں۔ ہر دفعہ حقیر نے کوشش کی ہے کہ نہایت ہی سادہ اور آسان عمل لکھے جائیں تا کہ پریشان حال مومنین کو پڑھنے اور عمل کرنے میں آسانی ہو۔ کل ہی کربلا سے گھر پہنچا ہوں اور حرم امام حسینؑ کی تاثیر کو ذہن میں رکھ کر تحریر لکھ رہا ہوں، ایک حقیقت روز روشن کی طرح عیاں سمجھ لیں کہ عمل خود کریں کیوں کہ جو بندہ پریشان ہوتا ہے اس نے جس تڑپ اور لگن سے عمل کرنا ہے وہ اجابت کے شرف سے جلدی مشرف ہو گا۔ ہمیں جو فون آتے ہیں اکثریت ان بندوں کی ہوتی ہے جو کہتے ہیں کہ ہمارے پاس اپنے مسائل کے حل کیلئے وقت نہیں آپ ہماری جگہ عمل کر دیں میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ دوائی کی مجھے ضرورت ہو اور آپ میرے حصہ کی کھا لیں تو مجھے کوئی فائدہ نہیں ہونا۔ ایسے ہی عملیات خود کریں اور یاد رکھیں ہر عمل ہر ایک کیلئے نہیں ہوتا۔ کوشش اس عمل کی ادائیگی کی کریں جو آپ کو مکمل سمجھ آ جائے۔ اگر مضمون کا کوئی حصہ سمجھ میں نہ آیا تو فون پر آپ کی رہنمائی کر سکتا ہوں۔ مگر فون پر پوچھا جانے والا سوال فقط میرے مضمون کے حوالہ سے ہو۔ مدیر اعلیٰ امامیہ جنتری آغا افتخار حسین مرحوم اور میرے والد محترم کے لیے ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص کی درخواست ہے۔

سورۃ فاتحہ حل المشکلات:

❂ کوئی بہت بڑی حاجت ہو جو پوری نہ ہو رہی ہو سورۃ فاتحہ کا 21 دن کا عمل ہے۔ شرائط یہ ہیں کہ اول و آخر 11 مرتبہ درود پڑھنا ہے جو بھی شب جمعہ آئی غسل کرنا ہے، وقت اور پڑھنے کی جگہ ایک ہی ہونی چاہیے۔ اور درمیان میں جتنی جمعرات آئیں 1.5 کلو مٹھائی تقسیم کرنی ہے۔ عمل کچھ یوں ہے کہ پہلے دن 1 مرتبہ دوسرے دن 30 مرتبہ، تیسرے دن 8 مرتبہ، چوتھے دن 40 مرتبہ، پانچویں دن 4 مرتبہ، چھٹے دن 5 مرتبہ، ساتویں دن 200 مرتبہ، آٹھویں دن 2 مرتبہ، نویں دن 7 مرتبہ، دسویں دن 10 مرتبہ، گیارہویں دن 50 مرتبہ، بارہویں دن 20 مرتبہ، تیرھویں دن 6 مرتبہ، چودھویں دن 60 مرتبہ، پندرھویں دن 400 مرتبہ، سولہویں دن 90 مرتبہ، سترھویں دن 9 مرتبہ، اٹھارویں دن 100 مرتبہ، انیسویں دن 700 مرتبہ، بیسویں دن 1000 مرتبہ، اکیسویں دن 800 دفعہ سورۂ فاتحہ پڑھنی ہے۔ اس کے بعد اپنی جو بھی دعا ہے وہ مانگ لیں انشاءاللہ فوراً قبول ہوگی۔

❂ کسی بھی قسم کی حاجت جو پوری نہ ہو رہی ہو۔ ایک ہفتہ کا عمل ہے سورت فاتحہ کا وہ کریں۔ جمعرات والے دن شروع کرنا ہے روزانہ 100 دفعہ سورت فاتحہ کی تلاوت کرنی ہے۔ روزانہ پڑھنے کی جو ترتیب ہے وہ کچھ اس طرح ہوگی۔ فجر کے نماز کے بعد 21 مرتبہ، ظہر کی نماز کے بعد 22 مرتبہ، عصر کی نماز کے بعد 23 مرتبہ، مغرب کی نماز کے بعد 24 مرتبہ اور عشا کی نماز کے بعد 10 دفعہ سورۃ فاتحہ کی تلاوت کرنی ہے۔ اور جب بھی آپ نے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنی ہے اس کے بعد اپنی دعا مانگنی ہے اور پھر سورۃ شروع کرنی ہے۔ حاجت کی قبولیت ہوگی، رزق کی بارش ہوگی، مصیبت ختم ہو جائے گی، نحوست ختم ہو جائے گی، اور اس سورۂ کی برکت سے گھر میں اتفاق اتحاد اور محبت کی فضا قائم رہے گی۔

فریاد عبد

❂ اگر کسی کو خوف ہو کہ فلاں شخص میرا نقصان کر سکتا ہے یا کسی سے کوئی دشمنی ہو اور اتنی قدرت نہ رکھتا ہو کہ اس سے مقابلہ کر سکے اور اپنی حفاظت مقصود ہو تو باوضو ہو کر 11 مرتبہ پڑھے يَا مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اور اپنے اوپر دم کر لے۔ انشاءاللہ حفاظت میں رہے گا اور ہر نقصان پہنچانے والی چیز سے امان پائے گا۔

❂ میاں بیوی میں ناچاکی ہو تو کوئی ایک نماز فجر کے بعد سورج نکلنے سے پہلے تک 41 دفعہ سورت فاتحہ چینی پر پڑھ کر دم کریں اور وہ چینی استعمال کریں۔ دونوں کے درمیان باہمی محبت پیدا ہوگی۔

آیت الکرسی کے فوائد اور عمل:

❂ ہر قسم کی حاجت کیلئے 7 دن روزہ رکھیں، اور روزانہ 2 رکعت نماز پڑھنی ہے، پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 3 مرتبہ سورۂ الطارق

پڑھے اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد 10 مرتبہ سورت توحید پڑھیں، نماز تمام کر کے سجدہ شکر ادا کرے اور 7 دفعہ کہے سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ پھر سجدہ سے سر اٹھائے اور 91 مرتبہ آیت الکرسی کی تلاوت کرے۔ انشااللہ حاجت روا ہوگی۔

✪ آج کل اچھے رشتے ناپید ہو چکے ہیں والدین بہت پریشان ہیں، بچوں کے رشتے کا مسئلہ ہو مغرب کی اذان کے وقت 41 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر بچے پر دم کر دیں، اور دعا کریں۔ ✪ جس کی ٹانگوں میں درد ہو تشہد کی حالت میں بیٹھ کر آیت الکرسی ایک دفعہ پڑھے اور ہاتھوں پر دم کرے اور وہ ہاتھ درد والی جگہ پر لگائے ان شااللہ شفا ہوگی،

✪ جو بندہ یہ چاہے کہ اسے کوئی تکلیف دینے والا نہ ہو ہر بندہ اس کا دوست اور محبت کرنے والا ہو وہ روزانہ 70 مرتبہ آیت الکرسی کی تلاوت کرے، ✪ اگر کسی نے گھر میں پانی کا بور کروانا ہو تو گول دائرہ بنالیں اور بور شروع کرنے سے پہلے 66 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اس جگہ پر دم کر دیں، اس کی برکت سے پانی باعث رحمت اور فراوانی میں ہوگا۔

✪ بچہ جب گھر سے بیرون ملک کیلئے نکلنے لگے تو والدین 7 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اس کے چہرہ پر دم کر دیں انشااللہ امان اور خیریت سے اپنی منزل مقصود تک پہنچے گا۔ ✪ جو بندہ ناحق قید میں ہو اور قید سے نکلنے کی کوئی تدبیر نظر نہ آ رہی ہو تو آیت الکرسی کا عمل اس کام کیلئے بہت موثر اور سریع ہوگا۔ قیدی خود بھی پڑھ سکتا ہے اور اس کی نیابت میں اس کے گھر میں سے بھی کوئی 1001 مرتبہ آیت الکرسی پڑھے گا فوراً جیل سے رہائی ہو جائے گی۔ ✪ مصیبت کا حل نظر نہ آئے آنکھوں کا موسم پریشانیوں سے برسنے کو بیتاب رہے۔ آدھی رات کو اٹھ جائیں مصلہ عبادت پر آئیں 4 رکعت نماز کی نیت کریں قربت الی اللہ ہر رکعت میں ایک دفعہ سورت فاتحہ اور اس کے بعد 10 مرتبہ آیت الکرسی کی تلاوت کرنی ہے۔ اور آیت الکرسی پڑھنے کے بعد دعا کے ہاتھ اٹھائیں اور 3 مرتبہ کہیں

اللهم انی اسالك یاالله اور ایك دفعه یاحیی یاقیوم یامن لاتاخذه سنة ولا نوم. اسالك اللهم بحرمة آیت الكرسی عندك ان تفعل بی كذا كذا. و ان تتولی جمیع ما ربیی و مقاصدی و ما اطلبه منك

(پھر اپنی دعا مانگیں اور ایک دفعہ درود پڑھیں اور رکوع میں چلے جائیں) ایسے ہی 4 رکعت نماز ادا کرنی ہے۔ انشااللہ حاجت پوری ہوگی۔ مشکلات حل ہوں گی۔

مجرب و مقبول عمل

مسز نقوی (روحانی مشیر)
03 111 888 668

قارئین امامیہ السلام علیکم! میری ہمیشہ سے ہی اولین ترجیح رہی ہے کہ میں اپنے قارئین کی خدمت ایسا آزمودہ ہدیہ پیش کروں جس کے استعمال سے وہ مستفید ہوسکیں اس سال امامیہ جنتری کے قارئین کیلئے، ایک بہت مجرب عمل پیش کر رہی ہوں جس پر عمل پیرا ہو کر تمام افراد جو اپنی بچوں اور بچیوں کی شادی کو لیکر پریشان ہیں انشاءاللہ اپنا مقصد حاصل کر سکیں گے۔

دستک

قبل از آغاز تحریر میں اپنے معزز قارئین کی توجہ امامیہ جنتری آفیشل ویب سائٹ کی جانب مرکوز کروانا چاہوں گی جس ایپلیکشن کو استعمال میں لاتے ہوئے آپ نہ صرف امامیہ جنتری میں شائع ہونے والے مختلف مضامین بلکہ قران، امام علیہم اسلام کی تعلیم کردہ مستند دعاؤں سے بھی مستفید ہوسکیں گے۔

سب سے پہلے میں گزارش کرنا چاہوں گی کہ کسی بھی عمل سے سو فیصد نتائج حاصل کرنے کیلئے کچھ احکامات پر عمل کرنا بہت ضروری ہوتا ہے جیسا کہ عمل مکمل خشوع وخضوع سے انجام دیا جائے، عمل کرنے والا پاک وطاہر ہو، عمل پاک جگہ پر انجام دیا جائے عمل کے دوران اپنے واجبات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں، گناہوں سے مکمل اجتناب کریں اور عمل کے دوران صدقہ لازمی دیں

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ آپ نے روزانہ رات کو عشاء کی نماز کے بعد قبلہ رو ہو کر اول و آخر 11 مرتبہ درود کے ساتھ 100 مرتبہ أَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّي وَأَتُوبُ إِلَيْهِ لگاتار چالیس (40) دن تک پڑھنا ہے انشاءاللہ اس عمل کے دوران ہی آپ کے بچے اور بچیوں کیلئے بہترین اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ اگر آپکو اپنے بچے اور بچیوں کے رشتوں میں کسی بھی قسم کی بندش یا رکاوٹ کا سامنا ہے یا آپ اولاد نرینہ کے خواہشمند ہیں تو آپ اپنے مقاصد کے حل کیلئے امامیہ جنتری میں دیے گئے نمبر کے ذریعے مجھ سے رابطہ کر سکتی ہیں۔ (صرف خواتین رابطہ کریں)

مجرب استخارہ جات

محمد علی کمیلی
(روحانی مشیر)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

معزز قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! امامیہ جنتری کے مدیر اعلیٰ کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے موقع عطا فرمایا۔ میں ایک مرتبہ پھر مولائے کائنات علیہ السلام کے عطا کردہ سلسلہ امر کے مجربات استخارہ حاجات قارئین امامیہ جنتری 2022 کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ اس سال آپ کے لیے سلسلہ استخارے کے عمل کے لیئے ایک نادر و نایاب تحفہ خاص لیکر حاضر ہوں۔ استخارے کے بارے میں میری کوشش یہی ہے لکھے جانے والے عمل آسان لکھوں۔ بڑے سے بڑے مسئلے کا حل معصومین علیہم السلام کے فرامین کے مطابق بیان کروں۔ امید ہے کہ آپ خلوص دل سے بانی امامیہ جنتری اور اس حقیر کے لیے دعائیں ضرور کرینگے۔ سب سے پہلے یہ عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ استخارہ کسے کہتے ہیں؟ خداوند عالم سے خیر و برکت طلب کرنا یا خیر و سعادت کی طرف رہنمائی چاہنا استخارہ کہلاتا ہے۔ جب استخارہ دعا کی حالت میں ہو تو اسکے اثرات و نتائج مختلف صورتوں سے ظاہر ہوتے ہیں کبھی انسان کے دل میں ایسی روشنی پیدا ہوتی ہے جس سے صحیح صورت حال منکشف ہو جاتی ہے اس القائے غیبی سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ حضرت علی علیہ السلام نے اپنے ارشاد وَأَلْهِمْنَا مَعْرِفَةِ الْاِخْتِيَار میں اسے الہام سے تعبیر فرمایا ہے۔ اس کے لیے ظاہر و باطن کی پاکیزگی، قلب و نظر کی تطہیر اور اللہ تعالیٰ سے وابستگی کی ضرورت ہے تاکہ انسان کا دل کشف و القاء کا محل قرار پا سکے۔ آئمہ اہل بیت علیہم السلام اپنے بعض اصحاب کو اس استخارہ کی تعلیم فرماتے تھے۔

دار الاستخارہ

چنانچہ حسن ابن جہم نے حضرت امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی کہ فرزند رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں سفر کرنا ہے مگر تردد ہے کہ خشکی کا سفر کریں یا پانی کا۔ آپ کی کیا رائے ہے؟ آپؑ نے ارشاد فرمایا! "نماز فریضہ کے اوقات کے علاوہ مسجد میں جاؤ اور 2 رکعت نماز پڑھو اور 100 مرتبہ أَسْتَخِيرُ اللهَ بِرَحْمَتِهِ کہو پھر دیکھو تمہارے دل میں کس بات کا القا ہوتا ہے اس پر عمل کرو"۔ نوٹ اگر أَسْتَخِيرُ اللهَ بِرَحْمَتِهِ کو سوا لاکھ مرتبہ ایک دفعہ پڑھ لیں یعنی زکوۃ ادا ہو جائیگی پھر تمام زندگی میں استخارہ کامیاب رہیگا۔ اور کبھی طلب خیر کا اثر اسطرح ظاہر ہوتا ہے کہ جس کام میں بہتری ہوتی ہے دل میں اُس کام کا عزم پختہ ہو جاتا ہے اور ذہن یکسوئی کے ساتھ اس پر ٹھہر جاتا ہے۔

چنانچہ اسحاق بن عمار کہتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی بعض اوقات کسی کام کا ارادہ کرتا ہوں تو کچھ لوگ اس کے موافق رائے دیتے ہیں اور کچھ خلاف اور میں کچھ طے نہیں کر پاتا کہ کن لوگوں کی رائے پر عمل کروں۔ آپؑ نے فرمایا کہ! "جب ایسی صورت ہو تو 2 رکعت نماز پڑھو اور 100 مرتبہ أَسْتَخِيرُ اللهَ بِرَحْمَتِهِ کہو تو ان دونوں کاموں میں سے جس سے حزم و احتیاط کا پہلو نظر آئے اسے اختیار کرو ان شاء اللہ اسی میں بہتری ہوگی"۔

اور کبھی طلب خیر کا اثر اس طرح ظاہر ہوتا ہے کہ جس امر میں بہتری ہوتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کسی زبان سے ادا کرا دیتا ہے۔

چنانچہ ہارون ابن خارجہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے سنا کہ جو شخص کسی کام کو کرنا چاہے تو دوسروں سے مشورہ لینے سے پہلے اللہ تبارک و تعالیٰ سے مشورہ کرے میں نے عرض کی کہ اللہ سے کس طرح مشورہ لے تو آپؑ نے ارشاد فرمایا! (ترجمہ) "پہلے اس کام میں اللہ تعالیٰ سے خیر و برکت کا مشورہ کرے۔ اللہ تعالیٰ سے طلب خیر کے بعد دوسروں سے مشورہ لے گا تو اللہ تعالیٰ مخلوقات میں سے جس کی زبان سے چاہے گا ایسی بات نکلوا دیگا جو اسکے حق میں بھلائی اور بہتری ہوگی"۔

وہ استخارہ جو نفع و نقصان کے سلسلہ میں رہنمائی چاہنے کے لیے دیکھا جاتا ہے جیسے تسبیح کے دانوں کا طاق و جفت ہونا، رقعوں کا لا اور نعم کی صورت میں نکلنا اور آیت قرآنی کا ثواب یا عذاب کے مضمون پر مشتمل ہونا تو یہ بھی القاء اور کشف کی طرح مشورہ الٰہی کے مظاہر میں سے ایک مظہر ہے۔ جس سے ذہنی یکسوئی اور دلجمعی حاصل ہوتی ہے اور رائے میں قوت پیدا ہو جاتی ہے۔

آداب و شرائط اس طرح استخارہ کے حسب ذیل آداب و شرائط ہیں جنہیں ملحوظ رکھنا چاہئے۔ پہلے یہ کہ استخارہ سے قبل طہارت کرے اور 2 رکعت نماز پڑھے، دوسرے یہ دل و دماغ سے ہر طرح کے فاسد خیالات دور رکھے، بدبودار چیزوں سے پرہیز کریں۔ رزق حلال اور سچی گفتگو کی پر پابندی کریں۔ تیسرے یہ کہ ہمہ تن اللہ کی طرف متوجہ

رہے اور دوران استخارہ گفتگو نہ کرے۔ چوتھے یہ کہ جس امر کے لیے استخارہ دیکھے وہ مُباح ہو اور واجبات اور محرمات میں استخارہ نہ دیکھے اس لئے واجبات کو ہر صورت بجالانا ہے اور محرمات سے بہر حال پرہیز کرنا چاہئے۔ پانچویں یہ بے محل استخارہ نہ دیکھے۔ اسی طرح استخارہ منع آنے کے بعد کچھ توقف کے بعد پھر استخارہ کرے اس خیال سے کہ شاید اب بہتری آجائے اور جب تک بہتری نہ آئے یونہی استخارہ دیکھتا رہے۔ یا کہیں جانے کے لیے استخارہ کرے اور منع آنے کی صورت میں کسی خاص رستہ کی نیت کر کے پھر استخارہ کرے یہ سمجھ کر کہ اب نیت بدل گئی ہے یا بغیر کسی ضرورت کے بات بات پر استخارہ دیکھے۔ یہ سب بازیچہ اطفال ہے جو عموماً قوائے عقلیہ ضعیف اور سوچ بچار کی قوتوں کے معطل ہونے کا نتیجہ ہوتا ہے اور بعض لوگ اسے بلا وجہ صرف مظاہرہ تقدس کے لیے معمول بنا لیتے ہیں جو ریاء کی ایک قسم ہے۔ اب ذیل میں استخارہ کے چند طریقے درج کئے جاتے ہیں جو مروی اور معمول ہیں۔

استخارہ قرآنی قرآن سے استخارہ دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین مرتبہ سورۂ توحید پھر تین مرتبہ درود پڑھے پھر یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ تَفَأَلْتُ بِكِتَابِكَ وَتَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ فَاَرِنِيْ مِنْ كِتَابِكَ مَاهُوَ الْمَكْتُوْمُ مِنْ سِرِّكَ الْمَكْنُوْنِ فِيْ غَيْبِكَ پھر نیت کے بعد قرآن مجید کو کھولے اسکے پہلے صفحے کی آیت کو دیکھے اور اس مضمون پر نظر کرنے کے بعد فعل یا ترک کا فیصلہ کرے اسی طرح کہ اگر آیت بشارت و نوید پر مشتمل ہو تو اس کام کو کرے اگر عذاب و وعید کے سلسلہ میں ہو تو اسے ترک کرے۔

استخارہ ذات الرّقاع ہارون ابن خارجہ روایت کرتے ہیں کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا جب کسی کام کا ارادہ کرو تو کاغذ کے 6 پرزوں پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ خِيَرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ بفلان ابن فلانة (فلاں کی جگہ پر اپنا اور اپنی ماں کا نام لکھنا چاہئے) اس میں 3 پر افعل اور 3 پر لاتفعل تحریر کریں اور پرزوں کو آپس میں ملا کر مصلے یعنی جائے نماز کے نیچے رکھ دیں۔ اور 2 رکعت نماز استخارہ بجالاؤ اور بعد نماز سجدہ میں 100 مرتبہ اَسْتَخِيْرُ اللّٰهَ بِرَحْمَتِهٖ اَسْتَخِيْرُ اللّٰهَ بِرَحْمَتِهٖ کہو اور سجدہ سے سر اٹھا کر یہ دعا پڑھو

اَللّٰهُمَّ خِرْلِيْ وَاخْتَرْلِيْ فِيْ جَمِيْعِ اُمُوْرِيْ فِيْ يُسْرٍ مِنْكَ وَعَافِيَةٍ

پھر ایک ایک کر کے تین پرزے نکالو اگر تینوں پر افعل تحریر ہو تو اس کام کو کرو اور اگر تینوں پر لاتفعل تحریر ہو تو اس کام کو نہ کرو۔

استخارہ تسبیح یہ استخارہ بھی امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے۔ اسکا طریقہ یہ ہے کہ پہلے ایک دفعہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ توحید اور پندرہ مرتبہ درود پاک پڑھو اسکے یہ دعا پڑھو

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْحُسَيْنِ وَجَدِّهٖ وَاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ وَاَخِيْهِ وَالْاَئِمَّةِ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَجْعَلَ لِيَ الْخِيَرَةَ فِيْ هٰذِهِ السُّبْحَةِ وَاَنْ تُرِيَنِيْ مَاهُوَ الْاَصْلَحُ لِيْ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَعَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ فِعْلَ مَا اَنَا عَازِمٌ عَلَيْهِ فَمُرْنِيْ وَاِلَّا فَانْهَنِيْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اور مٹھی بھر تسبیح کے دانے ہاتھ میں لو اور پہلے دانے پر سبحان الله دوسرے دانے پر الحمد لله اور تیسرے دانے پر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھتے جاؤ۔ اگر آخری دانے پر سُبحان الله ہو تو یہ استخارہ درمیانہ ہے چاہے اس کام کو کرو یا ترک کرو۔ اگر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ہے تو استخارہ بہتر ہے اس کام کو کرو۔ اور اگر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ آئے تو استخارہ بہتر نہیں اس کام کو ترک کر دو۔

استخارہ حسنین کریمین علیہم السلام بعد از نماز عشاء تازہ وضو کریں اور لباس اجلا ہو ضروری نہیں کہ لباس نیا ہو، پاکیزہ مٹھائی پر نیاز چہاردہ معصومین علیہم السلام و جمیع شہدا کربلا اور انکے پسماندگان کے لیے دلائے پھر اسی مصلے پر جس میں سرخ، سبز رنگ ہو ورنہ سفید پر کھڑے ہو کر 3 مرتبہ درود پاک ایک مرتبہ آیت الکرسی 3 مرتبہ سورۂ اخلاص اسکے بعد فریاد، فریاد فریاد بدرگاہ تو بدوستی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و بدوستی علی مرتضیٰ علیہ السلام و حسن مجتبیٰ علیہ السلام و حسین علیہ السلام شہید کربلا آنچہ مطلوب می دارم یا نصر ام رساں 11 مرتبہ پڑھ کر 2 رکعت نماز نفل کی نیت کریں پہلی رکعت میں سورۂ الحمد 7 مرتبہ، سورۂ اخلاص اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد میں اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ کو 111 مرتبہ اس آیت کی تکرار کرے اس دوران بدن گھومے گا جب بدن دائیں یا بائیں گھوم کر اصلی حالت میں آجائے تو فوراً الحمد کو پورا کر کے ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر نماز پوری کریں خواہ اسکی تکرار 11 مرتبہ ہی ہو اب مزید تکرار نہ کریں۔ اگر دائیں گھومیں تو اس کام میں فائدہ ہو گیا اگر بائیں گھومے تو اس کام کے کرنے میں نقصان میں اندیشہ ہے۔ اگر دائیں، بائیں کوئی اشارہ نہ تو کام اپنی مرضی پر کریں کوئی نقصان نہ ہوگا۔

نفس کا کٹہرا

علی سلطان
(لائف کوچ)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

1989 کی ستمبر کی 23 تاریخ کا واقع ہے جس دن میری والدہ محترمہ کا انتقال ہوا تھا۔ یہ وہ دن ہے جس نے اس حقیر کی زندگی کو بدل دیا۔ پیشہ کے لحاظ سے پانی کے جہاز کا انجینیر ہوں۔ فنی خرابیوں کو ٹھیک کرنے کی مہارت حاصل ہے والدہ کو جب قبر میں اپنے ہاتھ سے اتارا تو سوچ کا زاویہ مکمل طور بدل گیا اور اندر یہ سوچا کہ بیٹے تجھے بھی اس قبر میں ایک دن جانا ہے اعمال درست کر۔ آہستہ آہستہ دین کی دنیا میں چلنا شروع کیا یہ میرے رب کی مہربانی تھی۔ خاموشی سے دنیا کی ترقی دیکھ رہا تھا اور اپنے ملک اور ملت کے ساتھ موازنہ کر رہا تھا حیران اور ششدر تھا دوسرے ممالک اس قدر ترقی کر رہے ہیں اور ہم لوگ اتنے پسماندگی میں بڑے ہوئے ہیں۔ طرح طرح کے سوالات جنم لے رہے تھے۔ والدہ کے انتقال کے بعد اس دنیا کو خیر باد کہا اور قرآن کی تفاسیر اور ترجمہ پڑھنے میں لگ گیا یا یوں کہہ لیں کہ دین میں پناہ ڈھونڈی۔ والد صاحب جو انگریز کے ہاتھوں ٹرینڈ ہوئے تھے اور انتہائی منظم شخصیت کے حامل تھے ایک دن کہنے لگے بیٹے میں تم کو دیکھ رہا ہوں کہ تم بڑے انہماک سے دین میں دلچسپی لے رہے ہو میرا یہ مشورہ ہے کہ مغرب کے علما کو بھی ساتھ ساتھ پڑھو۔

جناب اب تو والدہ کو انتقال کے بعد کتابیں، تفاسیر، احادیث، ترجمے اور مغربی اسکالرز کے علاوہ نوکری اور اسی نوکری کے عوض دنیا کی بہترین لائبریریاں اور کتابوں کی دکانوں میں زندگی بسر ہونے لگی۔ حضرت علامہ اقبالؒ کا شکوہ اور جواب شکوہ جب 10 سال کا تھا تو والدین نے متعارف کروا دیا تھا۔ والدہ کی آخری نصیحت پر عمل کرنا شروع کیا اور شکر الحمد اللہ آج ہر بات کا جواب مل گیا اب آپ سے سوالات جو ذہن میں آئے پیش کرتا ہوں۔ ☆ کیا وجہ ہے کہ دنیا کا سب سے قیمتی صحیفہ یا کتاب قرآن مجید ہم لوگوں کے پاس ہے اور ہم لوگ نہ مادی ترقی میں آگے ہیں اور نہ ہی اخلاقی طور پر دوسری قوموں کے مقابلے میں کہیں نظر آتے ہیں۔ ☆ اسکول، کالج یونیورسٹی میں کہیں بھی قرآن کیوں نہیں پڑھایا جاتا۔ ☆ ہم جب اسلامیات کے مضمون کو دیکھتے ہیں تو شروع سے آخر تک نہ وہ ہمیں دین سمجھا پا رہا ہے نہ ہمارا کردار سنوار پا رہا ہے ☆ دنیا جہان کی برائیاں معاشرے میں ہیں اور ہم جنت کے دعوی دار ہیں۔ ☆ خاندانوں میں، برادریوں میں رنجشیں، اختلافات اور ہم اپنے آپ کو حضرت محمد ﷺ کا پیروکار کہتے ہیں۔ جو کہ خلق عظیم پر فائز تھے ☆ سب لوگ نماز بھی پڑھ رہے ہیں، روزے بھی رکھ رہے ہیں، حج بھی ادا کر رہے ہیں مگر معاشرے میں بجائے سدھار آنے کے زوال آ رہا ہے اور ہم لوگ پستی کی طرف تیزی سے گامزن ہیں۔ ☆ ہم کتنے بدنصیب ہیں کہ ہمارے پاس قرآن، احادیث، اور آئمہ کا اتنا کلام موجود ہے پھر بھی وہ کارگر ثابت نہیں ہو پا رہا؟۔ ☆ ہم اسلام کے سارے احکام بجا لا رہے ہیں مگر معاشرے میں سدھار دیکھنے کو نہیں ملتا؟۔ ☆ امت فرقوں میں بٹی ہوئی ہے اور آپ بھی ایک فرقے میں پیدا ہوئے ہیں اس میں آپ کا کوئی اختیار نہیں تو کیا کیا جائے ؟ اور جو شخص جس مذہب اور فرقے میں پیدا ہوتا ہے وہ اسی میں مر جاتا ہے۔ یہ کیا ماجرا ہے؟ ☆ کردار سازی میں خود آگاہی ایک بہت بڑا عنصر ہے ہم لوگوں کا کردار اس طرح نہیں بن پا رہا اس کی وجہ یہ ہے ہم نے ابھی تک اپنے نفس کی معرفت نہیں حاصل کی ہے۔ جب ہمیں خود سے آگاہی حاصل نہیں ہے تو کوئی چیز کارگر ثابت نہیں ہو رہی اور ہماری زندگی ضائع ہو رہی ہے اپنے اندر جنم لینے والے ان تمام سوالات کے جواب جاننے کیلئے آپ امامیہ جنتری آفیشل کی ویب سایٹ پر روحانیت کے سیکشن میں خود آگاہی کے نام سے نشر ہونے والا میرا کالم پڑھنا اور امامیہ جنتری آفیشل یوٹیوب چینل پر نشر ہونے والا پروگرام خود آگاہی دیکھنا نہ بھولئے۔

خود آگاہی

03 111 888 668
ایم غلام رضا عسکری (ماہر علوم فلکیات)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ

1446 ھجری — 2025 عیسوی

نوروز عالم افروز

عرض بلد 33-43N — تحویل آفتاب در برج حمل — طول بلد 73-04E

مورخہ 20 مارچ 2025 بروز اتوار

رات 8 بج کر 33 منٹ 14 سیکنڈ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم بمطابق دار الحکومت اسلام آباد

صدقات

سنہری اشیاء، چمکیلی اشیاء کے صدقات دیے جائیں باجرہ، گندم موتی چور، بیسن کے لڈو، سونا پارہ، سنہرا کپڑا، سنہری دھاتیں، کنگنی، زرد چاول، سنگ ستارہ، زرق برق لباس، صدقہ کر سکتے ہیں۔ کپڑا لباس کھانے کی اشیاء غریبوں میں تقسیم کریں۔ اناج پرندوں کو ڈال دیں۔ دھات صدقہ کرنا ہو تو نہر یا سمندر میں ڈال دیں۔ کوئی ایک صدقہ جو توفیق ہو کر لیں۔

خوراک

بیسن کی روٹی، مکئی کی روٹی، موتی چور، بیسن کے لڈو، موسمی، چنے کی دال، مونگ کی دال، نارنگی، زرد سنہری مٹھائیاں، کیلا، انگور، انار بطور خوراک نذر و نیاز استعمال کی جا سکتی ہیں۔ بہترین صدقات غرباء و مساکین کو کھانا کھلانا ہے۔ اگر ہو سکے تو 10 افراد کو کھانا کھلا دینا بہتر ہوگا۔

زائچہ نوروز بحساب یونانی نجوم

مراتب سیارگان برائے نوروز

بادشاہ:	شمس
وزیر:	مریخ
سپہ سالار:	زہرہ
مشیر:	مشتری
رنگ:	پیلا

نوٹ سواری، پوشاک وغیرہ کی کیفیت صرف اہل ہنود میں پائی جاتی ہے اسلام میں اسکا تصور نہیں ہے

تحویل کے وقت مولا مشکل کشاؑ کی نذر دیکر ان کے وسیلہ سے دعا کریں اللہ تعالیٰ حاجت پوری کرے گا۔

بین الاقوامی اوقات برائے نوروز

تہران ایران 07:03:15PM، بغداد عراق 06:33:15PM۔ جدہ سعودی عرب، دمشق شام 05:33:15PM، دبئی عرب امارات 07:33:15PM دہلی انڈیا 09:03:15PM۔ واشنگٹن، نیو یارک کیلیفورنیا، امریکہ، اوتاوا کینیڈا 11:33:15AM لندن برطانیہ 03:33:15PM کینبیرا آسٹریلیا 21 مارچ 02:33:15AM۔

نوٹ کچھ بڑے ممالک کے نوروز کے اوقات قارئین کی سہولت کے لیے دیے جا رہے ہیں۔ امریکہ، کینیڈا کی ریاستوں میں مختلف ٹائم زون ہیں اپنے مقامی وقت کو جمع یا نفی کر کے درست وقت نکال لیں۔ قریب و جوار کے ممالک بھی درست وقت کے لیے مقامی وقت میں جمع یا نفی اپنے قریبی ملک کے مطابق درست وقت نکال لیں۔ پاکستانی وقت نوروز میں سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو گرین واچ ٹائم نکل آئے گا۔

نوروز کے احکام اور شرعی حیثیت

اس سال بفضل پروردگار 20 مارچ 2022 بروز اتوار 7 چیت 2078 بکرمی اور یکم حمل 1943 بوقت دوپہر رات 8 بجکر 33 منٹ 14 سکینڈ بمطابق دارالحکومت اسلام آباد پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم شمس درحمل کے صفر درجہ پر تحویل ہوگا۔

نوروز کی شرعی حیثیت عید نوروز شمسی کیلنڈر کے حساب سے منائی جاتی ہے۔ نوروز 20 یا 21 مارچ کے بارے میں جو لکھا جاتا ہے وہ علم نجوم اور حرکت سیارگان ہے۔ نیا دن اس لیے کے شمس برج حمل میں داخل ہورہا ہے۔ یہ سب روایات گردش ایام سے متعلق ہے جن کا دین اور شریعت سے کوئی تعلق نہیں 18 ذوالحجہ 10 ہجری چونکہ اتفاقاً 21 مارچ کو آ گیا اس لیے اس جشن کو دہرا منانے کے لیے دونوں تاریخوں کو عید نوروز سے معنون کردیا گیا۔ ہم جو اعمال بجالاتے ہیں وہ 20 یا 21 مارچ کو شمس کے برج حمل میں داخل ہونے کے نہیں ہیں بلکہ عید غدیر کے ہیں۔ شمسی کیلنڈر کی اکیسویں مارچ سے بہت سے اور تہوار بھی مربوط ہیں مگر سال ہائے وقوع میں فرق ہے۔ اعمال کی کتب مفاتیح الجنان، تحفۃ العوام وغیرہ میں اس تاریخ کے جو اعمال آپ پڑھیں گے وہ نوروز سے متعلق نہیں ہیں بلکہ عید نوروز سے تعلق رکھتے ہیں مثلاً یہ واقعات ایک نئے دن سے متعلق ہیں۔ اس لیے یاد خدا میں تشکر کے طور پر بجالائے جاتے ہیں۔ آئمہ معصومین علیہم السلام کے ارشادات اور اعمال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمدؐ نے اپنا دن فرمایا ① اللہ تعالیٰ نے اس دن اپنے بندوں عہد لیا ہے کہ اس کی واحدنیت کیساتھ عبادت کریں ② یہ پہلا دن ہے کہ آفتاب کی پہلی کرن زمین پر پڑی ③ حضرت نوحؑ کی کشتی کا کنارے لگنا ④ رجعت آئمہ طاہرینؑ اور حضرت علیؑ کی خلافت ظاہرہ ⑤ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نزول وحی کا آغاز ⑥ حضرت ابراہیمؑ کا کافروں کے بتوں کو توڑنا ⑦ حضرت علیؑ کا خوارج پر فتح پانا ⑧ حضرت علیؑ کا تطہیر کعبہ کا عمل بجالانا وغیرہ۔ عید نوروز کے اعمال مومنین اپنے تہواروں کی یاد میں مناتے ہیں یہ اعمال نوافل دعائیں، اور نمازیں تحویل آفتاب سے متعلق نہیں بلکہ متذکرہ بالا اسلامی تہواروں سے مربوط ہیں جنکی یاد منانا باعث تقویت ایمان ہے۔

آب نیساں نوروز سے 23 دن کے بعد جو مہینہ شروع ہوتا ہے جو 30 دن کا ہے اس مہینے میں جو پانی برستا ہے اسے آب نیساں کہتے ہیں امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے جو شخص اس پانی کو جمع کر کے اس پر سورہ الحمد، آیت الکرسی، چاروں قل اور سورۃ انا انزلناہ کو 70،70 مرتبہ پڑھے 70 مرتبہ اللہ اکبر 70 مرتبہ لا الہ الا اللہ اور پھر 70 مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر اسے پئے تو خداوند عالم اس کے دل کو نور کی روشنی اور فہم وفراست اور بینائی سے بھر دے گا اور تمام آفات وبلیات سے محفوظ رکھے گا۔ جو شخص صبح وشام اس پانی کو پئے گا اسکی ہڈیوں اور رگوں سے ہر قسم کی کا درد اور بیماری ختم ہو جائیں گی۔ جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہو تو وہ آب نیساں کو اس نیت سے پئے تو خداوند عالم اس کو فرزند عطا کرے گا اور بانجھ عورت ہو تو بفضل خدا اسکی گود ہری ہوگی۔

آب زم زم سے شفا

جَعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ الشِّفَآءَ اللہ تعالیٰ نے آب زم زم میں شفا رکھی ہے (الحدیث)

جب حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ان کی مادر گرامی بی بی ہاجرہؑ حضرت ابراہیم علیہ السلام پہاڑیوں پر بٹھا گئے تو پیاس کی شدت کی حالت میں حضرت اسماعیل علیہ السلام نے ایڑیاں رگڑیں تو اللہ تعالیٰ اس پہاڑی پر چشمہ جاری کر دیا اس چشمے سے صاف شفاف پاکیزہ پانی تیز رفتاری سے نکلنے لگا کہ بی بی ہاجرہؑ کو یقین ہو گیا کہ اس پانی کے رواں سیلاب سے پوری دنیا ڈوب جائیگی اس بی بیؑ نے دونوں ہاتھ اس چشمے سے نکلنے والے پانی کے گرد رکھ کر زم زم (رُک جا رُک جا) کہا تو پانی رُک گیا۔ ✹ آب زم زم 16×14 فٹ اور 13 میٹر گہرا کنواں ہے یہ 4000 سال قبل جاری ہوا۔ اس وقت سے آج تک کبھی خشک نہیں ہوا نہ ہی اسکا ذائقہ تبدیل ہوا یہ چھوٹا سا حوض کروڑوں عوام کو پانی مہیا کرتا ہے اس میں ہر سکینڈ میں بذریعہ موٹرز 8000 لیٹر پانی نکالا جاتا ہے مگر یہ ایک منٹ میں اپنا لیول پورا کر لیتا ہے اور اسکا لیول کبھی کم نہیں ہوتا ✹ طواف کے بعد آب زم زم کا پینا اور سینے پر ملنا مستحب ہے۔ روایت میں ہے کہ اگر کوئی مریض آب زم زم پر یہ درج ذیل دعا پڑھ کر پی لے تو اسے شفائے کُلی نصیب ہوگی (یہ دعا خاک شفاء کے لیے بھی پڑھی جاسکتی ہے)

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ عِلْمًا نَافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَآءً مِّنْ كُلِّ دَآءٍ وَّسُقْمٍ

اے اللہ تو اس کو نفع دینے والا علم اور وسیع رزق اور ہر مرض اور بیماری سے شفاء قرار دے

آداب واعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دُعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہیے کہ مقررّہ وقت سے پہلے پاک صاف ہو کر لباس مطرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثلِ لوبان، اگربتی وصندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السّلام دیں۔ بعدازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی بس یہ وقت دُعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۶۹ مرتبہ ''یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ'' اور کم از کم ۳۶ مرتبہ یہ دُعا پڑھیں۔

یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ ط

مومنین کو چاہیے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اوّل یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ ''قُرْبَةً اِلَی اللهِ. اَللهُ اَكْبَرُ'' اور اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ سورہ ''اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ ''قُلْ یَااَیُّهَا الْكَافِرُوْنَ'' اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ ''قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس دس مرتبہ ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ'' پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِیَاءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَائِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَیْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا هٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَكَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَآ اَشْكُرَ اَحَدًا غَیْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَاغَابَ عَنِّیْ فَلَا یَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ وَمَافَقَدْتُ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَكَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَا اَتَكَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَیْهِ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اس کے بعد، دُعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق اعداد ایام سال نکال کر اس دُعا کو پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ سَنَةٌ جَدِیْدَةٌ وَّاَنْتَ مَلِكٌ قَدِیْمٌ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَافِیْھَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَافِیْھَا وَاَسْتَكْفِیْكَ مَئُوْنَتَھَا وَشُغْلَھَا یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (زادلمعاد)

سات سلام

مشہور ہے کہ جو شخص یہ سات سلام نوروز کے دن مشک وزعفران سے کسی چینی کے برتن پر لکھ کر گلاب کے عرق سے دھوئے اور اس میں سے پیئے تو آئندہ سال تک کوئی رنج و درد اُس کو نہ ستائے گا۔ اگر زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

1	سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ
2	سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ
3	سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ
4	سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھَارُوْنَ
5	سَلَامٌ عَلٰی اٰلِ یَاسِیْنَ
6	سَلَامٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خَالِدِیْنَ
7	سَلَامٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ (از حاشیہ زادالمعاد)

نقش نوروز

اعداد ۵۰۳۶

تحویل آفتاب کے وقت کسی پاک جگہ باوضو ہو کر گلاب وزعفران سے اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو تمام سال جملہ امراض وبلیات غم و صدمات سے محفوظ رہیں گے دشمن مقہور ہوگا مقاصد پورے ہوں گے۔ نہایت مجرب اور راز سربستہ ہے۔

اور مدت حمل تک واسطے حفاظت حمل کے ایضا اس شکل کو لکھ کر ران پر اندر کی جانب باندھے اور گرد کی عبارت کو چشم کشادہ لکھے اور بعد پیدائش بچے کے فوراً کھول دے۔

الشکور البکور

اربعه	ثلثه	اثنین
اربعه	اثنین	ثلثه

لاحول

مندرجہ ذیل نقش کو مشک وزعفران سے لکھ کر گلاب میں دھو کر پیئے وبا و امراض جسمانی سے محفوظ رہے گا۔ اس نقش کی انگوٹھی چاندی پر کندہ کر کے پہنے کبھی محتاج نہ ہوگا۔

الا=۱۱۱۹ ۱۱۱۱۹=۱۱۱ محطے

برائے دردِزہ سات مرتبہ اس آیت کو گڑ، شکر یا کسی مناسب عرق پر پڑھ کر کھلائے یا پلائے۔ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ

وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَافِیْھَا وَتَخَلَّتْ

03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

اتوار کے دن کا نوروز شمس سے متعلق ہوتا ہے۔ مولا امام جعفر صادق علیہ السلام کے فرمان کے مطابق اتوار کے دن کا نوروز حاکم وقت کے لئے اچھا ہوتا ہے۔ رعایا کے لئے اچھا نہیں ہوتا۔ اجناس کی پیداوار کم ہوگی۔ تاہم گندم، جو، مکئی اور دیگر غذائی اناج کی قیمتیں مستحکم اور پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ اس سال گرمی خوب پڑے گی۔ ملک کے مغربی علاقوں میں گرمی کا زور رہے گا۔ سونا چاندی اور قیمتی دھاتوں کے نرخ بڑھیں گے۔ اعلیٰ طبقات کے لوگوں میں اموات زیادہ ہوں گی۔ اعلیٰ طبقے کے اثر ورسوخ میں اضافہ ہوگا جبکہ حکومتی حلقوں میں مضبوطی پیدا ہوگی اور حاکم جماعت کو مزید استحکام حاصل ہوگا۔ خشک میوہ جات کی پیداوار میں اضافہ ہوگا لیکن سبز چارہ اور جانوروں کے غذائی چارے کی پیداوار کم ہوسکتی ہے۔

پاکستان پاکستان نوروز کے زائچہ کے حوالہ سے لگن کا مالک زہرہ پانچویں گھر زحل کے ساتھ مارچ کے آخری عشرے میں دھن یوگ بناتے ہوئے اسٹاک مارکیٹ میں ریکارڈ اضافہ کے ساتھ نوجوانوں کی فلاح بہبود اور کھیلوں کے ساتھ انٹرٹینمنٹ کے شعبوں میں بہتری دیکھنے میں آئے گی۔ سیاسی سطح پر نوجوان اور نئی قیادت کو لایا جائے گا۔ ان دنوں ملکی کرکٹ ٹیمیں و دیگر کھلاڑی ملکی وقار میں اضافہ کا باعث بنیں گے۔ پاکستان عالمی سطح پر ابھرتی ہوئی نئی معیشت بن کر اپریل مئی میں سامنے آئے گا۔ خارجہ پالیسی کی وجہ سے پاکستان کی عالمی ساکھ میں بہتری آئے گی۔ کھیلوں کے لئے نئے اسٹیڈیم اور کارپوریشن و میونسپل سطح پر کام کئے جائیں گے۔ فلم انڈسٹری میں بہتری آئے گی اور میڈیا و نشریاتی اداروں کو پابند بنانے کے لئے قانون سازی یا کچھ پابندیاں لگائے جانے کے امکانات ہیں۔ صحت کے معاملات کرونا کی وباء اور دیگر صورتوں میں ملے جلے رہیں گے مجموعی طور پر عوام کی صحت بہتر رہے گی۔ اس سال ملازمتوں کے کثیر مواقع نئی سرمایہ کاری اور عالمی منڈیوں کا پاکستان میں کارخانے بنانا بیروزگاری میں کمی کا باعث بنے گا۔ دیرینہ مخالفوں کی جانب سے افواہیں اور پروپیگنڈا حاکمین وقت کے لئے مشکلات پیدا کرتا رہے گا۔ فارن ایکسچینج گذشتہ تیس سال کے تمام ریکارڈز کو توڑتا ہوا انتہائی بلند سطح پر ہوگا۔ تاہم پاکستانی کرنسی روپیہ دباؤ کا شکار رہے گا اور ممکن ہے کہ اس سال بین الاقوامی کرنسیوں کی قیمت میں مزید اضافہ ہو۔ اور روپیہ دباؤ کا شکار رہے۔ پاکستان اپنی سرحدوں کو مکمل طور پر محفوظ بناتے ہوئے ایران کے ساتھ اس سال سرحد کو مکمل سیل کر دے گا۔ مئی تا جون دشمن کاروائیاں ملک کے اندرونی معاملات خراب کرسکتی ہیں۔ 25 مئی تا 5 جولائی قدرتی آفات آگ لگنے اور حادثات میں کثیر جانی نقصانات ہو سکتے ہیں۔ مئی تا اکتوبر عالمی سطح پر پاکستان مخالف پروپیگنڈا عروج پر رہے گا۔ 4 اگست تا 15 ستمبر اسٹاک مارکیٹ میں گراوٹ اور عالمی سطح پر مالیاتی اداروں کا دباؤ روپیہ کی انتہائی کمزوری کا باعث بن سکتا ہے۔ اگست تا دسمبر اسٹیبلشمنٹ افواج پاکستان اور سیاسی پارٹیوں میں کھینچا تانی اختلافات اور اپوزیشن مخالف کاروائیوں کے حوالہ سے اہم اوقات ہونگے۔ ان اوقات میں ہوائی حادثات اور قدرتی آفات کے ساتھ سیلاب یا بارشوں کی وجہ سے نقصانات ہوسکتے ہیں۔ خارجہ پالیسی میں ان دنوں حکومت وقت کو مشکلات کا سامنا ہوگا۔ سمندری طوفان عموماً مئی جون اور اکتوبر نومبر میں بحیرہ عرب میں آتے ہیں تاہم پاکستان کو ان سے کوئی خاص خطرہ نہیں ہوگا لیکن بارشیں زیادہ ہوسکتی ہیں۔

انڈیا بھارت حکومت کے خلاف عوامی سطح پر مخالفت میں اضافہ کے ساتھ حکومت مخالف مظاہروں میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ زحل زہرہ مریخ کی چوتھے میں موجودگی وبائی امراض اور آفات کی وجہ سے جانی مالی نقصانات ہو سکتے ہیں خصوصاً مارچ، اپریل زلزلے اور اپریل مئی سمندری طوفان انڈیا کے شمال مشرقی علاقوں اور جنوب مغربی علاقوں میں سمندری طوفان وجہ اموات بن سکتے ہیں۔ حکومت کی جانب سے عوام پر نئے ٹیکسز اور قوانین بھارت کی عوام میں مشکلات پیدا کر سکتے ہیں۔ یورانس اور راہو کی ساتویں گھر موجودگی انڈیا کی جانب سے پاکستان اور چائنہ کے ساتھ دوستی کا ہاتھ بڑھانے کی کوششیں منافقانہ طرز عمل اور اپنے مخالف ملکوں کے داخلی معاملات میں دخل اندازی کی کوششیں سامنے آسکتی ہیں۔ سرحدی جھڑپوں میں قدرے کمی سامنے آئے گی تاہم بھارت کو بنگلہ دیش اور دیگر ہمسایہ ممالک کی جانب سے سخت معاملات کا سامنا ہوگا۔ بھارتی روپیہ تنزلی کا شکار ہوگا مالیاتی

توازن میں بگاڑ انڈیا کی ترقی پر منفی اثرات مرتب کرے گا۔ نئے ہتھیاروں کے تجربات کے حوالہ سے انڈیا کی جانب سے مئی کے آخری دو عشروں میں تجربات کئے جانے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ عورتوں کے حقوق اور عورتوں کے حوالہ سے نئے قوانین بنائے جانے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ انڈین فلم انڈسٹری کے بڑے اداکاروں کی اموات کا امکان ہو سکتا ہے۔ داخلی طور پر عورتوں کے استحصال جنسی تشدد اجتماعی ابروریزی کے واقعات سامنے آئیں گے۔ کشمیر اور بھارتی پنجاب میں نئی علیحدگی پسند تحریکیں شروع ہونے اور عالمی سطح پر کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی پر بھارت کو دباؤ کا سامنا ہوگا۔ بھارت کے دیگر ممالک میں اندرونی معاملات میں دخل اندازی کے ثبوت عالمی طور پر سامنے آئیں گے۔ افغانستان کے ساتھ بھارت کے معاملات خراب ہونگے ممکن ہے کہ انڈیا پاکستان کے ساتھ افغانستان کو بھی کشمیری حمایت کے جرم میں شامل کرے اور افغانستان کے ساتھ بھارت کے حالات خراب ہوں۔ بھارت کی امپورٹ ایکسپورٹ خصوصاً چاول اجناس اور پھل سبزیوں کی برآمدات میں کمی واقع ہوگی۔

ایران ایران کے زائچہ نوروز کے مطابق مالی معاملات خاصے مشکلات کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ابتدائی چھ ماہ تک مالی دباؤ کا سامنا ہوگا تاہم عالمی سطح پر تبدیل ہوتی صورتحال اور جنوب ایشیاء میں چین پاکستان اور سی پیک کی صورت میں ابھرتا ہوا ایک نیا معاشی خطہ آنے والے چند سالوں میں سامنے آرہا ہے۔ اس کے ثمرات ایران کو سرمایہ کاری کی صورت میں اس سال کے آخر سے سامنے آنا شروع ہو جائیں گے اور ایران کی معیشت اور کرنسی میں بہتری آئے گی۔ ایران کی قریبی ممالک کے ساتھ فوجی مشقیں اور ہمسایہ ممالک کے ساتھ فوجی سطح پر ایران کی جانب سے نئے معاہدے کئے جانے کے امکانات ہونگے۔ نوجوانوں کی فلاح بہبود اور نئی نسل کے روزگار کے حوالہ سے ایران دور رس اقدامات کرے گا۔ ایرانی اسٹاک مارکیٹ اور عالمی کرنسیوں کے ساتھ ایرانی روپیہ مستحکم ہوتا نظر آتا ہے۔ تیل کی پیداوار اور برآمدات کے حوالہ سے عالمی پابندیوں میں نرمی یا پابندیاں ختم ہونے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ شمال مغربی علاقے زلزلوں اور قدرتی آفات سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ ایران اپنے ہمسایہ ممالک پاکستان، افغانستان، ترکمانستان، آرمینیا، عراق کے ساتھ خصوصاً ترکی کے ساتھ نئے معاہدے اور تجارتی تعاون میں اضافہ کرے گا۔ تیل اور معدنیات کے نئے ذخائر دریافت ہونے اور ایران کی جانب سے دفاعی ہتھیاروں کے تجربات کئے جانے کے امکانات وسط سال کے بعد سامنے آئیں گے بزرگ اور اعلیٰ حاکمین وقت کے حوالہ سے یہ سال مشکلات کا باعث ہوگا۔

عراق عراق کی عوام کی مشکلات کم ہوتی نظر نہیں آتیں۔ عالمی سطح پر اقوام متحدہ اور دیگر یورپی ممالک کی جانب سے عراق پر پابندیاں اٹھائی جانے اور درآمدات و برآمدات کی اجازت ملنے کے امکانات کم ہیں تاہم تیل کی فروخت کے معاملات اور دیگر آمدنی حاصل کرنے کے ذرائع پر سے پابندیاں اٹھانے کی کوششیں عراق کی جانب سے کی جائیں گی۔ ایران کی حمایت عراق کو کھلی طرح اور خفیہ طور سے دونوں طرح جاری رہے گی عراقی عوام میں انتشار اور اندرونی طور پر عراق کو کمزور کرنے کی سازشیں سامنے آئیں گی۔ کویت، ایران ترکی، شام، اردن اور سعودی عرب کی سرحدوں میں گھرا عراق داعش اور دیگر مذہبی دہشت گردوں کا نشانہ بنتا رہا ہے۔ عراق کو زیادہ خطرہ اردن اور عرب کی سرحدوں سے رہا ہے اگر عراق ان سرحدوں کی حفاظت کرلے تو عین ممکن ہے کہ عراق میں جاری دہشت گرد کارروائیوں میں کمی واقع ہو سکے۔ وبائی امراض اور دیگر عوامل کی وجہ سے عراق میں سیر و سیاحت اور زیارات کے ذریعہ سے آنے والے فارن ایکسچینج میں گذشتہ سال سے کمی واقع ہوئی ہے تاہم امید ہے کہ اس سال عالمی وباء کرونا کافی حد تک کم ہو جائے گی اور عراق میں زائرین کے آمد کے ساتھ معیشت میں بہتری واقع ہوگی۔ جنوب مشرقی اور وسطی علاقوں میں قدرتی آفات نومبر تا جنوری تک ہو سکتی ہیں جن میں جانی و مالی نقصانات کا اندیشہ ہے۔ پلوٹو کی چوتھے گھر موجودگی اور یورانس کی ساتویں گھر موجودگی اندرونی طور پر انتشار یا عراقی عوام میں حکومت مخالف مظاہرے سامنے آئیں گے موجودہ عراقی حکومت کو دباؤ کا سامنا رہے گا۔

سعودی عرب حجاز مقدس میں فوجی تبدیلی کا امکان مشتری اور عطارد کا چھٹے قران اور چوتھے گھر پلوٹو کی موجودگی شاہی خاندان میں اندرونی اختلافات اور سپہ سالار کی تبدیلی کا اشارہ ہو سکتا ہے سعودیہ کے مالی توازن میں بگاڑ کھل کر سامنے آسکتا ہے مارچ اپریل اور اگست سے سال کے آخر تک مریخ کی نحوست مالی معاملات میں خرابی کو ظاہر کرتی ہے، یمن بحرین اور دیگر ملکوں میں اندرونی دخل اندازی اور یمن کے ساتھ جاری جنگ سعودی عرب کے جنگی اخراجات میں بے پناہ اضافہ سعودی معیشت کو کمزور کر رہی ہے۔ نئی نسل کی جانب سے مخالفت اور آزادی کے حق میں مظاہرے ہو سکتے ہیں تاہم سعودی عرب مقامی افراد کی مالی بہتری کی کوششوں میں خاصہ کامیاب رہے گا۔ اور مظاہروں پر قابو پالے گا۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ فوجی جھڑپیں اس سال رونما ہو سکتی ہیں جبکہ حوثی باغیوں کی جانب سے سعودیہ کی تنصیبات کو نشانہ بنائے

جانے کے امکانات ہیں۔سعودیہ خطے میں خصوصا عرب ممالک میں اپنا اثرورسوخ بڑھانا چاہتا ہے ممکن ہے کہ موجودہ حکمران اس میں کامیاب ہو جائیں لیکن سعودیہ کی جانب سے عرب مخالف ممالک خصوصا ایران کے ساتھ سعودی تعلقات میں بہتری کے امکانات کم ہیں۔تیل کے نئے ذخائر اور معدنیات میں اضافہ ہوگا۔بے موسمی بارشیں اور دیگر قدرتی آفات یا موسمی تبدیلیاں سعودیہ کے کئی علاقوں میں تباہی کا باعث بنیں گی خصوصا مئی اکتوبر نومبر کے ایام میں ایسے حالات آسکتے ہیں۔پاکستان کے ساتھ سعودی کے تعلقات میں بہتری آئے گی بلکہ سعودی عرب کی جانب سے سی پیک اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کے کئی امکانات ہیں

شام اردن اسرائیل لبنان ترکی اور عراق کی سرحدوں میں گھرا ہوا شام بیرونی طاقتوں کے ہاتھوں خلفشار کا شکار ہے گا نوروز کے زائچہ کے مطابق شام کو بدستور بیرونی طاقتوں کی جانب سے مشکلات کا سامنا رہے گا خصوصا اسرائیل اور اردن کا سمبندھ شام کے اندرونی معاملات کو خراب کر رہا ہے۔چوتھے کا مالک مشتری ساتویں گھر میں حاکم وقت بشارالاسد کی حکومت کو مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔عالمی سطح پر شام پر لگائی گئی پابندیوں میں نرمی یا پابندیاں اٹھائی جانے کے امکانات ہوسکتے ہیں۔عطارد کی نحوست حکومت مخالف اپوزیشن اور دیگر تنظیموں کی جانب سے دباؤ میں اضافہ کو ظاہر کرتی ہے۔کرنسی میں بہتری کے ساتھ فارن ایکسچینج اور معیشت میں قدرے بہتری کے امکانات ہیں۔خصوصاً مارچ اپریل میں زحل زہرہ کا قران بہتر معاشی حالات کی نشاندہی کرتا ہے قدرتی آفات کی وجہ سے جانی و مالی نقصانات ہوسکتے ہیں۔کسی بڑی فوجی کاروائی کا امکان اس سال نظر نہیں آتا تاہم شامی افواج دہشت گردوں خصوصا داعش اور دیگر قابض گروپوں کے خلاف کامیابیاں حاصل کرے گا قدرتی وسائل میں اضافہ اور شام کی جانب سے فوجی قوت میں اضافہ کی کوششیں نظر آتی ہیں۔حماس اور حزب اللہ کی جانب سے مقامات مقدسہ کی حفاظت اور شامی حکومت کی حمایت جاری رہے گی۔خدا آباد رکھے زینبیہ کو جہاں بی بی زینب سلام اللہ علیہا کا مدفن ہے۔

امریکہ امریکہ ان دنوں شدید مالی دباؤ کا شکار ہے۔ اور کرونا کی وجہ سے یہ دباؤ مزید شدت اختیار کر گیا ہے تاہم امریکی حکومت خصوصا جو بائیڈن کی جانب سے افغانستان سے افواج کی واپسی ایک نہایت دوراندیشی کا فیصلہ ہے۔امریکہ عالمی منظرنامے پر اپنی ساکھ کو بہتر بنانے کی کوششیں کرتا رہے گا۔تاہم بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور بے پناہ اخراجات امریکہ کی کرنسی میں کمی کا باعث بنیں گے۔امریکہ بتدریج دفاعی اخراجات میں کمی کرے گا اس کے ساتھ ہی دنیا میں مختلف ممالک یا سمندروں میں موجود امریکی افواج اور اڈوں میں کمی بھی اس سال دیکھنے کو ملے گی۔امریکہ اس سال طاقت کے بجائے مفاہمت کی پالیسی اپنانے کی جانب نظر آتا ہے۔سال گذشتہ اگست ستمبر میں آنے والے سمندری طوفان نے پانچ امریکی ریاستوں میں نقصان کیا ہے۔ اس سال بھی زلزلے اپریل، مئی، اگست میں اور سمندری و برفانی طوفان اگست، ستمبر، دسمبر، جنوری میں امریکہ کی کئی ریاستوں میں تباہی مچا سکتے ہیں۔چھٹے گھر کیتو کی موجودگی امریکہ کی جانب سے افواج مین کمی اور بے روزگاری میں اضافہ کو ظاہر کرتی ہے۔ابتدائی طور پر اپریل تک مالی حالات اچھے رہیں گے ڈالر کو مضبوط بنانے کی کوششیں بارآور ثابت ہونگے اپریل مئی امریکی اسٹاک مارکیٹ کے حوالہ سے اہم اوقات ثابت ہونگے۔کولمبیا، میکسیکو، وینزویلہ، کیوبا کے تارکین وطن کے ساتھ معاملات مزید سخت ہونگے۔غیر قانونی تارکین وطن کے ساتھ امریکہ انتظامیہ نئے قوانین بنائے گی۔امریکہ تیل اور معدنی وسائل کے حوالہ سے کوششیں کرتا نظر آتا ہے اور ممکن ہے کہ امریکہ میں نئے معدنی وسائل دریافت ہوں۔سپر پاور کے لحاظ سے یورپ کے ساتھ اور یورپی ممالک کے ساتھ امریکہ کا گٹھ جوڑ نیٹو افواج میں امریکہ اپنی افواج میں کمی لائے گا۔نسلی فسادات اور کالے گورے کا امتیازی سلوک امریکہ میں اندرونی معاملات میں خرابیاں لائے گا۔خصوصا بڑی امریکی ریاستوں جارجیا نیویارک فلاڈیلفیا اور دیگر بڑی ریاستوں کی جانب سے علیحدگی کے یا دیگر مطالبات کا سامنا واشنگٹن کو ہوسکتا ہے۔کسی بڑی فوجی مداخلت یا جنگی کاروائی کی جانب جانے سے امریکہ گریز کرتا نظر آتا ہے۔

افغانستان افغانستان سے امریکہ کا انخلاء اور گذشتہ چار دہائیوں سے چل رہی افغان میں جنگ کا اختتام تو اگست میں ہوگیا لیکن نئی بننے والی حکومت اور مختلف افغان دھڑوں میں اختلافات طالبان اور دیگر حکومتی اداروں میں سول نافرمانی یا خانہ جنگی کی صورتحال کو ظاہر کرتی ہے ممکن ہے کہ افغانستان میں آنے والے دنوں میں اندرونی طور پر خانہ جنگی کے حالات سامنے آئیں

یک سالہ زائچے 2022

ایم غلام رضا عسکری
(ماہر علوم فلکیات)

03 111 888 668

نوٹ مندرجہ ذیل دعا 9 مرتبہ روزانہ مقررہ وقت پر مع اول و آخر 9 مرتبہ درود پڑھ کر دم کریں۔ مشکلات آسان ہونگیں۔

دعا۔ رد نحوست سیارگان بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا كَافِيُ يَا غَنِيُّ يَا مَالِكُ يَا قُدُّوْسُ يَا كَبِيْرُ يَا مُتَعَالُ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِحْفَظْنِيْ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَمِنْ نُحُوْسَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْعَطَارِدِ وَالزُّهَرَةِ وَالْمِرِّيْخِ وَالْمُشْتَرِيْ وَالزُّحَلِ وَالرَّاْسِ وَالذَّنْبِ بِحَقِّ يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّعَلِيٍّ وَّفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَّجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَّمُوْسٰى ابْنِ جَعْفَرٍ وَّعَلِيِّ ابْنِ مُوْسٰى وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَّعَلِيِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَّحَسَنِ ابْنِ عَلِيٍّ وَّالْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

حمل — ARIES — سیارہ: مریخ

21 Mar - 20 Apr

دن: منگل **عدد:** 9 **حروف:** ا، ل، ع، ی

رنگ: ________ گلابی، ہلکا پیلا

عنصر: ________ آتشی

جواهر: ________ مرجان، یاقوت، اوپل، عقیق یمنی

بہترین شریک حیات: ________ اسد، قوس

ناموافق ساتھی: ________ سرطان، میزان، جدی

بیماریاں: تیز بخار، اعصابی تناؤ، السر، شدید سر کا درد، درد شقیقہ

خصوصیات: محبت ہو یا جنگ، مقابلہ ذہنی ہو یا جسمانی، حمل افراد حدف کو حاصل کرنے لے لئے سخت حالات کا مقابلہ کرنے کی فطری صلاحیت رکھتے ہیں۔ زندگی کی جدوجہد میں خود کو منوانے کے لئے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں۔ چھا جانے اور حاصل کر لینے کی جستجو انہیں ہمت حوصلے سے آگے بڑھنے میں مدد دیتی ہے۔ جلد بازی اور اپنے ردعمل کا اظہار انہیں لوگوں میں تند مزاج کی حیثیت سے مشہور کر دیتا ہے، بنیادی طور پر حمل افراد کا ستارہ مریخ ہے لیکن نجوم کی رو سے ہر دس درجہ پر ذیلی سیاروں کی قوت آپ پر اثر انداز ہوتی ہے۔ حمل کے پہلے دس درجات پر پیدا ہونے والے بچے مریخ کی قوتوں سے لبریز ہوتے ہیں جبکہ گیارہ سے بیس درجات پر پیدا ہونے والے افراد شمس کی قوتوں کے زیر اثر اور اکیس سے تیس درجات تک پیدا ہونے والے افراد زہرہ کی قوتوں کے حامل ہوتے ہیں۔ حمل افراد کی اکثریت کی پیشانی پر چوٹ، جلنے یا کسی سرجری کی وجہ سے نشان رہ جاتا ہے۔ شمس قمر مشتری آپکے دوست ستارے ہیں انکے پتھر اور نقش پہنے جا سکتے ہیں عطارد آپ کا دشمن ستارہ ہے عطارد سے منسلک پتھر اور نقوش کا استعمال احتیاط سے کریں۔

ستاروں کی گردش و اھم معاملات: مشتری کا برج حمل میں داخلہ 11 مئی کو ہوگا۔ فطرتاً سعد ستارہ مشتری برج حمل میں گو کہ نحس شمار کیا جاتا ہے، تاہم آپ کو نقصان نہیں دیتا۔ ضرورت ہوگی اپنے طرز عمل اور لائف اسٹائل میں تبدیلی لانے کی۔ فالتو اخراجات زیادہ ہو سکتے ہیں تاہم بیرون ملک سفر حج و زیارات کی جانب لے جا سکتا ہے۔ روپیہ پیسہ کی آمد ہوگی لیکن تگ و دو محنت زیادہ کرنا ہوگی 29 جولائی تا 24 نومبر مشتری رجعت میں ہوگا ان ایام میں مالی مشکلات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ دوسری جانب زحل کا قیام سارا سال گیارہویں برج دلو میں دوست احباب کاروبار سے واسطہ امیدیں آمدنی کا حصول اور غلط صلاح کار آپکے مسائل میں اضافہ کا باعث بن سکتے ہیں۔ آپ کا ذاتی ستارہ مریخ اس سال دسویں برج جدی سے تیسرے برج جوزا کے

ستارے آپ کے

درمیان گردش کرے گا۔ مریخ کا شرف میں قیام 24 جنوری تا 6 مارچ سال کی ابتداء اچھی ہونے اور رواں سال کی پلاننگ کرنے کے لحاظ سے معاون ثابت ہوگا۔ 30 اکتوبر سے آخر سال تک مریخ کی تیسرے گھر رجعت تعلقات عامہ بہن بھائیوں اور دیگر معاملات کو خراب کرسکتی ہے۔ سال کے چار گرہنوں میں سے ایک ایک قمری و شمسی گرہن برج جوزا اور برج عقرب میں لگیں گے۔ آمدنی لین دین اور قرضہ جات کی ادائیگی وصول میں مشکلات لاسکتے ہیں۔ تفصیلات آگے ملاحظہ فرمائیں۔

معاشی و مالی استحکام: مریخ مشتری زہرہ اس معاملہ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ آغاز سال تا مئی مالی معاملات میں بہتری رہے گی۔ مئی تا 5 جولائی مریخ کا حمل میں قیام مشتری کے ہمراہ معاشی بہتری لائے گا روپیہ پیسہ کی فراوانی اور کاروباری معاملات اچھے رہیں گے۔ 5 اپریل تا 2 مئی اور 29 ستمبر تا 23 اکتوبر زہرہ کا اپنے گھروں میں قیام اچھے اثرات مرتب کرے گا۔ 23 اکتوبر تا 16 نومبر آمدنی و اخراجات کا توازن بگڑ سکتا ہے قرضوں کی ادائیگی وصول میں مشکلات پیدا ہوسکتی ہیں۔ گرہن کی تاریخوں کو مدنظر رکھیں اس سال دو گرہن دوسرے گھر ثور میں اور دو آٹھویں عقرب میں آپ کو شدید مالی بحران دے سکتے ہیں، ان دنوں میں صدقات دینا نہ بھولیں۔ قمر در عقرب کے ایام آپکی زندگی میں مالی بدنظمی یا دباؤ کا باعث بنتے ہیں۔ قمر در عقرب کا صدقہ گھریلو و مالی مشکلات سے بچانے میں معاون ثابت ہوگا۔ راہو کا برج ثور میں قیام 18 جنوری سے پورے سال کے لئے ذہنی و مالی دباؤ میں اضافہ کا باعث بن سکتا ہے۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری: شمس زہرہ و مریخ مشتری اس معاملہ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ 20 مارچ تا 20 اپریل شرف شمس اور 23 جولائی تا 23 اگست اس سال انعامی اسکیموں لاٹری، اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے لئے مثبت ثابت ہونگے۔ 25 مئی تا 5 جولائی مریخ کا حمل میں قیام 11 اگست تا 5 ستمبر زہرہ کا پانچویں گھر میں شمس کے ساتھ قیام عشق محبت کے معاملات میں تیزی لانے کے ساتھ پسند کی شادی کے خواہش مند افراد کے لئے بہترین وقت ہوگا۔ دلو میں زحل کا قیام اور شمس کا اسد میں قیام اولاد کی خوشخبری دے سکتا ہے۔ 8 جولائی تا 20 اگست 6 ستمبر تا 29 ستمبر اور 23 اکتوبر تا 16 نومبر کا وقت منگنی کے حوالہ سے اچھا نہ ہوگا۔ بنتے رشتے ٹوٹ سکتے ہیں ان ایام میں شادی بیاہ و منگنی سے گریز کرنا مناسب ہوگا۔ 23 ستمبر تا 23 اکتوبر انعامی اسکیموں اسٹاک مارکیٹ و انعامات کے لحاظ سے اچھے نہ ہونگے۔

شراکتی ازدواجی معاملات و شادی بیاہ: زہرہ مریخ و شمس اس معاملہ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں جبکہ مشتری شراکتی و کاروباری معاملات میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ شمس کا حمل میں اور زہرہ کا برج حوت میں شرف مارچ اپریل کے ماہ میں شراکتی معاملات کے حوالہ سے بہتر ثابت ہوگا۔ بیرون ملک پارٹنرشپ کاروباری افراد کو مالی معاونت دے سکے گی، جبکہ اسی دوران مشتری کا حوت میں قیام بیرون ملک کاروباری سفر بھی کروا سکتا ہے۔ 25 جنوری تا 6 جولائی مریخ شرف سے لیکر حمل تک سفر کرتے ہوئے کاروباری افراد کو نئی مواقع شراکت کے فراہم کرے گا جبکہ زحل کی دلو میں موجودگی کاروباری رفقاء سے اچھے تعلقات اور معاملات کو بہتر بنائے رکھے گی۔ 23 ستمبر تا 23 اکتوبر زہرہ شمس کا ساتویں قیام شراکت داروں کی جانب سے عدم اعتماد، ازدواجی معاملات میں تلخیاں اور ناراض زوجین کے مابین علیحدگی کی صورتحال پیدا کرسکتا ہے۔ جبکہ زحل کی نظر شراکتی معاملات میں خفیہ دشمنی بھی کرواسکتی ہے۔

تعلقات عامہ، سفر و نزدیکی تعلقات: مریخ عطارد و زہرہ ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ بچوں کی ابتدائی تعلیم کے لئے 30 اپریل تا 5 جولائی کا وقت اہم ہوگا۔ اس دوران 10 مئی تا 3 جون احتیاط طلب وقت ہوگا دوران سفر دستاویزات ساتھ رکھیں اور اپنی سواری کی ضروری میٹنیننس کرکے نکلیں ورنہ پریشانی کا شکار ہوسکتے ہیں۔ عطارد کی رجعت کے ان ایام میں بہن بھائیوں سے تعلقات میں خرابیاں پیدا ہوسکتی ہیں جبکہ ہمسایہ اور قریبی تعلقات بھی متاثر ہوسکتے ہیں۔ 26 مئی تا 23 جون اور 29 ستمبر تا 23 اکتوبر تعلقات کی بحالی اور ناراضگیاں ختم کرنے کے حوالے سے اہم ہونگے۔ 4 اگست تا 26 اگست ظاہری مخالفین پر بھاری گزریں گے۔ اس دوران ملازمت پیشہ افراد کو اپنے قرب و جوار میں دوست نما دشمنوں سے محتاط رہنا ہوگا۔ 6 جولائی تا دسمبر مریخ کا قیام و رجعت تیسرے گھر جوزا میں تعلقات میں خرابیاں شدید ترین ہوسکتی ہیں۔ سفر میں احتیاط کریں اور غم و غصہ پر قابو رکھنے میں ہی بہتری ہوگی۔

وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات: مریخ اور زہرہ و زحل ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ زحل کی نظر آٹھویں گھر پر مشترکہ مفادات کی خرابی کا باعث بنے گی، وراثتی تقسیم میں التوا اور معاملات عدالتی نوعیت تک جاسکتے ہیں۔ قرض خواہوں کی جانب سے مسلسل تقاضے ذہنی دباؤ کا شکار کرسکتے ہیں جبکہ 18 مئی کا قمری گرہن جائیداد کے مسائل میں اچانک التوا اور لڑائیوں کے امکانات کے ساتھ 25 اکتوبر کا شمسی گرہن عقرب میں لگنے کی وجہ سے شراکتی وراثتی معاملات تاخیر اور بگاڑ کا شکار ہوسکتے ہیں 24 جون تا 6 مارچ اور 25 مئی تا 6 جولائی وراثتی معاملات اٹھانے کے لئے اہم ہوسکتے ہیں۔ 26 مئی تا 23 جون اور 29 ستمبر تا 23 اکتوبر شراکتی معاملات کے لئے اہم ثابت ہوسکتے ہیں وراثتی و شراکتی معاملات ان ایام میں

طے کرنے کی کوششیں کامیاب ہونگی۔ قرضوں کا حصول یا جاری قرضوں کو التوا میں لے جانے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ 20 اگست تا دسمبر مشکل اوقات کی صورت میں سامنے آئیں گے۔ 30 اکتوبر سے دسمبر مریخ کی رجعت تمام امیدوں پر پانی پھیر سکتی ہے۔

حج زیارات بیرون ملک سفر و اعلیٰ تعلیم: مشتری مریخ ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ 11 مئی تک مشتری حوت میں رہتے ہوئے مذہبی و کاروباری سفر کے لئے موزوں وقت ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند امیگریشن کے حصول میں کامیابی حاصل کر سکیں۔ 11 مئی کو حمل میں مشتری کا داخلہ اکثر بیرون ملک مقیم افراد کو وطن واپس لا سکتا ہے۔ مشتری کی پانچویں نویں نظر سفر کے مواقع فراہم کرتی رہے گی۔ بیرون ملک سرمایہ کاری کے لئے موزوں وقت ہوگا۔ تاہم 29 جولائی تا 24 نومبر مشتری کی رجعت بنے کاموں میں التوا کے ساتھ وطن واپسی کا اشارہ کرتی ہے۔ 26 مئی تا 5 جولائی مریخ مشتری کا حمل میں قیام ایک بار پھر سفر کی راہ میں حائل رکاوٹیں ختم کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ 20 اگست تا آخر دسمبر بیرون ملک مقیم حمل افراد کو صحت کے خطرات لاحق ہونگے۔ مریخ کی نحوست کے ایام احتیاط طلب ہونگے۔

امیدیں، خواہشات و دوست احباب:

دوست احباب صلاح کاروں اور کاروباری فوائد کے لحاظ سے دلو میں زحل کا قیام خاصی اہمیت کا حامل ہوگا، زحل یہاں مطلب پرست دوستوں کی نشاندہی کرتے ہوئے آپ کو اچھے اور برے کی پہچان بھی کروائے گا۔ 5 جون تک زحل یہاں مثبت ہوتے ہوئے دوست احباب سے وابستہ امیدیں پوری کرنے میں معاون ہوگا خصوصاً زہرہ کا 6 مرچ تا 5 اپریل ایک ساتھ قیام مالی امیدوں کی تکمیل کو یقینی حد تک پورا کرے گا۔ 25 مئی تا 23 جون کا وقت بھی نہایت اچھا ہوگا۔ 5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت التوا تاخیر ناکامی اور امیدوں و خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹیں لائے گی۔ ذہنی دباؤ میں اضافہ ہوگا۔ اسی دوران طالع میں مشتری کی رجعت 29 جولائی تا 24 نومبر معاملات کو مزید خراب کر سکتی ہے۔ مزید خرابی 30 اکتوبر سے مریخ کی رجعت کی وجہ سے واقع ہوگی آپ شخصی طور پر تنہا رہ سکتے ہیں دوست احباب سے مایوسی عروج پر ہوگی۔

امیگریشن، خفیہ معاملات و روحانی امور: مشتری کا اہم کردار اس معاملہ میں ہوتا ہے۔ 11 مئی تک مشتری امیگریشن کے حصول میں آپ کا ساتھ دے گا۔ بیرون ملک سفر، امپورٹ ایکسپورٹ، حج، زیارات یا سیر و سیاحت کے لئے امیگریشن کا حصول آسان ہوگا۔ روحانیت کی مذہب عبادات اور آخرت کی جانب رجحان میں اضافہ ہوگا۔ جبکہ خفیہ معاملات عیاں ہو سکتے ہیں۔ خصوصاً 11 مئی کے بعد مشتری کا طالع میں قیام آپ کے خفیہ معاملات کو عیاں کر سکتا ہے۔ طالع میں مشتری کی رجعت 29 جولائی تا 24 نومبر نہایت احتیاط کی متقاضی ہوگی۔ جذبات، غم و غصہ اور جلد بازی مشکلات میں اضافہ کا باعث بن سکتے ہیں۔ اس دوران مریخ کی رجعت کا آغاز تعلقات کی خرابیوں کی صورت میں سامنے آئے گا۔

قمری و شمسی گرہن: اس سال چار گرہن لگیں گے۔ بالترتیب ایک شمسی و قمری گرہن دوسرے برج ثور اور آٹھویں برج عقرب میں لگیں گے۔ 30 اپریل کا شمسی گرہن 8 نومبر کا قمری گرہن طرح ثور میں لگیں گے۔ مالی نظام اچانک خرابیوں کا شکار ہو سکتا ہے۔ دونوں گرہن یورانس کے درجات کے قریب لگیں گے۔ نوکری چھوٹ جانا یا اچانک کاروباری نقصانات مالی نظام کی خرابی کا باعث بن سکتے ہیں۔ جبکہ 16 مئی قمری اور 25 اکتوبر شمسی گرہن برج عقرب آٹھویں گھر میں لگیں گے۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔ قرضوں کی اچانک ادائیگی کے تقاضے آپ کو مشکلات کا شکار کر سکتے ہیں، جبکہ ان ایام میں شراکت داروں کی جانب سے عدم اعتماد آپکی جاری شراکت کو ختم یا خراب کر سکتا ہے۔ ان ایام میں مناسب صدقات دیں اور قمری و شمسی گرہن کے اوقات امامیہ جنتری سے دیکھ کر قبل از وقت صدقات دیں تاکہ کسی نقصان سے بچا جا سکے۔

صدقات وظائف اور جواہرات: جمعرات کے دن 450 گرام گوشت کو ہلدی لگا کر جانوروں کو کھلانا معمول بنالیں۔ دو عدد انڈے ہر قمر در عقرب میں کسی مستحق کو صدقہ دیا کریں۔ زرد پکھراج اور یاقوت کا نگینہ آپ استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اصلی اور سرٹیفائیڈ پتھر خریدنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے دیئے گئے فون نمبر پر ارابطہ کریں۔ **یا غنی یا قدوس یا رحیم** 333 مرتبہ یا 99 مرتبہ ہر نماز کے بعد یا رات سوتے وقت پڑھنا معمول بنالیں

ثور TAURUS سیارہ: زہرہ

21 Apr - 21 May

دن: جمعہ **عدد:** ٦ **حروف:** ب، و

رنگ: گہرا نیلا

عنصر: خاکی

جواہر: الماس، ہیلیم، فیروزہ

بہترین شریک حیات: سنبلہ، جدی

ناموافق ساتھی: اسد، عقرب، دلو

بیماریاں: حلق اور کانوں کے عوارض، پھوڑے پھنسیاں، تولیدی مسائل

ستارے آپ کے

خصوصیات: برج ثور ایک خاکی برج ہے۔ سحر انگیز ستارہ زہرہ جو محبت رومان اور دولت پر حکمرانی کرتا ہے۔ گردن کا حصہ ثور سے منسوب ہے رخسار ہونٹ یا گردن پر پیدائشی علامت تل یا مسہ کی صورت میں ہو سکتی ہے۔ خوشبو موسیقی، آرام دہ زندگی اور آسائشوں کی تمنا ان میں فطرتی ہوتی ہے۔ عطارد قمر اور زہرہ ہر دس درجہ پر اثرات مرتب کرتے ہیں۔ تحفظ اور استحکام انکی بنیادی سوچ ہوتی ہے۔ ثور افراد محنتی اور اپنے مقصد کے حصول کے لئے کوشاں، ثابت قدم اور باوفا معیار کی تلاش اور اس پر خود بھی قائم رہنے کی کوشش، اپنے نقطہ نظر کو ثابت کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگانا، سیاحت اور سیر کے شوقین ہوتے ہیں۔ مریخ، مشتری آپ کے لئے نیوٹرل ستارے ہیں جبکہ عطارد، زحل دوست اور شمس ثور والوں کے لئے اچھا نہیں ہوتا

ستاروں کی گردش واہم معاملات: 18 جنوری سے راہو آپکے برج میں ڈیڑھ سال کے لئے داخل ہوگا، جبکہ کیتو ساتویں گھر میں داخل ہوگا۔ اعصابی دباؤ گردن اور سر کی تکالیف کے ساتھ برے خواب اور خوف کا شکار ہو سکتے ہیں۔ نظام ہضم کا خیال رکھیں، راہو السر کی تکالیف بھی دے سکتا ہے۔ زحل سارا سال دسویں اپنے ہی گھر میں رہتے ہوئے کیریر، کام، کاروبار میں بہتری کے ساتھ نئے مواقع بھی دے سکتا ہے۔ اعلیٰ عہدیداروں سے تعلقات بننے اور نوکری پیشہ افراد کو ترقی ملنے کے امکانات ہونگے۔ تاہم چوتھے گھر پر زحل کی نظر والدہ کی صحت اور گھریلو مسائل میں اختلافات کا باعث ہوسکتی ہے۔ مشتری 11 مئی تک گیارہویں گھر رہتے ہوئے امیدوں اور خواہشات کی تکمیل میں بہتری کے ساتھ دوست احباب سے تعاون اور کاروباری افراد کی آمدنی میں بہتری لاتا رہے گا۔ تاہم گیارہ مئی کے بعد سال کے آخر تک مشتری بارہویں برج حمل میں داخل ہوجائے گا۔ مشتری یہاں کچھ مسائل دیگا جس کے باعث آپ روحانیت کی جانب گامزن ہو سکتے ہیں۔ حکومتی ٹیکسز، قرضہ جات یا حکومتی معاملات میں آپ کو محتاط رہنا ہوگا۔ اوائل ماہ جنوری زہرہ رجعت ختم کرے گا۔ سال کے دیگر ایام میں زہرہ مستقیم چلے گا۔ گرہن اس سال آپ کے برج میں دولگیں گے ایک قمری اور ایک شمسی۔ گرہن آپ کے طالع میں شخصیت کو متاثر کر سکتا ہے، محتاط رہیں۔ جبکہ یورانس کا قیام آپ کے زائچہ میں گذشتہ کئی سالوں سے ہے۔ 30 اپریل کو لگنے والا گرہن عین یورانس کے قریب لگے گا۔ یہ گرہن آپ کی زندگی میں بڑی تبدیلی کا باعث بن سکتا ہے۔ دیگر تفصیلی گفتگو آگے ملاحظہ فرمائیں۔

معاشی ومالی استحکام: عطارد زحل اور مشتری اس معاملہ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ خصوصاً عطارد جو کہ مال، سرمایہ کاری و بچت کے امور کو دیکھتا ہے کم و بیش سال میں تین بار رجعت کا شکار ہوتا ہے۔ 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر۔ ان ایام میں غلط اقدامات یا کسی نئی سرمایہ کاری سے گریز کریں یا محتاط رہیں۔ تحریری معاملات پر خاص توجہ اور زبانی کلامی معاہدوں سے گریز کریں۔ دسویں زحل اور گیارہویں مشتری کی موجودگی نصف سال تک معاشی ومالی استحکام کے حوالہ سے اہم ہونگے۔ 10 مارچ تا 27 مارچ اور 17 نومبر تا 7 دسمبر معاشی معاملات کے حوالہ سے منفی ہو سکتے ہیں، جبکہ 11 اپریل تا 5 جولائی، 4 اگست تا 26 اگست شرف عطارد اور 30 اکتوبر تا 17 نومبر بہترین اوقات ہونگے۔ تاہم اس دوران رجعت کے ایام کا خیال رکھنا ہوگا۔ 20 اگست سے سال کے آخر تک مریخ مال کے گھر میں مقیم ہوگا یہ وقت نہایت احتیاط طلب ہوگا۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز ولاٹری: عطارد مشتری وزہرہ زحل اس معاملے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ عطارد کی گردش حالات میں جلد تبدیلی لاتی ہے۔ 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر ان ایام میں انعامی اسکیموں میں حصہ لینا نقصان کا باعث بن سکتا ہے، تاہم 11 اپریل تا 5 جولائی، انعامی بانڈز خریدنے اور اسٹاک میں سرمایہ کاری کے لئے بہترین اوقات ہونگے۔ ان ایام میں لگایا گیا پیسہ، 4 اگست تا 26 اگست فائدے کی صورت میں آپ کو مل سکے گا۔ انہیں ایام میں منگنی یا نسبت طے کرنے کی کوششیں کامیاب ہوسکتی ہیں۔ مشتری کی حوت میں اور عطارد کی سنبلہ میں موجودگی بے اولاد جوڑوں کو اس سال اولاد کی خوشیوں سے نواز سکتی ہے۔ فروری زہرہ مریخ قران بیرون ملک شادی کے خواہش مند افراد کے لئے سعد ہوگا جبکہ نسبت طے کرتے ہوئے قمر راہو کی پوزیشن کا خیال رکھیں ورنہ منگنی ٹوٹ بھی سکتی ہے۔

شراکتی ازدواجی ومعاملات و شادی بیاہ: زہرہ

مریخ ومشتری ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔فروری زہرہ مریخ قران بیرون ملک شادی کی کوششیں کامیاب ہوسکتی ہیں جبکہ اپریل تا مئی مشتری زہرہ کی سعادت بھی اہم اوقات ہونگے۔ 28 مئی تا 23 جون، 5 جولائی تا 20 اگست، ازدواجی معاملات کے حوالہ سے اہم اوقات ہونگے۔20 اگست مریخ کی جوزا میں موجودگی اور یہاں مریخ کی رجعت سال کے آخر تک ازدواجی معاملات میں تلخیاں پیدا کرسکتی ہے۔طلاق یا خلع کی نوعیت تک پہنچنے والے جوڑوں کے لئے احتیاط طلب وقت ہوگا۔ان ایام میں ثور افراد کو شادی بیاہ سے گریز کرنا چاہئے ورنہ مریخ کا اثر علیحدگی تک لے جاسکتا ہے۔شراکتی معاملات میں عدم اطمینان اور شریک کاروبار یا شریک حیات کی جانب سے تلخیوں کا سامنا ہوگا۔اس سال چاروں گرہن پہلے اور ساتویں گھروں میں لگیں گے۔ ازدواجی معاملات بنانے یا جوڑوں میں جاری اختلافات دونوں صورتوں میں گرہن کے اثرات نحوست مرتب کرسکتے ہیں۔مشتری گیارہ مئی تک حوت میں سعد ہوگا۔شادی بیاہ کے حوالہ سے ثور افراد کی کامیاب شادی کے لئے ابتدائی چار ماہ نہایت مبارک رہیں گے۔

تعلقات عامہ، سفر ونزدیکی تعلقات: قمر عطارد زہرہ ان معاملات کے حوالے سے اہم ستارے ہیں۔قمر ہر ماہ عروج زوال کی منازل سے گزرتا ہوا آپ کے تعلقات میں تغیرات لاتا ہے تاہم مستقل مزاجی اور خاکی عنصر آپ کو اہم لوگوں سے منسلک رکھتا ہے۔10 مارچ تا 11 اپریل اور جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر ان ایام میں تعلقات کے حوالہ سے محتاط رہنا ہوگا خصوصاً مئی جون میں جب عطارد اپنے ہی گھر میں رجعت پذیر ہوگا۔قمر کا تعلق سفر کے حوالہ سے اہم ہے اچانک سفر بننے کے مواقع ملتے رہیں گے لیکن قمر کی نحوستوں کو ضرور نگاہ میں رکھیں ورنہ دوران سفر مشکلات درپیش آسکتی ہیں۔23 جون تا 5 ستمبر فیملی کے ساتھ سفر کے مواقع فراہم کرے گا۔تاہم جولائی میں مریخ کی ثور میں موجودگی کو مدنظر رکھیں۔ڈرائیونگ میں احتیاط اور بے جا سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا، مزاج اور غم وغصہ پر قابو رکھیں۔

وراثت، قرضے شراکتی مالی معاملات: شمس زہرہ اور مریخ ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں جبکہ مشتری کی سعادت ان معاملات کو احسن طریقہ سے حل ہونے میں مدد فراہم کرتی ہے۔28 مئی تا 20 جون، 20 ستمبر تا 23 اکتوبر قرضوں کے حصول کے حوالہ سے سعد وقت ہوگا۔لیکن 23 اکتوبر تا 16 نومبر زہرہ کی نحوست اور شمس کا گرہن ساتویں گھر میں شراکتی معاملات کو تہس نہس کرسکتا ہے۔انہی دنوں میں مریخ کی جوزا میں موجودگی مزید خرابیاں پیدا کرسکتی ہے۔30 اکتوبر سے مریخ کی رجعت سال کے آخر تک معاملات کو الجھائے رکھے گی۔وراثت کے حوالہ سے 24 جنوری تا 6 مارچ، 23 جولائی تا 23 اگست اور 11 اگست تا 6 ستمبر کا وقت سعد ہوگا ان ایام میں وراثتی مسائل حل کرنے کی کوششیں کامیاب ہوسکتی ہیں۔29 جولائی تا 24 نومبر مشتری کی رجعت وراثتی مسائل میں التوا اور مشکلات پیدا کرسکتی ہے

حج زیارات بیرون ملک سفر واعلیٰ تعلیم: زحل مریخ وزہرہ ان معاملات میں اہم ستارے ہیں۔دسویں زحل اور مشتری کا گیارہویں قیام اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند افراد کے لئے سعد ثابت ہوگا 24 جنوری تا 6 مارچ مریخ کا شرف میں قیام بیرون ملک سفرات اور امیگریشن کے حوالے سے سعد ترین وقت ہوگا انہی ایام میں دسویں زہرہ زحل قران کوئی بڑی کامیابی یا ملازمت پیشہ افراد کو کمپنی یا محکمہ کی جانب سے بیرون ملک سفر کی پیشکش کے ساتھ ترقی کے امکانات بھی دے گا۔زہرہ مشتری کا حوت میں قران 5 اپریل تا 2 مئی اسپانسر شپ کے حوالہ سے اہم اوقات ہونگے۔حج وزیارات اور مذہبی سفر کے خواہش مند افراد کے لئے اوائل سال تا مارچ اپریل تک امیگریشن اپلائی کرنے کے لئے سعد ترین وقت ہے۔2 جنوری تا 10 مارچ عطارد دسویں زحل کے ساتھ قران اور رجعت سے دوچار ہوگا۔جاری کاموں میں تاخیر ہوسکتی ہے۔

امیدیں خواہشات ودوست احباب: سال گذشتہ سے زحل کی دسویں موجودگی پرانے دوستوں سے ملاقات اور بچپن یا لڑکپن کے دوستوں سے ملاقاتیں کروانے میں اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔مشتری کی بیت الامید میں موجودگی 11 مئی تک رہے گی۔دوست احباب سے وابسطہ امیدیں پوری ہونے اور خواہشات کی تکمیل کے حوالہ سے اہم وقت گا۔5 اپریل تا 2 مئی زہرہ مشتری کی بیت الامید میں موجودگی کاروباری رفقاء، خاندانی ودیگر احباب سے مالی امید مشاورت و دیگر معاملات کے حوالہ سے اہم ترین ایام ہونگے۔11 مئی سے مشتری کا داخلہ برج حمل میں ہوگا۔یہاں 29 جولائی تا 24 نومبر مشتری کی رجعت بعض دوست احباب کی جانب سے حسد اور رنجشیں بھی سامنے آسکتی ہیں، اسکے ساتھ ہی مالی طور پر وابسطہ امیدیں التوا کا شکار ہوسکتی ہیں۔مزید مشکلات مریخ کے جوزا میں قیا اور رجعت کی وجہ سے پیدا ہونگی جو کہ 20 اگست سے سال کے آخر تک ہوگی۔

امیگریشن خفیہ معاملات وروحانی امور: مریخ اور زحل ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں جبکہ مشتری کی بارہویں موجودگی امیگریشن کے حصول میں معاونت فراہم کرے گی۔11 مئی سے مشتری کا سارا سال قیام برج حمل بارہویں گھر میں ہوگا، امیگریشن کے حوالہ سے کئے گئے کام کامیابی سے ہمکنار ہوسکتے ہیں۔24 جنوری تا 6 مارچ مریخ کا نویں شرف

بیرون ملک سفر یا امیگریشن کے کاموں کا آغاز کریں جسکا انجام انشاء اللہ آپ کو مریخ کے برج حمل میں داخلے اور مشتری کے قران کی صورت میں کامیابی کی صورت میں ملے گا۔ زحل روحانی امور سے منسلک ستارہ دسویں گھر اچھے استاد یا گرو کی صورت میں آپ کو روحانی منازل میں مدد فراہم کرسکتا ہے تاہم 5 جون تا 24 نومبر مشتری زحل اور مریخ کی رجعت کے ایام میں آپ کو روحانی معاونت کے حوالے سے استاد کے چناؤ میں احتیاط برتنا ہوگی۔ غلط یا موقع پرست افراد آپ کو غلط راہ پر لگا سکتے ہیں۔

قمری وشمسی گرہن: اس سال کے چار گرہن دو شمسی و دو قمری گرہن بالترتیب پہلے اور ساتویں گھروں میں لگیں گے۔ زائچہ میں یہ دونوں گھر نہایت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ آپ اور آپکی معاشرتی زندگی، مقام، عزت وقار اور ساتواں گھر آپ کی شریک حیات، شراکت دار اور آپ کا معاشرتی مقام ساتویں سے دیکھا جاتا ہے۔ یہاں ایک مشورہ دیتا چلوں کیوں کہ یہ گرہن براہ راست آپ کے برج میں لگ رہے ہیں اس لئے اہم تو اپنی جگہ ہیں ہی لیکن آپ اپنا زائچہ لازمی دیکھیں کہ یہ گرہن آپکی ولادت کے وقت کے درجات پر لگ رہا ہے تو یہ گرہن آپ کے لئے زیادہ نحوست کا باعث بن سکتے ہیں۔ 30 اپریل شمسی گرہن اور 8 نومبر کا قمری گرہن آپکے برج میں لگیں گے ان ایام میں چاول اور باجرہ کا صدقہ لازمی دیں۔ مخصوص صدقات اس صورت میں تبدیل کئے جاسکتے ہیں آپکی ولادت کے وقت برج ثور میں کوئی ستارہ تھا اور یہ گرہن اس ستارے کے ساتھ لگ رہے ہیں تو لازمی اپنے زائچہ کے مطابق صدقات ادا کریں تاکہ کسی نحوست سے بچا جاسکے۔ 16 مئی قمری گرہن ساتویں عقرب میں لگے گا۔ سرخ چاول کا صدقہ یا گوشت کے چاول بنا کر غرباء میں تقسیم کریں۔ 25 اکتوبر شمس گرہن برج عقرب میں لگے گا، چاول اور باجرہ کا صدقہ دیں مناسب ہوگا۔

صدقات وظائف اور جواھرات: ثابت ہلدی یا زرد چاول بروز جمعرات کسی درگاہ پر دیں، یا جمعہ کے دن حسب توفیق چینی اور سوجی ملا کر کیڑے مکوڑوں کو ڈالنا باعث نفع ہوگا۔ ہیرا یا سفید پکھراج پہنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اگر آپ اصلی اور سرٹیفائیڈ پتھر خریدنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں۔ یَا اللّٰہُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ کا ورد 110 بار کریں یا کسی کام کی ابتداء میں مشکل محسوس ہو تو نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ کا ورد 99 بار کریں۔

جوزا	GEMINI 22 May - 21 Jun	ستارہ: عطارد

دن: بدھ **عدد:** ۵ **حروف:** ق، ک

رنگ: ________ پیلا زرد

عنصر: ________ بادی

جواھر: ________ زمرد، زبرجد، زرد عقیق

بہترین شریک حیات: ________ میزان، دلو

ناموافق ساتھی: ________ سنبلہ، قوس، حوت

بیماریاں: معدہ، سینے کے عوارض، کمر اور سانس کی تکالیف، اعصابی تکالیف

ستارے آپکے

خصوصیات: جوزا افراد باتونی اور گفتگو میں تیز ہوتے ہیں۔ اکثر جوزا افراد جسمانی حرکات سے اپنی بات کو سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ حالات کے مطابق ڈھلنے کی خصلت ان میں ہوتی ہے۔ پڑھائی لکھائی اور علم حاصل کرنا انکا مشغلہ، ذہین فطین اور کسی حد تک شاطرانہ مزاج کے حامل ہوتے ہیں۔ دوہری شخصیت کے مالک ہوتے ہیں جوزا افراد کی سب سے بڑی کمزوری ان میں قوت فیصلہ کی کمی ہوتی ہے۔ غیر ذمہ دارانہ طرز عمل اور بہت جلد تبدیل ہونے کی خصلت ان میں پائی جاتی ہے۔ خبر رکھنا انکی عادت ہوتی ہے۔ عموماً جوزا افراد حالات حاضرہ پر خاندان اور دوست احباب کی خبریں رکھنے کے ماہر ہوتے ہیں۔ بازوؤں پر تل یا جلنے یا چوٹ کا نشان انکی شناختی علامت ہوسکتا ہے۔

ستاروں کی گردش واھم معاملات: سال گذشتہ سے راہو کا قیام آپکے برج میں ذہنی دباؤ اور اعصابی وجسمانی تکالیف کا باعث بنتا رہا ہے۔ اس سال 18 جنوری سے راہو کیتو چھٹے اور بارہویں گھروں میں داخل ہوجائیں گے۔ جہاں دیگر تکالیف سے چھٹکارا ملے گا، وہیں ظاہری وخفیہ سازشی عناصر خاندان ودیگر دنیاوی کاموں میں سر اٹھائیں گے۔ ان مسائل پر خصوصی توجہ درکار ہوگی۔ سال کے چاروں گرہن بالترتیب چھٹے اور بارہویں گھروں میں لگیں گے۔ صحت سلامتی کے مسائل اور ملازمت پیشہ افراد کو ملازمت اور اپنے ملازمین دونوں جگہ پر مسائل اور ملازمت پیشہ افراد کو ملازمت اور اپنے ملازمین دونوں جگہ پر مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔ 11 مئی تک مشتری کا قیام دسویں حوت میں آپ کے کام کاروبار کیریئر میں اضافہ کا باعث بنتا رہا ہے۔ اس سال گیارہ مئی سے مشتری حمل میں داخل ہوجائے گا۔ مشتری جوزا عطارد والوں کے لئے نیوٹرل ستارہ بھی ہے۔ دوست احباب امید وخواہشات کے گھر میں مشتری کا قیام کچھ مسائل پیدا کرے گا خصوصاً کاروباری افراد کو متوقع فوائد کے حصول میں ناکامی کا سامنا ہوسکتا ہے جبکہ ملازمت پیشہ افراد کو ترقی میں التوا کا سامنا ہوسکتا ہے۔

زحل سارا سال قسمت کے گھر میں ہوگا بیرون ملک سفر، حج وزیارات کے مواقع میسر آسکتے ہیں۔دین مذہب کی جانب رجحان میں اضافہ ہوگا۔مریخ کی گردش اس سال آٹھویں گھر سے آپکے ذاتی برج جوزا میں رہے گی۔مریخ سعد ونحس اثرات مرتب کرے گا۔خصوصاً 20 اگست کے بعد مریخ کا جوزا میں قیام آپکو متاثر کرے گا۔ذاتی ستارہ عطارد تین بار رجعت کے مراحل سے گذرتا ہوا آپکے مزاج اور اردگرد کے معاملات میں اچانک تبدیلیوں کا باعث بنتا ہے۔ تفصیلات اگلی سطور میں ملاحظہ کریں۔

معاشی ومالی استحکام :۔ زہرہ مشتری وقمران معاملات میں اہم کردارادا کرتے ہیں۔شراکتی کاروبار یا مشترکہ خاندانی کاروبار کرنے والے افراد 11 مئی تک مالی استحکام حاصل کریں گے۔لیکن 11 مئی کے بعد کام کاروبار میں مشکلات اوراختلافات بھی پیدا ہوسکتے ہیں۔قمر جوکہ بیت المال کا حاکم ہے ہر ماہ تیزی سے عروج وزوال کے مراحل سے گذرتا ہے اوراچانک بنے کاموں میں بگاڑ بھی لاتا ہے۔قمر کی نحوست کے ایام قمر درعقرب وقمری گرہن کولازمی نگاہ میں رکھیں ان ایام میں صدقات دینا معمول بنالیں تاکہ مالی استحکام حاصل ہو۔امپورٹ ایکسپورٹ اور تجارت سے منسلک افراد کو مالی استحکام حاصل ہوگا نئے کاروباری معاہدے خصوصاً 8 مارچ تا 2 مئی کے درمیان تجارت کے بیشتر نئے مواقع ملیں گے۔ 23 جون تا 16 جولائی، 29 ستمبر تا 23 اکتوبر مالی معاملات کے حوالہ سے اہم ایام ہونگے ۔5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت کے ایام میں خیال رکھیں روپیہ پیسہ کی وصولی یا کاروباری معاملات میں خرابی ہوسکتی ہے۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز ولاٹری :۔ زہرہ مشتری وعطارد اس حوالہ سے اہم کردار کے حامل ستارے ہوتے ہیں۔نئے کاروبار کا آغاز کرنے یا انعامی بانڈز خریدنے، اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کرنے کے حوالہ سے 6 مارچ تا 5 اپریل، 5 اپریل تا 2 مئی، 29 ستمبر تا 23 اکتوبر اہم اوقات ہونگے ان ایام میں اگر آپ کاروبار یا ملازمت کا آغاز کرنا چاہیں تو آپکو فوائد کا حصول ہوگا۔ان ہی ایام میں نسبت رشتہ یا منگنی طے کرنا سعد ثابت ہوگا۔2 مئی تا 28 مئی، 18 جولائی تا 11 اگست، 23 اکتوبر تا 16 نومبر کے ایام انعامی اسکیموں اسٹاک مارکیٹ یا تجارت کے حوالہ سے مشکلات یا ناکامیاں لاسکتے ہیں ان ایام میں منگنی نسبت طے کرنا اچھا نہ ہوگا۔تاہم اولاد کے حصول کے حوالہ سے بےاولاد جوڑوں کو 11 مئی کے بعد خوش خبری مل سکتی ہے۔بچوں کو اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرون ملک بھیجنے کے خواہش مند افراد کو 28 مئی تا 18 جولائی تک کا اچھا وقت ملے گا۔23 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس کا ہبوط اور مشتری سے مقابلہ بچوں کے حوالہ سے اور اسٹاک مارکیٹ وانعامی اسکیموں کے حوالہ سے اچھا ثابت نہ ہوگا۔

شراکتی ازدواجی ومعاملات وشادی بیاہ :

قمر زحل ومشتری عطارد ان امور میں بہتری اور خرابی کا باعث بنتے ہیں۔ ازدواجی وشراکتی معاملات کے حوالہ سے 11 مئی تا سال آخر تک حالات انتہائی سازگار رہیں گے۔زحل کی نشست سارا سال نویں گھر میں سسرالی معاملات میں بہتری لائے گی تعلقات میں بہتری کے ساتھ مالی فوائد کے حصول میں یہ وقت نہایت سازگار رہوگا۔24 جنوری تا 25 مئی کا وقت مریخ کی آٹھویں نویں دسویں گھروں میں موجودگی ازدواجی معاملات میں بہتری لائے گی یہ ایام شادی بیاہ کے حوالہ سے اچھے ثابت ہوسکتے ہیں۔تاہم اس دوران مخالفین کی جانب سے شادی بیاہ میں رکاوٹیں ڈالنے کے امکانات موجود ہونگے۔5 جون تا 23 اکتوبر زحل اور 29 جولائی تا 24 نومبر مشتری کی رجعت کے ایام ہوں گے ان ایام میں شادی بیاہ التوا کا شکار ہوگا، بلکہ 20 اگست سے مریخ کا داخلہ ذاتی برج جوزا میں بنی بنائی شادی کو خراب کر سکتا ہے ازدواجی معاملات میں تلخیاں پیدا ہونگی، طلاق یا خلع کے معاملات میں الجھے جوڑے ان ایام میں زیادہ محتاط رہیں ورنہ طلاق یقینی ہوسکتی ہے۔

تعلقات عامہ، سفر ونزدیکی تعلقات :

عطارد مشتری وشمس وقمران معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔یوں تو جوزا افراد سفر کے لئے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں تاہم شمس وقمر کی نظرات و قیام انکے مزاج اور ارادوں میں تبدیلیوں کا باعث بنتی ہے۔20 جنوری تا 16 فروری، 23 اگست تا 23 ستمبر تعلقات میں خرابیوں کے حوالے سے احتیاط طلب وقت ہوگا۔جبکہ 20 مارچ تا 21 اپریل اور 23 جولائی تا 23 اگست کا دورانیہ تعلقات کی بحالی، روٹھے بہن بھائیوں، دوست احباب کے ساتھ رنجشیں ختم کرنے کے حوالہ سے اہم اوقات ہونگے۔انہی ایام میں سیر وسیاحت یا ضروری کاموں کے حوالہ سے چھوٹے سفر بھی میسر آئیں گے۔29 جولائی تا 24 نومبر مشتری کی رجعت کے ایام تعلقات عامہ کو خراب کر سکتے ہیں، دوست احباب اور معاشرتی تعلقات میں خرابیاں رونما ہوسکتی ہیں۔اچھا وقت نہ ہوگا۔دوست احباب میں سے حاسدین معاملات کو خراب کرسکتے ہیں۔6 مارچ تا 2 مئی کا وقت بیرون ملک شراکتی کاموں سے منسلک افراد کے لئے اچھا وقت ثابت ہوگا۔29 جولائی تا 24 نومبر مشتری کی رجعت مشترکہ مفادات کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔

وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات :۔ مریخ مشتری زحل وقمر کی نظرات وموجودگی ان امور میں بہتری یا ابتری کا باعث

بنتی ہے۔ زحل کی نویں اور مشتری کی دسویں گھر موجودگی وراثتی معاملات میں ابتدائی چار ماہ تک سعد ثابت ہوگی۔ معاملات افہام وتفہیم سے حل ہوسکیں گے، تاہم 6 مارچ تا 15 اپریل التوا تاخیر اور وراثتی معاملات میں تلخیاں پیدا ہوسکتی ہیں۔ لیکن انہی ایام میں قرضوں کے خواہش مند افراد قرض حاصل کرسکیں گے یا جاری قرضوں کے لئے مزید وقت لے سکتے ہیں۔ شراکتی مالی معاملات ابتدائی چار ماہ اچھے رہیں گے تاہم 11 مئی کے بعد شکوک وشبہات یا عدم اطمینان مشترکہ مالی مفادات کے لئے اچھا وقت نہ ہوگا۔ دوست احباب میں سے حاسدین معاملات کوخراب کرسکتے ہیں۔ 6 مارچ تا 2 مئی کا وقت بیرون ملک شراکتی کاموں سے منسلک افراد کے لئے اچھا وقت ثابت ہوگا۔ 29 جولائی تا 24 نومبر مشتری کی رجعت مشترکہ مفادات کونقصان پہنچا سکتی ہے۔

حج زیارات بیرون ملک سفر و اعلیٰ تعلیم زہرہ و زحل ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں زحل سارا سال نویں گھر رہتے ہوئے حج زیارات ومذہبی سفر کے حوالہ سے اہم ثابت ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند افراد کو حسب منشاء بیرون ملک تعلیمی اداروں میں مواقع دستیاب ہونگے ۔6 مارچ تا 5 اپریل اس حوالے سے سعد ترین وقت ہوگا جبکہ 26 مئی تا 23 جون کا دورانیہ بھی اہم ہوگا۔ ان ایام میں خوش نصیب افراد بیرون ملک قیام تعلیم یا حج کے سفرات سے مستفید ہوسکیں گے۔ 27 مارچ تا 11 اپریل اور 30 اکتوبر تا 17 نومبر کے اوقات بھی سفر کے حوالے سے اہم ثابت ہونگے۔ تاہم 5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت بیرون ملک سفر میں التوا لاسکتی ہے۔ بلکہ ممکن ہے کہ بیرون ملک مقیم افراد کو ان ایام میں وطن واپسی کا سفر اختیار کرنا پڑے۔ انہی ایام میں بیرون ملک مقیم جوزا افراد کوصحت کے مسائل لاحق ہوسکتے ہیں محتاط رہیں۔

امیدیں خواهشات و دوست احباب:۔ مریخ اور شمس کا قیام ونظرات ان معاملات کے حوالے سے اہم کردار ادا کرتے ہیں 11 مئی کومشتری بیت الامید میں داخل ہوگا۔ جبکہ کچھ ہی دنوں میں مریخ بھی برج حمل میں 25 مئی کوداخل ہوکر قران کرتے ہوئے دوست احباب سے وابستہ امیدیں پوری کرے گا۔ صاحب رائے اور اچھے صلاح کاروں کی مدد سے نئی کامیاب پلاننگ اور نئے کاروبار کی بنیاد رکھنے کے لئے بہترین ایام ہونگے۔ انہی دنوں شمس بیت الامید میں قیام کرتے ہوئے تاہم 20 جنوری تا 18 فروری، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر کا دورانیہ اور 29 جولائی تا 24 نومبر کا دورانیہ اس حوالہ سے مشکل حالات سامنے لاسکتے ہیں ان ایام میں آپ کومفاد پرست دوستوں اور منافق صلاح کاروں و مشیروں سے بچنے کی کوشش کرنی ہوگی۔

امیگریشن خفیہ معاملات وروحانی امور:۔ زحل و زہرہ اس حوالہ سے نہایت اہمیت کے حامل ستارے ہیں اس حوالہ سے دونوں ستارے سال کے مختلف اوقات میں سعد اوقات سے امیگریشن ودیگر امور میں بہتری کے مواقع دیں گے۔ 6 مارچ تا 2 مئی زہرہ نویں دسویں گھروں میں ہوگا ،زحل سے قران اور دسویں میں شرف زہرہ امیگریشن سے منسلک کاموں کا آغاز ان اوقات میں کرنا بہتر ثابت ہوگا۔ پہلے سے جاری کاموں میں اچھی خبریں سننے کوملیں گی۔ انہی ایام میں روحانیت سے منسلک افراد یا روحانی مشیر یا کسی رہبر وگرو کے متلاشی افراد کو اچھے روحانی استاد مل سکیں گے۔ 26 مئی تا 23 جون زہرہ بارہویں گھر ہوگا ان ایام میں خفیہ دشمنوں پر دسترس حاصل کرنے اور اپنے خفیہ معاملات پر گرفت مضبوط بنانے کی کوششیں کامیاب ہونگی۔ روحانیت کی جانب شغف بڑھے گا جبکہ بیرون ملک سفر یا امیگریشن کے کاموں میں تیزی اور کامیابی مل سکے گی۔ 11 اگست کا 5 ستمبر، 29 ستمبر تا 23 اکتوبر بھی اچھے اوقات ہونگے ان اوقات میں جوزا والدین کی بچوں کو بیرون ملک اعلیٰ تعلیم یا کاروبار کی غرض سے بیرون ملک بھیجنے کی کوششیں کامیاب ہوسکتی ہیں۔

قمری و شمسی گرهن :۔ 30 اپریل کا قمری گرہن اور 8 نومبر کا شمسی گرہن برج ثور میں لگے گا۔ خفیہ دشمن، روحانی امور، اور امیگریشن کے ساتھ ازدواجی تعلقات میں اچانک مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔ حکومتی ٹیکسز کے معاملات سر اٹھا سکتے ہیں جبکہ کسی قانونی مسائل میں الجھے افراد کوسزا یا کیس میں ناکامی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ 16 مئی کا قمری گرہن اور 25 اکتوبر کا شمسی گرہن چھٹے گھر برج عقرب میں لگے گا۔ مئی کا قمری گرہن صحت کے معاملات پر خصوصی توجہ دینی ہوگی۔ یہ گرہن قمر درعقرب کے اوقات میں لگے گا۔ جو کہ نہایت نحس ہوسکتا ہے۔ اچانک مالی خسارہ یا قرضوں کی وصولی کے نوٹسز آپ کو پریشان کر سکتے ہیں۔ ذہنی دباؤ کا سامنا ہوگا جبکہ پیٹ یا آنتوں اور گلے یا سینے کی بیماری میں الجھے افراد کوان اوقات میں نہایت محتاط ہونا پڑے گا۔ گرہن کے ان ایام میں صدقات اور نماز آیات کی ادائیگی کرنا نہ بھولیں، بلکہ ہوسکے تو اپنے زائچہ کے مطابق مخصوص صدقات کی ادائیگی سے خودکو اور اپنے اہل خانہ کومحفوظ رکھیں

صدقات وظائف اور جواهرات :۔ زرد پکھراج، ہیرا، یا، زمرد کا استعمال آپ کرسکتے ہیں۔ اگر آپ اصلی اور سرٹیفائیڈ پتھر خریدنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں ۔

یَا اللّٰہُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ کا ورد 55 یا 131 مرتبہ روزانہ یا ہر نماز کے بعد کریں۔ بروز بدھ ثابت مونگ 500 گرام پرندوں کوڈالنا یا 5 کلو سبز چارہ جانوروں کوکھلانا معمول بنالیں۔ یا جمعرات کے دن زرد اور سبز مٹھائی صدقہ کرکے غرباء میں تقسیم کریں یا کیڑے مکوڑوں کوڈالیں۔

Presented By: https://jafrilibrary.com

فلکیات - 1

سرطان CANCER سیارہ: قمر

22 Jun - 23 Jul

دن: پیر **عدد:** ۲ **حروف:** ح، ہ

رنگ: سفید دودھیا

عنصر: آبی

جواہر: پکھراج، موتی، زمرد، عقیق

بہترین شریک حیات: عقرب، حوت

ناموافق ساتھی: حمل، جدی، میزان

بیماریاں: پھیپھڑوں اور سانس کی تکلیف، معدہ، گردوں اور پیشاب کی تکالیف

ستارے آپ کے

خصوصیات: نرم گو، صلح پسند اور متوازن مزاج کے حامل سرطان افراد فطرت سے لگاؤ رکھنے والے ہوتے ہیں۔ ممتا کا جذبہ اور انسانی ہمدردی ان میں فطرتاً پائی جاتی ہے۔ بے حد حساس اور تصوراتی و تخیلاتی فطرت کے مالک ہوتے ہیں زائچہ فطرت میں چوتھا برج ہونے کی وجہ سے اگر انکا ستارہ قمر کمزور ہو تو معدہ نظام ہضم سانس اور جلد کی بیماریوں سے متاثر ہو سکتے ہیں،۔ سرطان خواتین امور خانہ داری کی ماہر، کھانا پکانے میں ذائقہ اور جدت میں ہر طرح سے آگے ہوتی ہیں۔ موسیقی یا گنگنانا انکی فطرت میں ہوتا ہے۔ تاہم سرطان خواتین ذرا سی باتوں پر رو دینے والی جذباتی کیفیات کی شکار ہوتی ہیں۔ سرطان مرد مستقبل سے فکرمند اور اکثر مایوسی کا شکار جلد ہو جاتے ہیں۔ سریع رفتار ستارہ ہونے کی وجہ سے انکے مزاج میں جلد تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔ سینے پر پیٹ پر تل کا نشان یا برتھ مارک انکی پیدائشی علامت ہوتی ہے۔

ستاروں کی گردش و اہم معاملات: زحل کی گردش سال گذشتہ سے آٹھویں گھر میں ہے۔ سرطان والوں کے لئے زحل مخالف ستارہ ہے، زحل کی نشست گذشتہ تین سال سے زائد عرصہ سے آپ کو متاثر کرتی آئی ہے۔ قرضہ جات کی وصولی، ادائیگی اور اضافی اخراجات کی وجہ سے مالی بے ضابطگی کا شکار ہو سکتے ہیں۔ وراثتی و قانونی امور میں التوا اور قدرے مشکلات سامنے آئیں گی۔ اس سال بھی زحل کی گردش آٹھویں گھر میں ہی ہوگی۔ مالی نظم و نسق کا خاص خیال رکھنا ہوگا، شراکتی کاموں سے منسلک افراد کو کسی بھی کوتاہی سے بچنے کی کوشش کرنی چاہئے ورنہ معاملات خرابی کا شکار ہونگے۔ پلوٹو سارا سال جدی میں ہوگا، شریک حیات کی صحت خراب ہو سکتی ہے جبکہ ازدواجی معاملات میں تلخیاں بھی ممکن ہونگی۔ مشتری کی نشست سال گذشتہ سے نویں گھر میں ہے جہاں مشتری آپکو قسمت سے منسلک معاملات حج زیارات، تجارت میں فوائد دیتا رہا ہے اور اس سال 11 مئی تک مشتری کا قیام نویں گھر میں ہی ہوگا۔ ابتدائی چار ماہ اچھے رہیں گے تاہم 11 مئی کو مشتری کا داخلہ دسویں برج حمل میں ہوگا مشتری یہاں آپکو کام کاروبار میں قدرے بہتری دے گا۔ نوکری پیشہ افراد کی ساکھ میں بحالی اور ترقی کے امکانات روشن ہونگے۔ آپ کا ذاتی ستارہ قمر اور مال کا حاکم شمس اس سال دو دو بار گرہن میں آئیں گے۔ پانچویں اور گیارھویں گھروں میں لگنے والے گرہن اور انہی گھروں میں راہو کیتو کا داخلہ 18 جنوری کو ہو جائے گا۔ بچوں کے معاملات دوست احباب اور عزیزوں سے اختلافات پیدا ہونے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ دیگر تفصیلات آگے ملاحظہ فرمائیں۔

معاشی و مالی استحکام شمس مریخ و مشتری ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مشتری نویں گھر 11 مئی تک رہتے ہوئے قسمت یاوری کا سبب بنتا رہے گا اور مالی معاملات میں بہتری رہے گی جبکہ 20 مارچ تا 20 اپریل شمس کا شرف میں قیام مالی استحکام لائے گا 21 جون تا 23 اگست شمس کا سرطان اور اپنے ہی گھر میں قیام مالی نظم و نسق میں بہتری کا سبب بنے گا 25 مئی تا 5 جولائی مریخ کے لحاظ سے سعد وقت ہوگا۔ 20 جنوری تا 18 فروری، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر، کا وقت مالی مشکلات لا سکتا ہے جبکہ مشتری 11 مئی کے بعد دسویں گھر حمل میں داخل ہوگا کیریئر کام کاروبار میں بہتری کے مواقع لائے گا لیکن 29 جولائی تا 24 نومبر مشتری کی رجعت کے ایام احتیاط طلب ہونگے انہی دنوں میں 30 اکتوبر سے سال کے آخر تک مریخ کی رجعت بھی مالی و معاشی استحکام میں اتار چڑھاؤ پیدا کر سکتی ہے۔ شمس کے گرہن کی تواریخ کو لازمی مدنظر ان دنوں میں کوئی نیا کام یا سرمایہ کاری سے گریز کرنا مناسب ہوگا۔ زحل کی آٹھویں گھر کی نشست مالی تنگی یا بدنظمی آپ کو مالی حوالے سے پریشان کئے رکھے گی۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری: مریخ مشتری و زہرہ ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ جبکہ شمس یہاں مالی استحکام کے لحاظ سے مریخ کے ساتھ اہم معاملات کی نشان دہی کرتا ہے۔ اپریل و مئی کے ماہ شمس و مریخ کا دسویں گھر میں قیام ہوگا، مریخ کا شرف 24 جنوری تا 6 مارچ منگنی نسبت و نکاح کے لحاظ سے اہم وقت ہوگا۔ ان ایام کی سعادت سے فائدہ اٹھائیں۔ 6 مارچ تا 15 اپریل مریخ کا دلو میں زحل کے ساتھ قیام اور 30 اکتوبر سے سال کے آخر تک مریخ کی رجعت کے دوران پیار محبت منگنی، نسبت سے گریز کریں۔ جاری رشتوں کی بات چیت کو التوا میں ڈالنا بہتر ہوگا۔ 25 مئی تا 5 جولائی اولاد کے حوالے سے خوشیاں نصیب ہو سکتی ہیں۔ ان ایام میں بے اولاد جوڑوں کو علاج، دوا اور دعا اولاد کی خوشیاں دے سکتا ہے۔ انہی دنوں میں اسٹاک

مارکیٹ یا دیگر کاروباری مقاصد کے لئے سرمایہ کاری کا بہترین وقت ہوگا۔ پرائز بانڈز یا لاٹری خریدنے ڈالنے کے حوالہ سے سعد ترین اوقات ہونگے۔

شراکتی وازدواجی معاملات وشادی بیاہ :

قمر زحل وشمس ان معاملات میں اہم حیثیت کے ستارے ہیں۔ زحل کی قمر اور شمس سے دشمنی ہوتی ہے، تاہم زحل سارا سال آٹھویں گھر میں گردش کرتے ہوئے شراکتی ازدواجی معاملات میں شکوک وشبہات اوران بن پیدا کرتا رہے گا۔ خصوصاً 6 مارچ تا 15 اپریل مریخ اور زحل کی آٹھویں گھر موجودگی شراکتی معاملات کو ختم کرنے میں نازک موڑ سامنے لاسکتی ہے۔ خلع یا طلاق کے معاملات میں الجھے افراد کی ان دنوں علیحدگی واقع ہونے کے بہت زیادہ امکانات ہو سکتے ہیں۔ ان ایام میں نئی شادی یا نکاح کرنے سے گریز کریں۔ کسی قسم کے نئے شراکتی کاروبار کو شروع کرنا حماقت ہوگی۔ جبکہ 5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت کے ایام معاملات میں مزید خرابیاں پیدا کر سکتے ہیں۔ مریخ ان دنوں دسویں اور گیارہویں گھروں سے گذرتا ہوا زحل سے تربیع وتثلیث کی نظرات بنائے گا۔ حالات یکدم بنتے اور بگڑتے نظر آئیں گے تاہم تدبر اور مشاورت سے ان معاملات کو سنبھالنا ہوگا۔

تعلقات عامہ، سفر ونزدیکی تعلقات:

عطارد اور زحل کا ان معاملات میں اہم کردار ہوتا ہے۔ زحل کی آٹھویں نشست آپکے ملنے جلنے والوں کی رائے اس سال آپ کے بارے میں زیادہ اچھی نا ہوگی تعلقات میں سرد مہری کا غلبہ رہے گا۔ عطارد سفر کے کئی ایک مواقع سامنے لائے گا قریبی سفر ہونگے، لیکن عطارد 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر کے درمیان رجعت میں ہوگا ان ایام میں سفر کے پروگرام بنتے بگڑتے نظر آئیں گے۔ تعلقات میں خرابیاں اور آپکی زبان سے نکلے الفاظ آپ کو پریشانیوں میں مبتلا کر سکتے ہیں۔ ان ایام میں اگر سفر کریں تو تمام اہم دستاویزات اور سواری کا خاص خیال رکھیں۔ بہن بھائیوں وقریبی ہمسایوں کے ساتھ تعلقات خرابیوں کا شکار ہو سکتے ہیں۔ جبکہ 5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت کے ایام میں آپ کو لوگوں کی جانب سے انگشت نمائی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ سسرالی معاملات ان دنوں شدید خرابیوں کا شکار ہو سکتے ہیں۔

وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات :۔

شمس زحل و زہرہ ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں جبکہ مشتری قرضوں کے حصول کے حوالہ سے اہم مقام رکھتا ہے۔ 11 مئی تک مشتری کی نشست نویں گھر برج حوت میں ہوگی ان ایام میں قرضوں کے حصول کی کوششیں کامیاب ہوسکتی ہیں 11 مئی سے سال کے آخر تک مشتری کا قیام دسویں برج حمل میں ہوگا۔ کاروباری حضرات کو ملازمین کی جانب سے قرض کے حصول کی کوشیں سامنے آئیں گی۔ زہرہ بیت الامید کا حاکم ہوکر کاروباری افراد کو 5 اپریل تا 2 مئی، 26 مئی تا 23 جون کاروباری قرضوں کے حصول کے لئے بہترین وقت دے گا تاہم یاد رکھیں شمس 20 جنوری تا 18 فروری قرضوں کی ادائیگی کے حوالہ سے اہم وقت ہوگا، ان دنوں میں آپ کو قرضوں کی ادائیگی کے حوالہ سے حکمت عملی اپنانا ہوگی ورنہ مالی نظم ونسق متاثر ہوسکتا ہے۔ 26 مئی تا 23 جون کاروباری قرضے، اور 29 ستمبر تا 23 اکتوبر گھریلو قرضوں کے حصول کے لئے بہترین اوقات ہونگے۔

حج زیارات بیرون ملک سفر واعلیٰ تعلیم

مشتری اور مریخ اور عطارد ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں، 11 مئی تک مشتری کا نویں گھر قیام مذہبی سفر حج زیارات کے حوالے سے تیاری کرنے کا اہم وقت ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند حضرات کو ان ایام میں بیرون ملک سفر کی کوشش کرنے سے کامیابی مل سکتی ہے۔ 28 مئی تا 23 جون زہرہ کا نویں گھر شرف ایک اور اہم وقت ہوگا، ان ایام میں اپنے بچوں کو تعلیم کی غرض سے بیرون ملک بھیجنے کے خواہش مند افراد کو اچھا وقت مل رہا ہے۔ جبکہ ان ایام میں سیرو سیاحت کی غرض سے بیرون ملک سفر بھی متوقع ہو سکتے ہیں۔ 6 مارچ تا 15 اپریل مریخ کا مشتری کے ساتھ نویں گھر قیام بچوں کے مستقبل کے حوالے سے اہمیت کا حامل وقت ہوگا۔ عطارد 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر کے درمیان رجعت میں ہوگا اور مشتری کی رجعت 29 جولائی تا 24 نومبر ان ایام میں امیگریشن سے منسلک کام تاخیر کا شکار ہو سکتے ہیں۔

امیدیں خواهشات و دوست احباب:۔

زہرہ عطارد ان معاملات میں اہم ستارے ہیں یہ دونوں ہی ستارے سرطان والوں کے لئے نحس ہوتے ہیں۔ زہرہ چوتھے گیارہویں کا حاکم ہوکر عطارد کی نسبت کم نحس ہے تاہم عطارد کی نحوست اہم ہوتی ہے۔ 5 اپریل تا 2 مئی، 26 مئی تا 23 جون، 11 اگست تا 5 ستمبر، 29 ستمبر تا 23 اکتوبر زہرہ کے سعد ایام ہونگے۔ ان ایام میں دوست احباب سے وابستہ امیدیں پوری ہوسکتی ہیں جبکہ دیگر ایام میں زہرہ کی گردش آپ کے لئے کم بہتر ہوگی۔ عطارد جوکہ تیسرے اور بارہویں گھروں کا حاکم ہوکر تعلقات اور دوست احباب کے ساتھ مراسم کو ظاہر کرتا ہے۔ 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر کے درمیان رجعت میں ہوگا۔ ان ایام میں معاملات التوا کے ساتھ ساتھ بگاڑ کا شکار ہو سکتے ہیں۔ یاد رکھیں زحل کی آٹھویں گھر نشست کو یہاں رد نہیں کیا جا سکتا ہے۔ یہ گھر بنیادی طور پر دوست احباب ملنے جلنے والوں کے مال کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ اس لئے اس سال دوستوں سے وابستہ امیدوں کے حصول کے

لئے آپ کو خاصی محنت اور صبر سے کام لینا ہوگا۔ جبکہ راہو کا قیام ڈیڑھ سال کے لئے بیت الامید میں 18 جنوری سے ہوگا۔ یہ ایک خوش آئندہ تبدیلی ہوگی لیکن دیگر ستاروں کی گردش زیادہ مثبت ثمرات ملنے کی نفی کرتی ہے

امیگریشن خفیہ معاملات وروحانی امور:۔

عطارد ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتا ہے جبکہ مشتری یہاں نیوٹرل کردار کا حامل ستارہ ہوگا، 30 اپریل تا 5 جولائی عطارد کا قیام بارہویں گھر میں ہوگا امیگریشن کے کاموں میں بہتری ہوگی لیکن انہی دنوں میں مشتری 11 مئی کو برج حمل میں داخل ہوگا۔ گویا بنتے ہوئے کام التوا میں چلے جائیں گے، جبکہ عطارد یہاں 10 مئی تا 3 جون رجعت میں ہوکر معاملات میں قانونی پیچیدگیوں کو ظاہر کرتا ہے۔ آپکا بیرون ملک سفر ایک بار تا کام ہوتا نظر آئے گا تاہم 6 اپریل تا 2 مئی زہرہ کا نویں گھر شرف اور مشتری کے ساتھ قران رکاوٹوں اور پیچیدگیوں کو دور کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ روحانی معاملات اوائل مئی تک اچھے رہیں گے تاہم مشتری کی گردش اور رجعت 29 جولائی تا 24 نومبر روحانی امور میں آپ کی لگن میں کمی کو ظاہر کرتا ہے۔ دسویں گھر میں مشتری کسی اچھے روحانی شخص کے ملنے کی خبر دیتا ہے تاہم گرو یا استاد کا چناؤ روحانی مسائل میں سوچ سمجھ کر کرنا ہوگا

ستارے آپ کے

قمری وشمسی گرھن :۔ آپ کا ذاتی ستارہ قمر برج عقرب میں 11 مئی کو گرہن میں جائے گا جبکہ دوسرا قمری گرہن 8 نومبر کو گیارہویں گھر برج ثور میں ہوگا۔ ہبوط اور شرف کے گھر میں لگنے والے یہ دونوں گرہن اہم نوعیت کے حامل ہونگے۔ پہلے گرہن میں پیار محبت، عشق، اولاد، انعامی اسکیمیں، اسٹاک مارکیٹ اور بچوں سے وابستہ امور متاثر ہوسکتے ہیں، جبکہ دوسرے قمری گرہن میں دوست احباب اور کاروباری رفقاء سے وابستہ امیدیں مایوسی کا شکار ہوسکتی ہیں۔۔ اسی طرح شمس جوکہ آپکے بیت المال کا حاکم ستارہ ہے دو مرتبہ گرہن کا شکار ہوگا۔ 30 اپریل کو برج ثور میں اور 25 اکتوبر کو برج عقرب میں شمس کو لگنے والے گرہن بالترتیب دوست احباب سے روپیہ پیسہ کے حصول کو التوا میں ڈال سکتا ہے، جبکہ دوسرا گرہن جوکہ برج عقرب میں لگے گا اس میں آپ بچوں کی صحت اور اولاد کو دیئے جانے والے سرمائے پر خاص توجہ دیں ورنہ مال اور صحت دونوں متاثر ہوسکتے ہیں۔ گرہن کے ان ایام میں منسوب صدقات لازمی دیں اور اپنے زائچہ کو لازمی دیکھیں یہ گرہن اس وقت زیادہ خطرناک ہوتے ہیں جب ان کے ساتھ زائچہ میں کوئی دوسرا ستارہ موجود ہوتو گرہن کی نحوستیں زیادہ متاثر کرتی ہیں۔

صدقات وظائف اور جواهرات :۔ پیر کے روز 900 گرام گوشت 200 گرام چاول 100 گرام باجرہ ملا کر صدقہ دیا کریں کافی بہتری محسوس کریں گے۔ ورد خاص آپ کے لئے درود پاک 200 مرتبہ نماز کے بعد یا یونہی پڑھیں اور محمدؐ و آل محمدؐ کو ہدیہ کریں۔ جواہرات میں آپ موتی، مون اسٹون، در نجف، اور زرد پکھراج کا استعمال اس سال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اصلی اور سرٹیفائیڈ پتھر خریدنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں

اسد　LEO　24 Jul - 23 Aug　ستارہ: شمس

دن: اتوار　**عدد:** ا　**حروف:** م، ٹ

رنگ: ________ گولڈن، نارنجی

عنصر: ________ آتشی

جواھر: ________ ہیرا، الہنیا

بھترین شریک حیات: ________ حمل، قوس، ثور

ناموافق ساتھی: ________ عقرب، دلو

بیماریاں: ہائی بلڈ پریشر، ریڑھ کی ہڈی، کمر کی تکلیف، دل کی تکلیف

خصوصیات : آتشی مزاج اسد افراد کی اکثریت پر جوش اور متحرک مزاج ہوتی ہے۔ بہادر نڈر اور حاصل کر لینے کا جذبہ ان میں بے پناہ ہوتا ہے۔ ہر چیز کو حاصل کر لینے کی جستجو اور چھا جانے کی سوچ انہیں اپنی شخصیت کو نمایاں کرنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔ گردن یا کان کے قریب یا سینے پر تل یا مسہ کی شناختی علامت کے حامل لوگ ہوتے ہیں۔ پیشانی کشادہ اور پروقار چہرے کے مالک اسد افراد میں جلال وحشمت نمایاں طور پر دیکھنے کو ملتی ہے۔ اگر یہ طے کرلیں کہ انہیں کیا کرنا ہے تو راستے کی رکاوٹیں ان کی نظر میں کوئی حیثیت نہیں رکھتیں۔ سرشار دوست، وفادار اور مستحکم مزاج اور گرم جوشی میں اپنی مثال آپ ہوتے ہیں۔ اسد کی منفی خصوصیات میں غرور حسد اور حد سے زیادہ پر اعتماد ہونا، خود کو سب کچھ سمجھ لینا، انہیں تنہائی کا شکار بنا دیتا ہے۔

ستاروں کی گردش واھم معاملات : زحل سارا سال برج دلو میں ساتویں گھر میں رہتے ہوئے سماجی معاشرتی معاملات، ازدواجی و شراکتی معاملات کو سمجھنے اور سلجھانے میں آپ کو مدد فراہم کرے گا۔ سماجی و معاشرتی تنظیموں این جی اوز سے منسلک اسد افراد کو اس سال اپنا نام اور مقام بنانے میں بہترین اوقات میسر آئیں گے۔ غیر شادی شدہ اسد افراد اس سال ازدواجی بندھن میں بندھ جائیں گے۔ مشتری گیارہ مئی تک آٹھویں گھر کا مالک ہوکر روپیہ پیسہ اور قرض کے معاملات اور قانونی امور میں بہتری کے امکانات لائے گا، جبکہ شریک حیات اور سسرالی رشتہ داروں کی جانب سے بھی آپ کو عزت ملنے اور مالی یا وراثتی حوالے سے فوائد ملنے کے امکانات ہونگے۔

وراثتی اور شراکتی امور مئی تک نہایت خوش اسلوبی سے چلتے رہیں گے، تاہم گیارہ مئی کے بعد مشتری کا داخلہ نویں گھر برج حمل میں ہوگا، مشتری پانچویں کا مالک ہوکر نویں گھر میں ہوگا۔ طالع اور پانچویں کو سعد نظر سے دیکھتے ہوئے اس سال کئی ایک سعد اوقات اور مواقع آپ کو دیتا رہے گا۔ بیرون ملک سفر کے خواہش مند افراد کامیاب ہوسکتے ہیں۔ راہو اور کیتو کا قیام بالترتیب دسویں اور چوتھے گھر میں ہوگا۔ یاد رکھیں کیتو چوتھے گھر میں معدے اور السر کی تکالیف دیتا ہے، صحت کی جانب سے محتاط رہیں۔ دیگر تفصیلات آگے ملاحظہ فرمائیں

معاشی ومالی استحکام :۔ عطارد مریخ اور زہرہ ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں جبکہ مشتری کی سعادت بھی معاون ثابت ہوتی ہے۔ عطارد دوسرے اور زہرہ دسویں گھر کے مالک ہوکر عموماً ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ اسد افراد مالی طور پر متاثر رہتے ہیں جس کی بنیادی وجہ شاہ خرچی اور اعلیٰ معیار زندگی گذارنے کی خواہشات ہیں۔ 24 جنوری تا 6 مارچ مریخ چھٹے گھر میں ہوگا۔ شراکتی کاروبار کرنے والے اسد افراد کو اچھا وقت میسر آئے گا جبکہ، 20 مارچ سے 20 اپریل تک شمس نویں شرف کے گھر میں ہوگا۔ قسمت ایک بار آپ پر مہربان ہوگی۔ 6 اپریل تا 5 مئی دسویں کا مالک آٹھویں گھر میں شراکتی وراثتی امور میں اور معاشی معاملات میں بہتری لائے گا۔ 29 مئی تا 5 جولائی مریخ کا حمل میں قیام، اور 26 مئی تا 23 جون زہرہ کا ثور میں قیام کاروباری وملازمتی امور اور مالی معاملات کو بہتر بنائیں گے۔ 30 اپریل تا 5 جولائی عطارد کا بیت الامید میں قیام اور رجعت کے اوقات ہونگے، معاملات بنتے بگڑتے نظر آئیں گے، تاہم معاملات آپکے حق میں ہونگے۔ 20 اگست تا سال آخر تک مریخ بیت الامید میں منفی حالت میں ہوتے ہوئے رجعت میں ہوگا ان ایام میں محتاط رہنا ہوگا جبکہ عطارد کی رجعت کے ایام میں مالی لین دین میں محتاط رہیں۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز ولاٹری :۔ مشتری مریخ منگنی اور اولاد کے حوالہ سے اور مشتری وزہرہ انعام ولاٹری کے حوالہ سے اہم ہوتے ہیں۔ مشتری گیارہ مئی تک آٹھویں برج حوت میں رہتے ہوئے بچوں کی نسبت طے کرنے نکاح یا شادی ورشتہ کے حوالہ سے اہم اوقات دے گا، ان دنوں کنوارے اسد افراد کا رشتہ یا منگنی طے ہوجائے گی۔ زہرہ 5 اپریل تا 2 مئی مشتری کے ساتھ برج حوت میں مقیم ہوگا یہاں مشتری کی سعادت اور زہرہ کا شرف بچوں کے حوالہ سے خوشیاں دے گا۔ کاروباری یا ملازمتی افراد جو کہ لاٹری یا کمیٹی کی طرز پر بچت کرتے ہیں ان دنوں ایسے افراد کو روپیہ پیسہ ملنے کے امکانات ہونگے۔ اسٹاک مارکیٹ سے منسلک افراد یا ذخیرہ اندوزی کرنے والے فائدہ اٹھائیں گے۔ 11 مئی کو مشتری کا داخلہ نویں قسمت کے گھر میں ہوگا، اولاد، انعام، اسٹاک مارکیٹ اور لاٹری کے حوالہ سے یہاں مشتری از حد فوائد دے گا، تاہم مشتری کے رجعت کے ایام 29 جولائی سے 24 نومبر تک محتاط رہنا ہوگا۔ ان دنوں اسٹاک مارکیٹ یا انعامی بانڈز میں سرمایہ کاری کرنا مناسب نہ ہوگا اور نہ ہی ذخیرہ اندوزی کی کوشش کریں، نقصان اٹھا سکتے ہیں۔

شراکتی ازدواجی معاملات وشادی بیاہ :

زحل مشتری وشمس ان معاملات میں اہم سیارگان ہیں۔ زحل سارا سال ساتویں شادی بیاہ کے گھر میں رہے گا۔ جبکہ مشتری کا قیام بھی آٹھویں گھر میں گیارہ مئی تک ہوگا۔ ابتدائی پانچ ماہ شادی بیاہ کے حوالہ سے اہم ثابت ہو سکتے ہیں 20 جنوری تا 18 فروری شمس کا وبال زحل کے ساتھ معاملات میں خرابیاں لا سکتا ہے بنتے رشتے ٹوٹ سکتے ہیں یا التوا کا شکار ہونگے تاہم 18 فروری تا 20 مارچ شمس کا قیام برج حوت میں مشتری کے ساتھ ہوگا۔ یہ وقت بگڑتے رشتوں کو سنبھالنے میں اہم ثابت ہوگا ان ایام میں شادی کے بیش بہا امکانات ہونگے ازدواجی الجھنوں اور لڑائی جھگڑوں میں الجھے افراد کو بھی ان دنوں باہمی گفتگو سے معاملہ فہمی کے امکانات میسر آئیں گے۔ 5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت کے دنوں میں آپ کو شادی بیاہ سے گریز کرنا بہتر ہوگا ورنہ زحل کے صدقات لازمی دینا ہونگے۔ اسی کے ساتھ مشتری کی رجعت بھی 29 جولائی تا 24 نومبر شادی بیاہ کے کاموں میں التوا لائے گی جبکہ طلاق یا علیحدگی کے معاملات میں الجھے افراد کی پریشانیوں میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔

تعلقات عامہ سفر ونزدیکی تعلقات :۔ عطارد زہرہ اور زحل ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، جبکہ مشتری آپکے سسرالی تعلقات کو بہتر بناتا ہے۔ 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر، عطارد کی رجعت ہوگی ان ایام میں تعلقات متاثر ہو سکتے ہیں۔ 10 مارچ تا 27 مارچ عطارد کا ہبوط آپکے تعلقات کو متاثر کرے گا، اس دوران میں سفر سے بھی گریز کریں۔ زہرہ 5 اپریل تا 2 مئی شرف میں ہوگا، کاروباری سفر اور دیگر نزدیکی سفر متوقع ہو سکتے ہیں۔ زحل ساتویں گھر میں اچھی پوزیشن پر ہوگا، آپ اپنے مدمقابل افراد کو قائل کرنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ اگر تعلقات میں کوئی خرابی پیدا ہو تو زحل تعلقات بہتر بنانے میں معاون ہوگا۔ تاہم 5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت کی وجہ سے گڑے مردے اکھاڑنے اور پرانی رنجشوں کو بنیاد بنا کر تعلقات کو خراب کرنے کی کوششیں کی جائیں گی۔ صبر اور تحمل سے ان اوقات کو گزاریں، دیگر ایام معاون ثابت ہونگے۔

وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات :۔ زحل مشتری اور عطارد ان معاملات میں اہم کردار کے حامل سیارگان ہیں۔ زحل سارا سال

ساتویں گھر میں رہے گا اور مشتری گیارہ مئی تک آٹھویں گھر رہتے ہوئے شراکتی کاروباری معاملات کو بہتر بنائے رکھے گا، ان ایام میں آپکو نئی شراکت کے مواقع بھی دستیاب ہونگے جب کہ پرانی شراکت داریوں کو مزید وسعت دیے جانے کے امکانات ہونگے۔ زحل چھٹے کا حاکم ہو کر قرضہ جات کے حصول میں سرگرداں افراد کو کامیابی سے قرضے دلوائے گا جبکہ قرضوں کی وصولی کے حوالہ سے مشتری بھی اہم کردار ادا کرتا ہوا پھنسی ہوئی رقوم کی وصولی میں معاون ثابت ہوگا۔ 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر، عطارد کی رجعت کے ایام میں مالی معاملات میں خرابی ہو سکتی ہے اخراجات اور آمدنی میں توازن بگاڑ کا شکار ہوگا۔ جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت اور 29 جولائی تا 24 نومبر مشتری کی رجعت کے ایام معاملات میں التوا اور تاخیر کے ساتھ ناکامی بھی ہو سکتی ہے۔ ان ایام میں مالی معاملات پر خاص توجہ رکھنا ہوگی۔

حج زیارات بیرون ملک سفر و اعلیٰ تعلیم

مریخ اور قمر ان معاملات میں اہم کردار کے حامل سیارگان ہوتے ہیں۔ قمر ہر ماہ دسویں گھر شرف یاب ہو کر کاروباری افراد جو کہ بیرون ملک سفر یا تجارت سے منسلک ہوں انہیں مناسب وقت دیتا ہے۔ مریخ اس کے ساتھ اعلیٰ تعلیم کے حوالہ سے اہم ستارہ ہے۔ آغاز سال 24 جنوری تا 6 مارچ مریخ کا شرف اسکالرشپ کی بنیاد پر بیرون ملک تعلیم کے خواہش مند افراد کو کامیاب کرے گا۔ جبکہ 25 مئی تا 5 جولائی کا دورانیہ نویں گھر مریخ کا قیام حج، زیارات، عمرہ و مذہبی سفر کے حوالہ سے تو اہم ہوگا ہی لیکن تعلیم کے حوالہ سے بیرون ملک جانے کے خواہش مند افراد کو ان دنوں میں اچھے مواقع ملیں گے۔ 21 جون تا 23 جولائی شمس ذاتی ستارہ بارہویں امیگریشن کے گھر میں ہوگا، عین ممکن ہے کہ باہر جانے کے خواہش مند افراد کو ان دنوں سفر کا موقع مل جائے۔ 20 اگست سے سال کے آخر تک مریخ رجعت اور وبال کے درمیان ہوگا، ان ایام میں بیرون ملک سفر میں التوا اور ناکامی یا صحت کی خرابی کی وجہ سے تاخیر ہو سکتی ہے بیرون ملک اسد افراد ان دنوں وطن واپسی کا سفر اختیار کر سکتے ہیں۔

امیدیں خواہشات و دوست احباب:۔ عطارد اور شمس ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل ہیں۔ جبکہ زہرہ کا کردار دوست احباب اور نزدیکی تعلقات کے حوالہ سے اہم نوعیت کا حامل ہوتا ہے۔ 20 مارچ تا 20 اپریل شمس شرف کے برج سے گذر رہا ہوگا، انہی دنوں بیت الامید کا مالک عطارد آٹھویں نحس ہوگا جسکی وجہ سے دوست احباب کی جانب سے تعلقات بنتے بگڑتے اور وابستہ امیدیں ٹوٹتی نظر آئیں گی۔ 5 اپریل تا 2 مئی زہرا کا شرف کے گھر قیام اور انہی دنوں عطارد کا دسویں اور گیارہویں گھروں میں داخلہ حالات کو سازگار بنائے گا۔ 21 مئی تا 21 جون شمس کی بیت الامید میں موجودگی اور ساتھ ہی عطارد کا 30 اپریل تا 5 جولائی بیت الامید میں قیام سعد اثرات لائے گا۔ دوست احباب سے وابستہ امیدیں پوری ہونے اور خواہشات کی تکمیل کے حوالے سے یہ وقت اہم نوعیت کا حامل ہوگا 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر، عطارد کی رجعت کے ایام میں مشکلات پیدا ہوں گی۔ دوست احباب چھوٹتے یا وابستہ امیدیں ٹوٹتی محسوس ہوں گی۔ تاہم صبر و تحمل اور دور اندیشی ان معاملات میں بہتری پیدا کر سکتی ہے۔

امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور:۔ مریخ اور قمر ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ 25 مئی تا 5 جولائی مریخ کا برج حمل میں قیام اہم نوعیت کا حامل ہوگا، ان ایام میں روحانیت کی جانب آپ قدم بڑھائیں گے، جبکہ اچھے اساتذہ اور ماہر افراد بھی ان دنوں آپ کو بہترین روحانی راہنمائی دے سکتے ہیں۔ اسد افراد کی اکثریت عقلی دلائل کو زیادہ اہمیت دیتی ہے، عین ممکن ہے کہ آپ اپنی روش کے مطابق کسی شخص کو آزمائیں اور ایک اچھے روحانی مشیر دوست یا راہنما سے محروم ہو جائیں۔ امیگریشن کے معاملات میں ہر ماہ قمر کے شرف اور قمر در سرطان کے ایام کو جنتری سے نوٹ کریں اور کوشش کریں کہ امیگریشن سے منسلک کاموں کا آغاز ان تاریخوں میں کریں اور قمر در عقرب کے ایام میں صدقات کی عادت آپکے امیگریشن سے منسلک مسائل کو حل کرنے میں بہترین حل ثابت ہوگی۔ 20 اگست تا آخر سال تک مریخ کی حالت اچھی نہ ہوگی، ان ایام میں روحانی وظائف یا کاموں کے آغاز سے پہلے اپنے اساتذہ سے مشورہ کیے بغیر کوئی کام نہ کریں ورنہ رجعت کے امکانات بھی ہو سکتے ہیں۔

قمری و شمسی گرہن:۔ آپ کا ذاتی ستارہ شمس اس سال دو بار گرہن میں آئے گا، 30 اپریل کو دسویں ثور میں اور چوتھے عقرب میں 25 اکتوبر کو شمس گرہن لگے گا۔ 16 مئی کو قمری گرہن چوتھے گھر اور 8 نومبر کو دوسرا قمری گرہن دسویں ثور میں لگے گا۔ ان ایام میں کاروباری اور گھریلو امور متاثر ہو سکتے ہیں جبکہ اہل خانہ کی صحت اور والدہ کی صحت کا خاص خیال رکھنا ہوگا۔ زمین جائیداد سے منسلک امور گرہن کی وجہ سے متاثر ہو سکتے ہیں، جب کہ شمس کے گرہن میں خصوصاً اپنی ذات کا بھی لازمی خیال رکھیں۔ چونکہ شمس آپ کا ذاتی ستارہ ہے لہذا آپ کی شخصیت، صحت کو متاثر کر سکتا ہے۔ گرہن کے ایام میں نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی اور صدقات دینے سے گرہن کی ممکنہ نحوستوں سے بچا جا سکتا ہے۔

صدقات وظائف اور جواہرات:۔ سورۃ شمس نماز فجر کے اوقات میں دس بار تلاوت کریں۔ یا غفار بحق یا حی یا قیوم ؒ کا ورد 110 مرتبہ کریں

زرد عقیق، سنہلا اور یاقوت کا پتھر آپ پہن سکتے ہیں۔ نیلم کا استعمال فوائد کا حامل ہوگا تاہم نیلم کا پتھر زائچہ سے تشخیص کروا کر پہنیں ورنہ نیلم سے گریز کریں۔ اگر آپ اصلی اور سرٹیفائیڈ پتھر خریدنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں

سنبلہ — VIRGO — 24 Aug - 23 Sep — سیارہ: عطارد

دن: بدھ **عدد:** ۵ **حروف:** پ، غ

رنگ: ________ گہرا زرد، پیلا

عنصر: ________ خاکی

جواہر: ________ گومیدک، زرد عقیق، فیروزہ

بہترین شریک حیات: ________ جدی، ثور

ناموافق ساتھی: ________ قوس، حوت، جوزا

بیماریاں: معدہ، جگر، آنتوں کی بیماریاں، السر، کان کی تکالیف

خصوصیات : تیز ترار، ذہین، شاطرانہ مزاج، اچھی قوت فیصلہ کے مالک، آزاد اور آزادانہ سوچ کے مالک افراد ہوتے ہیں۔ تعلقات کے آغاز میں ہی دوسروں پر غالب آنے کی کوشش اور مضبوط مستقلم اور پر اعتماد ہوتے ہیں، تاہم ان میں جنسی خواہشات زیادہ ہوتی ہیں۔ اسکے برعکس سنبلہ لڑکی یا عورت اتنی ہی شرمیلی اور شرم و حیا کا پیکر ہوگی۔ امور خانہ داری میں ماہر اور سُر و آواز کا امتزاج سنبلہ خواتین میں پایا جاتا ہے۔ سنبلہ کے مزاج پر چاند کا اثر بہت شدت سے ہوتا ہے۔ مکمل طور پر سنبلہ افراد پر گفتگو کرنے کے لئے قمر کی زائچہ میں موجودگی انکی شخصیت کو واضح کرتی ہے۔ خاکی مزاج ہونے کی وجہ سے اپنی ذات گھر اور اپنے تعلقات کے حصار میں رہتے ہیں۔ دائرۃ البروج میں چھٹا برج ہے انکی پیدائشی علامات میں زیریں ناف پر پیدائشی علامات ہو سکتی ہیں

ستاروں کی گردش و اہم معاملات : زحل کی گردش سارا سال برج دلو کے چھٹے گھر میں ہوگی۔ صحت سلامتی کے لحاظ سے آپ کو احتیاط کرنا ہوگی۔ یہاں زحل کی رجعت کے ایام آپ کی صحت کو متاثر کریں گے، خصوصاً مریخ اور شمس کے ساتھ چھٹے گھر میں زحل کا قران نہایت احتیاط طلب وقت ہوگا۔ دوسری جانب مشتری گیارہ مئی تک ساتویں گھر میں رہتے ہوئے اچھے حالات عزت وقار میں اضافہ، ازدواجی شراکتی معاملات کو بہتر بنائے رکھے گا لیکن 11 مئی کو مشتری برج حمل میں آٹھویں گھر میں داخل ہو جائے گا والدہ اور اہل خانہ کی صحت متاثر ہونے کے ساتھ گھریلو مسائل بڑھ سکتے ہیں خصوصاً مشترکہ خاندانی نظام میں رہنے والے لوگ اس سال الگ ہو سکتے ہیں وراثتی جائیداد کے مسائل سر اٹھائیں گے۔ شریک حیات کی صحت متاثر ہونے کے امکانات کے ساتھ مالی توازن میں بگاڑ پیدا ہو سکتا ہے۔ راہو اور کیتو جو گذشتہ ڈیڑھ سال چوتھے دسویں گھر میں معاملات کو متاثر کر رہے تھے اس سال جنوری 18 کو برج تبدیل کرتے ہوئے راہو برج ثور میں اور کیتو برج عقرب میں داخل ہو جائے گا۔ بہن بھائیوں میں اختلافات، صحت کے مسائل اور تعلقات میں خرابیاں راہو کیتو کی وجہ سے پیدا ہو سکتی ہیں۔

ستارے آپ کے

معاشی و مالی استحکام : زہرہ و مشتری اہم نوعیت کے حامل ہیں۔ 5 اپریل تا 2 مئی زہرہ کا شرف کے گھر میں قیام شراکتی کاروبار والوں کو تو فائدہ دے گا ہی اسکے ساتھ ساتھ ملازمت پیشہ افراد کو بھی مالی طور پر مضبوط کرے گا۔ یہاں مشتری اور زہرہ کا قران مالی استحکام کے حوالہ سے نہایت اہم ہوگا۔ عطارد 11 اپریل سے 5 جولائی تک سعد حالت میں رہتے ہوئے یقینی طور پر اچھے حالات کی نشان دہی کرتا ہے۔ اس دوران نئے کاروبار کی بنیاد رکھنا یا جاری کاموں کو وسعت دینے کی کوشش کریں۔ شراکتی طور پر مالی منصوبوں کے لحاظ سے بہترین وقت ہے۔ 2 مئی تا 26 مئی، 5 ستمبر تا 29 ستمبر، 23 اکتوبر تا 16 نومبر زہرہ کے نحس اوقات ہونگے۔

جبکہ عطارد کی رجعت 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر تک ہوگی ان تاریخوں میں مالی مسائل پیدا ہو سکتے ہیں نئے یا جاری کاموں کو وسعت دینے سے گریز کریں 29 جولائی تا 24 نومبر مشتری کی رجعت کے ایام بھی احتیاط طلب ہونگے۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری : زحل اور زہرہ ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔ زحل سارا سال چھٹے گھر میں ہوگا۔ چھوٹے انعامات لاٹری یا اسٹاک مارکیٹ سے فوائد دیتا رہے گا، تاہم یہاں نئی سرمایہ کاری کرنا اچھا ثابت نہ ہوگا۔ خصوصاً سال کے آٹھ ماہ حالات زیادہ اچھے نہیں ہونگے۔ تاہم اپنے بچوں کو نئے کاروبار پر لگانا، سرمایہ کاری کرنا یا بچوں کے حوالہ سے انعام یا لاٹری کا حصول ممکن ہوگا۔ منگنی یا نسبت کے حوالہ سے 29 ستمبر تا 23 اکتوبر کا وقت نہایت اچھا ہوگا، دیگر اوقات میں معاملات خراب ہو سکتے ہیں۔ مخالفین یا قریبی لوگ معاملات خراب کریں گے۔ 10 دسمبر تا 3 جنوری اور آنے والے سال کی فروری کا وقت نہایت مناسب ہوگا۔ زہرہ کا پانچویں قیام اور چھٹے زحل کے ساتھ قران بڑے انعامات مل سکتے ہیں، اسٹاک مارکیٹ سے فوائد حاصل ہوں گے تاہم زحل کی رجعت 5 جون تا 23 اکتوبر کے درمیان منگنی نسبت طے ہونے یا بانڈز یا لاٹری میں سرمایہ کاری کرنا فائدہ مند نہ ہوگی، نقصان ہو سکتا ہے احتیاط کرنا مناسب ہوگا۔

شراکتی ازدواجی و معاملات و شادی بیاہ : عطارد

مشتری شراکتی وازدواجی حوالہ سے اور زحل مشتری شادی بیاہ و پسند کی شادی کے حوالہ سے اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔ گیارہ مئی تک حالات شادی بیاہ و شراکتی حوالے سے سازگار ہونگے۔ 5اپریل تا2مئی زہرہ کا ساتویں شرف شادی بیاہ میں موجود رکاوٹوں کو ختم کرنے کا باعث بنے گا۔ سنبلہ افراد کے لئے اپریل کا مہینہ شادی بیاہ کے حوالے سے نہایت سعد اہمیت کا حامل ہوگا۔ ان ایام میں اپنی یا سنبلہ بچوں کی شادی یقیناً ازدواجی خوشیوں سے بھرپور ہوگی۔ شراکتی کاروبار کی بنیاد رکھنے والے افراد یا کسی بھی سطح پر شراکتی کاموں کو شروع کرنے کا یہ بہترین وقت ہوگا۔ پسند کی شادی کرنے کے خواہش مند افراد ان اوقات میں شادی کرسکیں گے۔ گیارہ مئی سے برج حمل میں مشتری کا داخلہ بھی سعد حیثیت کا حامل ہوگا۔ 4اگست تا26اگست عطارد کا شرف اور ،29 ستمبر تا23اکتوبر زہرہ کا میزان میں ہونا سعد اوقات ہونگے۔ تاہم مشتری کی رجعت 29 جولائی تا 24نومبر ہوگی ان ایام میں شادی بیاہ شراکتی یا کاروباری کوئی نیا کام نہ کریں۔

تعلقات عامہ سفر و نزدیکی تعلقات:۔ مریخ اس معاملہ میں اہم ہے لیکن مریخ سنبلہ والوں کے لئے اچھا نہیں ہوتا جبکہ زہرہ تعلقات کے حوالہ سے اہم ستارہ ہے۔ 5اپریل تا2مئی زہرہ شرف کے گھر میں ہوگا معاشرتی تعلقات و قریبی اقرباء سے تعلقات بہتر رہیں گے۔ انہی دنوں مریخ 16اپریل تا25مئی حوت میں قیام کرتے ہوئے مشتری کے ساتھ بگڑے تعلقات کو بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ چھوٹے قریبی سفر ان ایام میں کریں گے۔ 2مئی تا26مئی زہرہ برج حمل میں نحس ہوگا اپنے جذبات اور غصہ پر قابو رکھیں، طبیعت میں تیزی اور تلخی تعلقات خراب کرے گی۔ سفر میں احتیاط کرنا ہوگی۔ مریخ 25مئی تا5جولائی آٹھویں گھر حمل میں ہوگا۔ ان اوقات میں تعلقات بہتر رہیں گے۔ ازدواجی ونزدیکی تعلقات بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ ،29 ستمبر تا23اکتوبر زہرہ کا میزان میں قیام ہوگا تعلقات بہتر رہیں گے، جبکہ سیر وسیاحت یا تقریبات میں شمولیت ان دنوں عروج پر رہے گی۔ جبکہ عطارد کی رجعت کے ایام میں سفر سے گریز کرنا مناسب ہوگا 23اکتوبر تا16نومبر، سفر سے گریز کریں ان دنوں تلخیاں عروج پر رہیں گی۔

وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات:۔ زحل قرضوں کے حوالے سے اور مریخ وراثت ومشتری مشترکہ مالی مفادات کے حوالے سے اہم سیارگان ہیں۔ زحل سارا سال چھٹے گھر میں ہوگا یہاں قرضوں میں اضافہ ہوسکتا ہے، جبکہ نئے قرضوں کے حصول میں کامیابیاں ملیں گی۔ 5جون تا23اکتوبر زحل کی رجعت کے ایام میں مالی معاملات خراب اور قرضوں میں اضافہ ہوگا۔ وراثتی معاملات 24 جنوری تا6مارچ اور 25مئی تا5جولائی کے درمیان حل کرنے کی کوشش کریں ان اوقات میں خوش اسلوبی سے معاملات حل ہوسکیں گے۔ خصوصاً مشتری کا گیارہ مئی کو آٹھویں حمل میں داخلہ اور مریخ کے ساتھ قران وراثتی مسائل حل کرنے میں نہایت سعد اوقات ہونگے۔ شراکتی معاملات گیارہ مئی تک نہایت خوش اسلوبی سے چلتے رہیں گے، نئی شراکت داریاں وجود میں آسکتی ہیں۔ جبکہ گیارہ مئی کو برج حمل میں مشتری کا قیام شراکتی معاملات میں پیدا شدہ الجھنوں اور عدم اعتماد کو ختم کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ 29جولائی تا 24نومبر مشتری کی رجعت شراکتی و وراثتی معاملات میں التوا اور مشکلات پیدا کرسکتی ہے ان اوقات میں معاملات کو صبر وتحمل سے حل کرنے کی کوشش کریں۔

حج زیارات بیرون ملک سفر و اعلیٰ تعلیم:۔ نویں گھر کا مالک زہرہ اور یہاں راہو کا قیام دینی معاملات، حج زیارات اور بیرون ملک سفر کے حوالے سے اہم ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند افراد کو بیرون ملک یا اندرون ملک تعلیم کے حوالے سے مدارس و یونیورسٹیز میں داخلے مل سکیں گے۔ 18 جنوری سے آنے والے سال تک اٹھارہ ماہ کے لئے راہو کا قیام آپکو دینی تعلیمات اور دینی مقامات کی جانب لے جائے گا۔ خصوصاً8 مئی تا23جون زہرہ کا برج ثور میں راہو کے ساتھ قیام اور قران حج زیارات کے سفر کی تیاری اور ارادوں کے حوالے سے اہم وقت ہوگا۔ ان ایام میں حج کی تیاری کریں۔ PHDاور دیگر اعلیٰ تعلیمی ڈگریوں کے حصول کے حوالے سے راہو اور زحل اہم کردار ادا کریں گے۔ امپورٹ ایکسپورٹ یا بیرون ملک تجارت سے منسلک افراد کو نہایت اہم اور متبرک وقت ملے گا، ان دنوں میں اگر آپ بیرون ملک سفر یا تجارت کے معاہدے کرسکیں تو ساری زندگی اس کا ثمر آپ کو ملتا رہے گا۔ 5 ستمبر تا29 ستمبر اور 23اکتوبر تا16 نومبر سفر کے حوالے سے نحس اوقات ہونگے بیرون ملک سفر سے اجتناب کریں یا سفر لازم ہو تو صدقات دیں۔

امیدیں خواہشات و دوست احباب:۔ قمر اور مریخ ان معاملات میں اہم سیارگان ہیں۔ جبکہ عطارد کا کردار اہم نوعیت کا حامل ہوتا ہے۔ قمر ایک تیز رفتار سیارہ ہے جو ایک ماہ میں عروج وزوال کی منازل طے کرتا ہوا دوست احباب اور بنتے بگڑتے تعلقات میں تبدیلیاں لاتا ہے۔ قمر در سرطان اور قمر در سنبلہ کی تواریخ جنتری میں نوٹ کرلیں ان ایام میں دوست احباب سے کام لینے کی کوششیں کامیاب ہونگی۔ لیکن قمر در عقرب کے ایام میں دوست احباب سے وابسطہ امیدیں پوری نہ ہونگی۔ عطارد آپکی ذات اور کاروباری تعلقات کو ظاہر کرتا ہے، عطارد کی رجعت 14 جنوری تا4فروری ،10 مئی تا 3جون ،10 ستمبر تا2اکتوبر کے ایام میں معاملات خراب ہونے کے امکانات ہونگے، تاہم 30اپریل تا5جولائی ،اور 4اگست تا26اگست کے ایام سعد

ہونگے۔ کاروباری و نجی دوست احباب، ہمسایہ و نزدیکی تعلقات اور ان لوگوں سے وابسطہ امیدیں ان دنوں پوری ہونے کے واضح امکانات ہونگے۔ 24 جنوری تا 6 مارچ مریخ کا شرف دوست احباب کی مدد سے دشمنوں پر غلبہ پانے کے حوالے سے اہم وقت ہوگا۔

امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور:۔

زہرہ اور شمس ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔ 20 جنوری تا 18 فروری امیگریشن کے حوالے سے منفی وقت ہوگا، شمس کا زحل کے ساتھ قران امیگریشن معاملات میں التوا، تاخیر نا کامی لا سکتا ہے۔ 18 فروری تا 21 مئی کا وقت شمس کی گردش ساتویں تا نویں گھر میں ہوگی۔ اس دوران شمس مشتری اور زہرہ کے ساتھ قران کرتا ہوا معاملات میں بہتری لائے گا۔ روحانی امور کے لحاظ سے زہرہ 5 اپریل تا 2 مئی ساتویں شرف اور 28 مئی تا 23 جون برج ثور میں قیام اور راہو کے ساتھ قران روحانی مشیر اساتذہ یا راہنما کی مدد سے آپ روحانیت کی منازل طے کر سکیں گے۔ ان ایام میں اپنی درست سمت کا تعین کرنا آپ کے لئے باعث اطمینان ہوگا۔ ان ایام میں امیگریشن معاملات اچھے رہیں گے، ویزہ کے حصول کے لئے کاغذی کاروائی کا آغاز کریں، کامیاب ہونگے۔ شمس کا گرہن آپکے خفیہ معاملات کو سامنے لانے میں اہم ہوتا ہے جسکی تفصیل آگے ملاحظہ کریں۔

قمری و شمسی گرہن:۔ بیت لامید کا حاکم قمر اس سال دو بار گرہن میں آئے گا، جب کہ شمس خفیہ امور و امیگریشن کے مسائل سے منسلک شمس بھی دو بار گرہن میں آئے گا۔ شمس کا پہلا گرہن 30 اپریل اور یکم مئی کی درمیانی شب نویں گھر برج ثور میں لگے گا جبکہ اسی مقام پر قمر کا دوسرا گرہن 8 نومبر کو لگے گا۔ بیرون ملک سفر، تعلقات، تجارت اور دیگر معاملات اس گرہن کی وجہ سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ خصوصاً بیرون ملک تعلیم یا کاروباری غرض سے جانے والے افراد کا سلسلہ التوا یا مشکلات کا شکار ہو سکتا ہے۔ بیرون ملک مقیم افراد کی صحت متاثر ہو سکتی ہے۔ دوسرا قمری گرہن 16 مئی کو تیسرے گھر عقرب میں لگے گا اور یہیں شمس کا دوسرا گرہن 25 اکتوبر کو لگے گا یہ گرہن نسبتاً زیادہ نحس ہوگا، جو کہ قمر در عقرب کے درمیان لگے گا۔ قریبی تعلقات، بہن بھائیوں عزیز و اقرباء دوست احباب سے متاثر ہونگے۔ سفر میں مشکلات در پیش آ سکتی ہیں۔ چونکہ کیتو 18 جنوری سے برج عقرب میں داخل ہو چکا ہوگا لہذا عقرب اور ثور میں لگنے والے چاروں گرہن زیادہ نحس اثرات دے سکتے ہیں۔ گرہن کی ان تواریخ میں نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی کریں۔ اور صدقہ چاول باجرہ پرندوں کو لازمی دیں۔ یاد رکھیں اگر آپ کے زائچہ ولادت میں کوئی ستارہ انہی مقامات پر موجود ہو جہاں گرہن لگ رہے ہیں تو یہ گرہن از حد نحوست مرتب کر سکتے ہیں۔ بہتر ہے کہ اپنا زائچہ بنوا کر مناسب صدقات تجویز کروائیں اور گرہن کی نحوستوں سے بچیں۔

صدقات وظائف اور جواھرات:۔ یا اللهُ یا رزاقُ یا غنیُ کا ورد 122 مرتبہ کریں یا کم از کم 41 مرتبہ لازمی کریں۔ جوہرات میں آپ اونکس، جیڈ، زمرد پہن سکتے ہیں جبکہ سفید پکھراج یا ہیرا راہو کیتو کی نحوستوں سے بچنے کے لئے آپ پہن سکتے ہیں۔ اگر آپ اصلی اور سرٹیفائیڈ پتھر خریدنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں 03 111 888 668

ستارے آپ کے

خصوصیات: کھلے دل والے میزان افراد زندگی گزارنے کے لئے خاصے پر جوش اور کھلے ذہن کے مالک ہوتے ہیں ہر اس چیز سے انہیں کراہیت محسوس ہوتی ہے جس سے انکے لباس یا شخصیت یا ہاتھوں پر گندگی یا نشان آنے کا امکان ہو۔ اسراف کھلے ہاتھ کے مالک اور دوستوں اور ملنے جلنے والوں میں امتیازی مقام رکھنے کی خواہش رکھتے ہیں۔ منقلب بادی برج ہونے کی وجہ سے حالات اور واقعات کے مطابق خود کو ڈھالنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ صنف مخالف میں اچھا مقام رکھتے ہیں۔ مرد و زن دونوں میزان افراد شکل صورت اور خوبصورتی کے لحاظ سے اچھے ہوتے ہیں اگر انکے لگن میں کوئی نحس ستارہ نہ ہو۔ زہرہ انکا ستارہ ہے، فطری طور پر حسن، خوبصورتی، فطرت اور فطری مقامات سے پیار کی حد تک عشق ہوتا ہے۔ میزان افراد عمدہ شریک حیات ثابت ہوتے ہیں۔ بیضوی چہرے کے مالک گردن زیر ناف یا جنسی مقام پر پیدائشی علامات رکھتے ہیں۔

ستاروں کی گردش و اھم معاملات: تیسرے چھٹے کا مالک مشتری گیارہ مئی تک چھٹے گھر برج حوت میں رہتے ہوئے صحت سلامتی کے معاملات میں بہتری رکھے گا۔ دشمنوں پر غلبہ، آفس کے معاملات میں بہتری اور نوکری میں ترقی کے امکانات گیارہ مئی تک رہیں گے۔ جبکہ گیارہ مئی کے بعد

مشتری کا داخلہ برج حمل ساتویں گھر میں ہو جائے گا ،تعلقات میں بہتری لائے گا، بہن بھائیوں کی جانب سے خوشی کی خبر یا بہن بھائیوں میں سے کسی کی شادی بیاہ یا دنیاوی خوشی کی خبر دیگا۔ ازدواجی معاملات میں ملا جلا رجہان رہے گا ،خصوصاً مشتری کے رجعت کے ایام میں آپ کو سسرالی ازدواجی معاملات میں مشکلات یا تلخیوں کا سامنا ہوسکتا ہے۔شراکتی وسماجی معاملات میں مشتری یہاں نیوٹرل کردار ادا کرتا ہوا معاملات کو سنبھالنے اور معاملہ فہمی کی جانب لے جائے گا۔ تاہم سماجی تنظیموں سے منسلک افراد کو کامیابیاں مل سکیں گی۔مشتری کا ساتویں گھر میں قیام غیر شادی شدہ افراد کی شادی کروا سکتا ہے زحل بدستور سال گذشتہ کی طرح برج دلو میں پانچویں گھر رہے گا۔علم وفراست تعلیم اور تحقیق کے کاموں سے منسلک افراد کو یہاں زحل کامیابیاں دلوائے گا۔ پیار محبت اور عشق کی جانب نئے روابط بنیں گے۔ تاہم یہاں زحل کا قیام اولاد کی خواہش رکھنے والے افراد کو مایوسی دے سکتا ہے۔اسکے ساتھ ہی اسٹاک مارکیٹ اور ذخیرہ اندوزی کے کاموں سے منسلک افراد کو کامیابی مل سکتی ہے۔ پرائز بانڈز یا لاٹری سے آپ کو کثیر رقم کا حصول ہوسکتا ہے۔راہو برج ثور اور کیتو برج عقرب میں 18 جنوری کو ڈیڑھ سال کے لئے داخل ہو جائیں گے، اپنی اور شریک حیات کی صحت کا خاص خیال رکھیں اعصاب اور اعصابی دباؤ آپ کو مختلف پریشانیوں یا بیماریوں میں مبتلا کرسکتا ہے، گو کہ راہو کیتو دونوں شرف کے گھر میں ہونگے تاہم انکے منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں

معاشی ومالی استحکام:۔ مریخ اور قمر عطارد ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں مریخ روزمرہ کی آمدنی کو ظاہر کرتا ہے اور عطارد نویں کا مالک ہو کر قسمت کے معاملات کو ظاہر کرتا ہے جبکہ قمر آپ کے دسویں کا مالک ہو کر آپ کے کام کاروبار میں عروج زوال کو ظاہر کرتا ہے۔ مریخ سارا سال چوتھے سے نویں گھر کے درمیان گردش کرے گا۔24 جنوری تا 6 مارچ مریخ کی شرف میں چوتھے گھر موجودگی زمین جائیداد کی فروخت یا گھریلو سواری از قسم کار کی فروخت یا تبدیلی میں مالی فوائد کا حصول ممکن ہوگا۔15 اپریل تا 25 مئی مریخ کا چھٹے گھر قیام کاروباری افراد کے لئے ملے جلے اوقات کا حامل ہوگا تاہم نوکری پیشہ افراد کے لئے ترقی یا تنخواہ میں اضافہ کی صورت میں مالی استحکام لائے گا۔ 25 مئی تا 5 جولائی مریخ کا ساتویں گھر قیام شراکتی امور میں مالی بہتری اور نئی شراکت داریوں کے ذریعہ سے مالی بہتری کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ 15 جنوری تا 4 فروی، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر، عطارد کی رجعت کے ان ایام میں قسمت ساتھ نہ دے گی۔تحریری مالی معاملات میں احتیاط برتیں، 20 اگست تا سال آخر تک مریخ کا قیام نویں گھر میں ہوگا، مریخ کی طرح اور 30 اکتوبر سے رجعت جو کہ سال کے آخر تک رہے گی کاروباری میزان افراد کے لئے یہ مشکل وقت ہوگا۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری :۔ زحل اور مریخ ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل ہوتے ہیں۔جبکہ زہرہ دونوں ستاروں کے ساتھ مل کر سعد اور نحس واقعات مرتب کرتا ہے۔زہرہ 6 مارچ تا 5 اپریل برج دلو میں زحل کے ساتھ قران کرے گا۔انعامی بانڈز لگنے کے حوالے سے اس سال کا سعد ترین وقت ہوگا۔اگر آپ نے پرائز بانڈز میں قسمت آزمائی کرنی ہو تو لازمی ان دنوں اپنی قسمت آزمائیں۔ یوں تو زحل سارا سال پانچویں گھر میں رہتے ہوئے چھوٹے بڑے انعامات دلوا سکتا ہے، تاہم یہ وقت بڑے انعامات کے حوالے سے بہتر ہوگا، جبکہ مئی کا مہینہ منگنی اور نسبت طے کئے جانے کے حوالے سے بہتر ہوگا۔ان ایام میں بچوں کے رشتے طے ہوسکیں گے، جبکہ غیر شادی شدہ افراد کو بھی شادی کے لئے بہترین اوقات میسر ہونگے۔مریخ 25 مئی تا 5 جولائی ساتویں اور زحل پانچویں گھر زہرہ 26 مئی تا 23 جون آٹھویں گھر ثور میں ہونگے۔ یہ اوقات کسی بھی میزان مرد وعورت کے لئے نکاح شادی اور رشتہ کے حوالے سے اہم ہیں انہی دنوں میں پسند کی شادی کے خواہاں افراد کو من پسند جگہ رشتہ ہونے کے امکانات بھی ہونگے۔5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت کے ایام میں منگنی کرنے سے گریز کریں ورنہ رشتہ ٹوٹنے کا امکان ہوگا۔

شراکتی ازدواجی معاملات وشادی بیاہ:۔

مریخ اور زہرہ دونوں ستارے ان معاملات کے حوالے سے اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔زحل کی نظر سارا سال شراکتی امور سے منسلک گھر پر پڑتی رہے گی۔شادی بیاہ کے جاری معاملات میں ان بن اور رکاوٹیں آسکتی ہیں۔ 24 جنوری سے 6 مارچ تک مریخ کی چوتھے گھر موجودگی گھریلو سطح پر رشتوں کی تلاش اور بات چیت کے حوالے سے اہم ثابت ہوگی، تاہم 6 مارچ تا 15 اپریل مریخ کی زحل کے ساتھ پانچویں گھر موجودگی شادی بیاہ اور رشتوں سے منسلک کاموں میں التوا لائے گی۔بنتی بات بگڑ سکتی ہے رشتے ٹوٹ سکتے ہیں اور شادی بیاہ کی تیاریاں ادھوری رہ جائیں گی۔ بہتر ہوگا ان ایام میں ازدواجی معاملات کے حوالے سے قدم نہ اٹھائیں۔مریخ 25 مئی تا 5 جولائی ساتویں اور زحل پانچویں گھر، زہرہ 26 مئی تا 23 جون آٹھویں گھر ثور میں ہونگے۔یہ اوقات کسی بھی میزان مرد وعورت کے لئے نکاح شادی اور رشتہ کے حوالے سے اہم ہیں۔ان ایام میں پیش رفت کریں۔مالی شراکتی منصوبوں میں پیش رفت کے لئے مئی کے بعد کے ایام سودمند ثابت ہونگے۔تاہم مشتری کی رجعت 29 جولائی تا 24 نومبر کے درمیان مالی شراکت داریوں کے حوالے سے

گریز کریں، بلکہ جاری شراکت داروں کو سنبھالنے کی کوششیں کریں ورنہ معاملات بگڑ سکتے ہیں۔

تعلقات عامہ سفر و نزدیکی تعلقات: مریخ اور مشتری ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔ مشتری گیارہ مئی تک چھٹے گھر برج حوت میں رہتے ہوئے ملازمت پیشہ افراد کی بدلی یا رہائش کی تبدیلی کے لحاظ سے اہم طور پر اثر انداز ہوگا جبکہ گیارہ مئی کے بعد مشتری کا برج حمل ساتویں گھر میں داخلہ اور تیسرے گھر پر مشتری کی سعد نظر تعلقات میں بہتری لانے کے ساتھ نئے تعلقات بننے اور دیر پا مضبوط تعلقات کی بنیاد رکھنے کے حوالہ سے اہم وقت ثابت ہوگا۔ مریخ 25 مئی تا 5 جولائی مشتری کے ساتھ ساتویں گھر قیام پذیر ہوگا۔ دوسرے اور تیسرے گھر کے مالک کا قران ساتویں گھر میں تعلقات عامہ کے لحاظ سے نہایت بہترین ہوگا۔ کاروباری افراد کو کاروبار کی غرض سے قریبی سفر کم و بیش سارا سال ہی درپیش رہیں گے، تاہم مریخ کی نحوست 6 مارچ تا 15 اپریل، اور 5 جولائی تا سال کے آخر تک اور مشتری کی موجودگی حمل میں زائچہ کے حوالہ سے سعد نہ ہوگی۔ ان ایام میں دوران سفر احتیاط کریں۔ انہی اوقات میں مشتری کی رجعت ساتویں گھر میں 29 جولائی تا 24 نومبر تعلقات عامہ کے لحاظ سے اچھی نہ ہوگی۔ 5 ستمبر تا 29 ستمبر زہرہ کا وبال مزید مشکلات میں اضافہ تو کرے گا تاہم میزان میں زہرہ 29 ستمبر تا 23 اکتوبر رہتے ہوئے تعلقات میں بہتری اور اچھے حالات لائے گا۔

وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات: ۔ مشتری کی چھٹے گھر میں گیارہ مئی تک موجودگی ممکن ہے کہ قرضوں میں اضافہ کا باعث بنے چھٹے گھر میں مشتری کا سال گذشتہ سے قیام قرضوں میں اضافہ کے لحاظ سے اہم رہا ہے۔ تاہم گیارہ مئی سے مشتری ساتویں گھر داخل ہوگا شراکتی بنیادوں پر موجود قرضوں کی ادائیگی کے لحاظ سے کام کرنا بہتر ثابت ہوگا۔ پہلے سے جاری شراکتی کاموں کو وسعت دینے کے لئے مشتری کا ساتویں گھر میں داخلہ نہایت اہم نوعیت کا حامل ہوگا۔ 2 مئی تا 25 مئی زہرہ اور مشتری کا قیام ساتویں گھر میں ہوگا یہ وقت شراکتی کاموں اور قرضوں کے حصول کے لحاظ سے اہم ثابت ہوگا۔ زحل کی وجہ سے وراثتی مسائل الجھن کا شکار ہو سکتے ہیں خصوصاً وراثتی جائیداد یا کاروبار سے سرمایہ کے حصول کے خواہش مند افراد کو سخت حالات کا سامنا ہو سکتا ہے اور وراثتی جھگڑے شدت اختیار کر سکتے ہیں خصوصاً زہرہ کی نحوست کے ایام 6 ستمبر تا 29 ستمبر، 23 اکتوبر تا 16 نومبر کے دوران وراثتی مسائل الجھیں گے۔ 5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت گھریلو وراثتی تقسیم کے لحاظ سے منفی اوقات ہونگے۔

حج زیارات بیرون ملک سفر و اعلیٰ تعلیم: ۔ عطارد اور زہرہ ان معاملات کے حوالہ سے اہم ہیں جبکہ بچوں کی اعلیٰ تعلیم کے حوالہ سے زحل کا عمل دخل بھی اہم نوعیت کا حامل ہوگا 10 مارچ تا 27 مارچ اور 17 نومبر تا 7 دسمبر عطارد نحس گھروں میں ہونگے، ان ایام میں حج زیارات اور امیگریشن کے حوالہ سے کئے گئے کام التوا کا شکار ہو سکتے ہیں۔ کاغذی کاروائیوں میں الجھنیں پیدا ہو سکتی ہیں۔ 30 اپریل تا 5 جولائی اور 4 اگست تا 26 اگست بیرون ملک سفر کے حوالہ سے اہم اوقات ہونگے۔ ان ایام میں حج زیارات اور اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند افراد کو بھی بیرون ملک سفر کے مواقع دستیاب ہونگے۔ 15 جنوری تا 4 فروی، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا کتوبر، عطارد کی رجعت کے ان ایام میں سفر کی کوششیں ناکامی سے دوچار ہو سکتی ہیں، کوشش کریں ان ایام میں امیگریشن کے کاموں یا بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کے حوالہ سے کاروائیوں کا آغاز نہ کریں مشکلات پیدا ہونگی۔ بچوں کی اعلیٰ تعلیم کے حوالہ سے زحل کی پانچویں گھر موجودگی علم و دانش اور تحقیق کے حوالہ سے اہم ہوگی۔ زحل کی رجعت کے ایام 5 جون تا 23 اکتوبر بچوں کو بیرون ملک تعلیم کی غرض سے سفر میں وقت یا التوا درپیش ہو سکتی ہے۔

امیدیں خواہشات و دوست احباب: ۔ شمس اور زہرہ ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔ گیارہویں گھر کا مالک شمس ہر ماہ بروج سے گذرتے ہوئے سعد و نحس اثرات مرتب کرتا ہے۔ 20 جنوری تا 18 فروری، 21 مئی تا 21 جون، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر، شمس کی گردش نحس بروج میں ہوگی۔ ان ایام میں دوست احباب سے وابسطہ امیدیں ٹوٹ سکتی ہیں اپنے مشیروں صلاح کاروں اور قریبی دوستوں کے مشوروں پر ان دنوں اندھا دھند عمل نہ کریں ورنہ مشکلات کا شکار ہو سکتے ہیں۔ 20 مارچ تا 20 اپریل، 23 جون تا 23 اگست، سعد اوقات ہونگے، اسی دوران مریخ اور شمس کی سعد نظرات بھی دوست احباب اور دیگر وابسطہ امیدوں کے حوالہ سے اہم ثابت ہونگی۔ 11 اگست تا 6 ستمبر اور 29 ستمبر تا 23 اکتوبر زہرہ کی سعادتیں بھی سعد اثرات مرتب کریں گی۔

امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور: ۔ عطارد نویں اور بارہویں کا مالک ہو کر ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں ۔ امیگریشن کے لحاظ سے 30 اپریل تا 5 جولائی اور 4 اگست تا 26 اگست اہم اوقات ہونگے۔ ان اوقات میں بیرون ملک سفر، امیگریشن کے حصول کے خواہش مند افراد کو معاملات کا آغاز کرنا چاہئے، کامیابی نصیب ہوگی۔ اسی دوران 5 اپریل تا 2 مئی زہرہ کا شرف کاموں میں مزید آسانی پیدا کرے گا۔ ملازمت یا کام کاروبار کی بنیاد پر امیگریشن کے خواہش مند افراد ان اوقات سے فیض یاب ہو سکتے ہیں۔ 23 جون تا 18 جولائی زہرہ کا اوج نویں گھر میں

بیرون ملک سفر کرنے یا امیگریشن کے حوالے سے ایک اور سعد وقت آپ کو دستیاب ہوگا۔ تاہم عطارد کی رجعت کے ایام 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر، ہونگے ان ایام میں امیگریشن کے کاموں کے آغاز یا دیگر کاروائیوں کو التوا میں ڈالنا بہتر ہوگا۔ روحانی امور کے لحاظ سے رجعت کی سعادت کو لازمی ملحوظ خاطر رکھیں، خصوصاً ورد وظائف یا دیگر روحانی کاموں کے لحاظ سے احتیاط برتیں۔

قمری و شمسی گرہن:۔ دو گرہن دوسرے گھر اور دو گرہن آٹھویں گھر میں لگیں گے۔ مالی نظام میں گڑبڑ یا اچانک بگاڑ پیدا ہو سکتا ہے۔ 30 اپریل کا جزوی شمسی گرہن اور 8 نومبر کا قمری گرہن آٹھویں گھر میں کاروباری معاملات میں اچانک بڑا نقصان یا کاروباری رفیقوں کی جانب سے دھوکہ دہی کے امکان کو ظاہر کرتا ہے۔ 16 مئی کا مکمل قمری گرہن اور 25 اکتوبر کا جزوی شمسی گرہن دوسرے گھر برج عقرب میں لگیں گے۔ مالیاتی نظام کا خاص خیال رکھیں اچانک مالی توازن میں بگاڑ آپ کو پریشانی سے دوچار کر سکتا ہے۔ گرہن کے ان ایام میں نماز کسوف و خسوف کی ادائیگی اور صدقات لازمی دیں تاکہ گرہن کی نحوستوں سے بچا جا سکے۔

صدقات وظائف اور جواہرات:۔ چینی سوجی کا صدقہ عموماً جمعہ کے روز دینا معمول بنا لیں۔ اسکے علاوہ کالے چنے کا صدقہ بروز جمعرات دینا مشتری کے وبال کی نحوستوں سے آپکو بچانے میں معاون ثابت ہوگا۔ ہیرا یا سفید پکھراج کا نگینہ آپ پہن سکتے ہیں جبکہ خصوصی طور پر اپنے نگینہ کا انتخاب کرنے کے لئے اپنا زائچہ بنوا کر مناسب نگینہ تجویز کروائیں۔ اگر آپ اصلی اور سرٹیفائیڈ پتھر خریدنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں **03 111 888 668**

ستارے آپ کے

عقرب SCORPIO سیارہ: مریخ
24 Oct - 22 Nov

دن: منگل **عدد:** 9 **حروف:** ن، ی، ذ، خ، ظ

رنگ: نیلا، سرخ

عنصر: آبی

جواہر: پکھراج، عقیق، موتی

بہترین شریک حیات: حوت، سرطان

ناموافق ساتھی: دلو، ثور، اسد

بیماریاں: سر، حلق وناک کی بیماریاں، پیچش، نزلہ، معدہ

خصوصیات: عقرب افراد سخت مزاج، ذہین اور تلخ ہونے کی وجہ سے جانے جاتے ہیں لیکن ان میں بہت سی مثبت خصوصیات بھی ہوتی ہیں۔ عقرب افراد کی خصوصیات عموماً پوشیدہ یا چھپی ہوئی ہوتی ہیں۔ یہ اپنا آپ دوسروں کے سامنے کھولنے سے گریز کرتے ہیں۔ جب کبھی دوستوں یا اہل خانہ و خاندان کے لوگوں کو مشکل میں پاتے ہیں تو عقرب افراد بہادری کے ساتھ خود کو رضا کارانہ طور پر پیش کرتے ہیں۔ عقرب افراد کی اکثریت راست گو اور سچائی پسند ہوتی ہے۔ یہی عادت انکے دشمنوں میں اضافہ بھی کرتی ہے۔ اپنے حدف کو حاصل کر لینے کا جذبہ ان میں بہت شدت سے پایا جاتا ہے۔ خاموشی کے ساتھ اپنے حدف کے حصول کے لئے محنت کرتے ہیں۔ بہت حساس طبیعت ہوتے ہیں۔ حسد اور جلن کو بہت جلد محسوس کر لیتے ہیں۔ جسکی وجہ سے اکثر عقربی افراد ذہنی دباؤ اور تناؤ کا شکار بھی ہو جاتے ہیں۔ جس چیز کی کھوج لگانا چاہیں یہ اسکی تہہ تک پہنچ جاتے ہیں۔ دائرۃ البروج میں آٹھواں برج ہونے کی وجہ سے ان میں جنس مخالف کی شدید طلب پائی جاتی ہے، مریخ انکا ستارہ ہے جو جنسی قوت اور صلاحیت کا حاکم مانا جاتا ہے۔ شریک حیات کا انتخاب ان کی زندگی کا ایک مسئلہ ہوتا ہے اکثر عقربی افراد کی ازدواجی زندگی صرف ان کی مرضی کا ساتھی نہ ہونے کی وجہ سے خراب ہوتی ہے۔

ستاروں کی گردش واہم معاملات: گیارہ مئی تک حالات قابو میں رہیں گے۔ مالی، معاشرتی ازدواجی وکاروباری معاملات بہتر رہیں گے۔ تاہم مشتری جو کہ دوسرے اور پانچویں گھر کا حاکم ہے اس سال مئی 11 سے چھٹے گھر نحس حالت میں داخل ہو جائے گا، مالی معاملات اور صحت میں خرابی اور حاسدین میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ خصوصاً نوکری پیشہ افراد کے لئے مشتری کا چھٹے گھر قیام ترقی اور تنخواہ میں اضافہ کا باعث بنے گا، تاہم اسکے ساتھ آپ کو دفتری سیاست پر خاص نگاہ رکھنی ہوگی۔ حاسدین یہاں سر اٹھائیں گے خصوصاً شمس کی نحوست کے ایام میں آپ کو محتاط رہنا ہوگا۔ زحل بدستور چوتھے گھر میں برج دلو میں گردش کرتا رہے گا۔ گھریلو معاملات میں الجھنیں پیدا ہو سکتی ہیں والدہ اور اہل خانہ کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ یہاں زحل چوتھے گھر میں آپ کی صحت خصوصاً پیٹ کے امراض اور کمر کی تکالیف دے سکتا ہے۔ نہایت احتیاط کریں اور کوئی بیماری یا صحت کی خرابی ہو تو اول ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔ زمین جائیداد اور پراپرٹی میں اضافہ کا باعث زحل بنتا ہے تاہم کاروبار میں آپ کو زحل کی رجعت کے ایام میں محتاط رہنا ہوگا۔ کیتو 18 جنوری کو پہلے گھر اور راہو ساتویں گھر میں داخل ہو جائیں گے ذہنی دباؤ میں اضافہ اعصابی کمزوری اور مزاج میں تلخیاں رونما ہو سکتی ہیں۔ کیتو یہاں ڈیڑھ سال کے لئے ذہنی دباؤ کا باعث بنے گا۔ اعصاب اور دماغ کو مضبوط رکھنا ہوگا۔ شریک حیات کی صحت خرابی کا شکار ہو سکتی ہے ستاروں کی دیگر تفصیلات اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

معاشی و مالی استحکام:۔ مشتری عطارد اس معاملہ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں جبکہ قمر اور شمس ثانوی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔مشتری 11 مئی تک پانچویں گھر رہتے ہوئے مالی معاملات میں بہتری رکھے گا۔ اسٹاک مارکیٹ ذخیرہ اندوزی اور دیگر ذرائع سے مال کا حصول ممکن ہوگا تاہم 11 مئی سے مشتری چھٹے گھر آجانے سے ملازمت پیشہ افراد کے لئے بہتری لائے گا تاہم کاروباری افراد کو اپنے ملازمین پر نگاہ رکھنا ہوگی۔ملازمین نقصان کا باعث بن سکتے ہیں۔مشتری آمدنی اور عطارد اخراجات کے حوالہ سے اہم ہوتے ہیں یہاں عطارد کی گردش 10 مارچ تا 27 مارچ، 17 نومبر تا 7 دسمبر نحس بروج میں ہوگی، اخراجات میں اضافہ اور مالی نقصانات ہو سکتے ہیں۔اسکے ساتھ ہی عطارد کی رجعت 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر، کے ایام میں مالی بہتری کے لئے کئے گئے کام الٹ نتائج بھی دے سکتے ہیں۔ان ایام میں احتیاط ملحوظ خاطر رکھیں۔مشتری کی رجعت 29 جولائی تا 24 نومبر چھٹے گھر میں ملازمت پیشہ افراد کے حوالہ سے منفی یا مشکل ہوگا ،سال کے دیگر ایام معمول کے مطابق ہونگے۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری:۔ قمر و مشتری ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔خصوصاً انعامی اسکیموں بانڈز یا لاٹری کے حوالہ سے اوائل سال سے مئی تک مشتری نہایت سعد ہوگا ان ایام میں انعامی اسکیموں سے فوائد حاصل کئے جاسکتے ہیں۔5 اپریل تا 2 مئی زہرہ مشتری کے ساتھ شرف کرتا ہوا قران کرے گا۔ان ایام میں قسمت یاوری کرے گی انعامی بانڈز اسٹاک مارکیٹ لاٹری یا سٹہ بازی سے روپیہ پیسہ حاصل ہوسکتا ہے ۔یہ وقت پسند کی شادی یا نسبت طے کرنے کے خواہش مند افراد کے لئے بھی سعد ثابت ہوگا۔منگنی یا رشتہ طے ہونے کے قوی امکانات ان تاریخوں میں ملیں گے۔11 مئی کے بعد انعامی اسکیموں میں حصہ لینا آپکے مالی نقصان کا باعث بھی بن سکتا ہے، احتیاط کریں تاہم منگنی یا نسبت کے لحاظ سے 5 اپریل تا 2 مئی، 28 مئی تا 18 جولائی، 11 اگست تا 5 ستمبر، اہم اوقات ہونگے، ان ایام میں منگنی یا رشتہ طے ہونے کے قوی امکانات ہونگے۔مشتری کی رجعت 29 جولائی تا 24 نومبر اور اسی دوران زحل کی رجعت کے ایام میں منگنی طے کرتے ہوئے سعد وقت کا انتخاب ضرور کریں ورنہ منگنی ٹوٹ بھی سکتی ہے۔

شراکتی ازدواجی و معاملات و شادی بیاہ:۔ مریخ زہرہ ازدواجی اور مشتری عطارد شراکتی حوالوں سے اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔24 جنوری تا 6 مارچ مریخ کا شرف کے گھر اور 5 اپریل تا 2 مئی زہرہ کا شرف کے گھر قیام شادی بیاہ کے حوالہ سے اہم ہوگا، جبکہ 25 مئی تا 5 جولائی مریخ کا حمل میں قیام اور 25 مئی تا 23 جون زہرہ کا ثور میں قیام بھی اچھے اوقات ثابت ہونگے۔گیارہ مئی تک مشتری کا پانچویں گھر قیام پسند اور پیار محبت کی شادی کے خواہاں عقرب افراد کے لئے سعد اوقات ہونگے۔ان اوقات میں شادی بیاہ سرانجام دینا، لمبی خوشگوار ازدواجی زندگی کی ضمانت ہوگا۔شراکتی کاروبار یا دیگر شراکتی امور کے حوالہ سے مشتری 11 مئی تک نہایت سعد ہوگا ان دنوں عطارد کا قیام ساتویں اور آٹھویں گھروں میں ہوگا۔ نئے شراکتی معاہدوں کی بنیاد رکھنا یا پہلے سے جاری شراکتی کاموں کو وسعت دینے کے لحاظ سے موزوں اوقات ہونگے۔11 مئی کے بعد مشتری مالی معاہدوں کے لحاظ سے اچھا تو ہوگا لیکن یہاں مشتری کی رجعت کے ایام 29 جولائی تا 24 نومبر اور عطارد کی رجعت 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر کے ایام میں نہایت احتیاط سے کام لینا ہوگا ورنہ مشترکہ مالی مفادات نقصان کی نظر ہوسکتے ہیں۔

تعلقات عامہ سفر و نزدیکی تعلقات:۔ مریخ آپ کا ذاتی ستارہ اور زحل تیسرے گھر کا حاکم ستارہ ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔24 جنوری تا 6 مارچ مریخ کا تیسرے گھر میں شرف تعلقات عامہ اور قریبی ہمسایہ و ملنے جلنے والوں کے ساتھ بہن بھائیوں سے تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ان دنوں بگڑے ہوئے تعلقات کو درست کرنے اور ناراض دوستوں یا بہن بھائیوں کو منانے کی کوششیں کامیاب ہونگی۔انہی دنوں چھوٹے قریبی سفر کے مواقع بھی دستیاب ہونگے۔تاہم کیتو کا لگن میں قیام دوران ڈرائیونگ یا سفر احتیاط طلب ہوگا۔تیسرے گھر کا حاکم زحل 5 جون تا 23 اکتوبر رجعت میں ہوگا۔مشترکہ خاندانی نظام میں رہنے والے افراد ممکن ہے کہ ان دنوں حالات سے دلبرداشتہ ہوکر علیحدگی اختیار کریں۔خانگی تعلقات متاثر ہونگے اور گھریلو لڑائیاں سکون خراب کرسکتی ہیں۔6 مارچ تا 15 اپریل مریخ اور زحل کی چوتھے گھر موجودگی کاروباری تعلقات کو متاثر کرے گی۔ سیاسی و کاروباری تنظیموں سے تعلق رکھنے والوں کے تعلقات متاثر ہونگے۔

وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات:۔
مریخ قرضوں کے حصول کو اور عطارد شراکتی مالی معاملات اور مشتری مالی انتظام کو ظاہر کرتے ہیں۔11 مئی تک حالات کم و بیش سازگار رہیں گے۔مشتری ،مریخ اور عطارد تینوں ستاروں کی کیفیت معمول کے مطابق ہوگی تاہم 11 مئی کے بعد مشتری کا برج حمل میں داخلہ غیر محسوس طریقہ سے قرضوں میں اضافہ کا سبب بنے گا۔کاروباری حضرات کو کاروبار کے لئے قرضوں کا حصول کرنا پڑ سکتا ہے مشتری یہاں قرضوں کے حصول میں معاون ثابت ہوگا۔مشترکہ خاندانی

وراثت کے لحاظ سے زحل کی چوتھے موجودگی وراثتی معاملات میں التوا لائے گی، جبکہ عطارد جلد بازی میں کچھ غلط کام ہوجانے کی جانب اشارہ بھی دیتا ہے ماں کی وراثت کے لحاظ سے امکانات کم ہیں تاہم باپ کی وراثت کے حوالہ سے آپکو وراثت ملنے کے اچھے امکانات ہیں۔ 30اپریل تا 5 جولائی عطارد برج جوزا میں ہوگا اور ساتھ ہی زہرہ 23 جون تا 18 جولائی جوزا میں رہتے ہوئے وراثت سے منسلک مسائل کو حل کرنے کے حوالہ سے نہایت مناسب وقت ہوگا ان ایام میں کوشش کریں معاملات آپ کے حق میں بہتر ہو جائیں گے۔

حج زیارات بیرون ملک سفر و اعلیٰ تعلیم

قمر اور زہرہ اس حوالہ سے اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔ قمر ہر ماہ آپ کو کم و بیش تین بار سات دن کے لئے سعد وقت ضرور دیتا جن میں آپ حج زیارات کے حوالہ سے کاغذی کاروائیوں اور دیگر لوازمات کو مکمل کر سکتے ہیں۔ 11 مئی تک مشتری کا پانچویں گھر قیام اعلیٰ تعلیم کے حوالہ سے اہم ہوگا مئی تک آپ اعلیٰ تعلیم کے حوالہ سے بیرون ملک قیام یا سفر کی غرض سے جا سکتے ہیں تاہم 11 مئی کے بعد چھٹے برج حمل میں مشتری کا داخلہ کاروباری افراد کو بیرون ملک سفر میں زیادہ معاونت دے گا یا ایسے افراد جو اسکول اور یونیورسٹیز کی جانب سے اعلیٰ تعلیم کے لئے چنے گئے ہوں انہیں بیرون ملک سفر کے مواقع ملیں گے۔ حج زیارات کے حوالہ سے مریخ کا قیام نویں گھر اس سال کے آخر تک نہیں ہوگا، ممکن ہے کہ حج زیارات کا سفر اس سال آپ کو نصیب نہ ہو سکے باقی اللہ بہتر کریں۔

امیدیں خواہشات و دوست احباب:۔ عطارد گیارہویں گھر کا مالک ہوکر امیدوں خواہشات کی تکمیل اور دوست احباب سے معاونت کو ظاہر کرتا ہے۔ اسکے ساتھ ہی مریخ کی سعادت کو بھی لازمی ملحوظ خاطر رکھا جاتا ہے۔ مریخ کا شرف 24 جنوری تا 6 مارچ دوست احباب سے تعلقات کے حوالہ سے اہم ثابت ہوگا۔ جبکہ عطارد کا شرف اور گیارہویں سنبلہ میں قیام 4 اگست تا 26 اگست تک ہوگا ان ایام میں بھی دوست احباب کا تعاون اور واسطہ خواہشات پوری ہونگی۔ تاہم عطارد کی رجعت کے ایام 14 جنوی تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر رہے گی۔ ان ایام میں رکاوٹیں اور التوا سامنے آسکتا ہے۔ دوست احباب اور صلاح کاروں کی ہر بات پر ان دنوں عمل کرنا آپ کو مشکلات میں ڈال سکتا ہے۔ جبکہ آپ کا ذاتی ستارہ مریخ 20 اگست سے سال کے آخر تک آٹھویں گھر برج جوزا میں ہوگا، تعلقات متاثر ہونگے دوست احباب کنارہ کر سکتے ہیں امیدوں اور خواہشات کی تکمیل کے ساتھ دوست احباب سے واسطہ امیدیں ناکامی سے دوچار ہونگی۔

امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور:۔ زہرہ ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ امیگریشن کے کاموں کے لئے 5 اپریل تا 2 مئی زہرہ کا شرف اہمیت کا حامل ہوگا۔ ان ایام میں امیگریشن کے لحاظ سے کئے گئے کام کامیابی سے ہمکنار ہونگے دوسری جانب کیتو کی لگن میں موجودگی بھی آپ کو بیرون ملک مستقل رہائش اور امیگریشن کے حوالہ سے فوائد دے گی۔ کیتو جب بھی کسی کے ذاتی برج میں آتا ہے رہائش سے دور جانے کی کوششوں کو کامیاب کرتا ہے۔ 2 مئی تا 28 مئی اور 23 اکتوبر تا 15 نومبر زہرہ کا قیام برج حمل اور عقرب میں ہوگا ان ایام میں خفیہ معاملات عیاں ہو سکتے ہیں اور آپ کی شخصیت کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ انہی ایام میں روحانی امور میں ناکامی ہو سکتی ہے۔ 28 مئی تا 19 جولائی، 29 ستمبر تا 23 اکتوبر زہرہ کا قیام ثور اور میزان میں ہوگا ان ایام میں روحانی امور سیکھنے یا روحانی مسائل حل کرنے کے حوالہ سے کسی سے رابطہ کرنا سودمند ثابت ہوگا۔ انہی ایام میں خفیہ دشمنوں اور حاسدین ومخالفین پر آپ کو دسترس حاصل رہے گی۔

قمری و شمسی گرهن:۔ برج عقرب کے پہلے اور ساتویں گھر میں بالترتیب دو شمسی اور دو قمری گرہن لگیں گے۔ پہلا شمسی گرہن 30 اپریل کو اور چوتھا قمری گرہن 8 نومبر کو برج ثور ساتویں گھر میں لگیں گے۔ قمر آپ کے زائچہ میں نویں اور شمس دسویں گھر کا مالک ہے۔ قمری گرہن آپکی ازدواجی زندگی سماجی اشتراکی معاملات کی نمائندگی کے ساتھ قسمت سے منسلک ہے یہ سب معاملات گرہن کی وجہ سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ دوسرا قمری گرہن 16 مئی کو اور 25 اکتوبر کو تیسرا جزوی شمسی گرہن برج عقرب میں لگیں گے۔ لگن میں لگنے والے یہ گرہن صحت سلامتی عزت وقار اور آپ کی ذاتی زندگی کو متاثر تو کریں گے ہی لیکن قسمت اور کاروبار سے منسلک دونوں ستارے گرہن یافتہ ہوکر آپکے لگن میں نقصان کا باعث بن سکتے ہیں کاروباری معاملات پر خاص دھیان رکھنے کی ضرورت ہے۔ بیرون ملک امیگریشن یا سفر کے کام التوا کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ان دنوں بہتر ہوگا کہ کاروباری وسفر ے معاملات پر احتیاط برتیں۔ نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی کریں اور چاول باجرہ کا صدقہ لازمی دیں۔

صدقات وظائف اور جواهرات:۔ کیتو ذاتی برج عقرب میں اور راہو ساتویں ثور میں ہوگا اپنا اور شریک حیات کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ کیتو کے لئے برج عقرب والوں کو ثابت قدرتی نمک کا صدقہ اور نمک سے روزانہ غسل کرنے کو اپنا لیں جبکہ اپنی یا اپنے شریک حیات کے لئے کوئلہ یا کالے نمک کے صدقات ادا کریں۔ شرف مشتری پاس رکھیں اور زرد پکھراج کا پتھر پہنیں۔ بہتر ہوگا کہ پتھر اور صدقات اپنا زائچہ بنوا کر تجویز کروائیں اگر آپ اصلی اور سرٹیفائیڈ پتھر خریدنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں۔ يَا اَللّٰهُ يَا كَرِيْمُ يَا حَفِيْظُ کا ورد اول آخر درود پاک کے ساتھ 99 مرتبہ لازمی پڑھا کریں۔

قوس SAGITARIUS سیارہ: مشتری
23 Nov - 22 Dec

دن: جمعرات **عدد:** ۳ **حروف:** ف

رنگ: سفید، سبز

عنصر: آتشی

جواہر: فیروزہ، حجر القمر

بہترین شریک حیات: حمل، اسد

ناموافق ساتھی: حوت، جوزا، سنبلہ

بیماریاں: عرق النساء، حادثات کی چوٹیں، ہاضمے کی خرابیاں

ستارے آپ کے

خصوصیات قوس کا حاکم ستارہ مشتری ہے۔ عنصر آتشی ہے، ایماندار اور زندگی گذارنے کے لحاظ سے پر جوش ہوتے ہیں۔ تاہم قوس افراد تیز لیکن قدرے لا پرواہ ہوتے ہیں۔ نئی دنیا نئی جہت کی تلاش، خاصے علم رکھنے والے ہوتے ہیں۔ انہیں جنرل علوم پر دسترس ہوتی ہے۔ اگر مشتری زائچہ میں سعد ہو تو روحانیت اور مخفی علوم حاصل کرنا یا علوم سے رغبت رکھنا انکا خاصہ ہوتا ہے۔ جدت پسند ہوتے ہیں نئی دریافت فلسفہ اور نئی تحقیق کرنا یا تحقیق کی جستجو میں رہنا انکا خاصہ ہوتا ہے۔ ماحول اور یکسانیت سے جلد اکتا جاتے ہیں۔ دوہری شخصیت کے حامل افراد کمائی میں بھی ایک سے زیادہ مالی ذرائع رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ زندگی میں دلچسپیوں کی ایک وسیع نظر انکے پاس ہوتی ہے۔ سفر کے شوقین مختلف تہذیبوں کو جاننے اور انہیں سمجھنے کی کوشش میں یہ سفر کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار اور شائق ہوتے ہیں۔ دوستانہ مزاج، عقل مند، خوش مزاج اور امن و آزادی سے محبت کرنے والے راست گو ہوتے ہیں ہنگامی حالات اور اچانک افتاد سے نمٹنے کی صلاحیت ان میں ہوتی ہے۔ انکی منفی خصوصیات میں بے پرواہ، جلد باز اور بے صبرے، بہت جلد لوگوں کو مشورہ دینے کی کوشش کرتے ہیں، حساس طبیعت رکھتے ہیں۔ غیر ذمہ داری اور منصوبہ بندی کا فقدان انکی زندگی میں اچانک مشکلات پیدا کر سکتا ہے۔

ستاروں کی گردش واہم معاملات: آپ کا ذاتی ستارہ مشتری 11 مئی تک چوتھے گھر برج حوت میں مقیم ہوگا گھریلو معاملات پراپرٹی جائیداد اور دیگر امور سے منسلک مشتری آپ کو فوائد دے گا۔ 11 مئی کو مشتری کا داخلہ پانچویں گھر حمل میں ہوگا۔ مشتری یہاں سعد پوزیشن میں نہ ہوگا لیکن طالع اور نویں پر مشتری نظرات سعد ہونگی۔ اسٹاک مارکیٹ، ذخیرہ اندوزی، جوا، سٹہ انعامی بانڈز لاٹری، اولاد سے منسلک امور میں ملا جلا رجحان رہے گا۔ رجعت کے ایام میں معاملات آپ کے مخالف ہونگے بچوں کی تعلیم اور صحت کے حوالہ سے محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔ پیار محبت اور عشق کے معاملات میں صبر وقرار قائم ہوگا۔ زحل کی گردش بدستور تیسرے گھر برج دلو میں رہے گی۔ تعلقات میں اتار چڑھاؤ رہے گا۔ تاہم مجموعی طور پر بہن بھائیوں اور اقرباء کے ساتھ تعلقات مثبت رہیں گے۔ زحل کی تیسری نظر مشتری پر بچوں سے وابسطہ امیدیں صاحب اولاد لوگوں کی پوری ہونگیں۔ سفر میں مشکلات درپیش آ سکتی ہیں تاہم چھوٹے سفر درپیش ہونگے۔ 18 جنوری سے راہو کا داخلہ چھٹے برج ثور اور کیتو کا داخلہ دوسرے برج عقرب میں ہوگا۔ راہو اور کیتو اپنے بروج میں شرف کا درجہ رکھتے ہیں۔ راہو کا چھٹے قیام ملازمت پیشہ افراد کے لئے فائدہ مند ہوگا دشمنوں پر آپ کو سبقت اور کامیابی ملے گی دفتری سیاست سے منسلک افراد کے لئے راہو اچانک اونچے عہدے پر لے جائے گا۔ تاہم کیتو کا دوسرے گھر داخلہ آمدنی اور اخراجات میں بگاڑ پیدا کرے گا۔ پیسہ آئے گا لیکن رکے گا نہیں۔ راہو صحت کے معاملات خراب کر سکتا ہے۔ اس سال لگنے والے چاروں گرہن راہو اور کیتو کے ساتھ لگیں گے۔ لہذا مالی امور صحت سلامتی اور دفتری معاملات میں محتاط رہیں۔ زندگی کے دیگر امور پر ستاروں کے اثرات اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

معاشی و مالی استحکام: زحل قمر اور مشتری ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔ زحل کا تیسرے گھر میں قیام اخراجات کا رخ اقرباء اور بہن بھائیوں کی جانب موڑ سکتا ہے سفر اور گھریلو سطح پر اخراجات میں اضافہ معاشی استحکام میں اتار چڑھاؤ لائے گا جبکہ قمر آٹھویں کا مالک ہو کر بے جا اور اچانک اخراجات میں اضافہ اکثر قوس افراد کو متاثر کرتا ہے۔ قمر در عقرب اور قمر کی نحوست کے دیگر ایام میں اخراجات میں کمی کی کوشش کرنا ہوگی۔ مشتری 11 مئی تک زمین جائیداد حاصل ہونے یا فروخت سے مالی طور پر آپ کو مستحکم کرے گا لیکن 11 مئی کے بعد اضافی آمدنی کی کوششیں سخت محنت مانگیں گی۔ مشتری پانچویں گھر قیام کرتے ہوئے معاشی استحکام میں آپ کو معاونت فراہم کرے گا۔ ایسے افراد جو پیدائشی زائچہ میں مشتری سعد رکھتے ہیں انہیں معاشی و مالی طور پر مزید روپیہ پیسہ مل سکتا ہے اور انکی معاشی حالت میں بہتری آئے گی۔ 29 جولائی تا 24 نومبر مشتری کے رجعت کے ایام اور 5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت کے ایام میں معاشی بہتری کی کوششیں التوا کا شکار ہو سکتی ہیں۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری: مشتری مریخ منگنی و اولاد کے حوالہ سے نہایت اہمیت کے حامل سیارگان ہیں۔ 24 جنوری تا 2 مارچ مریخ کا دوسرے گھر میں شرف انعامی بانڈز لاٹری یا اسٹاک مارکیٹ

سے روپیہ آنے کے قوی امکانات ہونگے۔ ان دنوں میں پیار محبت اور پسند کی شادی کرنے والے افراد بھی نسبت یا منگنی طے کرنے کی کوشش کریں، کامیاب ہونگے۔ 11 مئی تک مشتری چوتھے گھر رہتے ہوئے خانگی سطح پر منگنی اور نسبت کی تیاریاں عروج پر ہونگیں۔ گیارہ مئی سے مشتری ایک سال کے لئے پانچویں گھر میں داخل ہو جائے گا انعامی اسکیموں پرائز بانڈز لاٹری سے فوائد کا حصول ہوگا غیر شادی شدہ افراد کی منگنی یا نسبت طے ہونے کے قوی امکانات ہونگے، بے اولاد جوڑوں کو اس ایک سال میں اولاد کی خوشیاں مل سکتی ہیں۔ دعا اور دوا کریں انشاء اللہ اولاد کی خوشیاں نصیب ہونگی۔ بچوں کو عملی و علمی میدان میں آگے لے جانے کی کوششیں کامیاب ہونگی۔ تاہم مریخ 20 اگست تا سال کے آخر تک ساتویں گھر رہے گا ان دنوں منگنی اور نسبت طے کرنے سے گریز کریں ورنہ نسبت ٹوٹنے کے امکانات ہونگے۔

شراکتی ازدواجی معاملات و شادی بیاہ :۔ عطارد مشتری ازدواجی اور قمر زحل شراکتی حوالے سے اہم سیارگان ہیں۔ پسند کی شادی یا عقد ثانی کی خواہش رکھنے والے افراد کو مشتری 11 مئی کے بعد سازگار حالات دے گا منگنی یا رشتہ مئی سے جون کے درمیان طے پا سکتا ہے اور شادی اس سال کے آخر تک ہو سکتی ہے۔ لیکن مریخ کی ساتویں گھر جولائی سے سال کے آخر تک نحوست ہونے کی وجہ سے بہتر ہوگا شادی آنے والے سال کے اوائل میں کریں یا جولائی سے قبل کر لیں۔ شراکتی معاملات میں دونوں ستارے زحل اور قمر ایک دوسرے کے مخالف سیارگان ہیں، جس کی وجہ سے قوس والوں کو شراکت راس نہیں آتی تاہم اگر شراکت کرنی ہو تو تحریری طور پر کریں اور زحل کی رجعت 5 جون تا 23 اکتوبر محتاط رہیں ان ایام میں شراکت سے گریز کریں۔ جبکہ عطارد تحریری طور پر معاہدوں کے لحاظ سے 10 مارچ تا 27 مارچ اور 17 نومبر تا 7 دسمبر نحس ہوگا اور۔ 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر کے درمیان عطارد رجعت میں ہوگا ان ایام میں شراکتی کاموں اور معاہدوں میں محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔

تعلقات عامہ سفر و نزدیکی تعلقات زحل اور عطارد ان معاملات میں خصوصی اہمیت کے حامل سیارگان ہیں۔ زحل سارا سال تیسرے گھر تعلقات کے گھر میں ہوگا۔ بہن بھائیوں اور قریبی اقرباء و دوست احباب کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنائے رکھے گا دوسری جانب زہرہ گیارہویں گھر کا حاکم ہو کر دوست احباب کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے 5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت نزدیکی سفر التوا کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ان دنوں قریبی تعلقات کے ساتھ ساتھ دوست احباب کے معاملات بھی خراب ہو سکتے ہیں۔ دوران سفر صحت کا خیال رکھیں چونکہ آپ کا ذاتی ستارہ مشتری کی رجعت بھی ،29 جولائی تا 24 نومبر تک رہے گی لہذا سفر میں احتیاط لازم ہوگی۔ اگر ممکن ہو تو غیر ضروری سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا۔

وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات :۔ زہرہ قرض لینے اور قمر وراثتی امور اور قرض ادائیگی کے حوالے سے اہم سیارگان ہیں، جبکہ زحل کا کردار یہاں شراکتی معاملات ہوں تو دیکھنا پڑتا ہے۔ بہن بھائیوں یا کسی بچپن کے دوست کے ساتھ شراکتی مالی معاملات ہو سکتے ہیں۔ قمر اور زحل شراکتی مالی معاملات کے حوالے سے مخالف ستارے ہیں۔ اس وجہ سے قوس کے شراکتی معاملات زیادہ دیر چلتے نہیں ہیں۔ وراثتی مسائل کے حوالے سے آپ کو والدہ کی جانب سے وراثت ملنے کے قوی امکانات ہیں تاہم والد کی وراثت کے حوالے سے مشتری کی رجعت کے ایام میں معاملات خراب ہو سکتے ہیں۔ 6 مارچ تا 5 اپریل زہرہ زحل کا قران دوست احباب کے ساتھ اشتراکی امور طے کرنے کے حوالے سے اہم اوقات ہونگے۔ جبکہ 5 اپریل تا 2 مئی زہرہ کا شرف کے گھر میں قیام مالی شراکت داریوں کے حوالے سے ایک اور اہم وقت ہوگا۔ 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر عطارد کی رجعت اور 5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت شراکتی مالی معاملات کے حوالے سے محتاط رہیں ان ایام میں نئے شراکتی معاہدے اور وراثتی مسائل اٹھانے سے گریز کریں۔

حج زیارات بیرون ملک سفر و اعلیٰ تعلیم :۔ شمس نویں گھر کا مالک ہو کر مذکورہ امور کو حل کرتا ہے۔ 20 مارچ تا 20 اپریل شمس کا شرف اور شرفی گھر میں قیام حج زیارات اعلیٰ تعلیم اور بیرون ملک سفر کے حوالہ سے سعد اوقات ہونگے۔ ان ایام میں اگر آپ سفر کے لئے کاغذی کاروائیوں کا آغاز کریں تو امید ہے اس سال آپ بیرون ملک سفر اور حج زیارات کی سعادت سے مستفید ہو سکیں گے۔ 11 مئی سے مشتری پانچویں گھر جو کہ علم و دانش اور تعلیم کا گھر ہے یہاں مشتری کا داخلہ اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند افراد کو معاونت فراہم کرے گا۔ تجارت کے شعبہ سے منسلک افراد کو اس سال کامیاب تجارتی سفر درپیش آئیں گے۔ 26 مئی تا 5 جولائی مریخ کا پانچویں ذاتی برج میں قیام اور مشتری کے ساتھ قران اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند افراد کو ایک اور سنہرا موقع فراہم کرے گا۔ تاہم مشتری کی رجعت کے ایام ،29 جولائی تا 24 نومبر کے درمیان سفری دستاویزات پر اعتراضات یا کسی اور وجہ سے بیرون ملک سفر التوا کا شکار ہو سکتے ہیں۔

امیدیں خواهشات و دوست احباب :۔ زہرہ اور زحل ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ 6 مارچ تا 5 اپریل زہرہ تیسرے گھر زحل

کے ساتھ قران کرے گا یہ نہایت متبرک وقت ہوگا جب آپ دوست احباب اور دیگر کاروباری رفقاء سے واسطہ خواہشات اور امیدوں کی تکمیل پائیں گے۔دوست احباب کی رائے کا خیر مقدم کریں۔ مستقبل کی پیش بندی کے حوالہ سے کام کرنا سود مند ثابت ہوگا۔28 مئی تا 23 جون کا وقت ملازمت پیشہ افراد کو اپنی ساکھ بہتر بنانے کا موقع ملے گا۔ دفتری دوست احباب کام آئیں گے۔11 اگست تا 5 ستمبر اور 29 ستمبر تا 23 اکتوبر کے اوقات دوست احباب میں عزت افزائی اور امیدوں خواہشات کی تکمیل کے حوالہ سے نہایت سعد اوقات ہونگے۔

امیگریشن خفیہ معاملات وروحانی امور:۔مریخ اور شمس ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔شمس بیرون ملک سکونت امیگریشن یا سفر کے حوالہ سے اہم ہے اور مستقل طور پر بیرون ملک سکونت کے لحاظ سے مریخ اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔مریخ اوائل سال میں 24 جنوری تا 6 مارچ شرف میں ہوگا، اور اسکے ساتھ ہی 25 مئی تا 5 جولائی مریخ کا حمل میں قیام امیگریشن کے کاموں کے حوالہ سے اہم اوقات ہونگے۔امیگریشن سے متعلقہ امور کا آغاز ان اوقات میں کریں کامیاب ہونگے۔شمس کا شرف 20 مارچ تا 20 اپریل پانچویں حمل میں ہوگا بچوں کی تعلیم یا کاروبار کی غرض سے بیرون ملک امیگریشن کے حوالہ سے ایک اور اہم وقت ہوگا۔5 جولائی سے سال کے آخر تک مریخ زائچہ میں سعد نہ ہوگا۔ان ایام میں امیگریشن کے کام التوا کا شکار یا رکاوٹ کا شکار ہو سکتے ہیں۔جبکہ شمس 20 جنوری تا 18 فروری ، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر سعد نہ ہوگا۔ان ایام میں بیرون ملک سفر التوا کا شکار ہونگے۔روحانی معاملات میں کسی سے ان دنوں رابطہ کرنا سودمند نہ ہوگا۔بہتر ہوگا شمس کی سعادت میں روحانی معاملات کا آغاز کریں۔

قمری و شمسی گرہن : برج قوس کے چھٹے اور بارہویں گھر میں بالترتیب دو شمسی اور دو قمری گرہن لگیں گے۔پہلا شمسی گرہن 30 اپریل کو اور چوتھا قمری گرہن 8 نومبر کو برج ثور چھٹے گھر میں لگیں گے۔قمر آپ کے زائچہ میں آٹھویں اور شمس نویں گھر کا مالک ہے۔قمری گرہن آپکی ازدواجی تعلقات سماجی اشتراکی معاملات کی نمائندگی کے ساتھ نقصانات سے منسلک ہے۔ یہ سب معاملات گرہن کی وجہ سے متاثر ہو سکتے ہیں۔تاہم ظاہری اور کھلے دشمن کے لئے یہ گھر آپ کو فائدہ دے گا ۔دوسرا قمری گرہن 16 مئی کو اور 25 اکتوبر کو تیسرا جزوی شمسی گرہن برج عقرب میں لگیں گے۔ بارہویں گھر میں لگنے والے یہ گرہن مخالفین کے ساتھ خفیہ دشمنوں حاسدوں کو ظاہر کرتا ہے۔جب کہ روحانی امور بھی بارہویں گھر سے منسلک ہیں۔بیرون ملک امیگریشن یا سفر کے کام التوا کا شکار ہو سکتے ہیں آپ کے خلاف کوئی اسکینڈل یا معاملہ ایسا پیدا کیا جا سکتا جو آپکی عزت وقار کے لحاظ سے نقصان دہ ہو۔ان دنوں بہتر ہوگا کہ امیگریشن اور حکومتی معاملات، ٹیکسز وغیرہ کی ادائیگی اور دیگر کام التوا میں نہ ڈالیں ورنہ مشکلات پیدا ہو سکتی ہیں۔نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی کریں اور چاول باجرہ کا صدقہ لازمی دیں۔

صدقات وظائف اور جواہرات:۔کالے چنے کا صدقہ بروز جمعہ دینا معمول بنالیں۔ 300 گرام یا 3 کلو چنا صدقہ کریں۔کسی ضرورت مند بچے کے تعلیمی اخراجات برداشت کرنا بہترین صدقہ ہوگا۔جواہرات میں آپ زرد پکھراج استعمال کر سکتے ہیں اگر آپ اصلی اور سرٹیفائیڈ پتھر خریدنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے دیے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں یَارَزَّاقُ یَاقَوِیُّ یَارَحِیْمُ 111 مرتبہ روزانہ پڑھیں اول آخر درود 11 مرتبہ لازمی پڑھیں۔

جدی CAPRICORN سیارہ: زحل

23 Dec - 20 Jan

دن: ہفتہ **عدد:** 8 **حروف:** ج، خ، گ

رنگ: سرخ، بھورا، خاکی

عنصر: خاکی

جواہر: سفید رنگ سلیمانی، یاقوت

بہترین شریک حیات: ثور، سنبلہ

ناموافق ساتھی: حمل، سرطان، میزان

بیماریاں: دانتوں کی بیماریاں، اعصابی تناؤ، سردرد، نظام ہضم

ستارے آپ کے

خصوصیات: جدی افراد شہد کی مکھیوں کی طرح مصروف رہتے ہیں۔ انہیں اپنے کام سے غرض ہوتی ہے۔اصول پرست یا اصولوں پر زندگی گذارنے والے افراد، اعلیٰ عہدوں پر پہنچنے کی صلاحیت رکھنے والے جدی افراد کا مالک ستارہ زحل ہے۔ سست دھیمی رفتار سے آگے بڑھنے والے جدی افراد منزل کا تعین کرتے ہیں اور اپنے عمل میں مصروف ہو جاتے ہیں۔جدی افراد نئی مہارتیں سیکھنے کے عادی ہوتے ہیں انہیں لگتا ہے کہ ہنر زندگی میں انہیں کہیں کام آئے گا۔اس لئے بھی جدی افراد مختلف شعبہ ہائے زندگی کی معلومات اور علم رکھتے ہیں۔حد درجہ کوشش کرتے ہیں کہ وہ خود کو دوسروں سے زیادہ بہتر طور پر پیش کر سکیں۔مریخ کو اس برج میں شرف حاصل ہوتا ہے۔سول اور فوجی دونوں شعبوں میں اعلیٰ صلاحیتیں حاصل کرنے کی قوت ان میں ہوتی ہے۔کچھ جدی افراد منفی طور پر ضدی اور انا پرست ہوتے ہیں زحل کی سستی اور سرد مزاجی انہیں اپنے مزاج میں تبدیلی کی جانب نہیں جانے دیتی۔بہترین شراکت دار ہوتے ہیں تاہم اپنی سستی کی وجہ سے مار کھاتے ہیں۔سخت رویہ جدی افراد کو بعض اوقات اچھی باتوں پر عمل پیرا نہیں ہونے دیتا

ان میں لچک کی کمی ہوتی ہے۔ بعض جدی افراد اپنے مستقبل کے بارے میں منفی سوچ رکھتے ہیں جو انہیں مایوسی اور افسردگی کی جانب لے جاتا ہے۔ اپنے خوابوں کو عملی پیرایہ دینے کے لئے بے انتہا محنت کرتے ہیں جو انہیں آرام کی کمی دیتی ہے جس کا نتیجہ بالآخر اپنی صحت کھو دیتے ہیں۔

ستاروں کی گردش واہم معاملات مشتری و زحل سالانہ پیشن گوئیوں کے حوالہ سے اہم حیثیت کے حامل سیارگان سمجھے جاتے ہیں۔ زحل سال گذشتہ سے برج دلو میں گردش کر رہا ہے۔ آپ کو اکثر یہ بتایا گیا ہوگا کہ جدی افراد زحل کی ساڑھ ستی میں ہیں لیکن ایسا نہیں ہے۔ ہر جدی فرد ساڑھ ستی کا شکار نہیں ہوتا سوائے ان افراد کے جن کے زائچہ میں قمر برج جدی میں موجود ہو۔ انہیں زحل کی گردش متاثر کرے گی، وہ بھی ہر فرد کو نہیں۔ مالی معاملات میں بہتری کی کوششیں اور تعلقات میں کچھ خرابیاں مزاج میں سختی اصول پسندی ان دنوں آپ محسوس کر رہے ہونگے، تاہم یہاں زحل آپ کو بچت کی جانب لے جانے کی کوشش کرے گا لیکن آپ کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ مشتری جو کہ آپ کے زائچہ میں بارہویں اور تیسرے گھر کا مالک ستارہ ہے اس سال 11 مئی تک تیسرے گھر رہتے ہوئے بہن بھائیوں دوست احباب اور قریبی تعلقات میں بہتری لاتا رہے گا۔ سفر سے دولت کا حصول ممکن ہوگا۔ علاقائی سطح پر سیاست سے منسوب افراد کو عہدہ دلوائے گا۔ جبکہ مشتری کی پانچویں نظر ساتویں گھر پر ازدواجی و شراکتی معاملات میں بہتری اور کامیابی دلواتا رہے گا۔ تاہم بعد از 11 مئی مشتری کا داخلہ چوتھے برج حمل میں ہوگا۔ ایک سال کے لئے مشتری کا قیام چوتھے گھر میں خانگی مسائل میں بہتری لائے گا جبکہ والدہ اور اہل خانہ کے ساتھ تعلقات میں بہتری کے ساتھ گھر میں تزئین و آرائش و مرمت کے ساتھ نئی گاڑی یا پرانی گاڑی کی تبدیلی کا باعث بنے گا۔ پراپرٹی کی فروخت سے فائدہ اٹھانے کے کچھ دن ملیں گے۔ راہو کیتو کا داخلہ 18 جنوری کو پانچویں ثور میں راہو اور گیارہویں عقرب میں کیتو کا قیام ڈیڑھ سال کے لئے ہوگا۔ راہو کیتو جدی خواتین کو حمل میں مسائل دے گا۔ پیار محبت عشق میں دھوکہ مل سکتا ہے، دوست احباب کی وجہ سے نقصان اٹھائیں گے دیگر تفصیلات اگلی سطور میں ملاحظہ کریں۔

معاشی و مالی استحکام :۔ زحل آپکے مالیات کا حاکم ستارہ ہے۔ مالی نظم و نسق کو از سر نو بہتر بنانے کی کوششیں کامیاب ہو سکیں گی۔ اضافی آمدنی اور اخراجات میں کمی کی کوشش آپ کے مالی نظام کو بہتر بنائے گی 6 مارچ تا 5 اپریل زہرہ دسویں کا حاکم ہو کر مالی طور پر اچانک کثیر منافع دولت پیسہ آپ کو مل سکتا ہے۔ کاروباری افراد کے لئے یہ ایام سنہرے اوقات ہونگے۔ 28 مئی تا 23 جون پانچویں گھر اور 29 ستمبر تا 23 اکتوبر زہرہ کا دسویں گھر میں قیام کاروباری و ملازمت پیشہ دونوں افراد کے لئے سعد اوقات ہونگے۔ 6 مارچ تا 15 اپریل مریخ زحل کا قران مالی نظام میں اچانک خرابی لا سکتا ہے محتاط رہیں۔ قمر آپ کے روزمرہ اخراجات آمدنی کو ظاہر کرتا ہے قمر کا ہر ماہ شرف و ہبوط ملے جلے اثرات لاتا ہے تاہم ستاروں کی موجودگی اس سال مالی حوالہ سے آپ کو استحکام دے گی۔ 5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت اور مریخ کی آٹھویں گھر موجودگی مالی نظام میں گڑبڑ لا سکتی ہے محتاط رہیں۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری :۔ قمر ساتویں صنف مخالف کا حاکم ہو کر ہر ماہ آپکے پانچویں گھر منگنی یا نسبت کے حوالہ سے اہم اوقات دیتا ہے۔ اس سال راہو کی موجودگی پانچویں گھر میں ہوگی منگنی اور نسبت طے کرنے کے حوالہ سے کچھ مشکلات راہو کی وجہ سے پیدا ہونگی تاہم 5 اپریل تا 2 مئی، 29 ستمبر تا 23 اکتوبر زہرہ کی سعادت منگنی اور نسبت کے حوالہ سے آسانیاں فراہم کریں گے۔ راہو زہرہ کا قران اپریل میں انعامی اسکیموں پرائز بانڈز یا لاٹری جواء سٹہ میں پیسہ لگانے والے افراد کو کامیابیاں دے گا۔ اسٹاک مارکیٹ میں کام کرنے والے افراد ان دنوں کثیر سرمایہ کما سکتے ہیں۔ جدی خواتین کو راہو کی وجہ سے حمل میں تکالیف ہو سکتی ہیں، محتاط رہیں۔ جبکہ بچوں کی صحت اور تعلیم بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ نئے شادی شدہ جدی افراد کو اولاد میں تاخیر کا سامنا ہوگا۔ 5 جولائی تا 20 اگست مریخ کی راہو کے ساتھ پانچویں گھر موجودگی منگنی ٹوٹنے کا باعث بن سکتی ہے۔ ان دنوں اختلافات سے گریز اور صلح جوئی سے کام لینا دانش مندی ہوگی۔

شراکتی ازدواجی معاملات وشادی بیاہ شمس و قمر و زحل ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہونگے۔ 21 مئی تا 21 جون شمس کا برج جوزا میں قیام اور 23 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس و زحل کی تثلیث کے درمیان جاری شراکتی معاملات کو از سر نو طول دینے یا نئے شراکتی معاہدے کرنے کے حوالہ سے اہم اوقات ہونگے۔ ان ایام میں قمر کی سعادت کو مد نظر رکھتے ہوئے شادی بیاہ کے کام انجام دیئے جانا سود مند ہوگا۔ تاہم جون کے ایام زیادہ بہتر ثابت ہونگے۔ اسکے علاوہ شمس 20 مارچ تا 20 اپریل، 21 جون تا 23 اگست سعد اوقات ہونگے۔ 20 جنوری تا 18 فروری، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر، اور دسمبر کے آخری ایام شمس کی نحوست کے ایام ہونگے، جبکہ 5 جون تا 23 اکتوبر زحل کی رجعت کے ایام بھی اس حوالہ سے نحس ہونگے۔ ان ایام میں شراکتی ازدواجی معاملات وشادی بیاہ کے معاملات طے کرنا اچھا نہ ہوگا بہتر ہوگا شادی بیاہ کے لئے سعد اوقات کا انتخاب کریں۔

تعلقات عامہ سفر و نزدیکی تعلقات:۔ قمر و مشتری اس

حوالہ سے اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔ مشتری 11 مئی تک تیسرے گھر میں مقیم ہوگا قریبی اور چھوٹے سفر کاروباری و نجی نوعیت کے سال کے پہلے پانچ ماہ تک کثرت سے ہونگے، ان ایام میں عمومی تعلقات محلہ دار کاروبار و بہن بھائیوں وقریبی اقرباء کے ساتھ اچھے تعلقات استوار ہونگے اور قائم رہیں گے۔ فیلڈ ورک، انشورنس ایجنٹ، قرضہ جات کی فروخت کرنے والے بینک کے ملازمین اور تجارت کا کام کرنے والے افراد کے لئے یہ وقت نہایت موزوں ہوگا۔ قمر چونکہ آپکے ملنے جلنے والے افراد اور انکے ردعمل کو ظاہر کرتا ہے اور قمر ایک ماہ میں عروج و زوال کی ہر منزل سے گذرتا بھی ہے لہذا تعلقات میں گرمی سردی رہے گی، تاہم مئی تک حالات اچھے رہیں گے۔ 11 مئی سے مشتری کا چوتھے گھر میں قیام اہل خانہ کے ساتھ کچھ تعلقات متاثر کرے گا خصوصاً مشتری کی رجعت کے ایام 29 جولائی تا 24 نومبر کے درمیان تعلقات زیادہ متاثر ہو سکتے ہیں۔ صبر و تحمل سے کام لیں اور بگڑتے تعلقات کو سنوارنے کی کوششیں کریں۔ قمر در عقرب تعلقات خراب کرتا ہے ان ایام میں محتاط رہنا ہوگا۔

وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات:۔ عطارد قرضہ لینے اور شمس قرض کی ادائیگی اور وراثت کے حوالہ سے اپنا کردار ادا کرتے ہیں جبکہ زحل آپکے مالی معاملات کا مرکزی ستارہ ہے۔ زحل کی اپنے گھر موجودگی مالی نظم و نسق کنٹرول میں رکھے گی تاہم پہلے سے واجب الادا قرضوں کی طلب میں اضافہ 20 جنوری تا 18 فروری کے درمیان ہو سکتا ہے۔ اسکے ساتھ ہی 10 مارچ تا 27 مارچ عطارد کا تیسرے نحس قیام قرض خواہوں کی جانب سے ادائیگیوں میں دباؤ کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر آپ نے قرض دینا ہے تو ان ایام میں محتاط رہیں اور صلح صفائی سے معاملات حل کرنے کی کوشش کریں۔ انہی ایام میں بہن بھائیوں میں وراثتی تقسیم وجہ فساد بن سکتی ہے شراکتی مالی معاملات بگاڑ کا شکار ہو سکتے ہیں۔ قرضوں کے حصول کے حوالہ سے 30 اپریل تا 5 جولائی عطارد کا جوزا میں قیام قرضہ لینے کے حوالہ سے اہم وقت ہوگا۔ تاہم عطارد کی رجعت 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر کے درمیان کسی ضمانت یا قرضہ میں کاغذی کاروائی پر سوچ سمجھ کر عمل کریں ورنہ مشکلات کا شکار ہو سکتے ہیں۔

حج زیارات بیرون ملک سفر و اعلی تعلیم 18 جنوری سے راہو کا قیام پانچویں گھر میں اہم نوعیت کا حامل ہوگا۔ راہو تحقیق اور علم کے نئے دروازے کھولتا ہے۔ آپ کے زائچہ میں راہو کا ڈیڑھ سال کے لئے قیام اعلی تعلیم کی جانب لے جائے گا۔ 28 مئی تا 23 جون زہرہ کا راہو کے ساتھ قیام اور 30 اپریل تا 5 جولائی نویں کا مالک عطارد جوزا میں قیام کرتے ہوئے اعلی تعلیم کے خواہش مند افراد کے لئے بہترین اوقات کی نشاندہی کرتا ہے۔ جبکہ عطارد کا شرف کے گھر میں قیام 4 اگست تا 26 اگست ہوگا۔ ان ایام میں حج عمرہ زیارات کے لئے کی گئی کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہونگی۔ عطارد کی رجعت 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر کے درمیان اور زہرہ کا 2 مئی تا 28 مئی، 5 ستمبر تا 29 ستمبر نحس ہونا اعلی تعلیم کے حوالے سے اور حج زیارات کے حوالہ سے کی گئی کوششوں میں التوا تاخیر لائے گا۔ ممکنہ طور پر ان تواریخ میں آپ محتاط رہیں۔

امیدیں خواھشات و دوست احباب:۔ مریخ اس حوالہ سے اہم کردار ادا کرتا ہے۔ 24 جنوری تا 6 مارچ مریخ کا شرف میں قیام دوست احباب سے کام لینے اور کاروباری دوستوں کے ساتھ تعلق استوار کرنے کے حوالہ سے اہم وقت ہوگا ان دنوں میں آپ نئے کاروباری تعلقات بنا سکتے ہیں۔ بلکہ ملازمت پیشہ افراد ان دنوں افسران بالا کے ساتھ بہتر تعلق استوار کر سکتے ہیں۔ لیکن اگلے دنوں میں 6 مارچ تا 15 اپریل مریخ کی نحوست کچھ تعلقات خراب بھی کرے گی خصوصاً یہاں زحل کے ساتھ مریخ کا قران دوست احباب اور امیدوں کی تکمیل میں التوا کے ساتھ ناامیدی بھی لا سکتا ہے۔ تلخیاں اور دوریاں پیدا ہو سکتی ہیں۔ ایک اور اہم چیز کیتو کا گیارہویں ڈیڑھ سال کے لئے قیام بھی آپ کو دوست احباب سے دور لے جا سکتا ہے کیتو بنیادی طور پر تنہا پسند بناتا ہے۔ ایسا ممکن ہے کہ باوجود دوست احباب کے آپ خود کنارہ کر جائیں اور کئی ایک امیدوں کو خود دفن کر دیں یا مایوسی کا لبادہ اوڑھ لیں۔

امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور:۔ عطارد اور مشتری ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں روحانی امور کے لحاظ سے عطارد حصول روحانیت میں اہم کردار کا حامل ہوکر 4 اگست تا 26 اگست نویں شرف میں مقیم ہوگا ان ایام میں روحانی علوم سیکھنے یا پڑھنے کی جانب رجحان میں اضافہ ہوگا۔ تحقیق اور جستجو کے نئے ابواب روشن ہونگے۔ تاہم عطارد کی رجعت 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر کے درمیان ہوگی ان ایام میں کسی بھی قسم کی پڑھائی خصوصاً ورد یا وظائف کرنے سے گریز کریں، ناکامی یا الٹ اثرات ہو سکتے ہیں۔ امیگریشن کے حوالہ سے 11 مئی تک مشتری کی سعادتیں آپ کو میسر ہونگی ان ایام میں آپ امیگریشن کے لئے کوشش کریں اللہ کامیاب کرے گا تاہم مستقل سکونت کے لحاظ سے امیگریشن اس سال آپ کو ملنے کے امکانات کم ہیں۔ مشتری کی رجعت کے ایام 29 جولائی تا 24 نومبر کے درمیان امیگریشن کے کام التوا کا شکار ہونگے۔ اسی دوران عطارد 17 نومبر تا 7 دسمبر برج قوس میں کمزور ہوکر روحانی امور کو بھی متاثر کر سکتا ہے۔

قمری و شمسی گرہن:۔ برج جدی کے پانچویں اور گیارہویں

گھر میں بالترتیب دو شمسی اور دو قمری گرہن لگیں گے۔ پہلا شمسی گرہن 30 اپریل کو اور چوتھا قمری گرہن 8 نومبر کو برج ثور پانچویں گھر میں لگیں گے۔ دوسرا قمری گرہن 16 مئی کو اور 25 اکتوبر کو تیسرا جزوی شمسی گرہن برج عقرب میں لگیں گے۔ قمر آپ کے زائچے میں ساتویں اور شمس آٹھویں گھر کا مالک ہے قمری گرہن آپکی ازدواجی زندگی سماجی اشتراکی معاملات کی نمائندگی کے ساتھ شراکتی معاملات سے منسلک جبکہ پانچواں گھر پیار محبت اولاد انعام لاٹری اور علم و دانشمندی سے منسلک ہے۔ یہ سب معاملات قمری گرہن کی وجہ سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ جبکہ شمسی گرہن گیارہویں گھر میں لگنے والے یہ گرہن دوست احباب کاروباری رفقاء امیدیں خواہشات اور انکی تکمیل کے ساتھ والدہ کی وراثت سے بھی منسوب ہے جبکہ آٹھواں گھر صحت کی یکدم خرابیاں اور خوف کے ساتھ مالی نقصانات کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ ان معاملات میں محتاط رہیں اور گرہن کے ایام میں نماز کسوف و خسوف کی ادائیگی کریں اور چاول باجرہ کا صدقہ لازمی دیں۔

صدقات وظائف اور جواہرات :۔ کالے ماش 350 یا 800 گرام کا صدقہ بروز ہفتہ دیں یا پراپرٹی جائیداد اور گھریلو امور میں مشکلات درپیش ہوں تو چنے کی دال 300 گرام کا صدقہ پرندوں کو ڈالیں یا مستحق افراد کو دیں۔ جواہرات میں آپ کے لیے گارنیٹ یا نیلم پہننا فائدہ مند ہوگا۔۔ اگر آپ اصلی اور سرٹیفائیڈ پتھر خریدنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں یَااَللّٰہُ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ کا ورد 224 بار کریں اور اول آخر درود پاک لازمی پڑھیں۔

ستارے آپ کے

دلو — AQUARIUS — ستارہ: یورانس
21 Jan - 19 Feb

دن: ہفتہ **عدد:** ۸ **حروف:** س، ش، ص، ث
رنگ: خاکی، بھورا، نیلا
عنصر: ہوا
جواہر: نیلم، حدید، عقیق سیاہ
بہترین شریک حیات: جوزا، میزان
ناموافق ساتھی: ثور، اسد، عقرب
بیماریاں: آنکھوں کی بیماریاں، اختلاج قلب، دمہ

خصوصیات: دلو افراد آزاد فطرت، ذہین اور ترقی پسند ہوتے ہیں۔ خود کو منفرد پیش کرنے کی کوشش کرتے اور مثالی کردار ادا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ بنیاد پرست سماجی تبدیلی کے ذریعے سے دنیا کو بدلنے کی سوچ رکھنے والے افراد آزاد مزاج کسی حد تک سنکی ہوتے ہیں، فیشن میں بے باک اور جدت سے دلو افراد کو پہچانا جا سکتا ہے۔ زحل کے ساتھ یورانس انکا ذیلی ستارہ ہے، جو جدت ٹیکنالوجی اور حیران کن واقعات پر حکمرانی کرتا ہے، مفکرانہ طبیعت کا عنصر ان میں پایا جاتا ہے تاہم یہ اپنی فکر کو لوگوں پر مسلط کرتے ہوئے قرب و جوار اور عزیز اقرباء کو بھول جاتے ہیں۔ ٹیم ورک سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں اور اپنے ہم خیال لوگوں میں رہنے کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔ دلو افراد سمجھتے ہیں کہ ان میں دنیا کو بدلنے کی صلاحیت ہے اور اس بات پر بعض افراد ضد کی حد تک اٹک جاتے ہیں۔ فطرتاً انسان دوست اور ہمدردانہ مزاج رکھتے ہیں تاہم ستاروں کی نوعیت انکے مزاج اور عمل کو مثبت اور منفی بناتی ہے۔ انکی منفی عادات میں دوسروں کو حقارت کی نگاہ سے دیکھنا، بے حسی اور سرد رویہ لوگوں کو ان سے متنفر کر دیتا ہے۔ حد سے زیادہ تخیل پسندی انہیں اپنے خول میں بند کر دیتی ہے۔ یہ کامل سے کم کسی چیز پر سمجھوتہ کرنے کے عادی نہیں ہوتے۔ بنیادی طور پر انکی ذات کے بارے میں کچھ بھی یقین سے نہیں کہا جا سکتا۔ بہت جلد ان کا رویہ اور عمل تبدیل ہو جاتا ہے۔

ستاروں کی گردش واہم معاملات : آپکا ذاتی ستارہ زحل آپ کے زائچہ میں پہلے گھر میں سارا سال قیام کرے گا۔ شخصیت وقار میں بہتری، عزت میں اضافہ اور سماجی و معاشرتی سطح پر آپ کی ساکھ میں بہتری لائے گا۔ یہ وقت اچھے برے کی تمیز اور حقیقی دوست احباب کی تشخیص کا وقت ہوگا۔ اس سال اور سال گذشتہ سے آپ کو اپنی ذات کے احتساب کا موقع ملا اور ملے گا۔ گذرے وقتوں کی غلطیاں اور کئے گئے غلط کام آپ کو آئیندہ کے لئے نئی جہتیں اور نئے راستے دکھائیں گے۔ یاد رکھیں یہ وقت آپ کی سازھ ستی کا نہیں ہے سوائے ان چند افراد کے جنکے زائچہ میں قمر یہاں موجود ہو یا قمر کی حالت اچھی نہ ہو مشتری 11 مئی تک دوسرے گھر کا مالک ہو کر یہاں مقیم ہوگا۔ مالی معاملات میں بہتری اپنی ذات میں سکون صحت اور تعلقات میں بہتری واقع ہوگی۔ مشتری دوسرے گھر میں شادی بیاہ کی رکاوٹوں کو ختم کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ اگر دلو افراد کی شادی میں کوئی رکاوٹ یا تاخیر ہو تو مئی تک آپ کی شادی کی کوششیں بہتر ثابت ہوں گی۔ راہو کیتو اس سال 18 جنوری کو زائچہ میں گھر تبدیل کریں گے۔ راہو کا داخلہ برج ثور میں اور کیتو کا داخلہ برج عقرب میں دسویں گھر میں ہوگا۔ راہو چوتھے گھر شرف یاب ہو کر کچھ افراد کو مالی فوائد زمین جائیداد کے حوالے سے دیگا اور کچھ افراد کو صحت کی خرابیاں اور گھریلو مسائل میں اضافہ بھی کرے گا۔ کیتو ملازمت پیشہ افراد کے لئے محتاط رہنے کو ظاہر کرتا ہے۔ ستاروں کی گردش کی تفصیلات اگلی سطور میں پڑھیں۔

معاشی و مالی استحکام :۔ مشتری، زہرہ، اور زحل ان معاملات میں اہم ثابت ہوتے ہیں۔ 6 مارچ تا 5 اپریل زہرہ کا دلو میں قیام اچانک مالی فوائد دے گا یہ وقت دولت اور روپیہ پیسہ کے حوالے سے بہترین وقت

ثابت ہوگا مشتری کا دوسرے گھر 11 مئی تک قیام مالی لحاظ سے نہایت اعلیٰ مالی فوائد دے گا۔ مشتری کا داخلہ 11 مئی کو برج حمل میں ہوجائے گا ابتدائی چار ماہ تک مشتری کی سعادتوں سے فوائد اٹھائیں تاہم اسکے ساتھ دیگر ستاروں کی سعادت آپ کو سال میں کچھ اوقات دے گی۔ برج حمل میں مشتری آپ کو اخراجات میں انتظامی امور اور توازن بنانے کے حوالے سے آپ کو معاونت فراہم کرے گا۔ 28 مئی تا 23 جون، 29 ستمبر تا 23 اکتوبر، زہرہ کی سعادتیں مالی حوالہ سے اچھی ثابت ہونگیں۔ جبکہ زہرہ 2 مئی تا 28 مئی، 6 ستمبر تا 29 ستمبر، 16 نومبر تا 16 دسمبر زہرہ کی پوزیشن کمزور ہوگی۔ ان ایام میں مالی توازن بگاڑ کا شکار ہوسکتا ہے آمدنی اور اخراجات میں عدم توازن پیدا ہوگا۔ محتاط رہیں جبکہ مشتری کی رجعت کے ایام 29 جولائی تا 24 نومبر مالی حوالہ سے تغیرات لاسکتا ہے۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری : ۔عطارد اور شمس ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔ شمس 20 جنوری تا 18 فروری آپکے ذاتی برج میں نحس ہوگا اور 23 ستمبر تا 23 اکتوبر میزان میں شمس نحس واقع ہونگے۔ اسکے ساتھ ہی عطارد 10 مارچ تا 27 مارچ، 17 نومبر تا 7 دسمبر عطارد کی نحوست کے دن ہونگے ان ایام میں منگنی نسبت طے کرنے کے حوالے سے اچھے دن نہیں ہونگے، شمس اور عطارد کی سعد تاریخیں 20 مارچ تا 20 اپریل، اور 21 مئی تا 21 جون، اور 23 جولائی تا 23 اگست شمس کی سعادتیں اور 11 اپریل تا 30 اپریل، 10 جولائی تا 4 اگست، اور 4 اگست تا 26 اگست عطارد نہایت سعد دن ہونگے۔ ان ایام میں اولاد کے حوالہ سے تعلیمی یا کاروباری امور کا آغاز کرنا منگنی نسبت یا رشتہ طے کرنے کے حوالے سے سعد دن ہونگے تاہم انعامی اسکیموں کے لحاظ سے لاٹری و اسٹاک مارکیٹ کے لحاظ سے 5 اپریل تا 2 مئی زہرہ مشتری کی سعادت مالی فوائد دے سکے گی۔ تاہم عطارد کی رجعت 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر کے ایام میں انعامی اسکیموں انعام لاٹری یا اسٹاک مارکیٹ کے حوالے سے محتاط رہیں۔

شراکتی ازدواجی و معاملات و شادی بیاہ : ۔شمس عطارد اور مشتری اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔ شراکتی معاملات کے حوالے سے مشتری 11 مئی تک نہایت مناسب اور فائدہ مند وقت ہوگا اس دوران 18 فروری تا 20 مارچ مشتری کے ساتھ شمس کا قران اور 20 مارچ تا 20 اپریل شمس کا شرف بہترین اوقات شادی بیاہ و شراکتی امور کے حوالے سے آپکو ملیں گے۔ 23 جولائی تا 23 اگست شمس اسد میں قیام کرتے ہوئے ایک اور سعد وقت دے گا جبکہ 30 اپریل تا 5 جولائی اور 4 اگست تا 26 اگست کے درمیان عطارد کی سعادت اور 5 اپریل تا 2 مئی زہرہ کا شرف شادی بیاہ و شراکتی امور کے حوالہ سے سعد اوقات ہونگے۔ البتہ شمس کی نحوست کے ایام 20 جنوری تا 18 فروری، 21 جون تا 23 جولائی، 23 نومبر تا 22 دسمبر کے درمیان شادی بیاہ سے گریز کریں اور عطارد کی رجعت 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر کے درمیان بھی محتاط رہنا ہوگا ان ایام میں اشتراکی معاملات اور ازدواجی معاملات دونوں کو سر انجام دینے میں محتاط رہیں۔

تعلقات عامہ سفر اور نزدیکی تعلقات: ۔مریخ اور شمس ان معاملات میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ 24 جنوری تا 6 مارچ مریخ کا بارہویں گھر میں شرف نزدیکی تعلقات بہن بھائیوں اقرباء محلہ داروں اور روز مرہ ملنے جلنے والے افراد کے ساتھ تعاون اور ساکھ میں بہتری کے ساتھ عزت وقار میں اضافہ اور نئے تعلقات بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ ان اوقات میں سفر در پیش آئیں گے جبکہ مریخ 25 مئی تا 5 جولائی برج حمل میں رہتے ہوئے نئے تعلقات کی بنیاد رکھنے اور پرانے تعلقات کو بحال کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ بہن بھائیوں یا قریبی عزیزوں کے ہاں سفر در پیش آسکتے ہیں۔ شمس کا 20 مارچ تا 20 اپریل تیسرے گھر میں شرف تعلقات عامہ کے لحاظ سے نہایت سعد نوعیت کا حامل ہوگا ان ایام میں کسی تنظیم میں شمولیت کرنا علاقائی سطح پر سیاست کرنا یا سیاست میں حصہ لینا فائدہ مند ہوگا۔ شمس کی نحوست کے ایام 20 جنوری تا 18 فروری، 21 جون تا 23 جولائی، 23 نومبر تا 22 دسمبر کے درمیان اور 20 اگست تا سال کے آخر تک مریخ کے نحوست کے ایام میں تعلقات میں بگاڑ پیدا ہوگا۔ ان ایام میں سفر سے گریز کریں اور معاملات کو خوش اسلوبی صلح جوئی سے حل کرنے کی کوشش کریں۔

وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات: ۔ شمس و مشتری شراکت کے حوالے سے اور قمر و عطارد قرضہ جات کے حوالہ سے اہم سیارگان ہیں۔ 18 فروری تا 20 مارچ مشتری کا شمس کے ساتھ قران شراکتی معاملات میں بہتری اور نئے مالی شراکتی معاہدوں کے لحاظ سے سعادت کا باعث ہوگا۔ انہی ایام میں واجب الادا قرضوں کو طول دینے یا ازسرنو تجدید کے حوالہ سے کام کرنا بھی سعد ہوگا۔ 20 مارچ تا 20 اپریل شمس کا شرف نئے شراکت داروں کے ساتھ گفتگو بات چیت اور شرائط طے کرنے کے حوالے سے اہم نوعیت کا وقت ہوگا۔ نئے قرضے حاصل کرنے کے خواہش مند افراد کو قمر ہر ماہ شرف و ہبوط کی منازل سے گذرتا ہوا کئی ایک مواقع فراہم کرتا ہے۔ مشتری کا دوسرے گھر قیام آپ کو مالی حالت بہتر بنانے کے لئے جلد قرضے کے حصول کی جانب لے جا سکتا ہے تاہم محتاط رہیں۔ قرض کسی صورت اچھا نہیں۔ شمس کی نحوست کے ایام 20 جنوری تا 18 فروری، 21 جون تا 23 جولائی، 23 نومبر تا 22 دسمبر کے

درمیان مالی شراکتی معاہدوں سے گریز کریں، جبکہ عطارد کی رجعت 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 2 اکتوبر کے درمیان قرض خواہوں کی جانب سے قرض وصولی کا دباؤ بڑھ سکتا ہے ان ایام میں آپ کو محتاط رہنا ہوگا

حج زیارات بیرون ملک سفر و اعلیٰ تعلیم عطارد و زہرہ ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔ 5 اپریل تا 2 مئی زہرہ مشتری قران اور شرف زہرہ تعلیم کے حصول اور اعلیٰ تعلیم کی جانب رجحان میں اضافہ ہوگا ان ایام میں اعلیٰ تعلیمی اداروں میں داخلہ کی کوشش ملکی و غیر ملکی سطح پر کرنا اچھا ثابت ہوگا۔ انہی اوقات میں حج زیارات کے حوالہ سے کاغذی کارروائیوں کا آغاز اور سفر کی تیاریوں کی کوشش آپ کو اس سال حج زیارات کی سعادتوں سے نوازنے میں معاون ثابت ہوگی۔ 29 ستمبر تا 23 اکتوبر زہرہ کا نویں گھر قیام اعلیٰ تعلیم اور مذہبی و کاروباری سفر کے حوالہ سے سعد وقت ہوگا، جبکہ 4 اگست تا 26 اگست عطارد کا شرف مالی شراکت داریوں کے حوالہ سے اہم اوقات ہونگے۔ ان اوقات سے فائدہ اٹھائیں۔ زہرہ کی نحوست 2 مئی تا 28 مئی، 6 ستمبر تا 29 ستمبر، 16 نومبر تا 16 دسمبر کے درمیان رہے گی، ان ایام میں بیرون ملک سفر تجارت کے حوالہ سے کوئی کام نہ کریں یا احتیاط برتیں۔

امیدیں خواہشات و دوست احباب:۔ مشتری اہم نوعیت کا حامل سیارہ ہے ابتدائے سال سے 11 مئی تک مشتری برج حوت میں رہتے ہوئے امیدوں اور خواہشات کی تکمیل کے لحاظ سے سعد ہوگا۔ ان ایام میں دوست احباب سے وابستہ امیدیں پایہ تکمیل تک پہنچیں گی۔ کاروباری رفقاء اور افسران بالا کے ساتھ تعلقات بھی اچھے رہیں گے کچھ افراد کو ان ایام میں ترقی مل سکتی ہے اور کچھ کاروباری افراد کو دوست احباب کی مدد سے نئی مارکیٹیں اور نئے کام کی بنیاد رکھنے جیسے مواقع ملیں گے۔ 11 مئی کے بعد مشتری کا داخلہ تیسرے گھر میں ہوجائے گا۔ پرانے اور بچپن کے دوست احباب سے ملاقاتیں اور تعلقات بنیں گے۔ صلاح کاروں اور مشیروں کی رائے کا احترام ضرور کریں لیکن مشتری برج حمل میں ناقص ہوگا اس لئے رائے بھی ناقص مل سکتی ہے لہٰذا ہر مشورہ جانچ پرکھ بغیر قبول نہ کریں ورنہ دوست احباب نقصان کا باعث بھی بن سکتے ہیں۔

امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور:۔ زحل آپکے خفیہ امور اور امیگریشن کے معاملات سے تعلق رکھتا ہے سارا سال آپ کے برج دلو میں رہتے ہوئے خفیہ دشمنوں، حاسدین اور منافقین کا پردہ چاک کرتا رہے گا۔ آپ کے اپنے خفیہ معاملات اگر ہیں تو زحل کی رجعت کے ایام میں سامنے آسکتے ہیں۔ یہ ایام 5 جون تا 23 اکتوبر ہونگے، ان ایام میں امیگریشن کی کوششیں کارگر ثابت نہ ہونگی بلکہ ممکن ہے کہ بیرون ملک مقیم دلو افراد ان دنوں واپس اپنے وطن کا رخ کریں۔ نویں میزان کا مالک زہرہ روحانی امور سے منسلک ہے زہرہ 6 مارچ تا 5 اپریل لگن میں زحل کے ساتھ ہوگا ان دنوں میں روحانی مشاورت یا ترقی کے لحاظ سے کسی سے ملاقات آپکو درست راستہ دکھا سکتی ہے لیکن عملیات وظائف یا ورد کے لحاظ سے ان اوقات میں کسی عمل کا آغاز نہ کریں کیوں کہ انہی اوقات میں عطارد پڑھائی اور ورد وظائف کے لئے نحس ہوگا۔ اس سال آپ کی امیگریشن کے لحاظ سے کی گئی کوششیں ممکن ہے کہ کامیاب نہ ہوسکیں۔

قمری و شمسی گرہن:۔ برج دلو کے چھٹے کا حاکم قمر اور ساتویں کا حاکم شمس دو، دو بار گرہن میں جائیں گے۔ پہلا شمسی گرہن 30 اپریل کو اور چوتھا قمری گرہن 8 نومبر کو برج ثور چوتھے گھر میں لگیں گے۔ قمر آپ کے زائچہ میں چھٹے گھر کا مالک ہے اچانک صحت کی خرابیاں خصوصاً والدہ اور اہل خانہ کی صحت متاثر ہوسکتی ہے۔ ننھیالی رشتوں میں خرابیوں کے ساتھ ملازمت پیشہ افراد کے دفتری معاملات میں خرابیاں قمر کے گرہن کی وجہ سے سامنے آئیں گی۔ جبکہ شمسی گرہن چوتھے گھر میں ازدواجی معاملات میں خرابیاں خانگی امور میں تلخیاں لاسکتا ہے۔ دوسرا قمری گرہن 16 مئی کو اور 25 اکتوبر کو تیسرا جزوی شمسی گرہن برج عقرب میں لگیں گے دسویں گھر میں لگنے والے قمری گرہن سے ملازمت پیشہ افراد کی نوکری میں اچانک بدلی یا تنزلی کے ساتھ جبری برخواست ہونے کے واقعات رونما ہوسکتے ہیں۔ دفتری مسائل اچانک سر اٹھائیں گے اور افسران بالا کے ساتھ تعلقات خراب ہونگے۔ جبکہ دسویں گھر میں لگنے والا شمسی گرہن مشترکہ کاروبار کرنے والے افراد اور سماجی و معاشرتی تعلقات کو خراب کرنے میں کردار ادا کرسکتا ہے۔ نماز کسوف و خسوف کی ادائیگی کریں اور چاول یا جرہ کا صدقہ لازمی دیں۔

صدقات وظائف اور جواہرات:۔ کالے چنے بروز جمعرات اور کالی ماش بروز ہفتہ دینا معمول بنالیں چاہے جتنی توفیق ہو لیکن صدقات دینا آپ کی مشکلات میں کمی کا باعث بنتا ہے۔ یافتاح یا رزاق یا رحیم 107 مرتبہ ورد کیا کریں۔ یاقوت کا پتھر پہننا آپکے لئے فائدہ مند ہوگا۔ اگر آپ اصلی اور سرٹیفائیڈ پتھر خریدنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں

ستارے آپ کے

حوت — PISCES — سیارہ: مشتری

20 Feb - 20 Mar

دن: جمعرات **عدد:** ۳،۷ **حروف:** د، چ

رنگ: ______ سبز، بھورا، خاکی

عنصر: ______ آبی

جواہر: ______ زمرد، یاقوت

بہترین شریک حیات: ______ سرطان، عقرب

ناموافق ساتھی: ______ جوزا، سنبلہ، قوس

بیماریاں: امراض قلب، درد شانہ، مرگی، حلق کی بیماریاں

خصوصیات: حوت افراد ہمدرد، ملنسار اور رابطے میں رہنے والے لوگ ہوتے ہیں۔ دیگر آبی بروج کی نسبت حوت افراد قدرے مضبوط ہوتے ہیں، پرسکون رہنے والے اور جلد مان جانے والے افراد ہوتے ہیں۔ ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ ان سے لوگ ناراض نہ ہوں۔ موڈی اور شاعرانہ مزاج کے حامل ہوتے ہیں جب کہ ان میں اداکاری کرنے کا فن بھی بے انتہا موجود ہوتا ہے۔ خواب اور تصورات کی دنیا میں رہنے والے حوت افراد اپنے جذبات اور خیالات کو شاعری اور افسانوی طور پر پیش کرنے میں ماہر ہوتے ہیں۔ دکھ درد بانٹنے کی صلاحیت سے بھرپور بے لوث افراد دوسروں کو کاندھا دینے والے اندر ہی اندر غمزدہ بھی ہوتے ہیں۔ تکیہ میں سر دبا کر رونا اور تنہائی میں خود سے اپنا درد بانٹنا انکا بہترین مشغلہ ہوتا ہے۔ انکی منفی خصوصیات میں حد سے زیادہ جذباتی پن بعض اوقات انہیں لوگوں میں رونے پر مجبور کر دیتا ہے۔ یہ کوئی بڑی بات نہیں کہ حوت افراد بات کے درمیان رونا شروع کر دیں۔ بہت جلد اعتماد کر لینے کی عادت انہیں بعض اوقات نقصان پہنچاتی ہے۔ دوسروں کے سامنے کھلنے اور ان سے مدد لینے میں انہیں دقت محسوس ہوتی ہے جس کی وجہ سے بعض حوت افراد اندر ہی اندر گھٹتے رہتے ہیں اور ذہنی دباؤ یا پریشانیوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ انکا ستارہ مشتری ہے جبکہ نیپچون حوت کا ثانوی ستارہ جانا جاتا ہے۔ عموماً پاؤں پر یا ٹخنوں پر پیدائشی علامت ہوتی ہے۔

ستاروں کی گردش و اہم معاملات: آپ کا ذاتی ستارہ مشتری سال گذشتہ سے آپکے برج میں مقیم ہے اور سال گذشتہ سے اپنی سعادتیں دے رہا ہے۔ روپیہ پیسہ عزت وقار شہرت سکون اور معمولات زندگی کے حوالہ سے پرسکون وقت آپ کو سال گذشتہ سے میسر رہا ہے۔ اس سال 11 مئی تک مشتری کا قیام آپکے لگن میں ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کی شادی، بے روزگار افراد کو روزگار، بے وقعت افراد کو عزت اور دیگر عوامل زندگی میں مشتری آپ کو نوازتا رہے گا۔ مشتری چونکہ آپکے دسویں کا حاکم بھی ہے لہذا ملازمت پیشہ و کاروباری دونوں افراد کو بہترین اوقات 11 مئی تک میسر رہیں گے۔ 11 مئی کے بعد مشتری کا داخلہ دوسرے برج حمل میں ہو جائے گا۔ چھٹے اور نویں گھر سے تثلیث بناتا ہوا مشتری سارا سال دھن دولت کام کاروبار اور ملازمت پیشہ افراد کو ترقی اور مالی آسودگی دیتا رہے گا۔ زحل کا قیام سارا سال بارہویں گھر میں ہوگا، حکومتی محصولات، ٹیکسز، یوٹیلیٹی بلز اور دیگر ناگہانی اخراجات ہو سکتے ہیں۔ حاسدین اور مخالفین ظاہری طور پر مستحکم یا طاقتور ہوتے نظر آتے ہیں۔ تاہم یہاں دیگر ستاروں کا زحل کے ساتھ قیام اور قران بہتری بھی لائے گا۔ زحل کی ساتویں اور دسویں نظر چھٹے اور نویں گھر پر ہوگی، امیگریشن اور کسی دوسرے ملک کی شہریت حاصل کرنے کے خواہشمند افراد کو کامیابیاں مل سکتی ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد محکموں کی جانب سے بیرون ملک سفر کر سکیں گے۔ راہو کیتو 18 جنوری کو تیسرے گھر راہو اور نویں گھر کیتو کا داخلہ ہوگا۔ راہو کیتو کی زائچہ کے لحاظ سے یہ بہترین پوزیشن ہوگی۔ دیرپا تعلقات بنانے، سفر اور سیاست میں قدم رکھنے کے حوالہ سے کیتو یہاں سعد حالات دے گا تاہم بہن بھائیوں کی جانب سے دکھ تکلیف کی خبریں سامنے آ سکتی ہیں ستاروں کی دیگر تفصیلات اگلی سطور میں ملاحظہ کریں۔

معاشی و مالی استحکام: مشتری مریخ معاشی حوالہ سے اہم سیارگان ہیں۔ مریخ آپ کے زائچہ میں دوسرے اور نویں گھر کا حاکم ہو کر سال کے آغاز میں 24 جنوری تا 6 مارچ تک بیت الامید میں شرفیاب ہوگا۔ دوسرے اور نویں گھر کا حاکم شرف یاب ہو کر مالی طور پر استحکام کے حوالہ سے اہم ثابت ہوگا۔ دوست احباب کاروباری رفقاء اور ملازمت پیشہ افراد کو افسران بالا کا تعاون حاصل ہوگا۔ مالی طور پر اضافہ اور بہتری آئے گی۔ مریخ 25 مئی تا 5 جولائی مال کے گھر میں مقیم ہو کر مال و اسباب اور دھن دولت کے حوالہ سے مستحکم کرے گا۔ 6 مارچ تا 15 اپریل اور 5 جولائی تا سال کے آخر تک مریخ نحس واقع ہوگا۔ ان اوقات میں مالی طور پر مشکلات درپیش آئیں گی۔ لیکن مشتری کی یہاں سعد ستارہ ہو کر سعد اثرات دیتا ہوا مالی طور پر اچھے اثرات لائے گا۔ 11 مئی تک مشتری حوت میں روپیہ پیسہ کے حوالہ سے خود کفیل کرے گا۔ دولت آپ پر مہربان ہوگی اس دوران مریخ کا قران 15 اپریل تا 25 مئی مشتری کے ساتھ ہوگا یہ ایک اور سعد وقت ہوگا لیکن گیارہ مئی کے بعد برج حمل میں مشتری داخل ہو کر مال دھن دولت کے گھر میں سارا سال اچھے اثرات دے گا تاہم مشتری 29 جولائی تا 24 نومبر رجعت میں رہیگا، ان ایام میں مالی طور پر محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی بے جا اخراجات سے گریز کرنا بہتر ہوگا۔

منگنی اولاد انعامی بانڈز و لاٹری : ۔قمر پانچویں کا حاکم ہوکر اولاد کے حوالہ سے اور منگنی و انعامی اسکیموں کے حوالہ سے اہم کردار ادا کرتا ہے قمر ہر ماہ شرف اور اوج میں آتا ہے لیکن اسکے ساتھ ہی قمر کا اپنے گھر میں ہر ماہ قیام منگنی اور نسبت کے حوالہ سے آپ کو اہم اوقات دیتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی قمر در عقرب کے ایام بھی آتے ہیں جو منگنی اور نسبت میں رکاوٹ لاتے ہیں ۔گویا قمر ان حوالوں سے آپکے معاملات میں تغیرات اور تبدیلیاں لاتا رہتا ہے ۔11 مئی تک مشتری طالع میں رہ کر پانچویں نظر پانچویں گھر پر ڈالتا ہوا انعامی اسکیموں اور لاٹری کے حوالہ سے آپ کو فوائد دینے میں معاون ثابت ہوگا۔ گیارہ مئی تک کا وقت انعامی اسکیموں، بانڈز لاٹری اور اسٹاک مارکیٹ کے حوالہ سے اہم ثابت ہوگا۔ لیکن گیارہ مئی کے بعد انعامی اسکیموں کے حوالہ سے سرمایہ کاری کے حوالہ سے سود مند ثابت نہ ہوگا۔ ان ایام میں اسٹاک مارکیٹ لاٹری یا انعامی اسکیموں میں سرمایہ لگانے سے گریز کریں۔

شراکتی ازدواجی و معاملات و شادی بیاہ : ۔مریخ و زہرہ اور مشتری و عطارد ان معاملات میں اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں ۔اب تک جن کی شادی نہیں ہوئی ان حوت افراد کو اس سال شادی کے لئے بہترین اوقات دستیاب ہونگے خصوصا مشتری 11 مئی تک آپ کے پہلے گھر میں ہوگا اسی دوران مریخ 24 جنوری تا 6 مارچ شرف یاب ہوگا جو ازدواجی معاملات کے حوالہ سے اہم ثابت ہوگا۔ مریخ کا داخلہ 25 مئی تا 5 جولائی برج حمل میں ہوگا مشتری اور مریخ کا قران اور 30 اپریل تا 5 جولائی عطارد کا چوتھے قیام شادی بیاہ کے حوالہ سے اور شراکت داریوں کے حوالہ سے اہم وقت ثابت ہوگا ۔انہی دنوں میں ازدواجی معاملات میں بہتری رہے گی ناراض جوڑوں میں جاری چپقلش دور کرنے کے حوالہ سے یہ وقت سعد ہوگا۔ نئی شادی کرنے یا عقد ثانی کے خواہش مند افراد کو بھی عقد ثانی کا موقع دستیاب ہوگا۔ 26 اگست تا 30 اکتوبر، 17 نومبر تا 7 دسمبر عطارد کا نحس ہونا اور 14 جنوری تا 4 فروری، 10 مئی تا 3 جون، 10 ستمبر تا 3 اکتوبر عطارد کی رجعت کے ایام میں ازدواجی و شراکتی معاملات طے کرنے کے حوالہ سے احتیاط طلب وقت ہوگا۔

تعلقات عامہ سفر و نزدیکی تعلقات : ۔زہرہ ان معاملات میں اہم نوعیت کا حامل ہے۔ 5 اپریل تا 2 مئی زہرہ کا ذاتی برج میں شرف تعلق داروں عزیز و اقرباء اور بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنائے گا اور اسکے ساتھ ہی محلہ سوسائٹیز یا عمومی سیاست کے حوالہ سے یہ وقت اہم نوعیت کا حامل وقت ہوگا ۔سیاست سے منسلک افراد ان دنوں سیاسی طور پر استحکام حاصل کرسکیں گے ۔چھوٹے سفر ان دنوں درپیش آئیں گے ۔ 28 مئی تا 18 جولائی، 29 ستمبر تا 23 اکتوبر زہرہ کی سعادت کے اہم ایام ہونگے ۔ان دنوں میں تعلقات کی بہتری اور مضبوطی کے حوالہ سے کام کرنا سود مند ثابت ہوگا ۔5 ستمبر تا 29 ستمبر، 16 نومبر تا 10 دسمبر زہرہ کی نحوست کے ایام ہونگے۔ اسکے ساتھ ہی مریخ کا نحس قیام تیسرے گھر میں 5 جولائی تا 20 اگست برج ثور میں ہوگا۔ بہن بھائیوں اور قرابت داروں میں اختلافات رونما ہوسکتے ہیں۔ دوران سفر چوٹ لگنے یا کسی اور وجہ سے پریشانیاں سامنے آسکتی ہیں۔

وراثت قرضے شراکتی مالی معاملات

شمس قرض لینے اور زہرہ قرض ادا کرنے کے حوالہ سے اہم اور زہرہ مریخ مشترکہ مالی معاملات کے حوالہ سے اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں 20 جنوری تا 18 فروری شمس کا دلو میں قیام حکومتی قرضوں کی وصولی میں دباؤ پیدا ہوگا ۔20 مارچ تا 20 اپریل شمس کا شرف دوسرے گھر میں مالی توازن کو بہتر بنانے کے حوالہ سے قرضہ لینے کی جانب سوچ بڑھے گی۔ ان ایام میں قرضوں میں اضافہ ہوگا۔ شمس 23 جولائی تا 23 اگست اسد میں قیام نئے قرضے لینے میں کامیابی حاصل ہوگی ۔ملازمت پیشہ افراد کو مالی معاونت کے لئے اداروں سے قرضوں کے حصول میں آسانی ہوسکے گی ۔6 مارچ تا 5 اپریل زہرہ کا ثلث میں قیام قرضوں کی ادائیگیوں کے حوالہ سے اہم ثابت ہوگا، ان ایام میں آپ قرضوں میں کمی کی کوشش کریں کامیاب ہونگے ۔مشتری مئی تک بہتر حالات دینے کے بعد مالی شراکت داروں کے حوالہ سے گیارہ مئی کے بعد برج حمل میں داخل ہوگا۔ ان ایام میں نئی شراکت داریوں کو کرنا مالی طور پر کامیابی کے لحاظ سے سود مند ثابت ہوگا۔

حج زیارات بیرون ملک سفر و اعلیٰ تعلیم

مریخ دوسرے اور نویں گھر کا حاکم ہوکر اور قمر پانچویں گھر کا حاکم ہوکر اہم کردار تو ادا کرتا ہی ہے لیکن راہو کی تیسرے گھر میں آمد بھی تعلیم کے حوالہ سے اہم نوعیت کی حامل ہوگی ۔مریخ کا شرف برج جدی میں 24 جنوری تا 6 مارچ قیام حج زیارات کے حوالہ سے اور بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کے حوالہ سے سفر کرنے کے خواہش مند افراد کو سعد اوقات میسر ہونگے۔ انہی ایام میں مشتری کی نویں نظر نویں گھر پر مذہبی، کاروباری و سیاحتی سفر اور اعلیٰ تعلیم کے حوالہ سے سفر اہم ثابت ہوگی ۔جبکہ قمر کی نظرات ہر ماہ مریخ اور مشتری کے ساتھ بنتی ہیں۔ قمر کی سعد نظرات وقتاً فوقتاً سعد اوقات سے آپ کو نوازتی ہیں۔ مریخ 15 اپریل تا 25 مئی مشتری کے ساتھ ذاتی برج میں قیام کرتے ہوئے ایک اور سعد وقت سے آپ کو نوازے گا ۔مریخ کا 25 مئی تا 5 جولائی دوسرے گھر قیام کاروباری سفر کے حوالہ سے بھی اہم فوائد دے گا۔

امیدیں خواہشات و دوست احباب: ۔زحل بیت الامید کا حاکم ستارہ ہے جو کہ سارا سال بارہویں گھر میں قیام کرے گا۔ سال گزشتہ سے زحل کا قیام آپکی آرزوؤں اور امیدوں کی تکمیل کے حوالہ سے اہم اوقات آپ کو دیتا رہا ہے۔ دوست احباب سے مالی فوائد اور کاروباری افراد کو رفقاء و دوست احباب کے ساتھ بہترین تعلقات سے نوازے گا۔ دوست احباب میں سے بزرگ دوستوں اور رائے دینے والے افراد کی رائے کا احترام اور اس پر عمل آپ کو آنے والے وقت میں خود کفیل اور امیدوں و خواہشات کی تکمیل کے حوالہ سے اہم راہ فراہم کرے گا۔ مریخ کا شرف 24 جنوری تا 6 مارچ کے درمیان مالی فوائد کے حوالہ سے دوست احباب کام آسکتے ہیں۔ کاروباری رفیقوں اور ملازمت پیشہ افراد کو افسران بالا کا تعاون حاصل ہوگا۔ لیکن زحل کی رجعت کے ایام 5 جون کا 23 اکتوبر کے درمیان کچھ ایسے حالات سامنے آسکتے ہیں کہ آپ اپنی امیدوں کی تکمیل کو ادھورا چھوڑ دیں یا بدظن ہو جائیں، یہ وقت عارضی طور پر مشکلات لائے گا تاہم دیگر ایام آپکے زائچہ کے حوالہ سے آپ کو معاونت فراہم کریں گے۔

امیگریشن خفیہ معاملات و روحانی امور: ۔زحل اور مریخ اس حوالہ سے اہم نوعیت کے حامل سیارگان ہیں۔ روحانی امور کے لحاظ سے مریخ کا شرف 24 جنوری تا 6 مارچ اہم ہوگا۔ ان ایام میں آپ بیرون ملک سفر اور امیگریشن کے حوالہ سے کوشش کریں کامیاب ہونگے۔ زحل کا بارہویں قیام اور مشتری کے ساتھ مریخ کا قران 15 اپریل تا 25 مئی کے درمیان امیگریشن کے حوالہ سے ایک اور سعد وقت ہوگا، یہ وقت روحانی امور کے حوالہ سے اہم ہوگا روحانی امور کے حوالہ سے ان دنوں میں کسی سے رابطہ آپ کو درست روحانی سمت کے تعین میں مدد فراہم کرے گا۔ روحانیت اور روحانی شخصیات سے روابط رکھنے والے افراد ان دنوں میں ضرور روحانی مشاورت اور وظائف یا ورد کریں، کامیاب ہونگے۔ زحل بارہویں گھر میں گو کہ خفیہ حاسدین اور مخالفین کی جانب سے آپ کو مشکلات دے گا تاہم لگن کا مشتری آپکو خفیہ معاملات کو حل کرنے اور خفیہ حاسدین پر غلبہ حاصل کرنے کے حوالے سے معاونت فراہم کرے گا۔

قمری و شمسی گرھن: ۔ برج حوت کے پانچویں کا حاکم قمر اور چھٹے کا حاکم شمس دو دو بار گرہن میں جائیں گے۔ پہلا شمسی گرہن 30 اپریل کو اور چوتھا قمری گرہن 8 نومبر کو برج ثور تیسرے گھر میں لگیں گے۔ قمر آپ کے زائچہ میں پانچویں گھر کا مالک ہے پیار محبت انعام اولاد لاٹری اسٹاک مارکیٹ کے کام قمر سے منسلک ہیں۔ قمری گرہن اولاد کے ساتھ تعلقات میں خرابی، محبوب کی بے رخی اور اسٹاک مارکیٹ و انعامی اسکیموں میں اچانک مالی نقصان دے سکتا ہے۔ جبکہ شمسی گرہن تیسرے گھر میں بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابیاں اور اچانک صحت کی خرابیاں لا سکتا ہے۔ دوسرا قمری گرہن 16 مئی کو اور 25 اکتوبر کو تیسرا جزوی شمسی گرہن برج عقرب میں لگیں گے۔ نویں گھر میں لگنے والے قمری گرہن سے بچوں کی اعلیٰ تعلیم اور قسمت کی خرابیاں سامنے آسکتی ہیں۔ جبکہ نویں گھر میں لگنے والا شمسی گرہن صحت میں اچانک خرابی لا سکتا ہے تاہم ملازمت پیشہ افراد کے دشمنوں اور حاسدوں کو یہ گرہن بے نقاب بھی کرے گا۔ نماز کسوف و خسوف کی ادائیگی کریں اور چاول یا جرہ کا صدقہ لازمی دیں۔

صدقات وظائف اور جواھرات: ۔ ایکوامیرین، زرد عقیق یا زرد پکھراج کا استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اصلی اور سرٹیفائیڈ پتھر خریدنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں۔ منگل کے دن گوشت کا صدقہ دینا معمول بنالیں یا مسور کی دال کا صدقہ دیں۔ یا اللہ یا کبیر یا رحیم کا ورد 111 مرتبہ کریں اول آخر درود پاک لازمی پڑھیں۔

ایک روحانی کھوج

مزمل محی الدین
(ماہر فلکیات)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

انسان کی خلقت اس کائنات پر ایک بہت چھوٹے حصے پر مشتمل ہے، کرہ ارض پر اور بھی بہت سے قوی اثرات کی حامل مخلوقات ہیں جو کہ نظام شمسی کے زیر اثر کام کرتی ہیں۔ یہ اثرات انسانی زندگی پر اس کی پیدائش سے ہی عمل پیرا ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ علم نجوم اور علم فلکیات انسانی زندگی پر ان اثرات کو دریافت کرنے کی کوشش کرتے ہیں، چاہے وہ زندگی کے کسی بھی پہلو سے تعلق رکھتے ہوں جیسا کہ معاش، تعلیم، اور شادی وغیرہ۔ جیسا کہ ہم جانتے ہیں، کہ اس بات پر یقین رکھا جاتا ہے کہ نو آسمانی سیارے (کیتو اور راہو کے علاوہ جو کہ زحل کے زیر اثر آتے ہیں) انسانی زندگی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ علم نجوم کے ذریعے انسانوں کی پسند، ناپسند، توجیہات حتیٰ کہ ان کے کردار کی خصوصیات اور طرز عمل تک کو علم میں لایا جا سکتا ہے۔ وقت پیدائش، جائے پیدائش، تاریخ پیدائش کے پیش نظر ان کی خصوصیات کا پتہ لگایا جا سکتا ہے۔ علم نجوم میں نمبروں کو اکائی کے ہندسے تک لایا جاتا ہے تا کہ انسان کی خصوصیات کا پتہ لگایا جا سکے۔ یہ دور حاضر میں حساب لگانے کا سب سے بہترین ذریعہ ہے۔ مثال کے طور پر اگر کسی کا یوم پیدائش 11 اگست 1996 ہے تو اس کا عدد 2 اس کی شخصیت پر حاوی ہوگا، جبکہ عدد 8 اس کی زندگی پر حاوی ہوگا۔

ایک سے 9 تک کے ہر عدد میں سیارے یا راہو اور کیتو میں سے کسی کی طرف سے آنے والی خصلتیں ہوتی ہیں جن کا انفرادی طور پر اپنا اثر ہوتا ہے یہ سیارے جب اکھٹے ہوتے ہیں تو اگر یہ ایک دوسرے کے موافق ہوں تو یہ انسان کی پیدائش اور اس میں مشکلات پر مثبت اثرات چھوڑتے ہیں، جیسا کہ دیکھا جاتا ہے کہ شخصیت کا نمبر 2 جبکہ زندگی کی راہوں کا عدد۔ 2-8 جس پر چاند کی حکومت ہے اور جبکہ عدد 8 پر زحل کی حکومت ہے، یہ کوئی بہت موافق اتحاد نہیں ہے بلکہ سیاروں کا یہ امتزاج کسی بھی شخص کی زندگی پر برے اثرات مرتب کر سکتا ہے۔

آئیے ان اعداد، ان سے متصل سیاروں اور انکی خصوصیات پر نظر دوڑاتے ہیں

عدد 1 جس پر شمس کی حکومت ہے۔ یہ عدد کسی بھی فرد کو بادشاہ، معزز اور مہربان بناتا ہے۔ یہ افراد بہت منظم ہوتے ہیں اور کوئی بھی ان افراد کی آواز اور ان کے برتاؤ میں حاکمیت کو بخوبی محسوس کر سکتا ہے۔ یہ افراد اچھے لیڈر ثابت ہوتے ہیں، یہ لوگ بہت انا پرست ہوتے ہیں، ان افراد کا کام کرنے کا اپنا ہی انداز ہوتا ہے اور یہ لوگ نئے رجحانات تشکیل دیتے ہیں اس بات کو مد نظر رکھیں کہ عدد 1 ہر مہینے کی 1 یکم، 10 دسویں، 19 انیسویں اور 28 اٹھائیسویں تاریخ سے لیا جائے گا اسی طرح ان اعداد کے حامل افراد کی خصوصیات بھی مختلف ہوں گی۔

عدد 2 پر قمر کی حکومت ہے، یہ عدد انسان کو غیر متحرک طریقے سے معزز اور شاہانہ بناتا ہے، اس عدد کے حامل افراد بہت جذباتی اور حساس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ یہ افراد بہت متلون مزاج ہوتے ہیں ان میں الہامی قوت بہت تیز ہوتی ہے اور یہ لوگ بہت مددگار بھی ثابت ہوتے ہیں۔ لیکن اکثر اوقات یہ لوگ احساس کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں

عدد 3 پر سیارہ مشتری کی حکومت ہے جسے بادشاہوں کا دیوتا بھی کہا جاتا ہے۔ یہ عدد انسان کو روحانیت کی طرف لے جاتا ہے، اس عدد کے حامل افراد دوستانہ طبیعت کے مالک ہوتے ہیں، یہ افراد لوگوں کو بہت مخلصانہ مشورے دینے والے ہوتے ہیں اس عدد سے تعلق رکھنے والے افراد قدرتی طور پر بہترین کونسلر ثابت ہوتے ہیں یہ لوگ تصوراتی طور پر بہت تخلیقی ہوتے ہیں اور ان میں معلم بننے اور علم حاصل کرنے کا جذبہ پایا جاتا ہے۔ یہ افراد بہت منظم اور خود پرست ہوتے ہیں۔ یہ لوگ عمومی طور پر مددگار، معلم اور تبلیغی کردار ادا کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

عدد 4 پر راہو کی حکومت ہے یہ تخلیقی صلاحیت کے مالک ہوتے ہیں ان افراد کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے یہ لوگ ضدی اور جلد باز ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بہت منظم ہوتے ہیں یہ منطق کی طرف مائل ہوتے ہیں یہ جذبات سے عاری ہوتے ہیں، ان افراد کی کسی بات پر ایمان لانے کیلئے حقائق اور دلائل درکار ہوتے ہیں جس کی بدولت یہ افراد بہت جلد، بحث و

مباحثے میں بھی مشغول ہو سکتے ہیں، یہ افراد غصیلی اور تشدد پسندانہ طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔

عدد 5 پر عطارد حکومت کرتا ہے ان حضرات کی شخصیت شہزادوں کی طرح ہوتی ہے، یہ بہترین میزبان ہوتے ہیں، کسی بھی محفل میں ان کی موجودگی باعث تفریح ہوتی ہے اور انکی موجودگی میں کوئی بھی شخص اُکتا نہیں سکتا۔ یہ بہت ذہین اور حساس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ یہ افراد ذمہ دار اور اپنی ذات کا محاسبہ کرنے والے ہوتے ہیں، یہ افراد خوش نصیب ہوتے ہیں یہ لوگ عادتاً بہت سست ہوتے ہیں جس کے باعث یہ موٹاپے کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ لوگ زندہ دل اور رومانوی طبیعت کے مالک ہوتے ہیں یہ لوگ گفتگو کرنے میں ماہر ہوتے ہیں۔

عدد 6 پر زہرہ کی حکمرانی ہے، پرلطف ہونا ان کی ذات کی عکاسی کرتا ہے۔ اس عدد کے زیر اثر آنے والے افراد حسن پرست، رومانوی اور نفس پرست ہوتے ہیں اور ہر کام کرتے ہوئے سوچ و بچار کرتے ہیں۔ ان کا انداز بیاں بہت شیریں ہوتا ہے اور انہیں اپنی خواہشات کے مطابق اپنے کام نکالنے کا ہنر آتا ہے۔ لوگ انہیں دوغلی شخصیت کا حامل سمجھتے ہیں یہ اپنے معاملات میں کامیاب اور اپنے الفاظ کی پاسداری کرنے والے ہوتے ہیں۔

عدد 7 پر کیتو کی حکومت ہے۔ یہ لوگ تخیلاتی اور پر اسرار طبیعت کے حامل ہوتے ہیں۔ کام کے وقت یہ لوگ اپنے مینٹر کی پیروی کرتے ہوئے، بہترین عملی مظاہرہ کرتے ہیں، یہ افراد صاحب وجدان اور تیز فہم ہوتے ہیں۔ یہ افراد حکمت سے بھرپور، شفا بخش اور ہمدرد طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ یہ افراد خاصیت کے اعتبار سے بہت پر تجسس اور ہمیشہ کسی بڑی چیز کی تلاش میں رہتے ہیں یہ لوگ تحقیقی کام بہت عمدگی سے انجام دیتے ہیں۔ ان افراد میں خود اعتمادی نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے جس کے باعث یہ افراد اپنی ذات تک محدود رہتے ہیں۔

عدد 8 پر سیارہ زحل کی حکومت ہے۔ یہ افراد بہت محنتی ہوتے ہیں، عدد 4 کے حامل افراد سے مماثلت رکھتے ہیں جب بحث و مباحثے کی بات آتی ہے تو یہ لوگ بہت منطقی ہوتے ہیں، یہ افراد بہت سست اور ضدی ہوتے ہیں اور اکثر اوقات محنتی بھی ہو سکتے ہیں ان افراد کو اپنی زندگی کے معاملات میں تاخیر کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ یہ افراد اپنے بچپن سے ہی بہت انا پرست ہوتے ہیں۔ یہ افراد قوانین کی پاسداری کرنے والے ہوتے ہیں۔ اپنی منصفانہ طبیعت کے باعث کوئی غلط بات برداشت نہیں کرتے نہ ہی غلط کا ساتھ دیتے ہیں۔

عدد 9 پر سیارہ مریخ کی حکومت ہوتی ہے، یہ عدد انسانیت پرستی کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ افراد بہت موڈی ہوتے ہیں اور کسی جنگجو کی طرح ہر وقت لڑنے کیلئے تیار رہتے ہیں۔ یہ لوگ فطرتاً آتش مزاج، غصیلے اور سخت ہوتے ہیں۔ یہ افراد مضبوط اور کامل ہوتے ہیں، ان حضرات کی عادات کا منفی پہلو یہ ہے کہ یہ لوگ بہت شکی اور امتیازی سلوک کرنے والے ہوتے ہیں جس کی بدولت یہ لوگ عموماً اجنبیت کا شکار ہو جاتے ہیں۔

یہ سیاروں اور اعداد کے کچھ عجائبات ہیں ان کے ساتھ ساتھ آپ کا نام بھی آپ کی زندگی پر قوی اثر رکھتا ہے۔ اگر آپ کو اپنے نام، عدد یا سیارے کے متعلق مزید معلومات درکار ہوں تو آپ ہمارے امامیہ جنتری کے آفیشل پیج کو فالو کریں۔

اس کے علاوہ آپ کو اپنی زندگی میں مسائل درپیش ہوں تو آپ ان کو حل کرنے کیلئے ہمارے پیج پر دیئے گئے نمبر **03 111 888 668** پر رابطہ کر کے مزید راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہمارے دیئے گئے مشوروں پر عمل پیرا ہو کر آپ اپنی زندگی کو بہتر بنا سکتے ہیں۔

نوٹ اگر آپ اپنی زندگی کے کسی بھی پہلو پر راہنمائی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ مجھ سے رابطہ کر کے اپنے لئے وظائف حاصل کر سکتے ہیں اور یہ وظائف آپکی زندگی میں متاثر کن تبدیلیاں لا سکتے ہیں

بچوں کے اسلامی نام 2022

سید قمر حسین نقوی
03 111 888 668

گلستان اسم

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! سال 2021 نے ہمیں آغا افتخار حسین کی جدائی کا نہ بھولنے والا دکھ دیا۔ اللہ پاک بحق محمدؐ وآل محمدؐ آغا صاحب کے درجات بلند فرمائیں اور جوار آئمہؑ میں جگہ عنایت فرمائیں اور اہل خانہ کو صبر عطا فرمائیں۔ قارئین بچوں کے نام رکھنے سے پہلے ان کا زائچہ ضرور بنوائیں۔ جو والدین یا بیٹیاں رشتوں کی وجہ سے پریشانیاں ہیں یا جو قارئین گھریلو معاملات رزق، بیماری یا کسی معاملے میں پریشان ہیں وہ رابطہ کریں۔ انشاء اللہ ساری زندگی دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔ گزشتہ سال جن بچیوں کی شادی ہوئیں وہ میرے والدین مرحومین اور بانی امامیہ جنتری آغا افتخار حسین و اہلیہ مرحومہ کے لیے سورۂ فاتحہ کی تلاوت فرمادیں

نقشہ ابجد قمری

حروف	ا	ب پ	ج چ	د ڈ	ہ	و	ز	ح	ط	ی ے	ک گ	ل	م	ن
قیمت	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	20	30	40	50
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر ڑ	ش	ت ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
قیمت	60	70	80	90	100	200	300	400	500	600	700	800	900	1000

لڑکوں کے نام

نمبر شمار	نام	مطلب	اعداد	مفرد عدد	عنصر
1	عبداللہ	اللہ کا بندہ	25	7	خاکی
2	اسداللہ	اللہ کا شیر	23	5	آتشی
3	محمد	تعریف کیا گیا	20	2	آتشی
4	علی	اونچا، بلند	11	2	خاکی
5	حسن	خوبصورت	19	1	خاکی
6	حسین	خوبصورت	20	2	خاکی
7	عباس علی	شیر	27	9	خاکی
8	عابد رضا	عبادت گزار	25	9	خاکی
9	باقر علی	عالم دین	17	8	بادی
10	جعفر رضا	ندی، دریا	31	4	خاکی
11	موسیٰ رضا	اللہ کے نبی کا نام	28	1	آتشی
12	محمد کاظم	نیک، باحیا	36	9	آتشی
13	علی رضا	بلندی پاک	22	4	خاکی
14	علی نقی	پرہیزگار	18	9	خاکی
15	تقی رضا	نیک پرہیزگار	17	8	بادی
16	محمد مہدی رضا	ہدایت کیا ہوا	45	9	آتشی
17	ابوذر علی	دولت مند	29	2	آتشی
18	سلیمان حیدر	سلامتی والا	34	7	آبی
19	تقبل حسین	قبول کیا گیا	30	7	بادی
20	حرب علی	لڑائی کا سامان	23	5	خاکی
21	میثاق حیدر	وعدہ	27	9	آتشی
22	سبط حسن	اولاد، بیٹا	36	9	آبی
23	قرطاس حیدر	کاغذ، ورق	34	7	آبی
24	مفاتح علی	کھولنا، چابی	36	9	آتشی
25	ذریت حسین	اولاد، کنبہ	34	7	آبی
26	سحاب علی	بادل	32	3	آبی
27	اذعان علی	اطاعت یقین	32	5	آتشی
28	علی شجران	سایہ دار درخت	25	7	خاکی
29	وصی عباس	جانشین	32	5	بادی
30	غیور عباس	غیرت مند	26	8	خاکی
31	انس علی	محبت	23	5	آتشی
32	یسال حیدر	پھولوں کا تاج	26	8	بادی
33	بہلول علی	ہنس مکھ، سردار	30	3	بادی
34	سفیر حسین	قاصد	37	1	آبی
35	عشف عباس	چاہنے والا	34	7	خاکی
36	عین رضا	آنکھ	24	6	خاکی
37	حشم عباس	دولت مال	31	4	خاکی
38	فاطر علی	فتح نصرت	31	4	آتشی
39	قارب حسین	عزت والا	26	8	آبی
40	ارتسام حیدر	دعا کرنے والا	33	6	آتشی
41	محمد متقی	پرہیزگار	30	3	آتشی
42	محمد اشہد مہدی	گواہی	47	2	آتشی
43	مشہد علی	مقدس پاک	32	5	آتشی
44	کسام حیدر	شگفتہ، کھلا ہوا	28	1	آبی
45	عاکف علی	عبادت کرنے والا	29	2	خاکی
46	عابس رضا	خوشحال	27	9	خاکی
47	برار علی	عہد پورا کرنے والا	18	9	بادی
48	ابوتراب علی	مٹی کا باپ	29	2	آتشی
49	لسان حیدر	زبان	30	3	خاکی
50	وہاج مہدی	چمکتا ہوا روشن	29	2	بادی

فلکیات - 1

عقل صرف حق کی پیروی کرنے سے کامل ہوتی ہے (امام حسینؑ)

نمبر	نام	معنی			عنصر	نمبر	نام	معنی			عنصر	نمبر	نام	معنی			عنصر
						66	سبط حیدر	اولاد	32	5	آبی	83	نویان علی	شہزادہ امیر	29	2	بادی
51	اخی عباس	بھائی	24	6	آتشی	67	شاوار علی	بادشاہ	24	6	آتشی	84	ارج علی	شان و شوکت	17	8	آتشی
52	آل علی	اولاد	15	6	آتشی	68	برہان علی	دلیل حجت	26	8	بادی	85	ساجدین علی	سجدہ کرنے والا	31	4	آبی
53	سجل عباس	صاف عمدہ	28	1	آبی	69	دائم رضا	ہمیشہ سدا	20	2	خاکی	86	علی حیدر	اونچا بلند	26	8	خاکی
54	عون محمد	مددگار	38	2	خاکی	70	حسن مہدی	خوبصورت	33	6	خاکی	87	کیان عباس	محبت کرنے والا	25	7	آبی
55	محمد قائم رضا	ہمیشہ سدا	37	1	آتشی	71	بریر حیدر	سچ بولنے	22	4	بادی	88	قمر رضا	چاند	18	9	آبی
56	جرار حیدر	بہادر، شیر	23	5	آبی	72	اقراب علی	قربت	17	8	آتشی	89	محراب علی	سجدہ کرنے کی جگہ	28	1	آتشی
57	ازن عباس	اجازت	29	2	آتشی	73	ظافر علی	کامیاب	31	4	آبی	90	محمد علی محتشم	دولت مند	54	9	آتشی
58	مستجاب حیدر	قبول کیا گیا	35	8	آتشی	74	غیور عباس	غیرت والا	26	8	خاکی	91	تشہد علی	عجز و انکساری	29	2	بادی
59	دبیر حیدر	عدل و انصاف والا	24	6	خاکی	75	قاسم حسن	بانٹنے والا	31	4	آبی	92	مظاہر علی	دکھانے والا	32	5	آتشی
60	محمد ہادی رضا	ہدایت والا	42	6	آتشی	76	ظل عباس	سایہ	28	1	آبی	93	ریان حیدر	جنت کا دروازہ	24	6	خاکی
61	جواد علی	محبت کرنے والا	25	7	آبی	77	اسد علی	شیر	22	4	آتشی	94	اعیان علی	آنکھیں	26	8	آتشی
62	توکل حسین	بھروسہ اعتماد	35	8	بادی	78	وجدان حیدر	اللہ پاک کا نام	34	6	بادی	95	سائل رضا	مانگنے والا	21	3	آبی
63	فتاح حیدر	کھولنے والا	36	9	آتشی	79	شاداب علی	تروتازہ	22	4	آتشی	96	نقی حسن	خالص پاک	26	8	بادی
64	زرتاش علی	دولت مند	28	1	آبی	80	شعیب علی	درست کرنے والا	24	6	آتشی	97	نجف علی	پاکیزہ	27	9	بادی
65	شاہ میر علی	خوبصورت جوان	27	9	آتشی	81	وردان حیدر	وظائف شاگرد	33	6	بادی	98	مہدی رضا	ہدایت کیا ہوا	25	7	آتشی
						82	نقیب حسن	مدح خواں	28	1	بادی	99	محمد تراب حیدر	توبہ قبول کرنے والا	48	3	آتشی

لڑکیوں کے نام

نمبر	نام	معنی			عنصر	نمبر	نام	معنی			عنصر	نمبر	نام	معنی			عنصر
1	آمنہ بتول	امن والی	30	3	آتشی	17	راعنہ بتول	خوش نماء	35	8	خاکی	35	نویرا بتول	پھول کی کلی	30	3	بادی
2	خدیجہ زھرا	سخاوت والی	38	2	خاکی	18	اجیہ بتول	عالی شان	25	7	آتشی	36	ناعمہ بتول	نرم نازک	37	1	بادی
3	زھرا بتول	پاک دامن	30	3	آبی	19	ارسہ بتول	تابع	29	2	آتشی	37	لبابہ بتول	حصہ	28	1	خاکی
4	زینب بتول	پاک، پاکیزہ	30	3	آبی	20	ثمین زھرا	قیمتی گراں قدر	30	3	آبی	38	مقدسہ بتول	پاک پاکیزہ	35	8	آتشی
5	بتول زھرا	درخشاں	30	3	بادی	21	جبین زہرا	پیشانی ماتھا	26	8	آبی	39	علیا بتول	عزت مرتبہ	27	9	خاکی
6	سکینہ بتول	سکون، آرام	34	7	آبی	22	جاذبہ بتول	کشش	33	6	آبی	40	عطرت زھرا	قرابت داری	37	1	خاکی
7	فاطمہ	بچانے والی	27	9	آتشی	23	حرمت زھرا	عزت آبرو	33	6	خاکی	41	عاطہ بتول	جاننے والی	37	1	خاکی
8	درشہورا	موتی	23	5	خاکی	24	حرا بتول	عبادت کی جگہ	26	8	خاکی	42	امہ بتول	امت	25	7	آتشی
9	آیہ بتول	نشانی	22	4	آتشی	25	جرمیہ بتول	حرمت عزت	35	8	خاکی	43	امارہ بتول	حکم دینے والی	28	1	آتشی
10	انشاء بتول	عبادت والی	25	7	بادی	26	راعیہ بتول	الفت محبت	31	4	خاکی	44	اجرزھرا	ثواب	21	3	آتشی
11	آئمہ بتول	پیشواء	25	7	آتشی	27	رعنا بتول	خوش نما	30	3	خاکی	45	اشاء بتول	مشابہ ہونا	20	2	آتشی
12	تسمیہ بتول	بسم اللہ	35	8	بادی	28	راحمہ بتول	مہربانی	35	8	خاکی	46	پارسا بتول	پاکیزہ	27	9	بادی
13	حورعین زھرا	کشادہ آنکھیں	44	8	خاکی	29	رجاء بتول	امید	21	3	خاکی	47	طابہ بتول	پاک پاکیزہ	32	5	آتشی
14	فدک زھرا	باغ، ملکیت	29	2	آتشی	30	زرمین زھرا	امیر کبیر	34	7	آبی	48	قلب زھرا	دل	21	3	آبی
15	اریکہ بتول	تخت	26	8	آتشی	31	آیت زھرا	نشانی	21	3	آتشی	49	عکس زھرا	سایہ	30	3	خاکی
16	روا بتول	چادر	22	4	خاکی	32	ڈلاج زھرا	پھول	26	8	خاکی	50	محبوب زھرا	ثواب	32	5	آتشی
17	وردہ بتول	گلاب کا پھول	32	5	بادی	33	لیلی بتول	رات	23	5	خاکی	51	عناب زھرا	خوشبو	30	3	خاکی
18	طہٰ بتول	قرآن پاک کی سورة	29	2	آتشی	34	ہادیہ بتول	ہدایت والی	31	4	آتشی	52	کنیز زھرا	خادمہ	30	3	آبی

قیامت کے دن اسکو امان حاصل ہوگا جو دنیا میں خدا سے ڈرتا رہا ہو۔ (حضرت امام حسینؑ)

فلکیات - 1

						69	عشیق زھرا	عشق محبت	27	9	خاکی	85	اوج زھرا	اونچائی	25	7	آتشی
53	عباہتول	چادر	25	7	خاکی	70	عشوہ بتول	ناز، ادا	36	9	خاکی	86	زربتول	دولت	24	6	آبی
54	عرش بریں	آسمان	22	4	خاکی	71	ہبہ بتول	عطیہ	27	9	آتشی	87	امارہ بتول	حکم دینے والی	28	1	آتشی
55	مبین زھرا	نازک	30	3	آتشی	72	مناب زھرا	قائم مقام	27	9	آتشی	88	اسوہ بتول	راستہ	33	6	آتشی
56	نایاب زھرا	نادرناپید	25	7	بادی	73	رخص زھرا	نرم ونازک	32	5	خاکی	89	گوشہ بتول	پیارا حصہ	31	4	آبی
57	کائنات زھرا	دنیا جہان	28	1	آبی	74	عطاز ھرا	انعام	32	5	خاکی	90	رواہتول	چادر	22	4	خاکی
58	اسلوب زھرا	طرز، طریقہ	33	6	آتشی	75	عریش زھرا	سایہ دار جگہ	28	1	خاکی	91	عریشہ بتول	فلک عرش	33	6	خاکی
59	اریدہ بتول	پسند کی جانے والی	28	1	آتشی	76	قسطاس فاطمہ	چاہنے والی	50	5	خاکی	92	ارم زھرا	جنت باغ	22	4	آتشی
60	حنا بتول	مہندی	29	2	خاکی	77	حب بتول	اللہ کی محبت	30	3	خاکی	93	تسکین زھرا	سکون راحت	33	6	بادی
61	عرفہ بتول	مہک	37	1	آبی	78	سماءزھرا	آسمان	26	8	آبی	94	راعنہ بتول	خوش نما	35	8	خاکی
62	مطیہ بتول	سواری	34	7	آتشی	79	ثمنا بتول	قیمت	30	3	آبی	95	علیا بتول	خوشبو پیاری	33	6	خاکی
63	اوج زھرا	اونچائی	25	7	آتشی	80	قربت زھرا	رشتہ دار، عزیز	24	6	آبی	96	قدسیہ بتول	پاکیزہ	32	5	آبی
64	آداب زھرا	توبہ	23	5	آتشی	81	اطاع زھرا	پیروی کرنے والی	33	6	آتشی	97	عرفہ بتول	مہک خوشبو	37	1	خاکی
65	قرط بتول	کان کی بالی	27	9	آبی	82	عین زھرا	آنکھ	28	1	خاکی	98	خوشبو زھرا	مہک	36	9	خاکی
66	فراشہ بتول	پروانہ	34	7	آتشی	83	سماح بتول	سخاوت	34	7	آبی	99	محدثہ بتول	حدیث کرنے والی	41	5	آتشی
67	کونین زھرا	دونوں جہان	34	7	آبی	84	رطابہ بتول	تروتازہ	34	7	خاکی	100	کومل بتول	نرم پیاری	30	3	آبی

عقیقہ

عقیقہ سنت موکدہ ہے اور گوسفند کی بجائے اس کی قیمت تصدق کرنا کافی نہیں ہے اگر بچہ کی پیدائش کے ساتویں روز کسی وجہ سے عقیقہ نہ ہو سکے تو اسکی بالغ ہونے کے وقت تک ولی کے ذمہ ہے اور بالغ ہونے کے بعد اُسے خود عقیقہ کرنا چاہئے اور اگر بچہ ساتویں روز بعد زوال مرجائے تو بھی عقیقہ کا استحباب ساقط نہیں ہوتا۔ حدیث میں ہے کہ جب تک عقیقہ نہیں ہوتا بچہ آفتوں میں مبتلا رہتا ہے اور عقیقہ کے لیے اونٹ 5 برس کی عمر سے اور بکرا دو سال سے اور بھیڑ یا دنبہ ایک سال سے کم نہ ہو زیادہ کی کوئی حد نہیں اور سنت ہے کہ اس میں قربانی کے جانور کی سب شرطیں پائی جائیں۔ یعنی دبلا پتلا نہ ہو اور کسی قسم کا جسمانی عیب اس میں نہ ہو۔ چاہئے کہ عقیقہ کا جانور نر ہو خواہ لڑکا ہو یا لڑکی۔ اور سنت ہے کہ ذبح کے بعد جانور کا بند سے بند جدا کریں ہڈیاں نہ توڑی جائیں اور گوشت پکا کر کم از کم دس مومنین کی دعوت کی جائے اور کچا گوشت تقسیم کرنے میں بھی مضائقہ نہیں ہے اور عقیقہ کا چوتھا حصہ پاؤں کی طرف سے دایہ کو دیا جائے اور اگر دایہ نہ ہو تو ماں کو دیا جائے کہ وہ اُسے تصدیق کر دے اور تین حصے حاجت مند مومنین میں تقسیم کر دیے جائیں اور چاہئے کہ بچہ کے ماں باپ اس گوشت کو نہ کھائیں بلکہ اُن کے متعلقین جن کا کھانا پہننا اُن کے ذمہ ہو وہ بھی نہ کھائیں بال منڈوانے سے پہلے جانور کو ذبح نہ کیا جائے بلکہ بعد میں یا دونوں کام ایک وقت میں ایک ہی مقام پر ہوں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ ذبح کے وقت یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ عَقِيْقَةٌ عن فلاں بن فلاں لَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَدَمُهَا بِدَمِهٖ وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا وَقَاءً لِاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ (فلاں بن فلاں کی جگہ لڑکے اور اسکے باپ کا نام لے) اور اگر لڑکی کا عقیقہ ہو تو اس دعا کو اس طرح پڑھے۔

بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ عَقِيْقَةٌ عَنْ فُلَانَةَ ابْنَةِ فُلَانَ لَحْمُهَا وَ دَمُهَا بِدَمِهَا وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهَا وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهَا وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهَا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا وَقَاءً لِاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ اور یہاں بھی فلاں بن فلاں کی جگہ لڑکی کا نام اور اُس کے باپ کا نام لے

عجیب الفوائد انگوٹھیاں

سید ابن مظفر شیرازی
(روحانی مشیر)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

امامیہ جنتری 2021 میں عنوان بالا کے تحت مضمون لکھا تھا جو بہت پسند کیا گیا۔ لوگوں نے انگشتریاں بنا کر استعمال کیں اور بھرپور استفادہ کیا۔ یہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

حروف مقطعات نورانی کی باکمال انگشتری

چاندی کی انگوٹھی پر چوپندے پیر کو لکھوا کر انگلی میں پہن لیں۔ **فوائد**

الٓمٓ کہیٰعٓصٓ طٰسٓ
حٰمٓ قٓ صٓ نٓ

☆ بزدل شخص دلیر ہوگا، غیر مستقل مزاجی کا خاتمہ ہوگا ☆ مال میں رکھیں مال چوری سے محفوظ ہوگا ☆ مرگی کے مرض کا خاتمہ ہوگا۔ ☆ جنگ میں محفوظ رہے، پانی میں غرق نہ ہو، منہ میں رکھیں پیاس ختم ہو۔ ☆ غصہ ور کے سر پر ملیں غصہ ختم ہوگا۔ بارش کے پانی میں گھول کر پینے سے حافظہ تیز ہوگا۔ درد کی جگہوں پر ملنے سے درد ختم ہوں۔ ☆ کنواری لڑکے یا لڑکی پہنے شادی جلد ہو ☆ نکسیر والا پہنے بیماری ختم ہو۔ ☆ دردزہ والی عورت پہنے جلدی فارغ ہو۔ ☆ جادو اور نظر بد سے مکمل حفاظت۔

انگشتری شفاء الامراض یقینی

ماہ رجب المرجب کی نوچندی جمعرات کو درج ذیل طلسم تانبہ یا چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروا کر پہن لیں ہر مرض سے شفا ہوگی۔ بیماریوں سے حفاظت میں رہیں گے

طسہ ۷۸۶ ۳۲

انگشتری استخارہ جعفریہ

کسی بھی ستارے کے شرف میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروالیں۔ سات راتی انگوٹھی پہنیں سوال کا جواب ملے گا۔

يَاخَبِيرُ أَخْبِرْنِي
يَاعَلِيمُ عَلِّمْنِي
يَارَشِيدُ أَرْشِدْنِي

انگشتری برائے زبان بندی دشمناں

چاندی کی انگوٹھی پر شرف مریخ میں کندہ کرلیں۔ دشمنوں کی زبان بند ہوگی جہاں پہن کر جائیں گے آپ کی بات سنی جائیگی

ك ح ی ع ص
ح م ع س ك

انگشتری برائے عزت ووقار وترقی

یہ انگشتری مولائے کائنات جناب علی علیہ السلام سے منسوب ہے۔

پہن کر جس کے سامنے جائیں گے وہ عزت دینے پر مجبور ہوگا خواہ بادشاہ وقت ہی کیوں نہ ہو

يامن سيرق
القاليدائی الماد

انگشتری عظیم برائے شفاء الامراض

سریانی زبان کے درج ذیل طلسم کو چاندی کی انگوٹھی پر ستارہ قمر کے شرف میں کندہ کروا کر رکھ لیں انگوٹھی کو پانی میں ڈبوئیں پھر اس پانی سے غسل کرلیں۔ ان شاء اللہ کامل شفا ہوگی۔

دریچہ علم

انگشتری برائے بواسیر ہر قسم

آخری چہار شنبہ کے روز سورج نکلتے وقت درج ذیل حروف مقطعات کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروا کر پہن لیں کامل شفا ہوگی۔

الٓمٓ حٓقٓ الٓرٰ الٓمٓرٰ
طٰہٰ طٰسٓمٓ یٰسٓ صٓ قٓ نٓ

زحل کی ساڑھ ستی کیا ہوتی ہے؟

آغا جعفر
(روحانی مشیر)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آغا نثار حسین اور آغا افتخار حسین مرحومین کی مغفرت فرمائے اور ان کی ارواح کو اعلیٰ مقام عطا فرمائے، آمین۔

اکثر قارئین امامیہ جنتری کے مجھے فون آتے ہیں کہ ساڑھ ستی کیا ہوتی ہے؟ ان کرم فرماؤں کی آسانی کے لیے یہ مضمون لکھ رہا ہوں تا کہ تمام کرم فرماؤں کے علم میں اضافہ ہو جائے۔ عرصہ 15 سال سے اپنے والد محترم محقق قبلہ آغا حسنین احمد صاحب کی نگرانی اور ان کی دعاؤں سے مضامین لکھ رہا ہوں۔ بار بار تجربات سے ثابت ہو چکا ہے کہ ستارہ زحل نحس اکبر ہے اور اس کا متعلقہ عدد 8 بھی منحوس ترین ہے۔ جس کی وجہ سے ناقابل تلافی نقصانات کا سامنا ہو چکا ہے۔ زحل 12 برجوں کا دور 29 سال میں مکمل کرتا ہے۔ اس ستارہ کی اصل طبع بارد (سرد) حابس (خشک) ہے اور سائنس کا مسلمہ اصول ہے کہ سردی خشکی سے ہر چیز سکڑتی ہے اور گرمی تری سے ہر چیز پھیلتی ہے۔ زحل کا مقام ساتویں فلک پر ہے۔ یہ نحس ستارہ ہفتہ کے دن کا مالک ہے۔ دو برجوں کا حاکم ہے۔ جدی اور دلو کا، زحل ہر برج میں 1 / 22 سال تک اپنی اُلٹی سیدھی گردش کرتا ہے۔ جس برج میں داخل ہو جائے اس کو ساڑھ ستی کہا جاتا ہے۔ اس وقت تین برج ساڑھ ستی کا شکار ہیں۔ جدی، دلو، حوت ان کو ساڑھ ستی کا سامنا ہے اور ان کا دور سخت چل رہا ہے۔ زحل کی ساڑھ ستی ایک نہایت ہی منحوس دور خیال کیا جاتا ہے۔ جب سیارہ زحل کسی شخص کے زائچہ میں خانہ نمبر 12 یا 1 یا 2 سے گزرتا ہے تو یہ وقت ساڑھ ستی کا ہوتا ہے۔ ایک برج میں زحل اڑھائی برس قیام کرتا ہے۔ اس طرح تین برجوں کو ساڑھے سات سال تک اپنی گرفت میں لیتا ہے۔ یہی دور ساڑھ ستی کا کہلایا جاتا ہے۔ اسی دور میں بدنامی، تجارت برباد، کاروبار معطل، غم واندوہ، محنت کا صلہ نہ ملنا، بیماری، قید، جلاوطنی، آگ سے موت، بندش نقصانات ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ایسے وقت سے محفوظ رکھے آمین! اہل زحل کے لیے موافق کاروبار یہ ہیں۔ زمینداری، جوتے ساز فیکٹری، لیدر کا کام، مرچنٹ، کھدائی کان کنی، لوہے کے اوزار، اہل زحل کے لیے موافق صدقات یہ ہیں۔

صدقات سیاہ ماش دال، سیاہ کپڑے، تلوں کا تیل، سیاہ بکرا، گائے یا بھینس جو لوگ صدقہ اور نہ کر سکیں تو عزیمت زحل 11 روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ورد کریں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَائِكَ هُوَ اللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ. رَبِّ زِدْنِيْ عِلْماً وَّرِزْقاً وَّعِزَّةً بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ، بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ: اَلْعَجَلْ اَلسَّاعَةَ اَلْوَحَا مجھے زحل کی نحوست سے بچائیے۔ بحق يَا سَلَامُ، يَا فَتَّاحُ، يَا رَزَّاقُ 41 دن تک یہ ورد کریں۔

دستور العمل

بہت سے لوگ ان حالات سے گھبرا کر فراڈی عاملین کے ہتھے چڑھ جاتے ہیں۔ جوان کو جادو ٹونہ، جن بھوت، آسیب کا جھانسہ دے کر ہزاروں روپے بٹور لیتے ہیں۔ حالانکہ یہ تمام حالات ساڑھ ستی کی نحوست کے ہوتے ہیں۔ میرا مشاہدہ ہے کہ جس شخص کی پیدائش کے وقت زحل شرف میں ہو اور نحس نظرات سے پاک ہو تو اس شخص کے لیے ساڑھ ستی عروج اور نیک نامی لائے گی۔ میرا ان تمام افراد کو مشورہ ہے کہ اہل علم لوگوں سے رابطہ رکھیں۔ زحل کی ساڑھ ستی سے محفوظ اور تباہی سے بچنے کے لیے صدقات زحل و روز زحل ادا کریں اور زحل کا نقش بنوا کر اپنے پاس رکھیں۔

بنیادی طور پر میرا تعلق پتھروں اور نگینوں کے ذریعے تھراپی جسے (GemTherapy) کہتے ہیں سے ہے جدید سائنسی تحقیق ہمیں یہ بات بتاتی ہے کہ جب قیمتی پتھروں سے روشنی گزرتی ہے تو ان پتھروں سے حاصل ہونے والی شعاعیں انسانی جسم میں پیدا ہونے والی بیماریوں جیسے ہڈیوں اور جوڑوں کے امراض، جگر اور مثانے کے امراض، پٹھوں اور ذہنی امراض کے علاج میں معاون ثابت ہوتی ہیں اور اسی تحقیق کی روشنی میں میں اپنا کام کرتا ہوں اور الحمدللہ اس حوالے سے انسانیت کی خدمت کرتے مجھے عرصہ دراز ہو چکا ہے۔ پتھروں کے اسی تعلق نے میرے اندر ان پتھروں کو مزید جاننے کا شوق پیدا کیا اور میں نے ان کے خواص کے ساتھ ساتھ ان کے اصلی اور نقلی ہونے، یہ کیسے حاصل ہوتے ہیں اور انہیں کس وزن اور کس طرز پر پہننا چاہیے اس سب پر تحقیق کی اور پوری دنیا میں ان کے استعمال کے حوالے سے کون کون سی تکنیک رائج ہیں ان کو پڑھا اور تجربہ حاصل کیا اور پھر ان سے نا صرف خود استفادہ حاصل کیا بلکہ سینکڑوں لوگوں تک ان کے فوائد پہنچائے آجکل بازار میں ہر قسم کا پتھر دستیاب ہے لیکن بہت کم لوگوں کو اس حقیقت کے بارے میں علم ہوتا ہے کہ بازاروں میں اصل کے ساتھ ساتھ نقلی اور لیبارٹری میں بنائے گئے پتھر بھی دستیاب ہوتے ہیں جنھیں اسطرح سے تراشا اور پالش کیا جاتا ہے کہ وہ اصل پتھر سے بھی بہتر نظر آتے ہیں اور لوگ ان کی چمک دمک دیکھ کر اپنے پیسے ضائع کر دیتے ہیں نقلی پتھر آپ کو کسی قسم کا فائدہ نہیں دیتے البتہ نقصان کا اندیشہ بہت زیادہ ہوتا ہے

جوہری بتائے گا

امامیہ جنتری نے گزشتہ سال پتھروں اور قیمتی نگینوں کے بارے میں سال 2020 کے ایڈیشن میں میرا آرٹیکل شائع کیا۔ بے شمار لوگوں نے رابطہ کیا اور ان میں بہت سے ایسے افراد تھے جو نقلی پتھر خرید چکے تھے اور مجھ سے تصدیق کروانا چاہتے تھے۔ میری گزارش یہ ہے کہ آپ جب بھی پتھر خریدنا چاہیں کسی مستند جوہری سے خریدیں۔ امامیہ جنتری آپکو یہ تحفظ فراہم کرتی ہے کہ آپ جو بھی پتھر خریدتے ہیں اس کے ساتھ امامیہ جنتری وارنٹی کارڈ اور لیب سرٹیفکیٹ بھی مہیا کیا جاتا ہے۔ تاکہ آپ اعتماد کیساتھ خریداری کر سکیں۔ اس سلسلے میں میرا پروگرام **"جوہری بتائے گا"** بھی آپ دیکھ سکتے ہیں جو کہ امامیہ جنتری آفیشل Youtube چینل پر بروز سوموار نشر کیا جاتا ہے۔ پتھر کیا ہے اس کے انسانی جسم پر اثرات کیا ہوتے ہیں یہ آپ سب اس آرٹیکل میں پڑھ سکتے ہیں

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ (سورہ نحل آیت نمبر 13)

ترجمہ: اور جو طرح طرح کے رنگوں کی چیزیں اس نے زمین میں پیدا کیں (سب تمہارے زیر فرمان کر دیں) نصیحت پکڑنے والوں کے لیے اس میں نشانی ہے۔

یہ اللہ تبارک تعالیٰ کی قدرت ہے کے اس نے زمین کے اوپر اور زمین کے نیچے، پہاڑوں کے اندر اور سمندروں کی گہرائیوں میں لا تعداد مخلوقات پیدا فرمائیں اور آج بھی جب کہ سائنس اور ٹیکنالوجی میں انسان کی ترقی عروج پر ہے اور آئے دن نت نئی ایجادات دیکھنے اور سننے کو ملتی ہیں پھر بھی ہم آج تک اپنی زمین کے بارے میں پوری طرح سے جان نہیں پائے ہیں نا ہی ہم ان مخلوقات کے بارے میں بہت زیادہ جانتے ہیں جو زمین اور سمندر کی اتاہ گہرائیوں میں پائی جاتی ہیں ان پر آج بھی ریسرچ جاری ہے، انہی مخلوقات میں سے ایک مخلوق پتھر اور نگینے بھی ہیں کہ جن پر آج بھی انسانی تحقیق کا عمل جاری ہے۔ زمانہ قدیم سے ہی انسانوں اور ان رنگ برنگے نگینوں کا ساتھ تو رہا ہی لیکن جیسے جیسے انسان ترقی کرتا گیا ویسے ویسے وہ ان کی افادیت اور سہی استعمال کے طریقے بھی دریافت کرتا گیا۔

انسان بانسبت دوسری مخلوقات کے جو زمین پر انسانوں کے ساتھ رہتی ہیں کمزور اور نازک مزاج واقع ہوا ہے، ہم انسانوں کو سردی، گرمی کے لئے مناسب لباس درکار ہوتا ہے، مناسب خوراک اسی طرح رہائش کے لئے ہم باقاعدہ پکے گھر تعمیر کرتے ہیں اسی طرح ایک جگہ سے دوسری جگہ

جانے کے لئے ہمیں سواری کی ضرورت پڑتی ہے تو اگر موازنہ کریں تو دیگر مخلوقات جن میں سے اکثر ہمارے اردگرد رہتی ہیں جیسے بھیڑ، بکریاں، اونٹ، خچر، گھوڑے، بلی یا دیگر جنگلی حیات وغیرہ اس طرح کے اسباب سے مبرہ زندگی بسر کرتے ہیں جو ملتا ہے کھاتے ہیں کہیں بھی بیٹھ یا لیٹ جاتے ہیں کپڑوں اور جوتوں کی ضرورت انھیں نہیں ہوتی۔

مختصراً یہ کہ ہم انسانوں پر یا ہمارے مزاج پر ہمارے ماحول، لباس، خوراک، موسموں، دن اور رات، رنگوں کا امتزاج ہر شے کے اثرات مرتب ہوتے ہیں حتیٰ کہ کسی بھی شے کی خوبصورتی اور بھدا پن بھی ہمارے مزاج پر اثرات مرتب کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر کوئی خوبصورت نظارہ انسان کے مزاج میں خوشگواریت پیدا کرتا ہے۔

جبکہ اگر آپ کا گزر کسی ایسی جگہ سے ہو جہاں گند بلا کا ڈھیر لگا ہو تو اس میں سے اٹھنے والی بدبو آپ کو انتہائی ناخوشگوار گزرے گی۔ اسی طرح انسان کے پہناوے کے اثرات بھی ہوتے ہیں کسی کی اچھا لباس کسی کے اچھے جوتے، گھڑی، چشمہ وغیرہ کسی دوسرے انسان پر اپنے اثرات مرتب کرتے ہیں۔

تو انسان کے مزاج کو پرکھنے اور اس پر کام کرنے والے محققین نے بہت محنت اور سالوں کی کاوش کے بعد اس بات کا پتا لگایا کہ جہاں انسان کے اردگرد کے عوامل اس کے مزاج پر اثر انداز ہوتے ہیں وہی سال کے کسی مخصوص حصے یا مہینے میں پیدا ہونے والے انسان کا مزاج اور کردار کسی دوسرے ماہ یا سال کے کسی دوسرے حصے میں پیدا ہونے والے انسان سے یکسر مختلف ہوتا ہے اور پھر اسی لحاظ سے اس خاص ماہ میں بہت سارے ایسے پتھر اور نگینے ہو سکتے ہیں جن کے اس ماہ کے دوران پیدا ہونے والے افراد پر مثبت اثرات ہو سکتے ہیں مثال کے طور پر اگر کوئی شخص ماہ اپریل میں پیدا ہوتا ہے تو اس ماہ کے دوران پیدا ہونا والے افراد کے مخصوص پتھروں میں ہیرا یعنی Diamond ہجر الدم (Bloodstone)- پکھراج (TOPAZ)- نیلم (Sapphire) زبرجد (Jasper)- بیروج (Aquamarine) اور عقیق یمنی، سلیمانی عقیق، عقیق احمر، کالا عقیق وغیرہ شامل ہیں۔ تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہ تمام پتھر ماہ اپریل میں پیدا ہونے والے افراد پہن سکتے ہیں تو اس کا جواب ہوگا نہیں کیوں کے ہر فرد ایک الگ پہچان رکھتا ہے جیسے کے کسی بھی انسان کا انگوٹھے کا نشان کسی دوسرے انسان سے نہیں ملتا حتیٰ کہ DNA میں بھی فرق ہوتا ہے یہ ایک الگ بات ہے کہ نہایت کم ہوتا ہے مگر ہوتا ضرور ہے تو بلکل اسی طرح اس بات کا حساب لگانا بھی ایک محنت طلب کام ہوتا ہے کہ کون سا پتھر اکس انسان کے لیے موزوں ہوگا اور اس کے لئے اس خاص انسان کی کچھ تفصیلات بھی درکار ہوتی ہیں جیسے کے اس کا نام، تاریخ پیدائش وغیرہ اور پھر خالص سائنسی تکنیک کے ذریعے اس بات کو ہر زاویہ سے پرکھنا پڑتا ہے تاکہ کسی بھی فرد کے لئے ایک سہی پتھر کا انتخاب کیا جائے جو اس کے لئے مفید بھی ہو اور بہترین دوست بھی۔ آپ کی آسانی کے لئے سال کے مختلف مہینوں میں پیدا ہونے والے افراد کون کون سے پتھر پہن سکتے ہیں مختصراً قلمبند کئے دیتا ہوں تاکہ آپ آسانی سے بات سمجھ سکیں۔

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل کے درمیان پیدا ہونے والے افراد کو astrology کی رو سے برج حمل یعنی Aries کے تحت لیا جاتا ہے عموماً ایسے لوگ مہم جو طبیعت کے مالک ہوتے ہیں اور ان کی اسی طبیعت کے اعتبار سے جو نمایاں نگینے ان لوگوں کے ساتھ میل کھاتے ہیں وہ یہ ہیں۔

نمایاں پتھر : ہیرا یعنی Diamond - ہجر الدم (Bloodstone) پکھراج (TOPAZ)- نیلم (Sapphire) زبرجد (Jasper)- بیروج (Aquamarine) اور عقیق یمنی، سلیمانی عقیق، عقیق احمر، کالا عقیق

برج ثور 21 اپریل سے 21 مئی کا درمیان پیدا ہونے والے افراد برج ثور یعنی Taurus کے تحت آتے ہیں اور رومانوی طبیعت کے مالک ان افراد کے ساتھ جو پتھر میل کھاتے ہیں وہ یہ ہیں

نمایاں پتھر:: پکھراج (topaz)- نیلم (Sapphire) - زمرد (Emerald) سنگ دلربا (aventurine)- کہربا یعنی quartz rose-amber ، لعل (garnet)- مرجان (coral)، فیروزہ (turquoise)

برج جوزا 22 مئی تا 21 جون کے درمیان پیدا ہونے والے افراد کو برج جوزا یعنی Gemini کے تحت لیا جاتا ہے اور عموماً دیکھا گیا ہے کے یہ لوگ بہت versatile ہوتے ہیں یعنی ہر فن مولا قسم کے لوگ ہوتے ہیں اور ان کو جو نگینے موافق آتے ہیں ان میں نمایاں یہ ہیں

نمایاں پتھر:: زمرد (Emerald)- عقیق یمنی- سلیمانی عقیق عقیق احمر- کالا عقیق- فیروزہ (turquoise)- مون سٹون یا ہجر القمر ٹائیگر آئی Chrysoprase یا سنگ ستارہ، Pearl موتی citrine-

برج سرطان 22 جون سے 23 جولائی کے درمیان پیدا ہونے والے افراد کو برج سرطان یعنی Cancer کے تحت لیا جاتا ہے اور یہ

افراد بہت جذباتی ہوتے ہیں اور ان کے طبیعت کے حساب سے ان کے ساتھ جو پتھر میل کھاتے ہیں وہ یہ ہیں۔

نمایاں پتھر: در نجف،سفید مرجان،زمرد(Emerald)۔ruby یاقوت،مون سٹون یا حجر القمر-نیلم(Sapphire)-Pearl موتی

برج اسد 24 جولائی سے 23 اگست کے درمیان پیدا ہونے والے افراد کو برج اسد یعنی Leo کے تحت مانا جاتا ہے اور ایسے افراد بے لوث طبیعت کے مالک ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ جو نمایاں نگینے میل کھاتے ہیں جو انہیں فائدہ پہنچاتے ہیں وہ یہ ہیں۔

نمایاں پتھر: یاقوت(ruby)،ہیرا Diamond،عقیق یمنی،سلیمانی عقیق،عقیق احمر، کالا عقیق، Tourmiline، پکھراج(topaz)

برج سنبلہ 24 اگست سے 23 ستمبر کے درمیان پیدا ہونے والے افراد کو astrology کی رو سے برج سنبلہ یعنی Virgo کے تحت لیا جاتا ہے بہت چھان پھٹک کی عادت ایسے افراد کی فطرت میں شامل ہوتی ہے اور ان کے نمایان نگینے یہ ہیں

نمایاں پتھر: زمرد(emerald)-عقیق یمنی-سلیمانی عقیق عقیق احمر - کالا عقیق- نیلم (Sapphire) - citrine-Jasper-Jade سنگ یسم-زرقون

برج میزان 24 ستمبر سے 23 اکتوبر کے درمیان پیدا ہونے والے افراد برج میزان یعنی Libra کے تحت آتے ہیں اور یہ افراد بہت نرم مزاج واقع ہوتے ہیں،ان کے مزاج اور فطرت کے لحاظ سے جو نمایاں نگینے انہیں موافق آتے ہیں وہ یہ ہیں۔

نمایاں پتھر: اوپل opal -سفید پکھراج- (White Sapphire)-lazuli lapis لاجورد،Peridot،عقیق یمنی، سلیمانی عقیق،احمر و سیاہ ہیرا

برج عقرب 24 اکتوبر سے 22 نومبر کے عرصے میں پیدا ہونے والے افراد کو برج عقرب یعنی Scorpio کے تحت لیا جاتا ہے اور یہ بہت پر جوش شخصیت کے مالک ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ نمایاں میل کھاتے نگینے مندرجہ ذیل ہیں

نمایاں پتھر: مرجان(Coral)،لعل (Garnet)-ruby یاقوت پکھراج amethysttopaz--

برج قوس 23 نومبر تا 22 دسمبر کے دنوں میں پیدا ہونے والے لوگ برج قوس یعنی Sagitarius کی تحت آتے ہیں اور عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ یہ افراد بہت ذہین ہوتے ہیں ان کے نمایاں نگینوں یہ ہیں

نمایاں پتھر: فیروزہ- پکھراج topaz - ruby یاقوت Amethyst-نیلم (Sapphire)

برج جدی 23 دسمبر سے 20 جنوری کے درمیان پیدا ہونے والے افراد برج جدی یعنی Capricorn کے تحت آتے ہیں تحقیق بتاتی ہے کہ ایسے افراد بہت محتاط طبیعت کے مالک ہوتے ہیں اور اپنی فطرت کے حوالے سے جو نگینے انہیں موافق آتے ہیں وہ یہ ہیں

نمایاں پتھر: عقیق یمنی،سلیمانی عقیق احمر و سیاہ، نیلم (Sapphire)-Ruby یاقوت-Garnet لعل۔

برج دلو 21 جنوری تا 19 فروری کے درمیان پیدا ہونے والے افراد کو برج دلو یعنی Aquarius کے تحت لیا جاتا ہے اور اور عموماً ایسے افراد کے مزاج میں مزاج کا عنصر غالب ہوتا ہے ان کے نمایان نگینے یہ ہوتے ہیں۔

نمایاں پتھر: نیلم (Sapphire)-عقیق یمنی،سلیمانی عقیق احمر وسیاہ-Garnet لعل-opal،اوپل۔

برج حوت 20 فروری تا 20 مارچ کے درمیان پیدا ہونے والے افراد کو برج حوت یعنی Pices کے تحت آتے ہیں اور یہ افراد فطرتاً حساس ہوتے ہیں اور ان کو جو نگینے موافق آتے ہیں وہ یہ ہیں

نمایاں پتھر: :عقیق-زبرجد jasper، بیروج amethyst نیلم(Saphire)-ruby یاقوت-حجر الدم(Bloodstone)

یہ کچھ بہت عمومی سی معلومات میں نے آپ کی نظر کیں ہیں تا کہ آپ یہ جان سکیں کہ کسی کے لئے بھی کوئی پتھر یا نگینہ تجویز کرنے کے لئے اس کے مزاج،فطرت اور طبیعت کے علاوہ بھی بہت سارے عوامل کو سامنے رکھنا پڑتا ہے اور پھر کسی بھی ماہ کی کسی خاص تاریخ میں پیدا ہونے والے کسی فرد کے لئے کوئی پتھر یا اس سے میل کھاتا نگینہ نکالا جاتا ہے تا کہ وہ اللہ تبارک تعالیٰ کی اس عظیم نعمت سے بھر پور فائدہ حاصل کر سکے۔

امامیہ جنتری آفیشل یوٹیوب چینل پر میرا پروگرام ہر ہفتے پیر کے روز "جوہری بتائے گا" کے نام سے نشر ہوتا ہے اگر آپ مجھ سے بات کرنا چاہتے ہیں یا اپنے مسائل کے حوالے سے کوئی بات شیئر کرنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے آفیشل نمبر 03 111 888 668 پر رابطہ کر سکتے ہیں

Imamiajantriofficial

تعلقات طالعین

بروج اور ستارز کی روشنی میں نکاح اور شادی کے لئے نئی بننے والی جوڑی کیسی رہے گی۔

رانا تراب رضا
ابن لعل بخش قلندری
(روحانی عامل)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

حسب روایات سب سے پہلے بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد صاحب مرحوم اُن کی اہلیہ مرحومہ اور ہمارے لئے بہت مہربان وشفیق آغا افتخار حسین صاحب مرحوم اُن کی اہلیہ مرحومہ کے بلندی درجات کے لئے سورۃ مبارکہ فاتحہ اور دعائے مغفرت کی گزارش ہے۔ نکاح، شادی، خانہ آبادی تقریباً ہر بالغ مرد و عورت کی خواہش وضرورت ہے اور رب کریم نے اسے نسل انسانی کا سلسلہ قائم رکھنے کا ذریعہ بھی بنایا ہے اور نکاح وشادی کے بارے میں معصومین علیہ السلام کے بہت سے فرامین بھی ہیں۔ اس سلسلے میں تقریباً ہر دو فریقین کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ رشتہ ازواج میں جڑنے سے پہلے کسی بھی طرح سے یہ معلومات مل جائیں کہ اس نئے بننے والے جوڑے کے اس مقدس بندھن میں بندھنے کے بعد ان کے آپس کے تعلقات کیسے رہیں گے۔ بطور خاوند، زوجہ ان کی زندگی کیسے گزرے گی۔ اس سلسلے میں علم کی روشنی میں بروج اور ستارز کے حوالے سے معلومات قارئین امامیہ جنتری کے لیے حاضر ہیں۔ اس کے لئے درست تاریخ پیدائش معلوم ہو یا درست علمی طریقہ سے اپنا برج اور ستارہ معلوم ہونا چاہئے

سب سے پہلے برج نمبر 1 برج حمل، ستارہ مریخ والوں کے بارے میں تفصیل اس طرح سے ہے کہ اگر برج حمل والے کی شادی کسی بھی دوسرے برج والے سے ہوتی ہے تو ان کی ازدواجی زندگی کیسے گزرے گی

گردش کونین

1 **حمل با حمل** اگر میاں بیوی دونوں کا برج حمل ہو تو اگرچہ ایک طالع کے مرد اور عورت کا ایک گھر میں ہونا خوب ہے لیکن ان کے درمیان گاہ بگاہ لڑائی جھگڑا ہوتا رہے گا۔ بجائے اتفاق کے عدم موافقت رہے۔ ان طالع والوں کو بدوں کی صحبت سے دور رہنا چاہئے اور زبان کی فحاشی اور ننگی باتوں سے احتراز کرنا چاہئے تاکہ نقصان نہ اٹھائیں۔

2 **حمل با ثور** اگر میاں بیوی میں سے ایک کا طالع حمل اور دوسرے کا ثور ہو تو شادی موافق ہے۔ اتفاق اور عیش وعشرت سے رہیں البتہ ایک بار جدائی پڑے گی مگر آپس میں ملاپ ہو جائے گا جس کا برج ثور ہو لڑائی اس طرف سے ہو۔ اولاد ان کی بہت ہو ثور طالع والی عورت حمل طالع والے مرد کے سامنے مرے گی۔

3 **حمل با جوزا** ان طالع والوں میں موافقت اور محبت بہت کم رہے گی۔ ہمیشہ جنگ وجدل اور لڑائی جھگڑا رہا کرے گا۔ اگر ان طالع والوں کی شادی باہم نہ ہو تو بہتر ہے۔ کیونکہ ان دونوں میں جدائی پڑے گی۔ جوزا والے طالع کے آدمی کو دعائے زبان بندی لکھوا کر پاس رکھنی چاہیئے۔ تاکہ بدگوئیوں کی زبان بند ہو۔ اور دونوں مہر ومحبت اور خوشی وخوشحالی سے رہیں۔

4 **حمل با سرطان** ان طالع والوں میں بھی موافقت نہ رہے گی۔ دونوں میں دشمنی پیدا ہو جائے گی۔ لڑائی جھگڑا ہوتا رہے گا خانہ جنگی سے ہر ایک بیزار رہے گا۔ ایک کے ہاتھ میں لٹھ اور دوسرے کے ہاتھ میں بیزار رہے گی۔ لڑائی سرطان طالع والے کی طرف سے شروع ہوگی۔ اولاد ان کے پیدا ہوگی۔ اولاد کے مکر اور اذیت سے تکلیف اٹھائیں گے۔ دشمنوں کے ہاتھ سے پریشانی اٹھائیں۔ حق تعالیٰ انہیں دو فرزند عطا فرمائے گا۔

5 **حمل با اسد** یہ دونوں طالع باہم خوش وخرم رہیں گے اور اپنی عمر عیش وعشرت کے ساتھ گزاریں گے۔ عورت بہت خوبصورت شکیل وجمیل ہوگی۔ مرد سے بے وفائی کرے گی بعض اوقات جھگڑا ہوگا۔ حمل طالع والی عورت کو لازم ہے کہ زبان بندی کا تعویز پاس رکھے تاکہ دشمنوں کی بدزبانی سے محفوظ رہے۔

6 **حمل با سنبلہ** ان دونوں طالعوں میں موافقت نہیں ہے اگرچہ باہم دن گزاریں گے لیکن ہمیشہ جھگڑتے رہیں گے مگر لازم ہے کہ یہ دونوں طالع والے اپنے آپ کو سخن چین اور چغل خور لوگوں سے دور رکھیں اس طرح کچھ اتفاق کی صورت ممکن ہے حمل طالع کا آدمی غصہ ور ہوگا ان کو اولاد کی وجہ سے خوش بختی ملے گی۔

7 **حمل با میزان** ان دونوں طالعوں میں کبھی سازش اور کبھی موافقت رہے گی جھگڑا بھی ہو کبھی مہر واخلاص کے ساتھ رہیں۔ میزان کے آدمی کو لازم ہے کہ ننانوے نام باری تعالیٰ ہمیشہ اپنے پاس رکھے۔ ہر آفت وبلا سے محفوظ رہے گا اور خوش وخرم رہے گا۔

8 **حمل با عقرب** ان دونوں میں موافقت رہے۔ محنت اور مشقت کے سبب دونوں میں جدائی ہو مگر پھر مل جائیں۔ اولاد تو ہوگی اولاد کی وجہ سے رزق وروزی میں کشادگی نہ ہوگی۔

طالع والے کو سر درد ہوگا۔ اور زبان بند و پریشان رہے گا۔ لازم ہے کہ دعا زبان بندی اپنے پاس رکھے تا کہ بد گولوگوں سے محفوظ رہے۔ ان دونوں کی شادی نہ ہو تو بہتر ہے کیونکہ حمل والا قوس یا قوس والا حمل والے کے ہاتھوں مرتا ہے۔

10 حمل با جدی ان دونوں میں موافقت رہے۔ مہر و محبت رہے آخر عمر تک اخلاص رہے۔ اگر دونوں میں کبھی لڑائی بھی ہو تو حمل طالع والے کی طرف سے ہوگی۔ جدی والا بہت نرم دل ہوگا۔ اور بہت اُنس رکھے گا۔ اگر جدی والا قہر و غصہ میں رہے تو اسے تعویز زبان بندی ورد بلا پاس رکھنا چاہیے۔ اس سے وہ ہر آفت اور غلط جذبے سے محفوظ رہے گا۔ اور ہر دو کے درمیان مہر و محبت رہے گی۔ اولا د ان کی ہوگی۔

11 حمل با دلو ان دونوں میں موافقت نہ ہوگی۔ پریشان دل اور آشفتہ حال رہیں گے۔ مگر پانچ برس ایک ماہ گزرنے کے بعد حال بہتر ہو مہر و محبت پیدا ہو بعض لکھتے ہیں کہ دوبارہ تعلق وجدائی پڑے گی۔ لیکن پھر بھی آپس میں ملیں گے۔ اس میں لڑائی دلو کی طرف سے شروع ہوا کرے گی۔ حمل والا ٹھنڈا رہے گا۔ ان کو اولاد کی وجہ سے سختی اور دکھ آئے گا آخر عمر جناب ایزدی سے فضل ہوگا۔

12 حمل با حوت ان دونوں میں بھی موافقت نہیں ہے۔ رزق و روزی کی تنگی رہے گی اور آپس میں ناخوش رہیں گے۔ اور دل کے سخت اور سرد محبت ہوں گے۔ سازگاری اور اتفاق آپس میں کبھی نہ رکھیں گے۔ دونوں میں کلمات بے فائدہ اور سخن بدمزہ کی تکرار رہا کرے گی۔ جس سے دل ناشاد رہیں گے۔ بہتر یہ ہے کہ ان کی شادی باہم نہ کریں۔ ان میں سازگاری اور ملاپ پیدا نہ ہوگا۔ بالآخر جدائی واقع ہوگی۔

تعلقات کے سلسلہ میں اس مضمون میں جو تحریر کیا گیا ہے۔ اگر ان کے خلاف معاہدات نکاح ہو جائیں۔ مثلاً دو افراد جن میں شادی درست نہ تھی شادی ہو جائے تو ان کو موافق اسمائے الٰہی کی لوح بنوا کر پاس رکھنی چاہیے۔ یہ لوح دونوں میں سے کسی ایک فرد کے لئے حالات کو مدنظر رکھ کر تیار کر کے دی جا سکتی ہے تا کہ نکاح کا معاہدہ قائم رہے اور ہر دو عزت کے ساتھ زندگی گزار سکیں۔ اس وقت نام بدلنے کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ نام نکاح کے وقت بدلنے چاہیئے۔ اگر اس مضمون کے مطابق دو افراد میں بھلائی اور موافقت لکھی ہے لیکن حالات اس کے خلاف ہوں تو یہ سمجھ لیں کہ یہ کسی دوسرے شخص کی ریشہ دوانی، غیبت، ارادہ فساد یا جادو وغیرہ کی وجہ سے ہے۔ اس کا علاج اور تدابیر اختیار کرنے سے دونوں میں پھر محبت اور موافقت قائم ہو جائے گی۔ 03 111 888 668

قران مشتری و زہرہ

غلام رضا عسکری اعوان
03 111 888 668

یوں تو ستاروں کی نظرات سال میں کئی ایک بار بنتی ہیں اور مشتری و زہرہ کا قران ہر سال ہوتا ہے لیکن اس سال کی خاص بات مشتری و زہرہ کا قران بھی ہوگا اور مشتری برج حوت میں اپنے گھر کا مالک ہوگا جبکہ زہرہ مشتری کے ساتھ عین شرف کے درجات یعنی 27 درجہ برج حوت پر قران کرے گا۔ یہ قران گذشتہ تیس سالوں میں پہلی بار ہو رہا ہے کہ زہرہ شرف کا ہوگا اور مشتری اپنے گھر کا ہوگا جبکہ اس دن قمر بھی برج ثور میں شرف یاب ہوگا۔ زحل اپنے گھر برج دلو میں ہوگا جبکہ عطارد بھی اپنے گھر برج جوزا میں داخل ہو چکا ہوگا۔ راہو جو کہ اٹھارہ سال بعد شرف یافتہ ہوتا ہے راہو بھی شرف کے برج ثور میں مقیم ہوگا۔ سوائے مریخ وشمس کے باقی تمام سیارگان اچھی حالت میں ہونگے۔ زہرہ اور مشتری کی اس سعد حالت کو ہندی نجوم میں مہا لکشمی یوگ کہا جاتا ہے۔ انگلش میں یہ وقت GREATER WEALTH TIME کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ قران خصوصی طور پر برج حوت، سرطان، اور عقرب والوں کے لئے نایاب وقت ہوگا۔ قارئین قران کا یہ وقت 30 اپریل بروز ہفتہ درمیانی شب 00:15 am سے شروع ہو کر 02 مئی 2022 کو رات کے 04:21am پر ختم ہو جائیگا۔

ستارے آپ کے

اگر آپ ان دنوں میں شادی کرنا چاہتے ہیں تو 15 اپریل تا 3 مئی کے ایام میں کریں ساری زندگی بیٹے بیٹیوں کی خوشیاں نصیب ہونگی۔ اگر آپ کاروبار کی بنیاد رکھنا چاہتے ہیں یا نیا کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں تو ان ایام میں نئے کام کا آغاز کریں۔ پراپرٹی زمین جائیداد کی خریداری ان ایام میں آپکے لئے نفع بخش ثابت ہوگی۔ اس خاص وقت میں ایک انگوٹھی بنوائیں جس میں زرد یا گولڈن کلر کا ایکوا میرین، عقیق، پکھراج یا سنہلا جڑا ہو اور اطراف میں کرسٹل زرقون یا توفیق ہو تو چھوٹے ہیرے لگوا لیں۔ اور عین مبارک وقت پر پہن لیں۔ وہ افراد جنکی شادی نہیں ہو رہی سورۃ یٰسین کی آیت خلق الازواج مما۔۔۔۔فی الارض ۃ کا نقش بنا کر پہنیں۔ وہ افراد جنہیں کاروباری طور پر کامیابیاں نہیں مل رہیں آیت مبارکہ واللہ خیر الرازقین ۃ کا نقش بنا کر پہن لیں۔ ممکن ہو تو اپنے مسائل کے حل کے لئے منسوب نقش بنا کر پہن لیں۔ یہ آپ کی آنے والی زندگی کے لئے ایک کلید ثابت ہوگا۔ اس سعد وقت سے فائدہ اٹھائیں اور جو بھی نقش بنائیں ایسے عامل سے بنوائیں جو نجوم جانتا ہو، اس لئے کہ ساعتوں اور ستاروں کو مدنظر رکھ کر بنائے جانے والے نقوش ہی کارآمد ہونگے۔ اگر مجھ سے نقش بنوانا چاہیں تو دیئے گئے نمبر پر رابطہ کریں۔

زائچہ قسمت

صاحب زائچہ کا برج، حالات زندگی اور شادی کا فارمولا

سائیں
عبداللطیف دامانی
(ماہر علوم فلکیات)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! بصدقہ پنجتن پاک افتخار حسین صاحب (مرحوم) اور بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد صاحب (مرحوم) کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ (امین) اس میں کوئی شک نہیں بلکہ حقیقت ہے امامیہ جنتری عالم دنیا میں اپنی تحریر و تحقیق اور علمی مقام میں بے مثال ہے۔ امامیہ جنتری بلاشبہ مومنین و شائقین کی بے حد پسندیدہ جنتری ہے۔ امامیہ جنتری علم جفر، علم الاعداد، زائچہ قسمت، علم روحانیت، ولادت و شہادت آئمہ معصومینؑ کی حقیقی ترجمان ہے۔ ہر ذی شعور جو علم روحانیت سے دلچسپی رکھتا ہے۔ ہر گھر، ہر فرد کی اب امامیہ جنتری ضرورت ہے۔ اس امامیہ جنتری میں محبت کاوش محترم جناب افتخار حسین صاحب مرحوم کی ہے۔

کاشف الکرب

بندہ حقیر ہر سال کی طرح اس سال بھی امامیہ جنتری 2022 کے توسط سے آپکی خدمت میں ایک بار پھر حاضر ہوں گزشتہ برس امامیہ جنتری 2021 میں زائچہ قسمت پر ایک جامع مضمون شائع کیا گیا جو کہ میری عمر بھر کی کاوشوں کا نچوڑ تھا۔ یہی وجہ کہ ہزاروں مومنین اور مومنات نے اس سے استفادہ کیا۔ اور سینکڑوں نے اس مضمون کو پسندیدگی کا اظہار کیا اور فون کر کے فرمائش کی کہ ائندہ بھی کوئی ایسا مضمون پیش کیا جائے کہ قارئین اپنی زندگی کے حالات سے استفادہ حاصل کر سکیں خصوصی طور پر خواتین نے شادی بیاہ کے معلومات کیلئے فرمائش کا اظہار کیا لہذا قارئین کی دلچسپی کے پیش نظر اس مضمون میں انسانی زندگی کے حالات جو اسے آئے دن پیش آتے رہتے ہیں آسان اور سہل بیان کر سکوں حقیقت میں میری یہ کوشش ہوتی ہے کہ میں اپنے قارئین کے سامنے اپنی محنتوں کا نچوڑ اور اساتذہ کی عطا کردہ روحانیت کے ساتھ حاضر ہوں تا کہ قارئین اپنی ضرورت تک رسائی حاصل کر سکیں۔

سب سے پہلے اپنا برج اور طالع نکالنے کا طریقہ پیش کرتا ہوں۔ طریقہ اتنا آسان ہے کہ ہر ذی شعور شخص بآسانی اپنا برج نکال سکتا ہے۔

ٹیبل نمبر 1 آپ کی پیدائش کا برج

نمبر شمار	پیدائش کا دورانیہ	برج	نمبر شمار	پیدائش کا دورانیہ	برج	نمبر شمار	پیدائش کا دورانیہ	برج
1	۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل	حمل	1	۲۴ جولائی تا ۲۳ اگست	اسد	1	۲۳ نومبر تا ۲۲ دسمبر	قوس
2	۲۱ اپریل تا ۲۱ مئی	ثور	2	۲۴ اگست تا ۲۳ ستمبر	سنبلہ	2	۲۳ دسمبر تا ۲۰ جنوری	جدی
3	۲۲ مئی تا ۲۱ جون	جوزا	3	۲۴ ستمبر تا ۲۴ اکتوبر	میزان	3	۲۱ جنوری تا ۱۹ فروری	دلو
4	۲۲ جون تا ۲۳ جولائی	سرطان	4	۲۲ اکتوبر تا ۲۲ نومبر	عقرب	4	۲۰ فروری تا ۲۰ مارچ	حوت

ٹیبل نمبر 2 آپکی پیدائش کے وقت کا طالع (لگن)

۴ تا ۶ بجے صبح	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
۶ تا ۸ بجے صبح	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت	حمل
۸ تا ۱۰ بجے صبح	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور
۱۰ تا ۱۲ بجے	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور	جوزا

۱۲ تا ۲ بجے دوپہر	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور	جوزا	سرطان
۲ تا ۴ بجے دوپہر	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد
۴ تا ۶ بجے سہ پہر	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ
۶ تا ۸ بجے شام	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان
۸ تا ۱۰ بجے رات	قوس	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب
۱۰ تا ۱۲ بجے رات	جدی	دلو	حوت	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس
۱۲ تا ۲ بجے رات	دلو	حوت	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی
۲ تا ۴ بجے رات	حوت	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو

برج اور طالع وقت دیکھنے کیلئے دو مثالیں قارئین کی نذر کرتا ہوں۔

مثال نمبر 1 علی رضا ۱۰ اپریل ۱۹۵۵ کو شام ساڑھے چھ بجے پیدا ہوا۔ برج اور طالع کون سا ہوگا۔

جواب۔ ۱۰ اپریل کو ٹیبل نمبر ۱ میں دیکھا پتہ چلا کہ ۱۰ اپریل برج حمل کا ماہ جاری تھا۔ پھر ٹیبل نمبر ۲ کے پہلے کالم میں وقت کے نیچے ۶ بجے تا ۸ بجے شام کے سامنے برج حمل کا پہلا خانہ دیکھا تو طالع یا لگن عقرب نکل آیا۔ چنانچہ یہی لگن ہوگی۔ اسی طرح آپ ہزاروں سال قبل اور آئندہ کسی وقت کا برج معلوم کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ اپنے بچوں، رشتہ داروں کے برج کے علاوہ طالع برج بھی دیکھ کر انکی مشکلات دور کر سکتے ہیں۔

اب آپ کو زائچہ سے سائل کے پورے حالات بتانا چاہتا ہوں۔

سائل سوال کرتا ہے کہ میرے تمام حالات بمع بیوی۔ بچے۔ والدین۔ سسرال۔ خویش۔ اقرباء دوست۔ احباب۔ ملازم۔ ہمسایگان اور کلی حالات متعلقہ عمر سائل بیان کرو تو اس صورت میں زائچہ تیار کریں۔ انہیں بارہ خانوں سے سائل کے حالات جاننے کے علاوہ اس زائچہ سے اسکی بیوی کی کیفیت اور حالات نظر آتے ہیں۔ سائل کے زائچے سے دولت۔ پیشہ۔ بیوی۔ بہن بھائی۔ اور اسکی مالی حالت۔ دشمن۔ مقدمہ۔ اسکی صحت مرض غرضیکہ کل امور سائل کے جوابات اسی زائچہ سے دیکھے جا سکتے ہیں۔ اسکی زندگی کے تمام شعبے کے حالات زندگی وغیرہ صرف ایک ہی زائچہ سے پڑھے جا سکتے ہیں۔ جب بھی زائچہ تیار کریں سابقہ اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے احکام صادر کریں ان شاء اللہ آپ کامیاب ہونگے۔ بارہ خانوں کی تفصیل درج ذیل ہے

خانہ ۱۔ حالت ذہن، جسم کی بناوٹ، ظاہری شکل وصورت، دانشمندی، کردار، ماضی، حال، مستقبل کے بارے عمومی جائزہ۔

خانہ ۲۔، مال و دولت، خرید و فروخت، مکان اور جائیداد، کسب معاش، خاندان اور رشتہ دار،

خانہ ۳۔ بھائی بہن، ہمسائے، نزدیک کا سفر، عزیز و اقارب، نقل و حرکت۔

خانہ ۴۔ مکان، شہر، زمین، دفینہ، ماں، والدین کا گھر۔ عورتوں سے تعلقات، تشخیص مرض۔

خانہ ۵۔ اولاد، عاشق ومعشوق، جادو و تعویزات، پرائز بانڈ، لاٹری،

خانہ ۶۔ بیماری، دشمنی، روگ، مقدمات، لمبی بیماریاں، خوراک۔

خانہ ۷۔ بیوی، خاوند شادی تعلقات، نیک و بد عورت معشوقہ کے حالات، چوری کے سوال۔

خانہ ۸۔ موت، غم، پریشانیاں، جنسی خواہشات، روحانی قوت۔

خانہ ۹۔ طویل سفر، مذہبی معاملات، ترقی و تنزلی۔

خانہ ۱۰۔ روزگار، کاروبار، استاد، باپ، عزت و وقار۔

خانہ ۱۱۔ دوست، خواہشات، امیدیں، چھوٹی بیماریاں،، چھوٹے روگ۔

خانہ ۱۲۔ ہسپتال کے خرچے، قید و بند، خفیہ دشمنی، مشکلات، رکاوٹیں،

شریک حیات کی بیماری۔اسی طرح اگر آپ اپنے بیٹے کے حالات جاننا چاہتے ہیں جو دور دراز شہر یا ملک میں رہتا ہے۔

اسی طرح اگر آپ اپنے بیٹے کے حالات جاننا چاہتے ہیں جو دور دراز شہر یا ملک میں رہتا ہے۔اس کے دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ آپ اس کا وقتی زائچہ تیار کریں جسکی شکل اوپر دی گئی ہے۔

۱۲ نمبرات گھروں کے ہیں۔گھروں میں دائرہ کے نمبرات آپ کے بیٹے کے ہیں۔یہ اسکی کیفیت و حالت کے ہیں۔اب مذکورہ زائچہ میں پانچواں گھر پر جس میں دائرہ نمبر ا ہے۔پانچواں خانہ نجوم میں بچے کا ہوتا ہے۔اب اس خانہ کو بچے کا پہلا خانہ طالع قرار دیکر اسکی کیفیت اور حالت کا اندازہ کیا جائے گا۔سائل کا بچہ اگر بیرون ملک تعلیم حاصل کر رہا ہے،تو تعلیم تیسرے خانہ سے دیکھی جاسکتی ہے۔اگر ملازمت دیکھنی ہو تو چھٹے گھر سے دیکھی جاسکتی ہے۔اب یہ دیکھنا ہے کہ سائل کا لڑکا کسی سے عشق محبت میں مبتلا تو نہیں پانچوان گھر سے ۵ نمبر نویں گھر کے اندر ہے،سائل

کے عشق و محبت کی نشاندہی کرتا ہے۔

شادی کے بارے معلومات۔ قارئین کرام پہلے شادی کا فارمولا اپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں اس سے سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

۱۔ اگر مریخ خانہ نمبر ا۔۲،۴،۷،۸ اور ۱۲ ان گھروں میں سے کسی ایک گھر میں ہوگا مینگلیش کہلائے گا۔یعنی اسکی شادی لیٹ ہوگی یعنی ۳۰ سال سے پہلے شادی ناممکن ہے۔

۲۔ حمل۔سرطان۔میزان۔جدی ان چاروں میں سے کوئی برج طالع میں ہوگا تو اس شخص کی شادی زیادہ سے زیادہ ایک سال چلے گی۔

۳۔ثور۔اسد۔عقرب۔اور دلو اگر لگن/ طالع میں آ جائیں تو ان لوگوں کی شادی کسی صورت نہیں ٹوٹے گی۔

۴۔جوزا۔حوت۔سنبلہ۔اور قوس اگر لگن/ طالع میں آجائیں شادی تو ہو جائے گی مگر ایک دوسرے کو دیکھنا پسند نہیں کریں گے۔

اگر زائچہ کے خانہ ا یعنی طالع میں یا ۴ گھر یا ۷ گھر میں برج جدی ہو اور اسمیں سیارہ مریخ آجائے تو جب تک لڑکی منگلیک نہ ملے گی تب تک اسکی شادیاں ہوتی رہیں گی۔

اسی طرح ۷ گھر کا مالک زہرہ ۶ گھر میں کمزور ہو تو بڑی عمر کی عورت سے شادی یا کسی غلط عورت سے تعلقات فتنہ فساد کا باعث ہوتے ہیں اسکی شادی بھی بہت سے مسائل اور فتنہ فساد کے بعد اپنی محبوبہ سے طے پائے گی۔اس دوران لڑائی جھگڑے بھی ہونگے۔

رجال الغیب معلوم کرنے کا آسان طریقہ

نقوش لکھتے وقت یہ دیکھیں کہ رجال الغیب کس طرف ہیں۔اگر یہ سامنے ہونگے تو کام میں رکاوٹ ہوگی۔اس لیے جب عمل کے لیے بیٹھیں تو ایسی طرف منہ کریں کہ رجال الغیب آپ کی پشت پر ہوں۔نیچے نقش میں سمت اور چاند کی تاریخیں درج ہیں۔

رجال الغیب سے عملی استعانت حاصل کرنے کے لیے عمل سے پہلے درج ذیل دعا پڑھے

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَارِجَالَ الْغَيْبِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَةِ اَغِيْثُوْنِيْ وَانْظُرُوْا اِلَيَّ بِنَظْرَةٍ يَارُقَبَاءُ يَانُجَبَاءُ يَاَبْدَالُ يَااَوْتَادُ

زندگی کا عروج اور نظام بروج

ڈاکٹر تقدیس زہرا
(صرف خواتین رابطہ کریں)
03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

اظہار تشکر: قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! حمد رب العالمین بحق رحمۃ العالمین بتوسل الطاہرین اُن تمام افراد کے لیے دعا ہے جو منتظم اعلیٰ آغا علی فرزادی کی زیر نگرانی امامیہ جنتری کا عالمی معیار قائم رکھے ہوئے صبح و شام محنت شاقہ سے سعی پیہم کے ساتھ کوشاں ہیں۔ نگران اعلیٰ، کالم نگار، محققین، محررین، مضامین دہندہ، منجمین افلاک، دست شناس، مرتبین جنتری، ہدایت کار، اشتہار دینے والے، عاملین دانشوار اور قارئین سب قابل تحسین ہیں جن کے تعاون سے جنتری کی تکمیل ہوتی ہے اور پھر نئے سال کے آغاز سے قبل مارکیٹ میں آپ کے ہاتھوں بک رہی ہوتی ہے۔ اس کے فیوض و برکات سے آپ سارا سال فیض یاب ہوتے ہیں اس لیے ضروری ہے کہ آپ صاحب تملیک آغا علی فرزادی کی دن دوگنی رات چوگنی ترقی کے لیے دعا کریں اور ان کے مرحومین کے لیے دعائے مغفرت اور فاتحہ کا ثواب ایصال کریں۔

پہلی پرواز

اہل نجوم نے تاریخ پیدائش کے مطابق انسانی زندگی کو 12 بروج پر تقسیم کیا ہے۔ جنتری کے صفحات ملاحظہ کر کے برج حمل Aries سے برج حوت Pisces تک تصدیق کر لیجئے ان بروج کے ساتھ آٹھ ستار بھی ہیں جو اپنے اپنے خواص سے گہرا تعلق رکھتے ہیں سمجھنے کے لیے ہم صرف برج سنبلہ Virgo کی مثال لے لیتے ہیں۔ اس کا سیارہ عطارد ہے 24 اگست سے 23 ستمبر تک پیدا ہونے والے بچہ، بچی اس برج اور سیارے سے تعلق رکھتے ہیں۔ عنصر خاکی ہے، عقیق یا فیروزہ سن بلوغ کے بعد پہن کر عبادت کے ثواب میں اضافہ کر سکتا ہے۔

مبارک دن بدھ اور عدد 5 ہے۔ نام کا آغاز حرف (پ) یا (غ) سے ہوگا دوران زندگی اپنی بداحتیاطی یا غلط غذائیں کھانے سے معدہ، جگر، السر کی بیماریوں میں کسی وقت مبتلا ہو سکتا ہے۔ آفات و بلیات سے محفوظ رہنے کے لیے، صحت مند زندگی گزارنے کے لیے، رزق کی فروانی کے لیے، معاشرے میں باوقار ہونے کے واسطے اور عاقبت بخیر ہونے کے لیے ہمیں جنتری کی وساطت سے کچھ پڑھنا ہوگا اور ان مجربات پر عمل کرنا ہوگا نیز اس کے ساتھ صراط مستقیم پر چلتے ہوئے خدمت خلق کو اپنا شعار بنانا ہوگا۔ بروج کا نظام یقیناً آپ کا ساتھ دے گا اور زندگی کا سماجی اور دینی عروج آپ کی معاونت میں رواں دواں رہے گا۔

معمولات قارئین کی سہولت کے لیے میں نے برج سنبلہ سے مثال دی ہے۔ ✪ عنصر خاکی ہے اس لیے بردبار اور ملنسار ہوگا اور اسی صفت پر قائم رہنا ہوگا ✪ بدھوار کو عطارد کی ساعت میں کام کا آغاز مفید اور نفع بخش رہے گا۔ 8 سیاروں کی ایک ایک گھنٹے کی ساعت ہوتی ہے جو 24 گھنٹے میں تین مرتبہ منظم وقفے کے بعد آتی رہتی ہے جنتری میں سے سیاروں کی ساعت کی جدول نوٹ کر لیں۔ ✪ پانچ کا عدد اس فرد مرد، عورت کے لیے زندگی کے ہر میدان میں کامیابی و کامیابی و کامرانی دکھائے گا۔ مزید سرخرو ہونے کے لیے پنجتن پاکؑ سے دلی مودت رکھنے والا، موالی ہونا چاہئے۔ ✪ نام (غ) سے تجویز کریں گے۔ فرض کریں اتفاق رائے سے غلام محمد رکھا گیا۔ ضروری دینی تعلیم جس کے ساتھ دنیاوی تعلیم بھی شامل ہوگی اور سن بلوغت کے پہنچتے پر نماز کی پابندی بھی لازمی ہوگی تو اپنے اسم اعظم سے متعارف ہونا لازمی ہوگا۔ یہ ورد وہ زندگی بھر جاری رکھے گا جس سے زندگی کے عروج کی منازل یکے بعد دیگرے طے ہوتی جائیں گی۔

اسم اعظم غلام محمد کے اعداد 1163 ہیں اسم اعظم بنتا ہے یامجیبُ یاظاھرُ یہ ورد حیات جاودانی ہے عمر بھر جب تک پڑھتا رہے گا فیض حاصل ہوتا رہے گا۔

پڑھنے کا طریقہ باوضو ہو کر چند مرتبہ درود پاک پڑھے پھر 1163 مرتبہ یامجیبُ یاظاھرُ پڑھے پھر چند مرتبہ درود پاک پڑھ کر دعا مانگے۔ اگر 1163 کی تعداد زیادہ معلوم ہو تو دو قسطوں میں (صبح+شام) کر کے چوبیس گھنٹوں میں اپنا وظیفہ پائیہ تکمیل تک پہنچا دے غالیہ بتول کے اعداد 1484 ہیں اسم اعظم بنتا ہے یامُغنِیُ یامُصورُ یا ماجِدُ عورت، مرد کے پڑھنے کا طریقہ ایک جیسا ہے۔

نوٹ: عورت ناپاکی کے دنوں میں ہرگز نہیں پڑھے گی۔

برج سنبلہ Virgo والا معدہ، جگر، السر کی بیماریوں سے بچنے کے لیے زیادہ ٹھونس کر بالکل نہیں کھائے گا بلکہ بھوک رکھ کر احتیاط کرے گا۔ ابھی

ابھی کھانے کی کچھ طلب باقی ہوگی کہ اپنا ہاتھ کھینچ لے گا۔ سوڈا واٹر کی بوتل بھی نہیں پیئے گا ورنہ السر Uecer پھیل جائے گا آپریشن تک نوبت پہنچے گی زندگی اجیرن ہو جائے گی۔

دیگر بروج باقی گیارہ بروج اور متعلقہ Stars کے لیے بھی یہی بیان ہے البتہ شرائط بیانات، نام اور اسم اعظم بدلتا رہے گا ہر فرد کے لیے موضوع کے مطابق مناسب اور موزوں ہوگا۔

جنتری کے جملہ قارئین کے لیے خدمت عامہ کے تحت چند ایک مجربات پیش خدمت ہیں جو از حد موثر ہیں اور انسانی زندگی میں بہت کار آمد ہیں ان کے ماخذ مستند ہیں اور شرع محمدی کے اصول ہائے فطرت کے موافق ہیں۔

✸ نکاح کے وقت رحمت کے سروازے کھلتے ہیں نیز یہ وسعت رزق کا باعث ہے (جامع الاخبار) ✸ جو شخص گھر پہنچے اپنے اہل و عیال کو سلام کرے تو اس کے گھر میں برکت ہوگی اور فرشتوں کو اس گھر سے عمدہ انس ہوگا۔ ✸ حدیث مبارکہ! عبادت کے 70 جز ہیں ان میں سے سب سے بہتر حلال کی روزی کمانا ہے (اجر عظیم صفحہ 47) ✸ جو عالم اپنے صحیح علم سے لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے وہ 70 ہزار عابدوں سے بہتر ہے۔ (اصول کافی) ✸ سورج غروب ہونے سے چند منٹ پہلے گھر میں روشنی کرلیں سورج طلوع ہونے تک ایک روشنی رہنے دیں رزق زیادہ ہوگا۔ ✸ صدقہ دینا طول عمر کا باعث ہے۔ 70 بلائیں دفع کرتا ہے۔ صدقہ اپنی حیثیت کے مطابق کسی مستحق کو دیں۔

مجربات جنتری امامیہ

ھچکی بند ہچکی کا دورہ پڑے تو مریض کے دونوں کانوں میں انگلی ڈال کر 20 سکینڈ کے لیے بند کردیں ہچکی رک جائے گی۔

علم عامل کو قرآن اور حدیث کا علم ہو کہ اس معاملے میں جو اللہ کے کلام سے آیات پڑھی جائیں اور احادیث میں جو بیان کیا گیا ہے کیسے پڑھا جائے اور خصوصاً اسے جادو اور جسمانی بیماریوں کے بارے میں اتنا علم ضرور ہو کہ وہ دونوں میں تفریق کر سکے۔

تجربہ کسی بھی کام کو کرنے کے لیے تجربہ انتہائی ضروری ہے۔ اس نے کسی مستند عالم سے جادو کے توڑ اور سحر کے بارے میں علم حاصل کیا گیا ہے۔ ناتجربہ کار عامل اپنے مریض کی جان بھی لے لیتے ہیں۔

پرہیزگاری ایک پرہیزدار شخص ان معاملات کو بہتر انداز میں دیکھ سکتا ہے اپنے نفس پر قابو رکھنا اور اپنے مریض کو عزت کی نگاہ سے دیکھنا بلاشبہ ایک وصف ہے

راز کی حفاظت مریض اکثر اپنی تکلیف کو کھول کر بیان کر دیتا ہے۔ خصوصاً خواتین اپنی تمام باتیں عاملین سے کر دیتی ہیں۔ ایک اچھا عامل ہمیشہ ان باتوں کی حفاظت کرتا ہے اور دوسروں کی عزت و آبرو کا خیال کرتا ہے اور یہی اعتماد ہوتا ہے جو عامل لوگوں میں اچھا ثابت کرتا ہے ناتجربہ کار اور نام نہاد عامل ان باتوں سے خواتین کو بلیک میل کرتے ہیں

نفسیاتی امراض کا علم

ضروری نہیں کہ ہر شخص جو کچھ غیر معمولی چیزیں محسوس کرے اس پر جادو ہوا ہو یہ نفسیاتی بیماری بھی ہوسکتی ہے اور اعصابی بیماری۔ دیہاتی خواتین میں اکثر ہسٹریا کی بیماری ہوتی ہے اور ناتجربہ کار عامل اسے جادو کی وجہ سمجھتے ہیں اور جن نکالتے نکالتے مریضہ کی جان لے لیتے ہیں۔ اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ مرض کی تشخیص کیسے کریں۔

قارئین کرام! یہ مضمون خصوصاً ان لوگوں کے لیے جو سمجھتے ہیں کہ ان کی زندگی میں کوئی غیر معمولی تبدیلی واقع ہو رہی۔ جسمانی اور روحانی طور پر وہ کچھ بدلہ ہوا محسوس کرتے ہیں اور انہیں کسی اچھے معالج یا عامل کی ضرورت ہے۔ درحقیقت ہمارے ہاں یہ موضوع کہ فلاں پر جن عاشق ہوگیا ہے یا فلاں پر جادو کردیا ہے یہ صرف پیسے کمانے کا ذریعہ بن گیا ہے اور شاید اسے ضرورت سے زیادہ لوگوں نے خود پر طاری کرلیا ہے۔

میاں بیوی کی ناچاقی ہو یا کاروبار میں مشکلات بچے کا پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو یا بیٹی کی شادی، نوکری کا مسئلہ ہو یا عبادت میں دل نہ لگتا ہو۔ آپ کسی بھی ناتجربہ کار اور نام نہاد عامل کے پاس چلے جائیں وہ آپ سے چند باتیں پوچھنے کے بعد آپ کو بتائے گا آپ پر جادو کا اثر ہے۔ آپ گھبرا جاتے ہیں اور اس کی خدمت کرتے ہیں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ وہ آپ کو ایک کاغذ پر الٹی سیدھی لکیریں کھینچ کر تعویذ بنا دیتا ہے یا پانی پر دم کر دیتا ہے۔

قارئین محترم نقش، تعویذات، لوح وغیرہ کا علم بہت مشکل ہے اور اس میں مہارت رکھنے والا ایک تجربہ کار عامل ہی اسے تیار کرسکتا ہے۔ فراڈیئے اور دھوکہ باز لوگ آپ کو ہر جگہ مل جائیں گے جو آپ کی مجبوری سے فائدہ اٹھا کر آپ سے اچھی خاصی رقم بٹور لیتے ہیں اور آپ کا کام بھی نہیں ہوتا۔ لہٰذا آپ کوشش کریں کہ مستند اور اعتماد والی جگہ پر جائیں۔ بیشک اللہ کے کلام میں شفا ہے قرآن کا ایک ایک لفظ اللہ تبارک وتعالیٰ کا کلام ہے جو اس نے اپنے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل فرمایا۔ فرق صرف یہ ہے کہ جو شخص اللہ کا کلام پڑھ کر آپ کی تکلیف دور کر رہا ہے وہ خود کیسا ہے کیا وہ خود ان شرائط پر پورا اترتا ہے جن کا میں نے اس مضمون میں ذکر کیا ہے۔

آخر میں پروردگار عالم سے دعا ہے کہ ہم سب کی مشکلات کو آسانی میں بدل دے اور آسانیاں تقسیم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

قارئین محترم یہ مضمون آپ کی رہنمائی کے لیے پیش خدمت ہے۔ آپ مزید رہنمائی کے لیے دیئے گئے نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر **03 111 888 668**

دعا

حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

(برائے جمیع حاجات رنج وغم اور عظیم مصیبت کے وقت چھٹکارا پانے کے لیے) **حوالہ** خصائل صدوق باب اول اور تحف العقول صفحہ 176

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ بروز عاشورا میرے والد حضرت امام حسین علیہ السلام نے مجھے سینے لگایا جبکہ آپ کا خون آپ کے جسم سے لاتعداد زخموں سے مسلسل بہہ رہا تھا۔ فرمایا! فرزند عزیز مجھ سے وہ دعا لے لو جو میری والدہ ماجدہ سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا نے عطا فرمائی تھی۔ اور انہیں ان کے بابا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عطا فرمائی تھی۔ یہ دعا انہیں اللہ تعالیٰ نے تحفۃً عطا فرمائی تھی اور فرمایا سخت حاجات اور رنج وغم کے وقت اور عظیم مصیبت کے وقت اس دعا کو پڑھوں۔

مومنین کرام! محبت اہلبیت علیہم السلام اور یقین شرط ہے اس دعا کو صرف اس وقت پڑھیں جب واقعی عظیم مصیبت ہو۔ چھوٹی چھوٹی پریشانیوں کے لیے اس دعا کو نہ پڑھیں۔ آپ زندگی میں جب کسی عمل اور کسی چارہ کو چارہ گر نہ پائیں تو پھر اس دعا کے ذریعے مشکل اور عظیم مصیبت سے نجات پائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○ بِحَقِّ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ وَبِحَقِّ طٰهٰ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے تجھے واسطہ یٰسٓ اور قرآن حکیم کا اور واسطہ طٰہٰ اور قرآن عظیم کا

يَا مَنْ يَّقْدِرُ عَلٰى حَوَائِجِ السَّآئِلِيْنَ يَا مَنْ يَّعْلَمُ مَا فِي الضَّمِيْرِ الصَّامِتِيْنَ يَا مُنَفِّسًا

اے سائلوں کی حاجتوں پر قدرت رکھنے والے اے وہ جو خاموش لوگوں کے دلوں کے حالات کو جانتا ہے اے پریشان سے دور کرنے والے

عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ يَا مُفَرِّجًا عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ يَا رَازِقَ الطِّفْلِ

تمام بلاؤں کو اے غمزدہ لوگوں کو ہم وغم سے نجات دینے والے اے رحم کرنے والے بوڑھوں پر اے بچے کو رزق

الصَّغِيْرِ يَا مَنْ لَّا يَحْتَاجُ اِلَى التَّفْسِيْرِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِيْ

پہنچانے والے اے وہ جو تفسیر کا محتاج نہیں ہے رحمت بھیج محمدؐ و آل محمدؐ پر اور میرے ساتھ ایسا کر (اس کے بعد اپنی حاجات بیان کرے)

نوٹ: مکمل ادب اور خلوص و یقین کے ساتھ اس دعا کے ذریعے اپنی عظیم مصیبتوں سے چھٹکارا حاصل کریں۔ اول و آخر کثرت سے درود پاک پڑھیں۔ ہدیہ نیاز محمدؐ و آل محمدؐ ضرور پیش کریں۔ آنکھوں میں آنسو لاکر اس دعا کو پڑھیں اور اپنی حاجت پیش کریں۔

تسبیح برائے رشتہ لڑکی، والدین یا لڑکا ہر ماہ کی نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء اس اسم اعظم کو گیارہ ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے تو مقصد مطلوب حاصل ہوگا۔ **يَا مُعْطِيْ** اور درج ذیل اسم مبارک کو ہر روز ایک سو تیس مرتبہ چالیس روز تک بلاناغہ پڑھے تو انشاءاللہ چلہ کے اندر ہی شادی کا انتظام ہو جائے گا۔ اسم مبارک یہ ہے۔ **يَا لَطِيْفُ**

لوح شہزادی کونین فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

راجہ افتخار حسین
(ماہر عملیات)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

بضعۃ الرسول ﷺ حرم کل ایمان مولا علیؑ ام الحسنینؑ سیدان شباب اھل الجنۃ سیدۃ النسآء العالمین بتول عزء امعصومہ عالمہ پیکر صبرو رضا عابدۃ زاھدہ جناب فاطمۃؑ ام الائمہ ھیں۔

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! قارئین کی خدمت میں اس دفعہ شہزادی کونین حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی شان میں میں ناچیز وحقیر مضمون تحریر کر رہا ہوں۔ اللہ جل جلالہ نے حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کا نور حضرت رسالت مآب ﷺ کے نور سے خلق فرمایا۔ یہ نور تسبیح و تقدیس میں مصروف رہا پھر اس نور کو جنت کے ایک درخت میں جگہ دی، درخت روشن ہو گیا۔ جب حضور ختمی مرتبت ﷺ شب معراج عالم بالا پر تشریف لے گئے تو حسب حکم اللہ اس درخت کا پھل آپ کو جبرائیل امین نے دیا اور کہا تناول فرمائیں۔ اس سے ایک دختر نیک اختر کا ظہور ہو گا شکم خدیجہ سے آپ نے نوش فرمایا جو آپ کے صلب سے منتقل ہو کر حضرت خدیجہؑ کے رحم میں آیا اس نور سے آپ کا ظہور ہوا۔ اس لئے آپ کا لقب طاھرہ، مبارکہ، رضیہ، زہرا قرار پایا اور آپ ہمیشہ طاھرہ اور نجاست کی آلائشوں سے پاک ہیں آپ کی کوئی نماز کبھی فوت نہیں ہوئی۔ حضور ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ میں جب فاطمہ سلام اللہ علیہا کا بدن سونگھتا ہوں تو جنت کے سیب کی خوشبو آتی ہے۔ جب اللہ نے حضرت آدمؑ و حواؑ کو خلق فرمایا تو انہیں اپنے حسن و جمال پر ناز ہوا۔ قدرت نے ان پر ایک ایسی حسین وجمیل کو ظاہر فرمایا جس کا نور محیر العقول تھا۔ اس کے سر پر ایک نورانی تاج اور دونوں کانوں پر نورانی گوشوارے تھے۔ یہ دیکھ کر حضرت آدمؑ کو حیرت ہوئی عرض کیا پروردگار یہ کون ہیں۔ آواز آئی یہ خاتم النبین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی دختر نیک اختر ہیں۔ عرض کی یہ تاج کیسا ہے۔ فرمایا کہ یہ ان کے شوہر علیؑ ابن ابیطالبؑ ہیں عرض کی یہ گوشوارے کیسے فرمایا کہ ان کے فرزند امام حسنؑ اور امام حسینؑ ہیں۔

اوراق و وظائف

جب آثار ظہور نور ظاہر ہونے لگے تو یکا یک غیب سے چار عورتیں ظاہر ہوئیں جو دراز قد اور گندم گوں تھیں۔ حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا نے گھبرا کر پوچھا کہ آپ کون ہیں انہوں نے جواب دیا ہمیں اللہ نے آپ کی مدد کیلئے بھیجا ہے ایک نے عرض کیا میں آپ کی ماں حوا ہوں دوسری نے عرض کیا میں آسیہؑ بنت مزاحم ہوں تیسری نے عرض کیا میں کلثومؑ خواہر موسیٰ ہوں چوتھی نے عرض کیا میں مریمؑ بنت عمران مادر عیسیٰؑ ہوں۔ ہم سب جنت میں آپ کے رفیق ہونگے۔ ان میں سے ایک داہنے جانب دوسری بائیں جانب تیسری سامنے اور چوتھی سرہانے بیٹھ گئی۔ جب آپ کا ظہور ہو چکا تو مکہ کا کوئی گھر نہ تھا جو آپ کے نور سے روشن نہ ہو گیا ہو اتنے میں دس حوریں آب کوثر سے لبریز ظروف لے کر نازل ہوئیں اس سے آپ کا غسل ہوا اور پوشاک جنت بدن پر پہنائی اور دوسری سر پر باندھی جو نہایت سفید، پاکیزہ اور معطر تھی اور یہ کہہ کر حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا کے حوالے کیا کہ لیجئے صاحب زادی کو اللہ نے پاک و پاکیزہ اس کو اور اسکی نسل کو برکت مرحمت فرمائی ہے اس کے بعد آپ نے لبز بان فصیح فرمایا۔

اشھدان لاالہ اللہ و اشھدان ابی محمدؐ رسول اللہ و سیدالا نبیآء وان بعلی سیدالا وصیاء و لدی ساوۃ الا سباط

اس کے بعد آپ نے سب عورتوں کو سلام کیا اور سب نے جواب سلام دے کر بوسے دیئے اور ہدیہ مبارک باد پیش کئے۔ شہزادی کونین حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کائنات کی وہ ہستی ہیں جن کی روح کو اللہ تعالیٰ کی ذات نے اپنے قدرت کاملہ سے واپس بلایا نہ کہ عزرائیلؑ کے ذریعے سے اگر میں اس مضمون کو تفصیل سے لکھوں تو ایک کتاب کی صورت بن جائے گی۔ میں نے جنتری کے صفحات کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھا ہے اور شہزادی کونین کی شان میں لکھنا کسی کے بس کی بات نہیں ہے۔

یہ لوح امامیہ جنتری میں جو نام اور القابات دیئے گئے ہیں ان کے اعداد اور ایک لقب افضل النساء کے اعداد ۱۵۵۳ جمع کر کے پورے القابات کے اعداد ۴۶۲۹۸ سے پُر کی گئی ہے کیونکہ میری یہ کوشش ہوتی ہے کہ ہر لوح چال اسم ذات میں پُر کروں۔ یہ لوح ہر ستارے کے شرف واوج قران السعدین اور نوروز عالم میں تیار کی جاسکتی ہے مگر لوح تیار کرتے وقت روحانیت کے تمام لوازمات کو مدنظر رکھا جائے تاکہ اس لوح کے فوائد حاصل ہوں۔

فوائد لوح ترقی رزق، ترقی کاروبار، ترقی ملازمت، ہر رُکے ہوئے کام میں کامیابی نصیب ہو اور وہ بچیاں جن کی شادی میں رکاوٹیں ہو رہی ہوں اُن کے لئے خاص فوائد کی حامل ہے۔

اس لوح کو تیار کرتے وقت باوضو ہوں اور تیار کرنے کے بعد کبھی بھی بحالت نجاست نہ چھوئیں اور نہ ہی نجاست والی جگہ پر لے کر جائیں۔ لوح تیار کرنے کے بعد ایک تسبیح درود شریف پڑھ کر لوح پر دم کریں۔

لوح مبارک یہ ھے

اگر آپ یہ لوح تیار کرنے میں کامیاب ہو جائیں تو بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد، آغا افتخار حسین زوجہ آغا افتخار حسین کیلئے دعائے مغفرت کریں اور مجھ ناچیز وحقیر اور فرزند آغا افتخار حسین علی فرزاد کیلئے درازی عمر اور صحت سلامتی کیلئے دعا کریں۔ اگر آپ مجھ سے بات کرنا چاہتے ہیں یا اپنے مسائل کے حوالے سے کوئی بات شیئر کرنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے آفیشل نمبر **03 111 888 668** پر رابطہ کر سکتے ہیں

والدین کے اوصاف کا اولاد پر اثر

مادحہ بتول

عصرِ حاضر میں سب سے اہم مرحلہ تربیت اولاد کا ہے اور دین اسلام میں تربیتِ اولاد ایک فریضہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ" خدا رحمت کرے ان ماں باپ پر جنہوں نے اپنی اولاد کو تربیت دی کہ وہ ان کے ساتھ حسن سلوک کریں لہٰذا والدین کو چاہیے اپنی اولاد کی تربیت اسلامی اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حالات حاضرہ کے تقاضوں کے مطابق کریں۔ حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ

لا تؤدبوا أولادكم بأخلاقكم.لأنهم خلقوا لزمان غير زمانكم اپنے بچوں کی تربیت اپنے اخلاق وحالات کے مطابق نہ کرو کیونکہ انہیں ایسے زمانے کیلئے پیدا کیا گیا ہے جو تمہارے زمانے سے مختلف ہے۔ تربیتِ اولاد میں والدین کا کردار بہت اہم اور بنیادی ہے کیونکہ والدین کا کردار بچوں کے اخلاق پر اثر انداز ہوتا ہے۔ امیر المومنین حضرت امام علی علیہ اسلام فرماتے ہیں کہ وَحَقُّ الْوَلَدِ عَلَى الْوالِدِ أَنْ يُحَسِّنَ اِسمَهُ وَيُحَسِّنَ اَدَبَهُ وَيُعَلِّمَهُ الْقُرآنَ اور فرزند کا حق باپ پر یہ ہے کہ اس کا اچھا نام تجویز کرے اور اسے بہترین ادب سکھائے اور قرآن مجید کی تعلیم دے۔

آج میں اپنے قارئین کی خدمت میں اولاد کی اصلاح کیلئے کچھ مجرب عملیات پیش کر رہی ہوں جن کو بجالانے سے آپ انشاءاللہ مستفید ہوں گے

☆ بچوں کی والدہ کو چاہیے وہ کہ دو رکعت نماز ہدیہ اولاد کی نیت سے ادا کریں اس کی پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورہ توحید تلاوت کریں اور دوسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ الکوثر تلاوت کریں اور پھر تشہد وسلام کے ساتھ نماز کا اختتام کریں۔ یہ نماز والدہ کی جانب سے اسکی اولاد کیلئے ایک بہترین تحفہ ہے۔

☆ اولاد کے لائق اور خوش کردار ہونے کیلئے ہر نماز کے بعد درج ذیل آیت تین بار پڑھیں "رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِي رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ" (سورۃ ابراہیم آیت نمبر 40)

ترجمہ: پروردگار! مجھے اور میری اولاد کو نماز کا پابند بنادے اور ہمارے رب ہماری دعا قبول فرما"

ان اعمال کی پابندی سے ان شاءاللہ قارئین مستفید ہوں گے۔

بارگاہ لم یزل تاثیر بے مثل

سید تجمل حسین
شیرازی
(ماہر عملیات)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! امید کرتا ہوں کہ آپ سب بصدقہ محمدؐ و آل محمد خیر و عافیت سے ہوں گے۔ سب سے پہلے بانیان امامیہ جنتری کیلئے نیک تمنائیں جن کی شب و روز کی محنت سے اہل ایمان کیلئے بے شمار آسانیاں پیدا ہوئی ہیں۔ اللہ رب العزت ان سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور نیک توفیقات میں اضافہ فرمائے، آمین۔ تمام قارئین سے خصوصی التماس ہے کہ بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم کیلئے سورۃ فاتحہ پڑھ دیں۔ ہر سال کی طرح چند مجرب المجرب وظائف و اعمال پیش خدمت ہیں جو مومنین مستفید ہوں وہ مجھ حقیر اور بانیانِ امامیہ جنتری کو دعاوں میں ضرور یاد فرمائیں۔ اللہ رب العزت، محمد و آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے میں آپ سب کی تمام پریشانیاں دور فرمائے، آمین۔

ہدیہ اعمال

رزق میں اضافہ کیلئے

سورۃ البقرہ آیت (212) زُيِّنَ لِلَّذِينَ كفرو سے بِغَيْرِ حِسَابٍ تک

جو شخص رزق کی تنگی کا شکار ہو وہ روزانہ نماز فجر کے بعد 100 مرتبہ، نماز ظہر کے بعد 111 مرتبہ، نماز عصر کے بعد 121 مرتبہ، نماز مغرب کے بعد 131 مرتبہ، نماز عشاء کے بعد 141 مرتبہ یہ آیت تلاوت کرتا رہے گا تو اللہ پاک مال و رزق میں بے حساب اضافہ فرمائے گا ان شاء اللہ۔ اور اگر یہ آیت مبارکہ لکھ کر دکان یا کاروبار کی جگہ لٹکا دے تو اس میں برکت آئے گی۔

سخت بیماری اور ظالم شخص کے ظلم سے نجات کیلئے

سورۃ القمر آیت 10 فَدَعَا رَبَّهُ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانتَصِرْ تک

اگر کسی شخص کو کوئی سخت اور پیچیدہ بیماری لاحق ہو چکی ہو جو ڈاکٹر یا حکیم کی سمجھ سے باہر ہو اور کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو، یا کوئی شخص مظلوم ہو اور ظالم کا ظلم انتہا تک پہنچ چکا ہو اور نجات کی کوئی صورت نظر نہ آ رہی ہو تو چاہئے کہ روزانہ 313 مرتبہ مع اوّل و آخر 13،13 مرتبہ درود پاک پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک دیں اور خشوع و خضوع سے اللہ پاک کے حضور، ظالم سے نجات کیلئے دعا کریں تو ان شاء اللہ ظالم کے ظلم سے نجات حاصل ہو گی۔ اور مریض کیلئے اسی طریقہ سے پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں تو ان شاء اللہ جلدی شفا نصیب ہو گی۔ عمل کم از کم 21 یوم تک جاری رکھیں۔ آسانیاں پیدا ہوں گی۔ اس کے علاوہ جو شخص روزانہ اس آیت کو ہر نماز کے بعد 14 مرتبہ پڑھتا رہے گا تو کبھی غربت و افلاس میں مبتلا نہ ہو گا اور جمیع حاجات پوری ہوں گی۔

حصولِ رشتہ کیلئے

سورۃ حج آیت 75 اللہ یصطفی سے بصیر تک۔ اگر کسی لڑکا یا لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو یا رشتہ ڈھونڈنے میں پریشانی و مسائل کا سامنا ہو تو اسے چاہئے کہ نماز عشاء کے بعد دو رکعات نمازِ حاجتِ شادی پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد 11 مرتبہ سورۃ توحید پڑھے، سلام پھیرنے کے بعد اس آیت کو 66 مرتبہ تلاوت کر کے دعا کرتا رہے تو ان شاء اللہ جلدی بہت اچھا رشتہ ہو جائے گا۔

قوت حافظہ اور یادداشت کی بحالی کیلئے

سورۃ اعلیٰ آیات 6 تا 8 سَنُقْرِئُكَ سے لِلْيُسْرَىٰ تک

جس کسی کا حافظہ کمزور ہو یا پڑھائی میں ذہن نہ چلتا ہو اور اکتاہٹ ہوتی ہو یا روزمرہ کے اہم امور اور چیزیں بھول جاتا ہو تو اسے چاہیے کو نماز مغرب کے بعد 141 مرتبہ ان آیات کو تلاوت کرتا رہے تو اس کی یادداشت اور حافظہ میں اضافہ ہو جائے گا اور تعلیم میں آسانی پیدا ہو گی، ان شاء اللہ۔

بری عادات سے نجات اور حصولِ تقویٰ کیلئے

سورۃ مدثر آیات 1 تا 7 یاایھا المدثر سے فاصبر تک

اگر کوئی بری عادات کا شکار ہو چکا ہو اور ان سے چھٹکارہ چاہتا ہو تو اسے چاہئے روزانہ ہر نماز کے بعد 33 مرتبہ ان آیات کو معہ اوّل و آخر درود پاک 3،3 بار پڑھتا رہے تو ان شاء اللہ ہر قسم کی بری عادات سے نجات حاصل ہو گی اور صاحبِ تقویٰ ہو جائے گا اور اگر شراب بھنگ افیم چرس کا عادی ہو چکا ہو گا تو اسے ترک کر دے گا۔

اعلیٰ ملازمت کے حصول کیلئے

سورۃ جاثیہ آیات 1 تا 2 حٰم سے حکیم تک

اگر کوئی اچھی ملازمت کی تلاش میں ہو یا جہاں پہلے سے ملازمت کر رہا

ہو اور ملازمت میں پریشانیاں رہتی ہوں تو اسے چاہیئے روزانہ کسی نماز کے بعد 303 ان آیات کی تلاوت کرتا رہے تو ان شاء اللہ اچھی ملازمت مل جائے گی اور اگر ہر نماز کے بعد 7 مرتبہ پڑھتا رہے تو ملازمت میں آسانیاں پیدا ہوں گی اور ہر شخص اس کو عزت سے پیش آئے گا۔ اول و آخر تین بار درود پاک بھی پڑھے۔

مقدمہ میں کامیابی کیلئے

سورۃ روم آیت 4 تا 5۔۔۔فی بضع سنین سے رحیم تک
اگر کوئی شخص کسی ظالم کے ہاتھوں جھوٹے مقدمے میں گرفتار ہو یا کسی نے حق کے حصول کیلئے جائز مقدمہ دائر کیا ہوا ہو اور معاملات التواء کا شکار ہو چکے ہوں اور فیصلہ نہ ہو رہا ہو تو اسے چاہیئے اس آیت کو سورج ڈھلنے کے بعد 111 مرتبہ معہ اوّل و آخر درود پاک 11، 11 بار تلاوت کرے تو ان شاء اللہ مقدمہ سے باعزت بری ہو گا اور مقدمہ میں کامیابی حاصل ہو گی۔ اگر گلاب و زعفران سے اس آیت مبارکہ کو لکھ کر پاک و پاکیزہ حالت میں اپنے پاس رکھے گا تو مزید فوائد پائے گا

کائنات کے سربستہ رازوں کے انکشاف کے لیے

ہماری کائنات بہت وسیع ہے اس پوری کائنات کو انسان ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل فی سیکنڈ کے حساب سے بھی اگر سر کرنا چاہے تو بھی اسے کروڑوں سال درکار ہیں تب بھی اس کائنات سے باہر نہیں نکل سکتا اور یہی ارشاد قرآنِ مجید فرقانِ حمید میں ہوا ہے پھر پلٹ کر دوبارہ دیکھو تمہاری نگاہ تھک ہار کر تمہاری طرف لوٹ آئے گی پھر ارشاد ہوتا ہے اے گروہ جن و انس اگر تم زمین اور آسمانوں کی سرحدوں سے نکل کر بھاگ سکتے ہو تو بھاگ دیکھو نہیں بھاگ سکتے اس کے لیے بہت زور چاہیے۔
آج کی جدید سائنس بھی اس کائنات کو سر کرنے سے عاجز ہو چکی ہے اس کائنات کو کون سر کر سکتا ہے اس کا جواب بھی قرآن مجید فرقانِ حمید کی سورۃ یٰس میں موجود ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے بیشک ہم ہی مردوں کو زندہ کرتے ہیں اور وہ اعمال لکھ لیتے ہیں جو آگے بھیج چکے ہیں اور اُن کے وہ آثار بھی ثبت کرتے ہیں جو وہ اپنے پیچھے چھوڑ جاتے ہیں اور ہم نے ہر چیز کو امامِ روشن کے گرد گھیر رکھا ہے۔
تو اس بات کی وضاحت ہو گئی کہ ہم اس کائنات کو اپنے امام سے متوسل ہو کر سر کر سکتے ہیں ایک ایسی آیت مبارکہ قرآن مجید میں موجود ہے جسے ہم اپنے امام سے متوسل ہو کر پڑھتے رہیں تو یہ کائنات مسخر ہو جائے اپنے تمام رازوں کو بے نقاب کر دے گی لیکن شرط یقین کامل ہے یہ وہ آیت مبارکہ ہے جو مجھے میرے روحانی محقق نے ہدیہ کی ہے وہ بتاتے ہیں کہ اس کے ورد سے رازوں کا ایسے انکشاف ہوتا ہے جیسے چشم دید نظارہ ہو اس آیت مبارکہ کو اگر آپ اٹھتے بیٹھتے پڑھنا شروع کر دیں تو یقین کریں آپ کی چھٹی حس بھی بیدار ہو جائے گی آنے والا کل جسے سائنسدان بھی دیکھنے سے قاصر ہیں آپ کو قبل از وقت نظارہ کرا دیا جائے گا۔ نااہل اس سے چاہ کر بھی فیض یاب نہ ہو سکیں گے فقط صاحبانِ ذوق و معرفت مستفید ہو سکیں گے۔
سورۃ لقمان آیت مبارکہ نمبر 16 یبنی سے لیکر آخر تک 181 مرتبہ مع اول و آخر درود پاک 9 مرتبہ پڑھیں کوشش کریں کہ ورد کا وقت عین نماز تہجد کے فوراً بعد کا ہو۔

نقش حروف مقطعات برائے نجات سحر و جادو

حروفِ مقطعات کے دو عدد نقش بنائیں ایک گلاب و زعفران سے بنا کر بوتل میں ڈال لیں اور اس میں پانی ملا کر یہ پانی صبح دوپہر شام تین تین گھونٹ سحر زدہ کو پلائیں اور دوسرا نقش کالی سیاہی سے لکھ کر کالے کپڑے میں بند کر کے گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ 11 دن میں سحر و جادو سے اثرات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

عددی تقویم اور قلب سلیم

مولانا
فیاض حسین جعفری
(ماہر علوم قرآنی وروحانی مشیر)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

انسان کی عملی زندگی کا انصرام اس کے عددی نظام پر ہے جو اس نے 24 گھنٹے کے دن رات کے لیے ترتیب دیا ہے۔ مثلاً صبح سویرے جاگنا اور نماز پڑھنے کا ٹائم، ناشتہ، ڈیوٹی، اوقات کار، فرائض، چھٹی، اور اہل خانہ کی طرف واپسی۔ یہ پروگرام ہمیں دین اسلام نے دیا ہے جس کا منبع خدا کا کلام قرآن پاک ہے جس کا دعویٰ ہے ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ ترجمہ: وہ کتاب جس میں شک وشبہ نہیں۔ اس کی روشنی میں ہماری تخلیق کے بارے میں کہا گیا ہے لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ (سورہ والتین آیت نمبر 4) ترجمہ: ہم نے انسان کو خوبصورت انداز سے پیدا کیا۔ یہ تقویم ہماری زندگی کی جنتری ہے جسے ہم نے احسن طریقے سے گزارنا ہے۔ پھر فرمایا اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ (سورۂ الشعراء آیت نمبر 89) ترجمہ: نجات اسے ملے گی جو اللہ کے پاس پاک دل ہو کر آیا۔

آیئے اب ہم کائنات کی تقویم ملاحظہ کریں۔ جسے خالق اکبر نے چھے ادوار میں پیدا کیا۔ چاند سورج، آسمان، ستارے بروج اور دن رات تخلیق کئے انہیں متحرک رکھنے کے لیے ایک نظام دیا جو شمسی وقمری اور بروج کے اعتبار سے چلتا ہے۔ ہماری روزی کے لیے دن اور آرام کرنے کے لیے رات کو پر سکون بنایا۔ سردی گرمی برسات بہار سے روشناس کرایا۔ اللہ کے دیئے ہوئے نظم ونسق کے مطابق زندگی گزارنے میں منفعت ہے، اسکی مخالفت کرنے میں مصیبت ہے ان تمام رنج وآلام سے بچنے کے لیے امامیہ جنتری کے چند صفحات آپ کے لیے وقف ہیں انکا بغور مطالعہ کیجئے، پڑھیے، سمجھئے، عمل کیجئے اور فوائد سے مستفیض ہو کر ارباب بست وکشادہ کا تہ دل سے شکریہ ادا فرمایئے۔ فی زمانہ ہر فرد کم وبیش پریشان ہے، بیمار ہے، تنگ دست ہے بے روزگار ہے، یا ناشکرا ہے۔ اسکا علاج ہم مختلف طریقوں سے کرتے ہیں جو آپ کے لیے آسان، سادہ ممکن اور کم خرچ بالا نشین۔ عمل کر کے دعا دیجئے۔

نعمتِ حیات

خوش و خرم رہیں بستر سے اُٹھتے وقت جس طرف ناک سے سانس آرہی ہو اس طرف کا ہاتھ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر چہرے پر پھیریں۔ بعد از تین چار لمبے لمبے سانس لیں ناک سے کھینچے منہ سے نکالیں یہ عمل معمول بنالیں۔ آپ کے جسم کے اندر قوت ارادی جنم لے گی اور آپ سارا دن خوش وخرم رہ کر کام کرتے رہیں گے

ہر مرض کی دواء پانی پیتے وقت سات مرتبہ یاشافی یاکافی اسکے بعد دو/تین مرتبہ سانس لے کر وقفے کے ساتھ پیئیں۔ فریج کا یخ بستہ پانی نہ ہو بلکہ معتدل ہو۔ امام جعفر صادق کا ارشاد ہے جو بیمار ہو 10 مرتبہ یا اللہ کہہ کر شفایابی کی دعا مانگے یقیناً صحت یاب ہوگا۔ دوا اور دعا دونوں جاری رکھیں مریض کا دایاں ہاتھ پکڑ کر سورہ الحمد پڑھ کر شفایابی کی دعا مانگیں۔

صحت بحال ہونے لگے صبح کی تازہ ہوا لیں اور شام کے کھانے کے بعد چہل قدمی فراموش نہ کریں۔ فراغت کے وقت ظہر اور عصر کے درمیان کرسی یا چارپائی پر شمال کی جانب رخ کر کے آرام سے بیٹھ جائیں دائیں ہاتھ کا انگوٹھا درمیانی دو انگلیوں پر دھریں باقی دو انگلیاں سیدھی رکھیں یہ ورزش چار پانچ منٹ روزانہ کریں جلد ہی Recovery شروع ہوجائے گی۔ بڑا اور چھوٹا گوشت ایک وقت میں نہ کھائیں۔

اولاد ہو میاں بیوی روزانہ 70 مرتبہ پڑھیں۔ استغفر الله ربي و اتوب اليه بعد میں دو مرتبہ درود پڑھ کر اولاد کے لیے/ اولاد نرینہ کے لیے دعا کریں۔ ☆ ہفتے میں ایک لنچ میں پیاز کا سالن اور اُبلا ہوا انڈہ کھائیں ☆ مہینے میں ایک مرتبہ چھلکے والی مچھلی کا سالن پکائیں دونوں نوش فرمائیں ☆ مرد کے لیے ضروری ہے دودھ کو شہد سے میٹھا کر کے پیئے تا کہ اولاد پیدا کرنے والے جرثومے دوبارہ پیدا ہوں۔ مچھلی کھانے والے دن دودھ ہرگز نہ پیئں ☆ اپنے ڈرائینگ روم میں ایک خوبصورت بچے کی فریم شدہ تصویر آویزاں کریں

☆ آب نیساں یا آب زم زم یا آب باراں پاک وپاکیزہ برتن میں میسر ہو تو تھوڑا تھوڑا پی کر دعا کیا کریں۔

دولت کی فروانی سورہ توحید 1000 مرتبہ پڑھ کر چند روز انتظار کرے کچھ مل جائے گا۔ پھر پڑھے دوبارہ میسر ہوگا ☆ چاروں کونوں میں 10-10 مرتبہ یارزاق روزانہ پڑھا کرے۔

یامنعم 21 مرتبہ روزانہ اول وآخر 2-2 مرتبہ درود پاک پڑھے۔ مالا مال ہوجائے گا۔ ان شاء اللہ ☆ سورۂ الکوثر کی مداومت رکھے۔

☆ اپنے نام کے اسم اعظم کا وظیفہ کم وبیش عمر بھر جاری رکھیں۔ اسم اعظم آسانی سے معلوم کرنے کے لیے امامیہ جنتری 2020 کے صفحہ نمبر 15 پر میرا مضمون پڑھ کر خود ہی معلوم کرلیں۔ طریقہ نہایت آسان ہے اسم اعظم باوضو پڑھا جاتا ہے۔ ☆ یاروف یارحیم ایک تسبیح روزانہ بعد میں درود اور توسل آئمہ طاہرینؑ سے رزق وافر کی دعا۔

☆ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم ہر مومن/مومنہ کا اسم اعظم ہے پڑھے باوضو ہوکر اور فیض پائیے

سحر، جادو، ٹونہ، بھوت پریت

عشاء کے بعد گھر کے کسی کمرے میں آہستہ سے اذان دیا کریں ☆ کاسنی کے چند پتوں پر معوذتین مرتبہ پڑھ کر تکیے کے نیچے رکھ دیں ☆ مدینہ کی عجوہ کھجور اگر جیب اجازت دے تو روزانہ ایک دانہ کھائیں ☆ ہفتے میں ایک مرتبہ گھر میں ہرمل کی دھونی دیا کریں ☆ گھر کا کوئی فرد نماز کے بعد اسی وضو کے ساتھ 110 مرتبہ یادافع یا قابض یا فتاح پڑھ کر کنبہ کے سب افراد، کمروں، املاک، در/ دیوار، گاڑی، موٹر سائیکل، اور قیمتی اشیا کو 5 مرتبہ درود پڑھ دم کرے ☆ پانی کا گلاس سامنے رکھ کر اس پر 10 منٹ تک درود پڑھتے رہیں، قبلہ رو باوضو بیٹھیں، کسی سے کلام نہ کریں نہ موبائیل کا استعمال کریں۔ دس منٹ میں گھر کی تمام نحوست پانی میں تحلیل ہوجائے گی۔ یہ آلودہ پانی گملے یا کیاری میں ڈال دیں۔ تین دن کا عمل ہے ایک ہی شخص ایک ہی وقت اور ایک ہی کمرہ میں ہوگا اسکے بعد سورۂ فلق اور الناس پڑھیں معصومینؑ کے توسل سے عافیت کی دعا مانگیں۔

بندش اور جادو کا اثر توڑنے کے لیے /نظر بد دفع کرنے کے لیے

13 مرتبہ تعوذ، 19 مرتبہ تسمیہ، 66 مرتبہ یااللہ پڑھیں ساتھ ہی دوسرا عمل شروع کریں اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم 206 مرتبہ یاجبارُ اور تین مرتبہ ادفع یا بلا تین روز تک متواتر بجالائیں دائمی سکھ پائیں

صحت مند ، دولت مند، عقل مند

ظاہر اور باطن کو پاک صاف رکھیں بغض کینہ حسد چھوڑ دیں۔ خدمت خلق کو اپنا شعار بنالیں۔ جمع شدہ دولت یا بچت میں سے سال کے بعد خمس نکالیں، مستحقین کی حسب توفیق معاونت کریں۔ غرباء اقرباء کا خیال رکھیں۔ نماز پنجگانہ واجب عبادت کے ساتھ جسمانی ورزش بھی ہے، وضو پاکیزہ رکھتا ہے اور دوران خون کو پورے جسم میں رواں دواں کرتا ہے۔ کم کھانا، نماز پنجگانہ واجب عبادت کے ساتھ جسمانی ورزش بھی ہے، وضو پاکیزہ رکھتا ہے اور دوران خون کو پورے جسم میں رواں دواں کرتا ہے۔ کم کھانا، کم سونا، کم بولنا اپنا اصول بنایئے،۔ موقع سے فائدہ اُٹھایئے۔ پریشانی سے بچئے اس Proverb پر عمل کیجئے

Early To bed early to rise

Makes a man healthy wealthy & wise

گھر میں داخل ہوتے وقت اہل خانہ کو السلام علیکم اور جاتے وقت اللہ حافظ کہا کریں گھر میں خوشحالی آئے گی۔ ان شاء اللہ۔ حضرت علی علیہ السلام کا قول ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے کھانا شروع کرو، تھوڑی بھوک رکھ کے ہاتھ اٹھالو، اختتام پر الحمد للہ پڑھو۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے زمینی اور آبی گوشت بیک وقت نہ کھاؤ، کھائے ہوئے پر دوبارہ نہ کھاؤ، کسی کے کھانے پر نظر نہ رکھو۔

حضرت امام رضا علیہ السلام کا ارشاد ہے کھانا ضائع نہ کرو، دستر خوان کے ریزے کھانے سے رزق میں وسعت آتی ہے۔ سفر میں ہو تو کچھ بچا ہوا کھانا پرندوں کو ڈال دو

پریشانی دور، مشکل حل، مصیبت دفع

بحار الانوار جلد 93 صفحہ 272 پر امام رضا علیہ السلام جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو خواب میں ایک عظیم نسخہ بتارہے ہیں کہ یاروفُ یارحیم کی ایک تسبیح روزانہ مومن/مومنہ کے لیے کامیابی اور سرخ روئی کا بہترین ذریعہ ہے۔ ☆ ذکرہائے مستحبی طبع قم صفحہ 66 پر مولف نے تحریر کیا ہے کہ تسبیح سیدہ زہرا سلام اللہ علیہا میں ایک دفعہ سبحان اللہ کہنا 400 نیکیاں، 400 گناہ معاف، 400 درجات بلند اور 400 حاجات پوری ہوتی ہیں، پوری تسبیح پڑھنا نماز واجب کے بعد 70 گنا زیادہ ثواب کا موجب ہے۔

☆ پریشانی دور کرنے کے لیے پیغمبر اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے۔ اپنا چہرہ پانی سے دھو کر یاحیُّ یاقیومُ برحمتك استغیث تھوڑی دیر پڑھ کر دعا کریں۔ اپنا سُر (Sur) بدلیں یعنی ناک کے جس نتھنے سے سانس آرہی ہے انگلی رکھ کر بند کریں اور دوسری طرف سے سانس جاری کردیں اطمینان ہوگا۔ ☆ Exercise Mudra دائیں ہاتھ کا انگوٹھا اور شہادت کی انگلی کے Tips ملائیں باقی تینوں انگلیاں سیدھی رکھیں۔ چند منٹ روزانہ کی ورزش کرسی پر بیٹھ کر کریں۔ آپ کے لیے سکون قلب، دلی اطمینان اور جسمانی راحت کا ساماں مہیا ہوتا رہے گا۔

مزید تسلی کے لیے الا بذکر اللہ تطمئن القلوب پارہ 13 سورۃ رعد آیت 28 کا ورد کیا کریں سب پریشانیاں کافور ہوجائیں گی۔ آپکی آئندہ زندگی پرسکون، کامیاب و کامران، صحت بخش اور عمدہ انجام پر اختتام پذیر ہوگی۔ صدقہ دیا کریں

BP High/Low چھان کا قہوہ پیا کریں۔ موسم کے مطابق جو کے ستو پینا مرض کو کم کردیتا ہے، لہسن تری چھلکا اتار کر ہفتے میں ایک مرتبہ پانی سے نگل لیا کریں۔ صدقہ دینا شفاء ہے۔ ☆ سات روز تک یاماجِدُ دس مرتبہ روزانہ اول و آخر درود پاک کے ساتھ پڑھیں۔ ڈاکٹر کی دی ہوئی دوائی پر 7 مرتبہ یاشافی یاکافی پڑھ کر استعمال کریں۔ قرآن پڑھے تمام مومنین و مومنات پارہ 19 سورۃ شعراء آیت 80 کو اپنا وظیفہ بنائیں وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ جب کبھی میں بیمار ہوتا ہوں وہی (اللہ) مجھے شفا دیتا ہے۔ یہ پڑھنا ہر مرض کا علاج ہے، پڑھنے کے بعد اپنی شفایابی کی دعا کریں۔ صاحبان معرفت مداحین نے بڑا شان دار نسخہ تجویز کیا ہے کہ مصائب اہل بیتؑ سننے/ پڑھنے اور آنسو بہانے سے ہائی بلڈ پریشر Low ہوجاتا ہے اور فضائل سننے/ پڑھنے سے Low پریشر اعتدال پر آجاتا ہے بشرطیکہ واقعات صحیح اور حقیقت پر مبنی ہو جھوٹ، بناوٹ غلو نہ ہو۔

شوگر کا علاج آلو بخارہ ذرا ترش بہت مفید ہے۔ نماز کے بعد 11 مرتبہ یَا اَللّٰهُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاسَلَامُ یَاشَافِی ☆ نوائے صالحین کتاب کے صفحے 314 پر مجرب ترین نسخہ درج ہے اگر مناسب سمجھیں تو تسلی کرکے استعمال میں لائیں، ایک ایک تسبیح روزانہ صبح + شام باوضو ہوکر یامُحیِی پڑھنا عاملین نے نہایت لاجواب بتایا ہے آزمائش شرط ہے۔ ☆ 12 تا 15 قمری تاریخیں صحت یابی کے لیے صحیح قرار پائی ہیں اگر ان تاریخوں سے آغاز کیا جائے تو بہت جلد صحت یاب ہونے کا امکان ہے۔ میٹھی چیزوں سے پرہیز کریں آپکا آدھا علاج ہوجائے گا۔

اسم اعظم سب پڑھنے والوں کے لیے

امام محمد باقر علیہ السلام نے حضور پاک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کے مطابق یہ کلمات کا خزانہ بطور اسم اعظم سب ایمانداروں کو عطا کیا ہے پڑھیں، پڑھائیں اور دوسروں کو ترغیب دیں 70 بلاؤں سے محفوظ ایک پرامن خوشحال بہترین دینی زندگی بسر کریں۔ باوضو ہوکر جس مناسب وقت چاہیں پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

تسمیہ سے شروع کریں۔

نقش اسم اعظم مخفی

زوار ریاض حسین جعفری (ماہر عملیات)
03 111 888 668

بے حد درود و سلام محمدؐ و آل محمدؐ پر۔ حمد و ثناء اس رب کائنات کے لیے جو ہر چیز پر قادر ہے۔ قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں ہر سال کی طرح 2020 کی امامیہ جنتری میں بھی اللہ تبارک وتعالیٰ کے 99 اسمائے الحسنیٰ میں سے نقش اسم اعظم نورانی پیش کیا تھا۔ اس نقش کو میرے وہم و گمان سے زیادہ پذیرائی ملی۔ لوگوں نے کالز کی اور بتایا کہ 15 دن کے اندر ہمارے کام ہوئے۔ میں نے ان کو بتایا کہ اس میں میرا کوئی کمال نہیں اس پاک ذات کا میرے اوپر کرم ہے جس کے قبضے میں میری جان ہے نقش اسم اعظم بھی ... اپنی مثال آپ ہے ۔ مجرب ہے امامیہ ... کے مستقل قارئین واقف ہے کہ میری ... تمام تر علمی و روحانی تحقیق صرف امامیہ ... جنتری کے لیے وقف ہے۔ نقش کی ... تیاری کے وقت لوبان، اگربتی خوشگوار خوشبو روشن کریں۔ یہ نقش چاندی یا گولڈن قلمی یا سبز کاغذ پر تیار کیا جائے گا۔ نقش تیار کرنے کی بہترین ساعت شرف قمر مشتری یا کسی بھی ستارے کی نیک ساعت میں لکھ کر گلے میں ڈالیں یا پھر گھر میں کسی محفوظ جگہ پر کالے کپڑے میں لپیٹ کر رکھیں۔ کسی بھی مشکل اور ہر مقصد کے لیے تیر بہدف ہے، اس نقش کے بے شمار فوائد ہیں جنتری میں صفحات کی کمی کی وجہ سے درج نہیں کئے۔ جو لوگ نقش تیار نہ کرسکے تو ہم سے منگوا سکتے ہیں آخر میں دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ بیگم و آغا نثار احمد بانیان امامیہ جنتری و بیگم و افتخار حسین مرحوم کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

ادرکنی

یااللہ	یاعلی	یاعلی	یاعلی	یاعلی	یاعلی	یاعلی	یاعلی	یامحمد
[illegible]	ع	ل	ی	ع	ظ	ی	م	[illegible]
[illegible]	ل	ی	ع	ظ	ی	م	ی	[illegible]
[illegible]	ی	ع	ظ	ی	م	ی	ظ	[illegible]
[illegible]	ع	ظ	ی	م	ی	ظ	ع	[illegible]
[illegible]	ظ	ی	م	ی	ظ	ع	ی	[illegible]
[illegible]	ی	م	ی	ظ	ع	ی	ل	[illegible]
[illegible]	م	ی	ظ	ع	ی	ل	ع	[illegible]
یافتاح	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	یاوہاب

حروف مقطعات قرآنی

ظہیر عباس
(ماہر عملیات)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں ایک ایسا نایاب اور پُراسرار عمل لے کر حاضر ہوا ہوں جو متبرک کتاب **صحیفہ فاطمہ نور الکبیر** سے استخراج کیا گیا ہے۔ قرآن پاک کی ۲۹ سورتوں کی ابتداء میں کچھ کلمات ایسے بھی ہیں جو مرکب صورت میں پڑھے جاتے ہیں بلکہ مفرد حروف میں ان کی تلاوت کی جاتی ہے۔ ان میں بعض بذات خود مفرد استعمال ہوئے ہیں۔ سورتوں میں مقطعات کا استعمال درج ذیل ہے۔

حروف	نام سورۃ	حروف	نام سورۃ	حروف	نام سورۃ	حروف	نام سورۃ	حروف	نام سورۃ
الٓمٓ	سورۃ بقرہ	الٓمٓ	عمران	الٓمٓصٓ	اعراف	الٓرٰ	یونس	الٓرٰ	یوسف
الٓمٓرٰ	رعد	الٓرٰ	ابراہیم	الٓرٰ	حجر	کٓھٰیٰعٓصٓ	مریم	طٰہٰ	طہ
طٰسٓمٓ	شعراء	طٰسٓ	نمل	طٰسٓمٓ	قصص	الٓمٓ	عنکبوت	الٓمٓ	روم
الٓمٓ	لقمٰن	الٓمٓ	السجدہ	یٰسٓ	یٰسین	صٓ	صٓ	حٰمٓ	مومن
حٰمٓ	حم السجدہ	حٰمٓ عٓسٓقٓ	مومن	حٰمٓ	زخرف	حٰمٓ	دخان	حٰمٓ	الجاثیہ
		حٰمٓ	الاحقاف	قٓ	ق	نٓ	ن		

لوحِ قلم

قرآن پاک میں یہ ۲۹ کلمات ہیں جو حروف مقطعات کہلاتے ہیں۔ ان حروف مقطعات میں پوشیدہ اسرار پنہاں ہیں جو اللہ جل جلالہ اور چہاردہ معصومین علیہم السلام کے کوئی نہیں جانتا ہے۔ ان حروف و الفاظ میں چھپے ہوئے راز ہیں یہ حروف مقطعات اپنے دامن میں معجزانہ طور پر بہت راز و اسرار رکھتے ہیں۔ ان ۲۹ کلمات میں حروف کی تعداد ۷۹ ہے جو اسم اعظم **ھو الاوّل** کے عدد ہیں ان ۲۹ کلمات میں ٹوٹل نقاط ۹ ہیں۔ ان کو جمع کیا ۷۹+۹ = ۸۸ حاصل ہوئے جو اسم اعظم **حلیم** کے اعداد ہیں۔ ان کلمات کو خالص کریں تو یہ کلمات باقی رہتے ہیں (الٓرٰ، کٓھٰیٰعٓصٓ، طٰسٓ، حٰمٓ، قٓ، نٓ) ان کلمات کو مفرد کریں تو چودہ حروف نورانی بنتے ہیں۔ (ا، ل، ر، ک، ھ، ی، ع، ص، ط، س، ح، م، ق، ن) ان حروف کو ترتیب دیں تو بامعنی جملہ یہ بنتا ہے **صراط علیؑ حق نمسکہ**
ترجمہ علیؑ کا راستہ حق ہے۔ جس سے ہم وابستہ ہیں۔ ان چودہ حروف مقطعات کو ملفوظی طریقے سے دیکھیں تو حروف کی تعداد ۳۲ بنتی ہے اور ملفوظی حروف میں نقاط کی تعداد ۱۵ ہے۔ اگر ان کو جمع کریں تو ۳۲+۱۵ = ۴۷ بنتے ہیں۔ جو اسم اعظم **والی** کے اعداد ہیں۔ اگر ان چودہ حروف کے باطنی حروف لیئے جائیں جو ۲۰ ہیں یہ ۲۰ عدد اسم **ھادی** کے ہیں ان چودہ حروف کے باطنی نقاط ۱۲ ہیں جس سے ظاہر ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے ان چہاردہ معصومین علیہم السلام کو والی بنایا۔ جو ھادی ہیں اور ان چہاردہ معصومین علیہم السلام میں ۱۲ امام ہیں۔ یعنی چہاردہ معصومین علیہم السلام ہی اللہ کا راز اور خزانہ ہیں اور یہی کلمات حروف مقطعات اسم اعظم کا جزو ہیں۔ اسم اعظم وہ ہوتا ہے جس کے پڑھنے سے کائنات میں ہل چل پیدا ہو جائے۔ اور اسم اعظم اسکو کہتے ہیں کہ جن کے ذریعے کائنات ما کان و ما یکون میں انسان تصرف کر سکتا ہے یہ سب کے سب حروف مقطعات اپنے اندر اسم اعظم کا جزو لئے ہوئے ہیں یہ حروف مقطعات اپنے اندر بذات خود بہت اسرار کے حامل ہیں۔

اگر ان چودہ حروف نورانی سے اسمائے الحسنیٰ لئے جائیں تو ا سے اللہ، ل سے لاریب، ر سے رحمن، ک سے کریم، ھ سے ھادی، ی سے یعطی، ع سے علی، ص سے صمد، ط سے طاہر، س سے سمیع، ح سے حی، م سے منعم، ق س قیوم، ن سے نور ہیں۔ ان ہی چودہ حروف نورانی کے ہر حرف کا تعلق ایک معصومؑ سے ہے یعنی چہاردہ معصوم پر یہ حروف تقسیم ہوتے ہیں۔

حرف مقطعات قرآنی

یہ ایک سربستہ راز ہے اگر مجھے اللہ تعالیٰ کی ذات نے زندگی عطاء فرمائی تو اس راز کو افشاں کروں گا۔ ان ہی چودہ حروف نورانی سے متبرک کتاب (صحیفہ فاطمہ نور الکبیر) بطرز جفر و جامع لکھی جاتی ہے۔ اس کتاب کی کتابت میں مجھ خاکسار پر آل محمدؐ کا خاص جود و کرم رہا اور میرے استاد محترم قبلہ راجہ افتخار حسین کی زیر سرپرستی میں رہتے ہوئے کتاب لکھنے میں کامیابی حاصل کی۔ اس کتاب کی تعریف کرنے کی مجھ میں سکت نہیں اور نہ ہی جنتری کے صفحات میں اتنی گنجائش ہے۔ ان ہی حروف نورانی کے اعداد کا نقش قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں ۔جس میں چاروں عناصر کا اجتماع ہے جو انسان کے جسم سے خاص مناسبت رکھتا ہے جو عناصر اربعہ کا جامع ہے یہ نقش بہت ہی عظیم ہے اور دنیا کے ہر انسان کے مزاج سے موافقت رکھتا ہے اس لوح کو ہر ستارے کے شرف و اوج، قران السعدین، نو روز عالم افروز میں تیار کر سکتے ہیں ۔ اس لوح کے چند فوائد بیان کر رہا ہوں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس مومن یا مومنہ کے پاس یہ لوح ہوگی رزق و روزی فراغ ہوگی روپیہ مختلف حیلوں بہانوں سے آئے گا۔ ترقی ملازمت، ترقی کاروبار، رُکے ہوئے تمام کام انجام ہونگے، قسمت کھل جائے گی، یہ خیر خاص کر وہ بچیاں جو اپنے والدین کی دہلیز پر بیٹھی ہوں اور عمر بیتی جارہی ہو ان کے لئے یہ لوح بے حد مفید ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

صراط علیؑ حق نمسکه

قول — شکائیل — جبرائیل — شفتیائیل

کھیعص — اسرافیل (دائیں) | حمعسق — عزرائیل (بائیں)

٨٣٦ / ٨٣٨ / ٨٣٩ / ٨٥٢	٨٣٩ / ٨٥٢ / ٨٣٦ / ٨٣٨	٨٥٢ / ٨٣٩ / ٨٣٨ / ٨٣٦	٨٣٨ / ٨٣٦ / ٨٥٢ / ٨٣٩
٨٥١ / ٨٥٠ / ٨٣٩ / ٨٣٥	٨٣٩ / ٨٣٥ / ٨٥١ / ٨٥٠	٨٣٥ / ٨٣٩ / ٨٥٠ / ٨٥١	٨٥٠ / ٨٥١ / ٨٣٥ / ٨٣٩
٨٣٠ / ٨٣٣ / ٨٥٣ / ٨٣٧	٨٥٣ / ٨٣٧ / ٨٣٠ / ٨٣٣	٨٣٧ / ٨٥٣ / ٨٣٣ / ٨٣٠	٨٣٣ / ٨٣٠ / ٨٣٧ / ٨٥٣
٨٣٨ / ٨٥٣ / ٨٣٣ / ٨٣١	٨٣٣ / ٨٣١ / ٨٣٨ / ٨٥٣	٨٣١ / ٨٣٣ / ٨٥٣ / ٨٣٨	٨٥٣ / ٨٣٨ / ٨٣١ / ٨٣٣

لوریائیل — میکائیل — فطللشائیل

جس کے پاس یہ لوح ہو تو وہ صراط علیؑ حق نمسکه ۹۹ مرتبہ روزانہ اپنے ورد میں رکھے جو عامل یہ لوح تیار کرے تو اسے لوح تیار کرنے کے قواعد معلوم ہونا چاہیے۔ اگر کسی عامل نے حروف نورانی کی لوح تیار کی اور اُس عامل نے حروف نورانی کی زکوۃ ادا نہ کی ہو، اگر اسے نقصانات ہوں تو میں بری الذمہ ہوں۔ لوح تیار کرنے کے بعد ۲۹۳ مرتبہ صراط علیؑ حق نمسکه پڑھ کر لوح پر دم کریں

اس لوح کے اندر چار مربع نقش ہیں ہر نقش مربع ایک عنصر سے تعلق رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات آپ پر مہربان ہو اور آپ یہ لوح تیار کر کے فوائد حاصل کریں تو میرے استاد محترم قبلہ راجہ افتخار حسین اور محترم علی فرزاد کیلئے صحت وسلامتی اور درازی عمر کیلئے دُعا کریں اور محترم آغا افتخار حسین مرحوم کیلئے دُعائے مغفرت کریں۔ مجھ ناچیز و حقیر کیلئے حصول علم اور ترقی علم کی دُعا کریں۔

انمول تسبیح

شیخ بہائیؒ نے لکھا ہے کہ اگر کوئی صبح کی نماز کے سورۂ توبہ کی آیت بلاتکلم گیارہ مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے منہ اور بدن پر پھیرے تو اللہ کی آمان میں رہیگا۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۗ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ:۱۲۹)

میرے لیے اللہ کافی ہے اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں میں اس پر بھروسہ کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا رب ہے

☆ ہر پریشانی کے واسطے نماز فجر کے بعد اکتالیس مرتبہ اس وظیفہ کو پڑھیں پریشانی دور ہوگی۔

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ رَبِّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

تیرے لیے اُن سے اللہ کافی ہے اور وہی سننے جاننے والا ہے میرے رب میں مغلوب ہوں تو مدد فرما اور

وَاَنْتَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ — تو سب مدد کرنیوالوں سے بہتر ہے

آسمانی آفات وزلزلے سے محفوظ رہنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۗ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا (پارہ نمبر ۲۲ سورہ فاطر آیت نمبر ۴۱)

ترجمہ: بیشک خدا ہی سارے آسمان اور زمین کو اپنی جگہ سے ہٹ جانے سے روکے ہوئے ہے اور اگر (فرض کرو کہ) یہ اپنی جگہ سے ہٹ جائیں تو پھر اس کے سوا نہیں کوئی روک نہیں سکتا بیشک وہ بڑا بردبار (اور) بڑا بخشنے والا ہے

رات کو سونے سے قبل ۲۱ بار پڑھیں اول و آخر درود شریف ۷ بار)

سید ندیم حیدر
زیدی الواسطی
(ماہر عملیات)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! تقریباً 7 سال کی طویل غیر حاضری بوجہ علالت عارضہ قلب کے بعد آپکی خدمت میں برسوں کی محنت کا ثمر ایک نایاب عمل لیکر حاضر ہو رہا ہوں۔ دعا ہے کہ اللہ بحق محمدؐ وآل محمدؐ ہمارے شفیق آغا افتخار حسین صاحب جو کہ داعی اجل کو لبیک کہتے ہوئے اس دار فانی سے کوچ کر گئے ہیں مالک ان کے درجات بلند فرمائے۔ اُنکے لیے سورہ فاتحہ کی درخواست ہے اور دعا ہے کہ یہ روحانیت کا سفر آغا علی فرزاد صاحب کی زیر نگرانی امامیہ جنتری کی شکل میں جاری و ساری رہے۔ آمین! یہ ایک نادر وہ شاہکار زمانہ عمل ہے جو کہ حروف مقطعات نورانیہ **کھیعص** اور **حمعسق** کے مطابق قرآن کریم کی 5 آیات سے ترتیب دیا گیا ہے جن میں اسم اعظم مخفی اور پوشیدہ ہے۔ **کھیعص** ہر حرف سے عمل کی ایک ایک آیت بالترتیب شروع ہوتی ہے اور **حمعسق** کے ایک ایک حرف پر ختم ہوتی ہے۔ ہر آیت کو پڑھنے کے لیے قرآن مجید کی سورۃ اور رکوع کا حوالہ ساتھ دیا گیا ہے

آیت نمبر 1 — ک
كَمَآءٍ اَنْزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ (سورہ کہف آیت 45 رکوع 6) — ح

آیت نمبر 2 — ہ
هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ (سورۃ الحشر رکوع 3 آیت 22) — م

آیت نمبر 3 — ی
يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كَاظِمِيْنَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ (سورۃ المومن رکوع 2 آیت 18) — ع

آیت نمبر 4 — ع
فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ (سورۃ تکویر رکوع 2 آیت 14 تا 18) — س

آیت نمبر 5 — ص
صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ (سورۃ ص رکوع 1 آیت 1-2) — ق

* مکان میں مقررہ وقت پر حصار کر کے پڑھا کریں۔ اگر دیسی تیل کا چراغ حصار کے اندر رکھیں اور بخور سلگا کر رکھیں اور دوران عمل اس کی طرف دیکھتے رہیں تو بہتر ہے۔

* اول وآخر 14-14 مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ بعد از 41 یوم کے 73 یا 473 مرتبہ روزانہ پڑھیں تا کہ زکوۃ عمل قائم رہے۔ بہت ہی عجائب وغرائب نتائج برآمد ہونگے۔ عمل عروج ماہ قمری جمعرات یا جمعہ کی شب کو شروع کریں۔ **نوٹ** پرہیز جلالی و جمالی ضرور کریں۔ دوران عمل اگر روزہ رکھیں تو بہت افضل واعلیٰ ہے عمل کے دوران جو عجائبات ظاہر ہوں ان کا ذکر کسی سے مت کریں۔ چالیسویں یا اکتالیسویں دن ایک جن جو جنات کا بادشاہ ہوگا لباس فاخرہ بشکل انسانی ظاہر ہوگا اور کہے گا کہ آپ نے مجھے کیوں تکلیف دی ہے جواب دیں کہ میں آپ سے یہ عہد لینا چاہتا ہوں کہ آپ میرے ہر حکم کی تعمیل فوراً بجالایا کرو گے۔ بادشاہ جنات قبول کرے گا اور آپ اس نشانی طلب کریں اس لیے کہ آپ میرے مطیع اور تابع ہو گئے ہیں وہ نشانی دے گا

* بعدہ اسکو بلانے کا طریقہ بھی پوچھ لیں وہ بلانے کا طریقہ بھی بتائے گا پھر وہ اجازت لیکر چلا جائے گا۔ وقت ضرورت بلا کر ہر جائز کام لے سکتے ہیں۔ ناجائز سے بچیں ورنہ نقصان کے ذمہ دار خود ہونگے۔

* یہ قرآنی اور نورانی عمل تمام اعمال کا بادشاہ ہے اور جملہ عملیات کی مفتاح ہے اس سے ہر جائز اور حلال کام شرح کے مطابق لیا جا سکتا ہے۔ مثلاً مطلوب گریختہ، وزدیدہ اور گمشدہ کو حاضر کرنا، دشمن کو زیر کرنا، بیماری سے صحت ہونا، مقدمہ میں فتح پانا، امتحان میں کامیابی حاصل کرنا۔ الغرض جملہ امور دینوی میں مدد حاصل کی جا سکتی ہے۔

تاثیرِ قرآن

فائدہ اگر بغیر چلہ کئے اور زکواۃ دیئے روزانہ بعد از نماز عشا 473 مرتبہ بغیر پرہیز کئے پڑھتے رہیں تب بھی عجائبات ملاحظہ کریں گے۔

دوران عمل سورۂ الفاتحہ معہ تسمیہ اور سورۂ اخلاص مع تسمیہ 5-5 مرتبہ اور آیت الکرسی اور سورۂ شمس، سورۂ طارق ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنا حصار کریں رات کو سوتے وقت بھی یہی حصار کریں۔

✪ یہ عمل نورانی ہے اس میں قطعاً کوئی ضرر نہیں جو حضرات یہ عمل نہیں کر سکتے وہ ان حروف مقطعات نورانی کی لوح بنوا کر اپنے پاس رکھیں اور جملہ فوائد سے مستفید ہوں۔ حروف مقطعات نورانیہ کی پانچوں آیات کے اعداد قمری 23085 ہیں یہ لوح مخمس طبعی میں تیار ہوگی جو کہ ستارہ زہرہ سے منسوب ہے۔ اسے نقش مقلب القلوب بھی کہتے ہیں۔ کل اعداد سے 60 تفریق کر کے 5 پر تقسیم خانہ اول میں حاصل قسمت رکھ کر مقررہ چال سے لوح پُر کریں۔ چونکہ ہر فرد کے نام اور مقصد کے اعداد اس میں شامل ہونگے تو لوح بھی ہر شخص کی علیحدہ علیحدہ بنے گی۔ تقسیم کے بعد اگر کسر واقع ہو تو کسر نمبر 1 آئے تو خانہ نمبر 21 میں، اگر کسر نمبر 3 آئے تو خانہ نمبر 16 میں، اگر کسر نمبر 3 تو خانہ نمبر 11 میں، اگر کسر نمبر 4 آئے تو خانہ 6 میں ایک کا اضافہ کریں۔ ہر بات تفصیل سے لکھ دی گئی ہے اگر کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو فون پر رابطہ کریں۔ **03 111 888 668**

مکمل لوح حروف مقطعات نورانیہ یہ بنے گی

۴۶۱۱	۴۶۱۷	۴۶۲۳	۴۶۲۹	۴۶۰۵
۴۶۲۴	۴۶۲۵	۴۶۰۶	۴۶۱۲	۴۶۱۸
۴۶۰۷	۴۶۱۳	۴۶۱۹	۴۶۲۰	۴۶۲۶
۴۶۱۵	۴۶۲۱	۴۶۲۷	۴۶۰۸	۴۶۱۴
۴۶۲۸	۴۶۰۹	۴۶۱۰	۴۶۱۶	۴۶۲۲

چال مخمس یہ ہے

۷	۱۳	۱۹	۲۵	۱
۲۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۱۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

اسباب خیروبرکت ونحوست وفلاس

خیروبرکت ☆ مغرب کی اذان سنتے ہی گھر میں روشنی کرنا ☆ گھر میں داخل ہوتے وقت سورہ قل ھواللہ احد پڑھنا ☆ مومن کے واسطے غائبانہ دعا کرنا ☆ صبح سویرے اٹھنا ☆ نماز پنجگانہ اول وقت ادا کرنا ☆ عموماً باوضو رہنا۔ ☆ مسجد میں اذان سے پہلے جانا اور نماز باجماعت پڑھنا۔ ☆ ہر نماز کے بعد تسبیح پڑھنا اور تعقیبات نماز پڑھنا ☆ اپنے عزیزوں اور ہمسایوں کے ساتھ احسان کرنا ☆ مومن کی مدد کرنا ☆ بہت زیادہ استغفارہ کرنا۔ ☆ کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا ☆ ہر وقت پاک صاف رہنا ☆ داہنے ہاتھ میں فیروزہ، یاقوت، یا عقیق کی انگوٹھی پہننا ☆ ہر روز صبح کے وقت سورہ یسین پڑھنا ☆ ہر روز رات کو سورۂ واقعہ پڑھنا ☆ ہر شب جمعہ حدیث کساء پڑھنا یا سننا ☆ ہمیشہ سچ بولنا ☆ گھر کو پاک صاف رکھنا۔ ☆ خدا کا شکر ادا کرنا ☆ فرش پر دستر خوان بچھا کر کھانا کھانا۔

نحوست و افلاس ☆ جھوٹی قسم کھانا ☆ فقیروں کو دھتکارنا ☆ غسل خانہ یعنی حمام میں پیشاب کرنا ☆ گھر کو گندہ رکھنا ☆ کھڑے ہو کر پیشاب کرنا ☆ طہارت نہ کرنا ☆ صبح کی نماز کے وقت سوتے رہنا ☆ حسد کرنا ☆ نجس جگہ پر وضو کرنا ☆ رات کو جھاڑو دینا ☆ مٹی سے ہاتھ دھونا ☆ قبر پر بیٹھنا ☆ رزق کا احترام نہ کرنا ☆ والدین سے گستاخی کرنا ☆ غیبت کرنا ☆ پکے راگ اور گانا اور سننا ☆ ساز بجانا اور سننا ☆ جوا کھیلنا ☆ ناپاکی کی حالت میں مسجد جانا ☆ مومن کو دھوکا دینا ☆ جھوٹ بولنا ☆ زنا ☆ برے لوگوں کی صحبت میں بیٹھنا ☆ صبح دیر سے سو کر اٹھنا ☆ کھڑے ہو کر کھانا کھانا ☆ کم تولنا ☆ غلہ یا عوام کی ضروریات کی چیزیں زیادہ منافع حاصل کرنے کے لیے ذخیرہ کرنا ☆ کھانے پینے کی چیزوں میں ملاوٹ کرنا اور ایسی اشیاء کا فروخت کرنا ☆ مغربین کے درمیان سونا ☆ دانتوں سے ناخن کاٹنا۔

عمل لوح تسخیر

ڈاکٹر سید افضال حسن (ماہر علوم روحانی)
03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

یہ لوح تسخیر آپکی ہر خواہش اور جائز تمنا کی ضامن ہے۔مثلاً میاں بیوی میں محبت کاروبار میں ترقی، حصول ملازمت تسخیر خلق، بند شدہ کاروبار کا کھل جانا، شادی کی مطلوبہ جگہ خواہش پوری ہو۔

حمد کے لائق رب العالمین انبیاء مرسلین صالحین شہدا اولیاء وختم المرسلین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور وارثان علم اہل بیت اطہارؑ پر درود وسلام ہو۔

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! کئی سال کی غیر حاضری کے بعد ایک مرتبہ پھر آپکی محفل میں شرکت کر رہا ہوں 2022 آپ سب کو مبارک ہو ہمیشہ کی طرح اس سال بھی ایک مجرب عمل لوح تسخیر پیش کر رہا ہوں حصول مقصد کے لیے بے شمار کوشش کی جاتی ہے اس وقت روحانیت سے کام لینے کے لیے سورۂ توبہ کی آیت نمبر 128 اور اسم الٰہی یَاوَھَابُ سے مدد لی گئی ہے

لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ

درسگاہ

اس آیت اور اسم الٰہی میں رجوع خلق کی عظیم کشش موجود ہے۔ یہ لوح تسخیر علم جعفر کا کمال ہے۔نقش پُر کرنے کی ترکیب یہ ہے پہلے چار خانوں میں اسم الٰہی یَاوَھَابُ لکھیں اور ہر خانہ میں 22، 22 کے اضافے سے پُر کریں پھر کریں پھر اپنا نام معہ والدہ کے اعداد لے کر 5 سے لیکر 8 خانے تک، 22، 22 کے اضافہ سے پُر کریں پھر خانہ 9 میں 999 عدد جو رفیع درجات کے ہیں لکھیں اور 12 خانہ تک 22،22 کے اضافہ سے پُر کریں اس کے بعد اوپر کے تینوں خانوں کے اعداد جمع کر کے 2898 عدد میں سے تفریق کریں جو باقی بچے اس کو خانہ 13 میں رکھ کر 16 تک 22،22 کے اضافہ سے پُر کریں۔مثلاً افضال حسین بن حمیدہ کے نام سے یہ لوح بنائی ہے۔طالب کے نام مع والدہ کے اعداد 1097 ہیں رفتار یہ ہے اوپر کے تینوں خانوں میں 1021، 206،1141 انکو جمع کیا تو ٹوٹل یہ ہوئے 2368 اس میں سے 2898 تفریق کیا 530 آیا اس کو 13 خانہ میں رکھ کر 22،22 کے اضافے سے پُر کریں۔اس نقش میں خوبی یہ ہے کہ نام اور مقصد دونوں آجاتے ہیں اور نقش آیت کا پُر ہوجاتا ہے اور میزان 2898 آتا ہے۔جو آیت کے عدد ہیں نقش مکمل کرنے کے بعد اس کے نیچے یہ عزمیت لکھی جائے گی جو نقش کے نیچے لکھی ہے۔اس نقش نقش کو چاندی اور کاغذ پر زعفران سے لکھ سکتے ہیں اس نقش کی تیاری سے پہلے غسل کر کے لباس پاک صاف ہو اچھی خوشبو لگائیں اور کمرے میں اچھی اگربتی جلائیں۔نقش دی گی چال سے پُر کریں جب نقش تیار ہوجائے تو 105 مرتبہ یَاعَزِیزُ پڑھ کر دم کریں اور پاس رکھیں سمجھ لیں کہ خدا کا ایک فضل ہاتھ آگیا ہے۔اس نقش کی برکت سے آپکو عروج حاصل ہوگا یہ نقش عمر بھر کام دے گا اس نقش کو پہننے کے بعد اسم الٰہی یَاعَزِیزُ کا کھلا ورد جاری رکھیں۔نقش پہننے سے پہلے دو رکعت نماز شکرانہ پڑھے اور اللہ سے اپنے مقصد کی دعا کریں۔کچھ شرینی منگوا کر معصوم بچوں کو بانٹ دیں۔اس نقش کو اوج زہرہ، تسدیس زہرہ، قمر زہرہ کی تثلیث میں لکھ سکتے ہیں جس کا وقت آپ امامیہ جنتری میں دیکھ سکتے ہیں۔میں نے ہر بات کی وضاحت کر دی ہے اس کے بعد بھی اگر طریقہ کا سمجھنے میں کوئی دشواری پیش آئے یا اپنے مسائل کے حوالے سے کوئی بات شیئر کرنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے آفیشل نمبر **03 111 888 668** پر رابطہ کر سکتے ہیں

۷۸۶

13/ ۵۳۰	10/ ۱۰۲۱	7/ ۱۱۴۱	4/ ۲۰۶
3/ ۱۸۴	8/ ۱۱۶۳	9/ ۹۹۹	14/ ۵۵۲
12/ ۱۰۶۵	15/ ۵۷۴	2/ ۱۶۲	5/ ۱۰۹۷
6/ ۱۱۱۹	1/ ۱۴۰	16/ ۵۹۶	11/ ۱۰۴۳

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ قَلْبَ وَاَحْضِرْ وَاجْمِیْعَ خَلْقِکَ بِحَقِّ لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

برائے اظہار تعزیت آہ صد افسوس ہمارے پیارے محسن، رہبر مدیر اعلیٰ جناب آغا افتخار حسین صاحب مرحوم اس دار فانی سے رحلت فرما گئے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آسمان تیری لحد پہ شبنم آفشانی کرے۔ ہم سب قارئین ان کے بیٹے جناب آغا علی فرزاد صاحب اور انکے معاون خصوصی کو اظہار تعزیت پیش کرتے ہیں۔ اللہ بے نیاز خالق محمدؐ و آل محمدؐ کے وسیلہ سے ان کے کبیرہ وصغیرہ گناہ معاف فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ان کی ملت جعفریہ کے لیے بہت ہی گراں قدر خدمات تھیں۔ اب انکے صاحب زادے آغا علی فرزاد کے کندھوں پر بھاری بوجھ آن پڑا ہے۔ امید ہے جناب علی فرزاد صاحب احسن طریقے سے سرانجام دیں گے۔ جناب آغا افتخار حسین مرحوم کے بلندی درجات کے لیے ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص مع اول و آخر تین، تین مرتبہ درود پاک تلاوت فرما کر اُن کی روح کو ایصال فرما دیں۔ اللہ ان کو مقام اعلیٰ علیین میں جگہ دے۔ آمین یا رب العالمین۔

دعا برائے شفائے کاملہ یہ دعا سرکار امام زمانہ وارث کائنات حجت خدا امام العصر صاحب الزمان قائم آل محمد حضرت امام محمد مہدی علیہ السلام کی دعاؤں میں سے ایک ہے۔ خود مریض یا کوئی دوسرا تین مرتبہ پڑھے اول و آخر تین، تین مرتبہ درود پاک کے ساتھ پانی پر دم کر کے پلائے تو ان شاء اللہ شفائے کاملہ ہوگی۔ الٰہی آمین۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بِسۡمِ اللّٰهِ شِفَاءٌ وَّلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِکۡفَاءٌ اَذۡهِبِ الۡبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشۡفِ اَنۡتَ الشَّافِیۡ لَاشِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُكَ شِفَاءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے، بسم اللہ شفا ہے اور لا الہ الا اللہ کفایت ہے انسانوں کے پروردگار تکلیف دور فرما اور شفاء عطا فرما تو ہی شفا دینے والا ہے تیری شفا کے بغیر کوئی شفا نہیں ایسی کامل شفا عطا فرما کہ بیماری نہ رہے۔

کشکول عمل

بندش کیا ہے کیسے لگتی ہے

یہ بندش ایک ایسا خطرناک مرض ہے جس پر لگ جائے تباہ و برباد ہو کر رہ جاتا ہے۔ چلتے کاروبار ٹھپ ہو جاتے ہیں رشتوں کی بندش لگ جاتی ہے۔ اپنے پرائے ہو جاتے ہیں۔ منگنی، نکاح، طے شدہ رشتے ٹوٹ جاتے ہیں، بیماریاں گھیر لیتی ہیں، مکان دکان، گودام میں آگ لگ جاتی ہے مال، جانوروں کو نقصان ہوتا ہے۔

بندش کیسے لگتی ہے بہت سے لوگ بندش کے بارے نے سوچا اس مرتبہ بندش کے بارے میں وضاحت سے لکھوں ☆ جن گھروں میں آسیب ہوتے ہیں یا گھر میں آسیبی مریض رہتے ہوں بندش لگ جاتی ہے۔ ☆ کچھ لوگوں کے گھر ایسی جگہ پر ہوتے ہیں جہاں نیچے قدیمی قبرستان یا کسی بزرگ پیر فقیر کی قبر ہو یا مزار ہو یا جنات کا بسیرا ہو۔ جہاں پر ناجائز کام ہوتے ہوں وہاں بندش لگ جاتی ہے۔ آئے دن یہ لوگ کسی نہ کسی مصیبت پریشانی میں مبتلا رہتے ہیں، ناگہانی اموات، حادثات مکان کی چھت گر جانا اچانک مکان، دکان یا دفتر میں آگ لگ جانا کہتے ہیں کہ شارٹ سرکٹ کی وجہ سے لگ گئی ہے۔

☆ کچھ لوگ کسی گھر میں غیر طبعی موت یا خودکشی یا ناجائز دفن کر دیتے ہیں تو اُن کے گھر میں بے سکونی آجاتی ہے پریشانیاں بڑھ جاتی ہے کہتے ہیں ایسی زندگی سے موت اچھی ہے۔ کچھ لوگ بغیر معلومات ہمزاد، موکلات، جنات کی تسخیر کا بڑا شوق رکھتے ہیں۔ عملیات کی کتابوں سے یا کسی سے اجازت لیے بغیر عمل شروع کر دیتے ہیں مناسب رہنمائی نہ ہونے کی وجہ سے ناکامی رجعت پاگل یا دیوانہ ہو جاتا ہے ☆ کچھ لوگ عام دم درود کرتے ہیں جبکہ وہ خود عملیات کے اصول وقواعد وضوابط سے قطعی ناواقف ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے پاس جب آسیبی مریض آتے ہیں دم درود کرتے ہیں تو خود پکڑے جاتے ہیں۔ جو مرض اُن کے اوپر مسلط ہوتی ہے اُن کے اثرات پڑ جاتے ہیں ☆ جس گھر میں صوم صلوۃ، نماز روزہ، صدقہ خیرات، قرآن پاک کی تلاوت، آئمہ طاہرین کے فرمودات پر عمل نہ ہوتا ہو وہاں پریشانیاں اور مصیبتیں بڑھ جاتی ہیں۔

کسی ہمسائے کو ناجائز تنگ کرنا یا تکلیف دینا یا کسی کا حق کھانا مزید پریشانیوں کا باعث بنتا ہے۔☆ ستاروں کی وجہ سے بندش لگ جاتی ہے ساڑھ ستی شروع ہوجاتی ہے ساڑھ ستی سات سال کا عرصہ ہوتا ہے۔

لہٰذا میری ان حضرات سے گزارش ہے کہ ایسے کاموں سے اجتناب کریں جب تک صحیح رہنمائی نہ ہو۔ لہٰذا اجازت کے بغیر کوئی عمل یا تعویذ نہ لکھیں جس سے آپ کو نقصان ہو۔ تعویذ لکھنے کا ٹائم شرف یعنی نحس اکبر یا قمر در عقرب میں نہ لکھیں۔

الم المص الر المر کھیعص طٰہ
طسم طس یس ص حم حمعسق ق ن
إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا

الحق — بسم اللہ الرحمن الرحیم — یاجبرائیل علیہ السلام — قولہ

۲۱۲۱۳۶	۲۱۲۱۳۹	۲۱۲۱۴۳	۲۱۲۱۲۹
۲۱۲۱۴۱	۲۱۲۱۳۰	۲۱۲۱۳۵	۲۱۲۱۴۰
۲۱۲۱۳۱	۲۱۲۱۴۴	۲۱۲۱۳۷	۲۱۲۱۳۴
۲۱۲۱۳۸	۲۱۲۱۳۳	۲۱۲۱۳۲	۲۱۲۱۴۳

کھیعص یااسرافیل علیہ السلام — حمعسق یاعزرائیل علیہ السلام

ولہ — یامیکائیل علیہ السلام — الملک

اسکے علاوہ 143 مرتبہ روزانہ سورۂ فاتحہ لوبان کی تازہ لکڑی پر دھونی دیں یہ عمل دکان میں بیٹھ کر کرنا ہے۔ دعائے ملائکہ یعنی اعوذ باللہ سے الرحیم سورۂ حشر کی آخری 4 آیات اور سورۂ رعد دکان کی خیر و برکت کے لیے چاروں کونوں میں لکھ کر داب دیں۔ آیت یہ ہے الٓمّٓرٰ سے تلک آیت الکتاب سے یتفکرون لکھ کر دبا دیں۔ مزید پوچھا جا سکتا ہے۔

اسکے علاوہ سورہ المطففین پارہ نمبر 30 آیت نمبر 1 سے آیت نمبر 6 تک لکھ کر پیسوں والے بکس میں رکھیں۔ ان شاء اللہ دکان کی سیل (Sale) بڑھ جائے گی، مکان یا کسی قسم کی بندش ختم ہوجائے گی۔ ان شاء اللہ۔ سورۂ مائدہ اور سورۂ طلاق کا نقش دستیاب ہے۔

رشتوں کی بندش کا توڑ، بند لیکھ کھولنا

جس کسی گھر پر بندش لگی ہو یا کسی لڑکے یا لڑکی پر حسد و عناد کی وجہ سے بندش لگا دی گئی ہو۔ نکاح و منگنی پکی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو اس معاملے میں والدین سخت پریشان ہوں۔ یہ عمل سلطان الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کے مطابق ہرن کی جھلی پر سورۂ احزاب کا نقش لکھ کر دیں بمعہ سورۂ الذاریات کی آیت نمبر 49 زعفران سے لکھ کر دیں۔ اگر بندش سخت ہو لوح زحل یا ندی پالش بمعہ دم شدہ مل سکتی ہے۔ میری دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ چہاردہ معصومین علیہم السلام کے وسیلہ سے ہر مسلمان بھائی کے بیٹے، بیٹیوں کی جلد شادی ہو والدین سرخرو ہوں۔

اگر زیادہ سخت بندش لگی ہو تو سورۂ طٰہٰ سے ایک علیحدہ طریقہ ہے۔ 11000 مرتبہ یامعطی کا ورد ہر آدمی یا مستورات صوم صلوٰۃ کے پابند مل کر تلاوت کر سکتے ہیں۔ سخت سے سخت بندش کھل جائے گی۔

الم المص الر المر کھیعص طٰہ
طسم طس یس ص حم حمعسق ق ن
إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا

الحق — بسم اللہ الرحمن الرحیم — یاجبرائیل علیہ السلام — قولہ

۸۸۸۱۴	۸۸۸۱۷	۸۸۸۲۰	۸۸۸۰۷
۸۸۸۱۹	۸۸۸۰۸	۸۸۸۱۳	۸۸۸۱۸
۸۸۸۰۹	۸۸۸۲۲	۸۸۸۱۵	۸۸۸۱۲
۸۸۸۱۶	۸۸۸۱۱	۸۸۸۱۰	۸۸۸۲۱

کھیعص یااسرافیل علیہ السلام — حمعسق یاعزرائیل علیہ السلام

ولہ — یامیکائیل علیہ السلام — الملک

شرعی عذر سے بدکار خاوند سے طلاق لینا

اگر کسی صالح پاک دامن عورت کا نکاح فاسق ظالم یا شرابی سے جائے، نیک بخت عورت اپنے بدکار خاوند سے شرعی عذر کی وجہ سے طلاق لینا چاہتی ہو اور خاوند اس کو طلاق نہ دیتا ہو تو وہ عورت سورہ ممتحنہ پارہ نمبر 28 کو گیارہ مرتبہ روزانہ باوضو ہو کر تلاوت کرے۔ ان شاء اللہ کوئی صورت نکل آئے گی۔ ناجائز نہ پڑھیں ورنہ ذمہ دار خود ہونگے اسکے علاوہ سورۂ تحریم آیت نمبر 5 پارہ نمبر 28 چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر دونوں میاں بیوی کے نام لکھیں۔ پانی مکان کی چھت یا دیوار پر ڈال دیں نیچے نہ آئے۔ ان شاء اللہ جدا کر دے گا۔ نوٹ حفاظت طلاق کے لیے بھی عمل منگوایا جا سکتا ہے، شرعی عذر میں علمائے حقہ سے رابطہ کریں۔

نظر بد جس نظر بد کا بہت برا اثر ہوتا ہے یہ تیر کے وار سے بھی زیادہ اثر رکھتی ہے، نظر بد انسان کو الٹا کر رکھ دیتی ہے۔ انسان کو قبر کی

ھا	ھا	ھا	ھا	ھا
ء	ء	ء	ء	ء
و	و	و	و	و
ط	ط	ط	ط	ط
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

دیواروں اور اونٹ کو حلال کر کے پکتے دیگ تک پہنچا دیتی ہے، حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے اگر قبروں کو کھول کر دیکھا جائے تو اُن میں اکثر اموات نگاہ بد کی وجہ سے ہوئی ہوتی ہیں۔ بعض اوقات انسان کو اپنے گھر والوں کی بھی نظر لگ جاتی ہے۔ یہ نقش لکھ کر بچوں کے گلے میں ڈالیں۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو حضرت امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام کے لیے لکھا تھا وہ ہمارے ہاں ہرن کی کھال پر مل سکتا ہے اسکے علاوہ حضرت امام حسن علیہ السلام کا فرمان نظر بد کی تاثیر روکنے کے لیے سورہ قلم آیت نمبر 51، 52 پارہ 29 کو بھی لکھ کر بچے

اسلامی تہوار کے بروقت نوٹیفکیشن حاصل کرنے کے لیے امامیہ جنتری آفیشل کی موبائل ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کیجئے۔

کے گلے میں ڈالیں ان شاءاللہ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ

رزق و دولت و خاتمہ بندش یہ دعا اسم اعظم کسی بھی حاجت کے لیے مجرب ترین اور آزمودہ ہے۔ گھر میں یا دکان کے چاروں کونوں میں پتھر پر لکھ کر دکان کے چاروں کونوں میں یا خالص زعفران سے لکھ کر لمینیشن کروا کر گھر کے چاروں کونوں میں لٹکائیں یا شاپر میں لپیٹ کر دبائیں۔ رزق کی فروانی ہوگی، بندش کا خاتمہ ہوگا، دکان کی سیل بڑھ جائے گی، بند کاروبار کھل جائے گا، لڑکے یا لڑکی کی شادی میں حائل، مقدمہ میں کامیابی اور ملازمت میں کامیابی ہوگی۔ دعا یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔

بیٹا ہی پیدا ہو

تاجدار امامت کے چوتھے تاجدار حضرت امام زین العابدین سے ایک صحابی نے بیٹے کی پیدائش کے لیے دعا کی درخواست کی تو آپ نے فرمایا کہ اس دعا کو ستر (70) مرتبہ پڑھوان شاءاللہ نیک فرزند پیدا ہوگا۔ لکھ کر گلے میں ڈالیں اور نام محمد یا علی پر رکھیں

۳۱ السلعو مهسعے ۲۲ ۹ ۳۳ مسوا سوا عو عوا و	صرطلا لا و هماه اوه طع امب خ دب ودہ راطلالک ۳ مادہ بطلا لا اووت

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ وَاجْعَلْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ فِيْ حَيٰوتِيْ وَيَسْتَغْفِرُلِيْ بَعْدَ مَمَاتِيْ وَاجْعَلْهُ خَلْقًا سَوِيًّا وَّلَا تَجْعَلْ لِلشَّيْطَانِ فِيْهِ نَصِيْبًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔

محمدؐ و آل محمدؐ کا فیض

زوار محمد ابصار حیدر (حیدری)
03 111 888 668

محترم قارئین کرام! السلام علیکم! تحفہ یا علی مدد۔ بذریعہ امامیہ جنتری آغا افتخار حسین صاحب کی یادوں کے ساتھ چند تحائف آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں قبول فرمائیں۔ اللہ پاک بوسیلہ محمدؐ و آل محمدؐ آغا صاحب سمیت تمام مومنین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں۔ آمین

ہر حاجت پوری ہو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا سورۂ نوح (پارہ نمبر 29) کی تلاوت سے نہ پوری ہونے والی حاجت بھی پوری ہوجاتی ہے۔ کم از کم 41 دن ورد کریں۔

بھاگا ہوا واپس ایک نشست میں 800 مرتبہ سورۂ فاتحہ کسی بھی ولی، فقیر کے دربار میں بیٹھ کر ورد کریں ان شاءاللہ 8 گھنٹوں میں رپورٹ مل جائے گی۔ میٹھی نیاز لازماً تقسیم کریں اس عمل میں اول و آخر 11/11 مرتبہ درود شریف لازماً ورد کریں۔

جن کی دعائیں قبول نہ ہوں وہ توجہ کریں

جو بہن اور بھائی کہتے ہیں میری دعائیں قبول نہیں ہوتی وہ حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کی بتائی ہوئی یہ دعا صبح و شام 11 مرتبہ لازمی پڑھیں اور پھر اپنی حاجت طلب کریں۔ قبولیت دعا کے لیے ضروری ہے کہ والدین کی نافرمانی نہ کریں۔ حق غضب نہ کریں، کسی کو بے جا تکلیف نہ دیں وغیرہ۔

اللّٰهُ اللّٰهُ رَبِّيْ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمُ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا

ہمہ قسم جادو اور بندش ختم صبح سویرے 27 مرتبہ سورۂ فاتحہ، 27 مرتبہ سورۂ فلق اور 27 مرتبہ سورۂ والناس گھر میں معتدل آواز سے دم کریں۔ جادو جنات اور بندش ختم ہوجائے گی۔ جن بیٹیوں کے رشتے میں بندش ہے یا رشتے آکر ٹوٹ جاتے ہیں یا رشتے آتے ہی نہ ہوں اُن بیٹیوں کو چاہیے باقی تمام سورتیں جو اوپر بتائی گئیں ہیں اُن کے ساتھ 27 مرتبہ سورۂ الکوثر پڑھیں 27 دن تک۔ امام علی علیہ السلام اور امام جعفر صادق علیہ السلام کے فرامین میں یہ عمل پیش کیا ہے قبول فرمائے۔ نیز رات کو گھر میں ہرمل کی دھونی لازماً کریں۔ ہر 3 دن بعد۔ فرمان معصومین علیہم السلام ہے کہ ہرمل کا ہر دانہ باموکل ہے اور اس میں شفاء ہے۔

2022 اور عدد 6 کی حکومت

قاری
منیر حسین محمدی
(ماہر عملیات)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

محترم قارئین السلام علیکم! تمام حمد وثنا خالق کائنات کے لیے درود وسلام اللہ کے نبی حضرت محمد ﷺ پر اور آپکی پاکیزہ آلؑ اولاد پر۔

تمام مومنین مل کر بارگاہ الٰہی میں دست دعا بلند فرمائیں کہ حق تعالیٰ امام زمانہ عج اللہ فرج الشریف کا جلد ظہور فرمائے۔ الٰہی آمین!

مجھے نہایت افسوس سے یہ سطر لکھنا پڑ رہی ہے کہ ہمارے ہر دلعزیز، شفیق مہربان بزرگ بانی ادارہ، مدیر اعلیٰ امامیہ جنتری کے بانی آغا افتخار حسین ہمارے ہمراہ موجود نہیں رہے۔ دعا ہے خداوند متعال اُن کی مغفرت فرمائے اور جوارہ معصومین میں جگہ نصیب فرمائے۔ تمام مومنین سے التماس ہے کہ ایک سورۂ فاتحہ اُن کے لیے ایصال فرما دیں۔

مضمون کے آغاز سے قبل میں بتانا چاہوں گا کہ رواں برس امامیہ جنتری کی ٹیم کی جانب سے امامیہ جنتری کی پالیسی میں چند ضروری ترامیم عمل میں لائی گئی ہیں۔ اس ضمن میں افتخار بک ڈپو کی جانب سے امامیہ جنتری کی آفیشل ویب سائٹ www.imamiajantri.com لانچ کر دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں امامیہ جنتری آفیشل موبائل اپلیکیشن بھی صارفین کی خدمت کے لیے لانچ کر دی گئی ہے جو کہ Android اور I-phone کے صارفین اپنے ایپ سٹور سے حاصل کر سکتے ہیں۔ اور آپ میرے اس مضمون کے علاوہ دیگر نئے مضامین امامیہ جنتری آفیشل ویب سائٹ کے روحانیت والے سکیشن میں (**الف ابجد**) میں جا کر پڑھ سکتے ہیں۔

اب چلتے ہیں مضمون ہذا کی طرف رواں برس 2022 جس کا مجموعہ 2+2+0+2=6 یعنی عدد 6 ہے تو یہ سال عدد 6 کے حامل افراد کے لیے مخصوص ہے لہٰذا اس مضمون میں عدد 6 پر ہی لکھنے کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ جنتری میں جو برج کے ساتھ عدد ہوتا ہے یہ وہ عدد نہیں ہے بلکہ ہر نام کا ذاتی عدد ہے۔

آیئے دیکھتے ہیں کہ جن افراد کا عدد 6 ہوتا ہے وہ کن خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں۔

عدد 6 کے مرد

☆ ایسے لوگ بہت باتونی قسم کے ہوتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگوں کو کھیل کود میں بہت دلچسپی ہوتی ہے۔ ☆ یہ لوگ دوست بناتے بھی ہیں اور بذات خود دوست بننے کے اہل بھی ہوتے ہیں۔ ☆ یہ لوگ اپنی ذہانت اور محنت سے اپنا مقام بناتے ہیں۔ ☆ ان میں پیسہ کمانے کی بھی صلاحیت ہوتی ہے۔ ☆ یہ دوسرے لوگوں کا تعاون حاصل کرنے میں بھی کامیاب ہو جاتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ اچھے پاٹنر ثابت ہوتے ہیں۔ ☆ عام طور پر عمومی یہ لوگ خوش نصیب ہوتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگوں سے کسی بھی طرح کی خرید وفروخت فائدہ پہنچاتی ہے۔ ☆ ایسے لوگ اکثر وبیشتر بام شہرت تک پہنچ جاتے ہیں۔ اور ان کی مقبولیت عام ہو جاتی ہے۔ ☆ ایسے لوگ جھگڑے کو پسند نہیں کرتے صلح جو ہوتے ہیں اور درگزر کرنے کا مزاج رکھتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ خوش طبیعت ہوتے ہیں اور دل جتنے کا فن رکھتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ دوسروں کی خاطر اپنا نقصان گوارا کر لیتے ہیں۔

الف ابجد

☆ ایسے لوگوں کی شخصیت پرکشش ہوتی ہے۔ ☆ ایسے لوگوں میں انتظامی صلاحیت حس سے زیادہ ہوتی ہے۔

☆ ایسے لوگ اپنے ماتحتوں کے ساتھ حسن اخلاق کا معاملہ کرتے ہیں۔ ☆ ملک وقوم کی بھلائی ان کے پیش نظر ہوتی ہے۔ ☆ ایسے لوگ اپنی شہرت اور مقبولیت کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ اپنی خواہش کے مطابق مقبولیت حاصل کرتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ اچھا کام کرنے والوں کی قدر کرتے ہیں۔

☆ ایسے لوگ نرم دل ہوتے ہیں اور یہ نرم دلی ان کے لیے نقصان دہ ہوتی ہے۔ ☆ ایسے لوگ اپنی قدر دانی سے خوش ہوتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ ایک طرح کے بزدل ہوتے ہیں فیصلہ کرتے وقت ڈر جاتے ہیں، اکثر فیصلہ کر نہیں پاتے۔ ☆ ایسے لوگ نکتہ چینی کو برا مانتے ہیں اور نکتہ چینی سے مایوس ہو جاتے ہیں۔ ☆ عدد 6 والے اپنی قابلیت سے زیادہ محنت کر کے زیادہ معاوضہ حاصل کر لیتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ اچھے اور برے ماحول کا اثر جلدی قبول کر لیتے ہیں۔ ☆ اپنے دفع میں بہت سست رہتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگوں کے چاہنے والوں کا حلقہ احباب وسیع ہوتا ہے۔

☆ ایسے لوگ لڑائی میں حصہ نہیں لیتے، لڑتے ہیں تو آخر تک جاتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ ہرجائی ہوتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ چرب زبان ہوتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ اگر بحث کرنے پر آجائیں تو سب پر غالب رہتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ صلح پر جلد آمادہ ہوجاتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دیتے ہیں۔ ☆ ایسے لوگ اپنے افسر کے سامنے سر اٹھانے کی جرات نہیں کرتے۔ ☆ یہ عدد محبت اور دوستی کا عدد ہے، سیر وسیاحت فطری نظاروں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔

☆ یَاسَمِیْعُ یَاعَلِیْمُ 330 مرتبہ پڑھیں تو کاروبار میں اضافہ ہوگا۔

عدد 6 کی خواتین

☆ ایسی خواتین اپنے والدین کے لیے لکی ثابت ہوتی ہیں۔

☆ ایسی خواتین اپنے سسرال کے لیے بھی لکی ثابت ہوتی ہیں۔

☆ ایسی خواتین جس دفتر یا کمپنی میں کام کرتی ہیں وہاں بھی برکات کا نزول ہوتا ہے۔ ☆ ایسی خواتین ہر دلعزیز ہوتی ہیں۔ ☆ ایسی خواتین کو میوزک اور موسیقی سے خاص لگاؤ ہوتا ہے۔ ☆ ایسی خواتین کسی کے معاملے میں دخل اندازی نہیں کرتی۔ ☆ ایسی خواتین خوددار ہوتی ہیں، کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلاتی۔ ☆ ایسی خواتین سیر وتفریح کی شوقین ہوتی ہیں۔ ☆ ایسی خواتین دوسروں کی ذمہ داری قبول کرنے سے گریز کرتی ہیں۔ ☆ ایسی خواتین خود صاحب رائے ہوتی ہیں کسی کا مشورہ قبول نہیں کرتی۔ ☆ 6 عدد کی خواتین تعلیم یافتہ ہوتو تعلیم وتدریس سے دلچسپی رکھتی ہیں۔ ☆ ایسی خواتین کو ڈاکٹر یا ٹیچر بننے کا شوق ہوتا ہے۔

☆ ایسی خواتین میں انتظام کی اچھی صلاحیت ہوتی ہے۔ ☆ ایسی خواتین اپنے ماتحتوں پر بااحسن کنٹرول کرسکتی ہیں۔ ☆ ایسی خواتین اپنی ذمہ داریوں کو اچھی طرح ادا کریں گی۔ ☆ ایسی خواتین دوسروں کی صلاحیتوں کی قدرداں ہوں گی۔ ☆ ایسی خواتین کسی کی سفارش قبول کرنے میں پس وپیش سے کام نہیں لیں گی۔ ☆ ایسی خواتین دوسروں کی غلطی کو درگزر نے میں دیر نہیں لگاتی۔ ☆ ایسی خواتین قابل بھروسہ ہوتی ہیں۔ ☆ عدد 6 کی خواتین ان پڑھ ہوں تو، ایسی خواتین بہت ضدی ہوتی ہیں۔

☆ ایسی خواتین گھریلو کاموں کو بہت دلچسپی کے ساتھ انجام دیتی ہیں۔

☆ ایسی خواتین کی ازدواجی زندگی اگر متاثر ہوگی تو شوہر کے تمام کام متاثر رہیں گے۔ ☆ ایسی خواتین کے شوہر اگر ان سے محبت کریں گے تو ان کا کاروبار خوب چلے گا۔ ☆ ایسی خواتین صنعتی کاموں میں ماہر ہوتی ہیں۔

☆ ایسی خواتین جن اداروں میں کام کریں گی تو وہ ترقی کریں گے۔

☆ ایسی خواتین بہت صابر طبیعت کی مالک ہوتی ہیں۔ ☆ ایسی خواتین تھوڑی آمدنی میں بھی گزارا کرلیتی ہیں۔ ☆ ایسی خواتین اچھے اور بڑے کاموں کا اثر جلد قبول کرلیتی ہیں۔ ☆ ایسی خواتین وفاداری کے ساتھ خدمت کرتی ہیں۔

معزز قارئین کرام عدد 6 والے افراد کو چاہیے کہ 2022 سے فائدہ اٹھائیں یہ سال ان کا سال ہے کہ جب بھی مسائل کا شکار ہوں یا خدانخواستہ کوئی مشکل پیش آئے، پریشانی، بے روزگاری، قرض، دشمنوں کا خوف، ناکامی یا گھریلو انتشار کا شکار ہوں تو انہیں چاہئے کہ نماز کی پابندی کریں، صدقہ دیں اور اس آیت پاک

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ورد کریں۔

بعد نماز مغرب 6000 مرتبہ اول وآخر درود شریف 33-33 مرتبہ ان شاء اللہ۔ ترقی، مقاصد میں کامیابی۔ ہر کام اسی سے ہوگا۔ اسکے ساتھ نقش دفع سحر وجادو، نظر بد، گردش وبندش اور حصول مال، کاروبار فتحنامہ منگوا کر پہنیں ان شاء اللہ جلد کامیابی ہوگی۔ اپنے نام کے نگینے، رنگ موافق، دشمن، اسمائے الٰہی کے ورد، شادی، کاروبار اور بہت کچھ معلوم کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ یا یوٹیوب چینل پر دیئے گئے نمبر پر رابطہ کریں۔

اصل اسم اعظم

روحانی خدمت و مشورہ کیلئے
علی احمد کاشف
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

اسم اعظم پر میری تحریر کسی صاحب کو گراں محسوس ہو تو پیشگی معذرت خواہ ہوں لیکن حق بات کہنا بھی تو ضروری ہے۔ جس طرح موسیقی کے بارے میں کہتا ہوں اور الٹی سیدھی باتیں سننا پڑتی ہیں کہ حضرت ادریس علیہ السلام کے زمانے میں ابلیس لعین نے قابیل کے قبیلے میں موسیقی ایجاد کی تھی۔ حضرت یرد علیہ السلام کے والد حضرت ادریس... شراب حرام ہے اگر دودھ میں مکس ہو جائے تو دودھ بھی حرام ہو جاتا ہے اسی طرح موسیقی حرام ہے خواہ حمد میں ہو یا نعت، منقبت وقوالی میں ہو۔

بلعم باعور بنی اسرائیل میں ایک مستجاب الدعوات شخص تھا۔ اسے اسم اعظم معلوم تھا وہ صرف اللہ عزوجل کی اجازت سے صرف جائز مقصد کیلئے دعا کرتا تھا لیکن بالآخر اللہ عزوجل کے بار بار منع کرنے کے باوجود عمالقہ کے دیئے ہوئے لالچ میں آ گیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اور بنی اسرائیل کی شکست کیلئے دعا کر دی تو اسم اعظم اُس سے بھلا دیا گیا۔ اس کی زبان باہر لٹک گئی۔ (عمالقہ وہ قبیلے اور وہ لوگ تھے جو بہت بڑی جسامت والے تھے۔ مثلاً عوج بن عوق یا عوج بن عناق کی جسامت اتنی بڑی تھی کہ چالیس ہاتھ لمبے قد کے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا چالیس ہاتھ لمبا عصا چالیس ہاتھ اُونچا اچھل کر مارا تو عوج بن عوق کے ٹخنے پر لگا اور وہ مر گیا)۔

اسم اعظم کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ دو اور دو چار کریں اور اسم اعظم نکال کر سائل کو دے دیں۔ رب العالمین جسے چاہے اُسے عطا فرماتا ہے۔ ایک ایک اسم اعظم تو ہر نبی کو عطا ہوا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے وصی حضرت آصف بن برخیا کو ایک اسم اعظم معلوم تھا۔ پلک جھپکتے تخت بلقیس منگوا لیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دو اسم اعظم معلوم تھے۔ مردے کو زندہ کرتے تھے نابینا کو بینا کر دیتے تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو چار اسم اعظم معلوم تھے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آٹھ حضرت نوح علیہ السلام کو چودہ حضرت آدم علیہ السلام کو چوبیس اسم اعظم معلوم تھے۔ امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے 73 اسم اعظم ہیں ان میں سے 72 اسم اعظم ہم جانتے ہیں۔ (اسم اعظم ضرب تقسیم جمع تفریق کر کے نہیں معلوم کیا جا سکتا)۔ اسم اعظم صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی عطا ہے، جس کو مل جائے وہ کسی کو بتاتا نہیں۔ اکثر اتنا بھی بتانے کی اجازت نہیں کہ مجھے اسم اعظم معلوم ہے۔ اکثر معصومین علیہم السلام کی تعلیم کردہ دُعاؤں کے ساتھ تاکید بھی لکھی ہوتی ہے کہ خبردار کہ کسی نااہل کو نہیں بتانا۔ خلاف شریعت چلنے سے اسم اعظم ذہن سے محو بھی ہو جاتا ہے۔ یا زبان سے اثر زائل ہو سکتا ہے۔ ہر مسلمان کے سامنے روزانہ اسم اعظم آتا ہے لیکن اس کا ذہن اس پر مرکوز نہیں ہوتا۔ روحانی مسائل کے قرآنی حل کیلئے فون پر مشورہ کریں یہ کام ہماری آخرت بنانے کا ذریعہ ہے۔

حوالہ: اصول کافی: تاریخ اسلام علامہ نجم الحسن کراروی اعلی اللہ مقامہ

اسم اعظم سے فائدہ اُٹھانے کا ایک آسان اور مفید طریقہ پیش ہے۔ سب سے پہلے صحیح وضو کیجئے۔ مسح کی جگہ دھوئیں نہیں اور دھونے کی جگہ مسح نہ کریں ورنہ وضو باطل ہو جائے گا۔ ملاحظہ فرمائیں کامل وضو اور فوائد صفحہ نمبر 26۔ امامیہ جنتری 2021 اور قرآن مجید سورۃ مائدہ آیت نمبر 6۔ عربی اور اُردو ترجمہ توجہ سے جائزہ لیں۔ اذان دیں، اقامت پڑھیں، دو رکعت نماز نفل یا مستحب پڑھیں۔ سلام کے بعد کوئی سا استغفار اور تسبیح جناب سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا پڑھیں۔

امید رونق افروز

34 بار اللہ اکبر | 33 بار الحمد للہ | 33 بار سبحان اللہ

ایک تسبیح استغفار اور ایک تسبیح شکر کی پڑھیں یعنی الحمد للہ رب العالمین۔ اس نماز کا ثواب محمد و آل محمد علیہم السلام کی بارگاہ میں پیش کر دیں۔ بس! آپ نے بہت بار اسم اعظم تلاوت کر لیا۔ خود پر دم کریں یا مریض پر دم کریں۔ یا پانی پر دم کریں یا تیل پر۔ اپنے لئے دُعا کریں یا کسی اور کیلئے یا تمام مومنین کیلئے دُعا۔ کسی بھی جائز مقصد کیلئے کسی بھی اینگل سے کسی بھی طریقے سے استعمال میں لائیں اور مجھ ناچیز کو دُعا میں یاد رکھیں۔

انمول تسبیح:

اول و آخر تین بار صلوات کے ساتھ درج ذیل سورۃ توبہ کی آیت کو 11 مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنا ہر مصیبت سے خلاصی اور مخلوق سے مستغنی ہونے کا موجب ہے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

میرے لیے اللہ کافی ہے اسکے علاوہ کوئی معبود نہیں میں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا رب ہے

دعائے رحمت برائے شفایابی

گلفام علی حسینی
(جفار و عامل)

03 111 888 668 — imamiajantriofficial@gmail.com

خزینہ علم

قارئین امامیہ جنتری السلام وعلیکم ! دعا ہے کہ اللہ تعالی مدیر اعلیٰ آغا افتخار حسین مرحوم اور بانی امامیہ جنتری بیگم و آغا نثار احمد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ مرحومین کے ایصال ثواب کے لیے ایک مرتبہ سورۂ الحمد اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص کی تلاوت فرمادیں قارئین امامیہ جنتری کی سن 2022 عیسوی جسکا عدد کامل 2+2+0+2=6 ہے عدد 6 زمین و آسمان اسکے مابین چیزیں چھ (ستہ ایام) دنوں میں خدا بزرگ نے خلق کیں خدا کی اس عظیم خلقت کا مقصد اپنی واحدنیت کا اقرار کروانا تھا اور اس سلسلے میں اس نے پنجتن پاک، بارہ امام اور چودہ معصومینؑ خلق کئے۔ کیوں خلق کئے؟ تاکہ میں پہچانا جاؤں! تو میں نے 5-12-14 خلق کیے۔ اس سال جو عمل میں لیکر حاضر ہوں وہ دعائے رحمت ہے۔

رب اغفر وارحم وانت خیر الرحمین

دعائے رحمت کے اعداد 3344 ہیں یعنی

رب	202	اغفر	1281	و	6
ارحم	249	و	6	انت	451
خیر	810	الرحمین	339		

3344 اعداد جمل وسیط 4+43+3=14 ہے۔ چودہ عدد کا عدد کامل 4+1=5 ہے۔ غور کریں دعائے رحمت پر نقطے بارہ 12 ہیں۔

ہر بیماری روحانی ہو یا جسمانی گو یا ہر پریشانی و تکلیف دور ہو۔ اس دعائے رحمت کے اعداد میں سائل معہ والدہ کے اعداد شامل کرلیں۔ اور ایک نقش پر بدھ کے دن ساعت عطارد میں تحریر کرلیں اور گلے یا بازو پر باندھیں۔ دوسرا نقش لکھ پانی اور عرق گلاب میں ڈال نہار منہ پی لیں۔ ان شاء اللہ شفا یابی ہوگی، نماز کی پابندی کریں ہر نماز کے بعد 14 مرتبہ پڑھ کر اپنے بدن پر دم کریں۔ اگر نقش نام کے بغیر بنانا چاہے تو بھی کام کرے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رب

(دائیں جانب: خیر الرحمین — بائیں جانب: اغفر وارحم)

٨٣٥	٨٣٩	٨٤٢	٨٢٨
٨٤١	٨٢٩	٨٣٤	٨٤٠
٨٣٠	٨٤٤	٨٣٧	٨٣٣
٨٣٨	٨٣٢	٨٣١	٨٤٣

وانت

یہاں سائل کا نام معہ والدہ و مقصد تحریر کریں۔

اگر آپ مجھ سے بات کرنا چاہتے ہیں یا اپنے مسائل کے حوالے سے کوئی بات شیئر کرنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے آفیشل نمبر 03 111 888 668 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

نماز شب (تہجد) کی ادائیگی کے لیے اٹھنا

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ نماز تہجد کے لیے جاگ جائے وہ سوتے وقت یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ لَا تُؤْمِنِّي مَكْرَكَ وَلَا تُنْسِنِي ذِكْرَكَ وَلَا تَجْعَلْنِي مِنَ الْغَافِلِيْنَ اَقُوْمُ سَاعَةً كَذَا وَ كَذَا

(جس وقت اٹھنا ہو ذکر کرے)

لاعلاج بیماری سے شفایابی کے لیے مجرب عمل

آیت اللہ شیخ مجتبیٰ خراسانیؒ فرماتے تھے کہ اگر باوضو ہو کر 7 دن تک پورے قرآن کے تمام صفحات پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے ہوئے ہاتھ پھیرے اور اس طرح روزانہ ایک قرآن ختم کرتے ہوئے اس عمل کے 7 دن مکمل کرے پھر بیماری کے مقام پر ہاتھ رکھ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے تو ان شاء اللہ شفایاب ہوجائے گا۔

لوحِ اسمِ اعظم

جابر علی
المعروف شایان علی
(ماہر علوم مخفی)
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

معاونین وقارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! گذشتہ سے پیوستہ اسم اعظم کا تسلسل قائم رکھتے ہوئے مزید تحقیق پیش خدمت ہے۔ گذشتہ سال احادیث کی روشنی میں وضاحت کی تھی امسال اسم اعظم کے اثرات سے سوفیصد مستفید ہونے کا قاعدہ پیش خدمت ہے۔

اسم اعظم کے استخراج سے تو آپ بخوبی واقف ہو چکے ہوں گے جنہیں گذشتہ کالم پڑھنے کا شرف حاصل نہ ہوا وہ تفصیل کے لیے امامیہ جنتری 2011 کے صفحہ نمبر 13 سے قاعدہ کو بخوبی سمجھ سکتے ہیں تا کہ اپنے نام کا اسم اعظم استخراج کر سکیں، استخراج شدہ اسم اعظم کے ورد کا موزوں وقت کون سا ہے؟ اس کے انتخاب کے لیے ضروری ہے کہ جدول نمبر-1 سے اپنے معروف نام اور اپنی والدہ کے معروف نام کے ملفوظی اعداد لے کر برج معلوم کریں اس کے بعد جدول نمبر 3 اس کے موافق وقت کا تعین کریں اور جدول نمبر 2 سے اسم اعظم کے ورد کی تعداد کا تعین کریں۔

لوح اسم اعظم کا قاعدہ اپنے مکمل نام مع والدہ کے اعداد ابجد قمری حاصل کریں اس میں اپنے استخراج شدہ اسم اعظم کے اعداد ابجد قمری شامل کریں جو جواب آئے اس میں سے قانون کے 30 نفی کر دیں اور بقیہ اعداد کو 4 پر تقسیم کر دیں اگر باقی ایک بچ جائے تو خانہ نمبر 13 میں ایک کا اضافہ کر دیں اگر باقی 2 بچ جائے تو خانہ نمبر 9 میں ایک کا اضافہ کر دیں اور اگر باقی 3 بچ جائے تو خانہ نمبر 5 میں ایک کا اضافہ کر دیں لوح کو مطابق چال پر کرنا ہے جو کہ مثال برائے تفہیم میں تحریر کر رہا ہوں اب چال کے مطابق اندراج شدہ اعداد کی بجائے ان خانوں میں ان اعداد کے دو یا تین اسماالحسنیٰ جن کا میزان ان خانوں میں تحریر شدہ اعداد کے مطابق ہو انہیں لکھ دیں اس لوح کو چاندی پر کندہ کروا لیں اور اس لوح پر اپنے نام کے اسم اعظم کو تعداد کے مطابق چالیس روز ورد کرتے رہیں جب چالیس روز مکمل ہو جائیں تو گڑ والے چاول پکا کر بانٹ دیں اور لوح کو اپنے پرس یا پاکٹ میں رکھ لیں اس کے بیش بہا فوائد ہیں جو لوگ بے اولاد ہیں ان شاء اللہ صاحب اولاد ہو جائیں گے جو بیرون ممالک سفر کے خواہش مند ہیں ان کی خواہشات کی تکمیل ہو گی، جن کی شادی التوا کا شکار ہے ان کی جلد شادی ہو جائے گی۔ وہ لوگ جو پیچیدہ امراض کا شکار ہیں وہ آہستہ آہستہ رو بہ صحت ہوں گے۔ جو لوگ تنگی رزق کا شکار ہیں ان کے لیے رزق کے باب کھل جائیں گے۔ جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ان کے عہدہ میں ترقی ہو وہ اپنے نام کی لوح کو اتوار والے دن سورۃ شمس پڑھ کر دم کر کے اپنے پاس رکھ لیں۔ جنہیں آسیب یا جادو ٹونہ نے ستایا ہوا ہے وہ بروز ہفتہ 11 مرتبہ سورۃ اخلاص 11 مرتبہ سورۃ فلق 11 مرتبہ سورۃ قریش 11 مرتبہ سورۃ والناس پڑھ کر لوح پر دم کریں اور اسے گلے میں پہن لیں انشاء اللہ جادو ٹونہ اور آسیب وغیرہ سے کلی نجات ہو گی۔ جنہیں نفسیاتی امراض نے گھیر رکھا ہے انہیں چاہیے بروز بدھ سورۃ اعلیٰ کو 5 مرتبہ پڑھیں اور لوح پر دم کر کے اس لوح کو اپنے پاس رکھ لیں تو نفسیاتی امراض سے چھٹکارہ نصیب ہو گا یہی طریقہ ان افراد کے لیے بھی کارگر ہے جو اعلیٰ تعلیم کے خواہش مند ہوں۔ یہ قاعدہ مجرب المجرب راز سینہ ہے۔ بے لوث خدمت عوام الناس کے لیے سفینہ بنا دیا ہے۔

احتیاط! لوح کو وہ افراد لکھیں جو صوم وصلوٰۃ کے پابند ہوں سخت مزاج نہ ہوں ورنہ لوح کا کوئی فائدہ نہ ہو گا۔

بندگی

مثال برائے تفہیم فاطمہ بنت خدیجہ

استخراج اسم اعظم

ف ا ط م ہ

5 13 9 1 17

18 22 10 18

12 4 28

16 4

20

عدد 20 حاصل ہوا جدول سے ملاحظہ کیا تو اس کا اسم اعظم یا ملک تحریر ہے اور تعداد 201 مرتبہ تحریر ہے لہٰذا اس تعداد کے مطابق ورد کرنا ہے

وقت کا انتخاب
فاطمہ کے اعداد ملفوظی

ف	81	ا	111
ط	10	م	90
ہ	6	ٹوٹل	298
خ	601	د	35
ی	11	ج	53
ہ	6	ٹوٹل	706

فاطمہ بنت خدیجہ

706+298=1004

12÷1004

عملیات-3

برج حوت حاصل ہوا جدول سے ملاحظہ کیا اس کے دو بروج موافق تحریر ہیں عقرب، سرطان، لہٰذا طالع وقت عقرب یا سرطان کے دورانیہ میں مطابق تعداد اسم اعظم کا ورد کرنا ہے۔

فاطمہ بنت خدیجہ کے اعداد قمری		خدیجہ کے اعداد قمری	
ف	80	خ	600
ا	1	د	4
ط	9	ی	10
م	40	ج	3
ہ	5	ہ	5
	135		622

اسم اعظم کے اعداد 622+135+90 = 847

قانون کے عدد - 30

4 ÷817

4 پر تقسیم کرنے سے باقی 1 رہ جاتا ہے لہٰذا خانہ نمبر 13 میں 1 کا اضافہ ہوگا

چال لوح

1	14	11	8
12	7	2	13
6	9	16	3
15	4	5	10

لوح مطابق چال

204	218	214	211
215	210	205	217
209	212	220	206
219	207	208	213

خانہ نمبر	اسماء الحسنی	اعداد تحریر لوح	خانہ نمبر	اسماء الحسنی	اعداد تحریر لوح
1	یاعلی یاعزیز	204	10	یاحکم یامھیمن	213
2	یاحکم یاواسع	205	11	یاعدل یاعلی	214
3	یاباسط یاصمد	206	12	یانافع یاوھاب	215
4	یاحکیم یالطیف	207	13	یاواسع یاحسیب	217
5	یاجامع یاعزیز	208	14	یاحق یاعلی	218
6	یامقسط	209	15	یاملك یالطیف	219
7	یاقوی یاعزیز	210	16	یامحصی یاباسط	220
8	یامعز یاعزیز	211			
9	یامالك الملك	212			

یاعلی یاعزیز	یاحق یاعلی	یاعدل یاعلی
یامعز یاعزیز	یانافع یاوھاب	یاقوی یاعزیز
یاحکم یاواسع	یاواسع یاحسیب	یامقسط
یامالك الملك	یامحصی یاباسط	یاباسط یاصمد
یاملك یالطیف	یاحکیم یالطیف	یاجامع یاعزیز
	یاحکم یامھیمن	

جدول نمبر-1 ابجد قمری ملفوظی

ا	ب/پ	ج/چ	د/ڈ	ھ	و	ز/ژ
111	3	53	35	6	13	8
ح	ط	ی/ے	ک/گ	ل	م	ن
9	10	11	101	71	90	106
س	ع	ف	ص	ق	ر/ڑ	ش
120	130	81	95	181	201	360
ت/ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
401	501	601	731	805	901	1060

جدول نمبر-2 ملاحظہ ہو امامیہ جنتری 2011 صفحہ نمبر 13

جدول نمبر-3 موزوں وقت کا انتخاب

برج	موافق طالع بروج	برج	موافق طالع بروج	برج	موافق طالع بروج
حمل	اسد، قوس	اسد	قوس، حمل	قوس	حمل، اسد
ثور	سنبلہ، جدی	سنبلہ	جدی، ثور	جدی	ثور، سنبلہ
جوزا	میزان، دلو	میزان	دلو، جوزا	دلو	جوزا، میزان
سرطان	عقرب، حوت	عقرب	حوت، سرطان	حوت	سرطان، عقرب

ان شاء اللہ ہمیشہ کی طرح فی سبیل اللہ رہنمائی کی جائے گی۔ جو لوگ مستفید ہوں وہ بانیان امامیہ جنتری کیلئے خصوصی دعا فرمائیں۔

اگر آپ مجھ سے بات کرنا چاہتے ہیں یا اپنے مسائل کے حوالے سے کوئی بات شیئر کرنا چاہتے ہیں تو امامیہ جنتری کے آفیشل نمبر 03 111 888 668 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

مجرب عمل شادی، نوکری، خوش حالی، زبان بندی

اکرام عباس کاظمی
(روحانی مشیر)

03 111 888 668 imamiajantriofficial@gmail.com

ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی امامیہ جنتری کے قارئین کے لیے مجرب اور آزمودہ عمل پیش خدمت ہے آپ سب مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ نیز امامیہ جنتری کے بانی بیگم و آغا نثار احمد اور بیگم و آغا افتخار حسین مرحوم کے لیے سورۂ فاتحہ کی درخواست ہے اور دعا کریں کہ ان کے پسماندگان کو پروردگار عالم چہاردہ معصومینؑ کے صدقے میں صحت وتندرستی عطا فرمائے اور تمام مومنین ومومنات کے لیے دعا کریں۔

التجا

آج زمانہ جس روش گراں سے گزر رہا ہے اس میں خود انسان کی پیدا کردہ ایسی بے شمار مشکلات حائل ہیں کہ انسان ناامیدی اور مایوسی کا شکار ہو کر رہ گیا ہے۔ ہر شخص کے ساتھ بے شمار پریشانیاں اور مسائل چپکے ہوئے ہیں عدم تحفظ کا شکار ہے تو کہیں حادثات، فساد، گھریلو پریشانیاں اور کہیں بیماری تو کہیں بچوں کی نوکری، شادی، کاروبار کے مسائل درپیش ہیں۔ بہت سے لوگ مقدمات، قرض کے مسائل سے پریشان ہیں۔ ایسے حالات میں ہمیں صرف اور صرف پروردگار عالم سے رجوع کرنا پڑتا ہے جو کائنات کا مالک ہے جو ہماری دعا کو سنتا ہے وہی ہمارے مسائل ختم کرتا ہے میری دعا ہے اس پروردگار عالم سے جو کہتا ہے تم مجھ سے مانگو میں دینے والا ہوں۔ تم دعا کرو میں قبول کرتا ہوں مگر کسی وسیلے کے ساتھ۔ ہر مومن ومومنات کی مشکل، پریشانی کو دور فرما بحق پنجتن پاکؑ کے صدقے میں سب کی پریشانی دور فرما ہمیں غم سے نجات دے آج کا میرا عمل بھی ہر پریشانی کے خاتمہ کے لیے ہے۔ اگر آپ روزگار، محبت، اولاد، قرض، کاروبار، دشمن سے پریشانی، رزق جیسے مسائل میں گھیرے ہوئے ہیں تو ان شاءاللہ سب مسائل حل ہونگے۔ ان کے لیے میرا عمل نمبر 1 کام دے گا۔ جن بچوں کی شادی نہیں ہو پا رہی، شادی کی تاخیر کے اسباب کچھ بھی ہوں سحر، جادو، ٹونہ، خاندانی رنجش یا غربت افلاس یا ساڑھ ستی یا سیارگان کی ناقص کمزور پوزیشن ہو ان شاءاللہ شادی ہوگی اور جلد ہوگی۔ (شادی کا عمل نمبر 2 ہے)

آج کا عمل جسے مجرب عمل کہا جاتا ہے یہ بہت آسان عمل ہے لیکن ہے بہت طاقتور بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ قرآن میں 114 مرتبہ نازل ہوا ہے قرآن حکیم کی سورۂ توبہ کے علاوہ اعداد 113 سورۂ کے شروع میں اور سورۂ نمل کی آیت نمبر 29 میں نازل ہوئی ہے اس سورۂ کے حروف کی تعداد 19 اور اعداد 786 بنتے ہیں۔ اس طرح یا علیؑ مولا علیؑ امیر المومنینؑ کے اعداد بھی 786 ہی بنتے ہیں۔

عمل نمبر 1 روزگار + کاروبار، خوشحالی، زبان بندی دیگر تمام کاموں کے لیے کر سکتے ہیں۔ عمل کے بعد دعا مانگ لیں۔ حضرت امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں جب تمہیں کوئی حاجت درپیش ہو تو اس کہوں (اے اللہ تجھ کو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و علی علیہ السلام کا واسطہ ہے تیرے نزدیک جو ان حضرات کی قدر و منزلت ہے اس قدر و منزلت و شان وعظمت ذریعے میری حاجت روائی فرما)

عمل یہ ہے کہ ایک تسبیح درود پاک کی پڑھ کر ایک تسبیح بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بحق بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اور بعد میں دعا مانگنی ہے۔ یہ عمل 40 دن کرنا ہے وقت اور جگہ ایک ہونی چاہیے عمل جمعرات سے شروع کریں، جن بچوں نے شادی کا عمل کرنا ہے وہ یہ عمل کریں

عمل نمبر 2 برائے شادی یہ عمل خود وہ کرتے ہیں جسکی شادی کا مسئلہ ہو۔ سب سے پہلے 2 رکعت نماز حاجت پڑھیں اس کا ہدیہ بارگاہ زمانہ کی بارگاہ میں پیش کریں۔ روزانہ زیارت وارثہ یا زیارت عاشورہ پڑھیں یہ عمل 40 دن کا ہے۔ زیارت کا ثواب حضرت زینب سلام اللہ علیہا اور حضرت ام کلثوم سلام اللہ علیہا اور جناب نرجس خاتون سلام اللہ علیہا والدہ امام زمانہ علیہ السلام کی بارگاہ میں ہدیہ کریں اور ایک کاغذ پر 786 مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لکھنا ہے سرخ پنسل، مارکر یا کسی چیز سے بھی یہ 786 ایک دن میں لکھیں یا 10 دن میں یا 20 دن میں تعداد مقرر نہیں جب لکھ لیں تو پیپر کے آخر میں لکھیں امام زمانہ علیہ السلام کے صدقے نام--- بنت---۔ شادی جلد ہو اور اس پیپر کو ایک بوتل میں ڈال کر الماری میں رکھ دیں اگر ہو سکے تو تھوڑی سی کاٹن لے کر اس پر خوشبو لگا کر کاٹن بوتل میں ڈال دیں (پیپر ایک ہو یا زیادہ بس 786 مرتبہ لکھنا ہے) بس آپکا عمل ختم خدا نے چاہا تو ان شاءاللہ جلد شادی ہو جائے گی عمل میں کسی چیز کی سمجھ نہ آئے تو آپ مجھ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ 668 888 111 03

03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! ہمیشہ کی طرح اس مرتبہ بھی خاص عمل یعنی **لوح تسخیر خاص الخاص** پیش کر رہا ہوں۔ اس کی بدولت بے شمار مسائل حل کیے جاسکتے ہیں۔ مثلاً تسخیر خلائق ورجوع خلائق، دل پسند شادی، میاں بیوی میں لڑائی جھگڑے کا خاتمہ، کاروبار کی بندش کا خاتمہ، کاروبار میں ترقی، جادوٹونہ، سحر آسیب سے تحفظ، اولاد فرمانبردار، مالی مشکلات کا خاتمہ، انعامی سکیموں میں کامیابی کے علاوہ بے شمار مقاصد میں آپ اسے استعمال کر سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ بے شمار فوائد ملیں گے۔

یقین کی دولت

طریقہ عمل طریقہ عمل یہ ہے کہ ستاروں کے شرف و اوج کے علاوہ نوچندی جمعرات کو ساعت زہرہ میں گولڈن کاغذ پر مشک وزعفران وعرق گلاب سے مندرجہ ذیل لوح مبارک بنالیں پھر مندرجہ ذیل عبارت عمل خاص 101 مرتبہ اول وآخر 41-41 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر لوح پر دم کریں اور حسب توفیق چہاردہ معصومین علیہم السلام کے نام کی نیاز تقسیم کریں۔ اسی طرح پڑھائی روزانہ 21 روز تک دم کرنی ہے اور جمعرات کو نیاز دینی ہے۔ پھر بعد میں عبارت عمل 21 مرتبہ روزانہ معمول میں رکھیں اور لوح مبارک اپنے پاس رکھیں۔ ان شاء اللہ ہر طرف سے خوشحالی وتسخیر وخلائق وغیرہ شروع ہوجائے گی۔ لاجواب وخاص عمل ہے بے شمار لوگ فیض یاب ہوچکے ہیں اور فیض اٹھانے والوں کو چاہیے کہ مجھے اور مدیر اعلیٰ امامیہ جنتری کو اپنی خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

عبارت عمل یہ ھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ وَلِيُّ كُلِّ مَخْلُوْقٍ وَّ نَوَاصِيْهِمْ بِيَدِكَ فَاعْطِفْ عَلٰى قُلُوْبِ عِبَادِكَ وَسَخِّرْهُمْ لِيْ كَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى وَالْحَدِيْدَ لِدَاوٗدَ وَالْجِنَّ وَالرِّيْحَ وَالطَّيْرَ وَالْوُحُوْشَ لِسُلَيْمَانَ وَالْبُرَاقَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ الْمَعْصُوْمِيْنَ علیہم السلام بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

نقش مبارکہ یہ ھے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قولہ — الحق — جبرائیل — میکائیل — عزرائیل — اسرافیل

اللہ	۹۲	۲۶۰	۲۹۶	۲۰۱
۲۹۷	ربّ	۶۷	۸۸	۲۶۱
۸۹	۲۵۷	رحمٰن	۲۰۳	۶۸
۲۰۴	۶۹	۹۰	رحیم	۲۹۴
۲۵۹	۲۹۵	۲۰۰	۷۰	مالک

و کفٰی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

صدری نقش برائے بیرون ملک آج کل ہر کسی کی خواہش ہے کہ وہ بیرون ملک جائے خواتین ومرد حضرات کافی پیسہ بھی بیرون ملک جانے کے لیے خرچ کرتے ہیں مگر پھر بھی کسی وجہ سے نہیں جاسکتے ہیں۔ ان کے مندرجہ ذیل صدری نقش فائدہ مند ثابت ہوگا۔ اب تک بے شمار لوگوں کو بنا کر دے چکا ہوں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے کامیابی ہوئی ہے۔ اس کے لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کو ساعت مشتری میں اگربتی جلائیں پھر رجال الغیب پشت پر رکھ کر سورۂ اخلاص 313 مرتبہ پڑھ کر عامل یہ صدری نقش سفید کاغذ پر زعفرا وعرق گلاب سے لکھے۔ اب 350 روپے کی مٹھائی جو کہ عمل سے پہلے لیکر رکھی ہو پر حضرت امام حسینؑ کی نیاز دیں خود بھی کھائیں اور معصوم بچوں میں بھی تقسیم کردیں۔ اسی طرح روزانہ 7 یوم تک دیں۔ ان شاء اللہ اس نقش کے اثرات 7 روز کے بعد شروع ہوجائیں گے۔ **نقش مبارکہ یہ ھے**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قولہ — الحق

علیؑ حق ۷۱۲۲	مغیث رحیم ۷۱۳۵	حسنؑ حسینؑ ۷۱۳۲	رحمٰن کریم ۷۱۲۹
رحمٰن کریم ۷۱۳۳	حسنؑ حسینؑ ۷۱۲۸	مغیث رحیم ۷۱۲۳	علیؑ حق ۷۱۳۴
مغیث رحیم ۷۱۲۷	علیؑ حق ۷۱۳۰	رحمٰن کریم ۷۱۳۷	حسنؑ حسینؑ ۷۱۲۴
حسنؑ حسینؑ ۷۱۳۶	رحمٰن کریم ۷۱۲۵	علیؑ حق ۷۱۲۶	مغیث رحیم ۷۱۳۱

و کفٰی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

علم رمل کی افادیت

مولانا
محمد مہدی قنبری
ماہر علم رمل
03 111 888 668
imamiajantriofficial@gmail.com

السلام وعلیکم! دنیا میں بہت سے پراسرار علوم پائے جاتے ہیں۔ کچھ ایسے ہیں جن کا مآخذ ہمیں دستیاب ہو جاتا ہے اور کچھ کا نہیں۔ لیکن ان علوم کی بدولت اہل علم نے اس دنیا پر حکمرانی کی ہے۔ علم رمل (Geomancy) بھی ان خفیہ علوم میں سے ایک مشہور علم ہے۔ یہ ان خطوط اور نقطوں کی اشکال کا علم ہے جس سے قوائد معلومہ کے تحت حروف نکالے (جمع کیے) جاتے ہیں اور پھر ایسا جملہ نکالا جاتا ہے جو امور کے انجام پر دلالت کرتا ہے۔ اسے علم خطوط ونقوط بھی کہا جاتا ہے۔ جس میں اشکال کے ذریعے آئیندہ پیش آنے والے حالات وواقعات دریافت کیے جاتے ہیں۔ رمل کے زائچے میں سولہ اشکال ہیں لیکن یہ ضروری نہیں کہ یہ تمام سولہ اشکال زائچے میں آجائیں۔ بعض اوقات اس میں کئی اشکال ناپید ہوتی ہیں اور کئی مکرر آجاتی ہیں۔ علوم مخفیہ میں علم رمل کا تشخیص کا پہلو ایسا نمایاں ہے۔ جو دیگر علوم میں بمشکل نظر آتا ہے۔ مجھ سے لوگ فون پر رابطہ کرتے ہیں ان سے میں صرف چار عدد پوچھتا ہوں۔ اس سے علم رمل کا زائچہ بناتا ہوں۔ سائل کے بارے میں مکمل معلومات دیتا ہوں جیسے وقت بتاتا ہوں کہ کب سے پریشان ہے، کس وجہ سے ایسا ہوا ہے، جادو، سایہ ہے تو کب سے اور کہاں سے ہوا ہے وغیرہ وغیرہ۔۔۔

اکثر لوگ مجھ سے سوال کرتے ہیں کہ مولانا ہم تو نماز بھی پڑھتے ہیں پھر بھی ہمارے ساتھ جادو، سایہ وغیرہ کیسے ہوگیا؟ میں جواب میں اُن سے پوچھتا ہوں کی کیا نماز پڑھنے والے کو شوگر، بلڈ پریشر، کینسر جیسے مرض لاحق نہیں ہوتے؟ جب یہ بیماریاں ہوتی ہیں تو اسی طرح سے روحانی بیماریاں بھی ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ ہم لوگ عبادات بھی لالچ کے غرض سے کرتے ہیں۔ خدارا عبادات کو فرض سمجھ کر کریں۔ احکامات دین پر عمل کریں۔ واجبات ادا کریں۔ محرمات سے بچیں، اپنے عقیدے کو مضبوط رکھیں اور تعویز گنڈے والوں سے پرہیز کریں۔ میرا دعوٰی ہے کہ آپ کو کسی قسم کی کوئی پریشانی نہیں ہوگی۔ مولا بڑا کرم وفضل کرے گا۔ ہاں اگر پریشانی آجاتی ہے تو صرف اور صرف قرآن کی آیات کے تعویزات، رسول اکرم ﷺ اور آئمہ علیہم السلام سے منسوب دعاؤں اور تعویزات پر عمل کریں۔

علم رمل کوئی غیب کا علم نہیں ہے بلکہ انبیاء اور آئمہ سے منسوب علم ہے اور بزرگوں کے تجربات کا نتیجہ ہے اور ماضی حال، مستقبل کے حالات کو بطریق احسن بتادیتا ہے۔ میں چھوٹی سی مثال دوں شائد 2012 کا واقعہ ہے کہ میرے پاس ایک فون آیا کوئی محترمہ بات کر رہی تھیں انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں اٹھارہ سال سے اولاد نہیں ہے۔ میں نے ان کا حساب نکالا اور جواب دیا کہ بی بی آپ کی زمین لاکھوں میں تھی جواب کروڑوں میں ہوگئی ہے اور آپ کی اولاد تو کیا آپکے شوہر کے باقی بھائیوں کے پاس بھی اولادِ نرینہ نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے سسر نے اپنی زمین کے ساتھ ملا ہوا ایک ٹکڑا زمین کا جو کہ ایک بیوہ کا ہے۔ اس پر قبضہ کیا ہوا ہے۔ اس بیوہ کی بددعا کی وجہ سے آپ کے ہاں اولاد نرینہ نہیں ہے۔ اس کے جواب میں خاتون نے کہا کہ میرے دیور نے تین شادیاں کی ہیں اور اس میں صرف بیٹیاں ہیں۔ بیٹا کوئی نہیں ہے اور ہمارے ہاں واقعی کوئی بیٹا نہیں ہے۔ یہ بات بھی ٹھیک ہے کہ ہماری زمین لاکھوں سے کروڑوں میں آگئی ہے۔ میرے کہنے پر انہوں نے پٹواریوں سے معلوم کرکے وہ زمین کا ٹکڑا نکال کر بیوہ کے بچوں کو واپس کر دیا اور مولاؑ نے کرم کیا اور اگلے سال ہی ان کے ہاں اولاد نرینہ تھی۔ رمل میں ان لوگوں کے لیے بھی کلیہ ہے اور وہ ضمیر کا کلیہ ہے اور وہ یہ ہے دائرہ ابدح سے اور احکام نقطہ جس صاحب کے رومال خانہ پندرویں کے خانہ آتشی یا بادی کو حرکت دیں اور جس خانہ میں نقطہ معنی ہو ضمیر اس خانہ کا ہوگا۔ اگر شکل لیحان ہو تو زندگانی اور تندرستی اور شکل حمرہ اور حال اور قدوم غائب اور اگر شکل نصرۃ الخارج ہو تو سفر نزدیک یا خبر دوست اور اگر شکل بیاض ہو تو آنا اور جانا اور شکل نصرۃ الخارج ہو مال اور معشوق اور اگر شکل اجتماع ہو تو گریختہ اور حاملہ اور شکل عقبۃ الخارج ہو تو مال چوری کا اور خطرہ غیب اور نکاح اور اگر شکل میں انکیس ہو تو لینا مال اور خطرہ اور اگر شکل عقلہ ہو تو سفر کو جانا اور آنا غائب اور اگر شکل قبض الداخل ہو تو لینا مال اور احوال بارہ اور اگر شکل فرح ہو آنا غائب یا اچھا ہونا بیمار کا اور اگر شکل نصرۃ الداخل ہو خلاصی قیدی اور حاملہ اور اگر شکل نقی ہو تو کشائش کا کھلنا اور اگر شکل عقبۃ الداخل ہو تو مال اور صحت بیمار اور طریق ہو غائب مع تشویش اور اگر شکل جماعت ہو تو مال اور حمایت دوستوں کا فائدہ بخشش مغفرت ہے۔

نوٹ: سوال کرنے والے حضرات دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر اور یہ نیت رکھتے ہوئے کہ اللہ سب کچھ جاننے والا ہے اور بندہ فقط کوشش کرنے والا ہے، اپنا مسئلہ اور 1 سے 16 کے درمیان چار عدد لکھ کر پھر فون کریں۔

(سوال 1) جس آدمی سے شرکت کرنا چاہتا/ چاہتی ہوں وہ کیسا ہے؟

اصول قوائد زائچہ کا دوسرا خانہ اور آٹھواں خانہ دیکھو جس کی شکل سعد داخل ہو اور وہاں باقوت ہو فائدہ ہوگا۔ معلوم رہے کہ شکل خانہ دوئم سائل ہے اور ہشتم مسئول سے منسوب ہے اس صورت میں اگر دوسرے خانے میں انکیس آجائے تو شرکت یا معاملہ کرنا چاہیے اس طرح دوئم اور سیئر دہم سے قوت بیع وشرائے میں قوت سائل کی ہے اور خانہ دوازدہم چہاردہم قوت بیع وشرائے شریک کی ہے اور پھر شکل طالع ہفتم کو دیکھو جو شکل سعد ہوگی وہ امین ہوگا اور جس کی شکل نحس ہوگی وہ خائن ہوگا۔

جواب: زائچہ کے خانہ دوئم قبض الداخل ہے اور خانہ ہشتم نصرۃ الخارج ہے اور سعد خارج شکل ہے اور پہلی شکل آتشی خانہ بعد میں قوت رکھتی ہے اور دوسری شکل آتشی خانہ میں قوت رکھتی ہے اور پھر طالع باقوت ہے اور دوسرا خانہ سعد منقلب دوسرے خانہ میں موجود ہے تو نتیجہ نکلا کہ شراکت کی جا سکتی ہے

(سوال 2) دعویٰ میراث کروں یا نہ کروں؟

اصول وقوائط زائچہ کے دوسرا خانہ میں اور آٹھویں خانہ میں نحس خارج اشکال ہو کر مکرر ہوں تو مشکل ملے گا۔ لیکن سائل کے ہاتھ نہ پہنچے گا، کوئی اور لے جائیگا یا خرچ ہو جائے گا۔ بغیر مرضی اور اختیار کے اگر خانہ دوئم میں شکل داخل اور ہشتم میں منقلب سعد شکل ہو تو ملے گا۔ اگر خانہ سوئم میں بھی منقلب شکل ہو تو نہیں ملے گا۔ مگر مشکل سے ہاتھ آئے گا۔ اگر خانہ دوئم یا ہشتم میں داخل ہو تو نہیں ملے گا۔

جواب: زائچہ کے خانہ دوئم میں قبض الخارج ہے سعد خارج اور ہشتم میں بیاض سعد ثابت شکل ہے اور دوئم کی شکل پندرھویں خانہ میں مکرر ہے اور خانہ سوئم میں طریق ہے مشکل سے ملے گا۔ مل جائے گا۔

(سوال 3) جس سے میں محبت کرتا/کرتی ہوں اس کے بارے میں بتائیں؟

اصول قوائد زائچہ میں خانہ پنجم کے اندر شکل داخل یا سعد خارج اور تکرار نیک خانوں میں ہو تو محبوب دوستی کرے اور عداوت کے خانوں میں تکرار کرے تو عداوت ہوگی اور اگر خانہ پنجم میں شکل نحس ہو اور تکرار خانہ دوستی میں کرے تو محبوب کو رنج ہوگا۔ مگر دوستی کرے گا۔ نیز اس کی دلیل ہے کہ دوستی اس کے قابل اعتبار نہیں اگر پنجم میں سعد شکل ہو تو اور تکرار بد خانوں میں کرے یا عکس اس کا خانہ گیارہ، چودہ، پندرہ، اور سولہ میں ہو تو محبوب سخت ہے۔ آخر میں نرم ہو جائے گا۔

جواب: زائچہ کے اندر خانہ پنجم میں انکیس نحس ہے اور تکرار اس کا دوستی میں نہیں ہے یا دشمنی میں مگر عکس اس کا لحیان خانہ گیارہ میں ہے اسلیے محبوب نہیں ہے۔ سخت ہے لیکن رام ہو جائے گا۔

(سوال 4) میرے نصیب میں فرزند ہے یا نہیں؟ اگر ہیں تو کتنے ہیں؟

اصول قوائد کے زائچہ میں خانہ پنجم جو اولاد سے منسوب ہے اس میں فرح لحیان، جماعت نقی الخد اجتماع، نصرۃ الخارج، نصرۃ الداخل یا بیاض ہوگا تو فرزند ہوگا۔ ورنہ نہیں ہوگا اور شکل اول کو ہفتم سے ضرب دیں اگر نتیجہ قبض الداخل یا نصرۃ الخارج ہو تو چار فرزند ہوں گے۔ اگر فرح یا عتبۃ الداخل ہو تو چھ فرزند ہوں گے۔ اگر اجتماع یا جماعت ہو تو دو فرزند ہوں گے اگر بیاض ہو تو پانچ فرزند ہوں گے۔ اگر لحیان ہو تو یا نصرۃ الداخل ہو تو تین فرزند ہوں گے اگر حمرہ نقی انکیس یا عقلہ ہو تو چار فرزند ہوں گے اگر قبض الخارج عتبۃ الخارج ہوں دو بیٹیاں ہوں گی۔

جواب: خانہ پنجم میں شکل نصرۃ الخارج ہے لہذا لڑکا پیدا ہوگا اور خانہ اول اور ہفتم کو ضرب دیں تو نصرۃ الخارج نکلے گا جس کا مطلب ہے کہ چار فرزند ہوں گے۔

علم رمل پر مزید آرٹیکلز سے مستفید ہونے کے لیے ہماری ویب سائٹ www.imamiajantri.com وزٹ کریں

معزز قارئین امامیہ جنتری السلام علیکم! تحفہ یاعلی مدد۔ ابتداء ہے خالق اکبر جل شانہ کے بابرکت نام سے جس کے قبضہ قدرت میں ہم سب کی جان ہے، وہی تو ہے جو ہمیں تمام آفات و بلیات سے محفوظ فرماتا ہے اور جب ہم بیمار ہوتے ہیں تو ہمیں شفاء بخشتا ہے اور ہمیں شیطانی وسوسوں سے نجات دلاتا ہے۔

اسکے بعد میں امامیہ جنتری کے بانی آغا نثار احمد مرحوم اور آغا افتخار حسین مرحوم کی بلندی درجات کے لیے دعا گو ہوں کہ خالق اکبر جل شانہ انہیں کروٹ، کروٹ جنت الفردوس میں جگہ عنایت فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے۔ آمین۔

معزز قارئین کرام 2022 کی امامیہ جنتری میں آپکے لیے نکاح اور شادی وغیرہ کی بندش کے لیے اپنے چند آزمودہ عملیات لیکر حاضر خدمت ہوں اور امید واثق ہے کہ آپ تمام بہن بھائی (جو شادی اور نکاح و منگنی کی بندش کا شکار ہیں) اس سے بھرپور فائدہ حاصل کریں گے اور بندہ احقر کے حق میں دعا فرمائیں گے۔

نکاح سنت بھی ہے اور ضرورت بھی مرد اور عورت ایک گاڑی کے دو پہیے ہیں جن سے زندگی کی گاڑی رواں دواں رہتی ہے مگر آجکل ہوشربا مہنگائی اور افراتفری کے دور پر فتن میں دنیا بھر کے چند ممالک کی طرح وطن عزیز پاکستان میں بھی تقریباً ہر دوسرے گھرانے کے والدین کو بچوں اور بچیوں کے رشتوں میں رکاوٹ کا سامنا ہے اور سادات فیملیز اس مسئلے سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ ہمارے یہاں نکاح / شادی میں رکاوٹ کی بہت ساری وجوہات ہیں جو لڑکے اور لڑکیوں کی شادی، نکاح و منگنی کے آگے ایک خلیج حائل کر دیتی ہیں جسے پاٹنا انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔ یوں تو ہمارے یہاں نکاح وشادی کی بیشمار وجوہات ہیں جن میں سے چند ایک اہم اور بنیادی وجوہ قابل ذکر ہیں جن کی مختصر تفصیل درج ذیل ہے جبکہ آخر میں عملیات ملاحظہ کریں۔

مسئلہ کیا ہے؟

نظام قدرت خالق اکبر جل شانہ نے ہر مرد اور عورت کے الگ الگ نصیب بنائے ہیں کسی کو امیر کسی کو غریب، کسی کو شہنشاہ کسی کو گدا بنا دیا۔ یہی نظام قدرت ہے اور قدرت ہی ہر جگہ اور ہر چیز پر غالب ہے اور قدرت کے نظام کو بدلنا کسی عامل / کامل یا فاضل کے بس کی بات نہیں کیونکہ وہ لاریب اور غفور و رحیم ہے۔ اگر نظام قدرت کی وجہ سے شادی اور نکاح میں دیر ہو تو ایسے حالات میں زیادہ سے زیادہ صدقہ خیرات کریں، نماز پنجگانہ ادا کریں اور ہر وقت توبہ واستغفار کرتے رہا کریں۔

سفلی و کالے جادو سے بندش سفلی جادو کالے جادو کی ایک خطرناک قسم ہے جس کی زد میں آکر اکثر لڑکے اور لڑکیاں نکاح وشادی میں تاخیر کا شکار ہو جاتے ہیں ایسے میں یا تو رشتے آتے نہیں اور اگر اکا دکا آ بھی جائیں تو بات اتنی طوالت اختیار کر جاتی ہے کہ بالآخر نوبت انکار تک جا پہنچتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لڑکے اور لڑکیوں کی شادی کی فکر میں اکثر والدین ذہنی امراض کا شکار ہو جاتے ہیں

ساڑھ ستی کی وجہ سے شادی نہ ہونا ساڑھ ستی کیوجہ سے سو میں سے تیس فیصد لڑکیوں کی جوانی ڈھل جاتی ہے مگر ان کے ہاتھ پیلے نہیں ہو پاتے جسکی وجہ سے وہ ہر وقت ذہنی اذیت کا شکار رہتی ہیں۔ ساڑھ ستی کا دورانیہ عموماً ساڑھے تین سال سے لیکر ساڑھے سات تک محیط ہوتا ہے۔

غربت و افلاس کی وجہ سے شادی میں رکاوٹ پاکستان میں سو میں سے 75 فیصد لوگ خطِ غربت سے بھی نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں لوگ خطِ غربت سے بھی نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ غریب و نادار گھروں کی لڑکیوں کے بالوں میں چاندی اتر آتی ہے مگر ان کی شادی نہیں ہو پاتی کیونکہ (ان کے والدین کے پاس سامان جہیز کی قوت نہیں ہوتی جبکہ لڑکے والوں کو زیادہ جہیز کی ہوس ہوتی ہے) جسکی وجہ سے ان کے والدین سمیت ان کی پریشانی بڑھنا شروع ہو جاتی ہے۔

نحوست سیارگان ہماری زندگیوں پر سیاروں کا بہت بڑا عمل دخل ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ سیاروں کی ناموافقت اور ان کے نحس اثرات کیوجہ سے اکثر بچے اور بچیاں کنوارے رہ جاتے ہیں اور بارہا کوششوں کے باوجود بھی نکاح وشادی کی کوئی صورت نہیں نکلتی جس کی وجہ سے ان کی پریشانی بڑھنا شروع ہو جاتی ہے۔

عمل نمبر 1 اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا نکاح بذریعہ سفلی جادو باندھ

دیا گیا ہوتو اسے چاہئے کہ آغاز ماہ نو چندی جمعرات کو غسل بجالائے اور بعد ازاں سفید پوشاک معطر کر کے پہنے اور دو رکعت نماز حاجت ادا کرے اور پھر اسی جگہ پر بیٹھ کر ساعت زہرہ میں مشک وزعفران اور کستوری سے چنکارہ ہرن کی جھلی یا چاندی کی تختی پر بوزنی سوا دو تولہ پر کا پر کی قلم سے درج ذیل نقش کندہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ اور ہر جمعرات کو الکوحل سے پاک خوشبو بھی لگائے۔ بفضل خدا 41 یوم میں شادی، نکاح کا پیغام آئے گا اور بندش وغیرہ کا توڑ ہوگا۔ واضح رہے کہ عمل کرنے سے پہلے اجازت لازمی لیں اور جو بھی (لڑکی/لڑکا) یہ عمل کرے وہ ان ایام میں پانچ وقت کی نماز لازمی ادا کرے لہو ولعب سے باز رہے، جھوٹ سے پرہیز کرے اور 41 روز تک بلا ناغہ مقررہ وقت اور تعداد کے مطابق آیت کریمہ پڑھے اور چلہ مکمل کرے۔

نوٹ جو خود نقش تیار نہ کر سکیں یا عمل کے لیے وقت نہ نکال سکیں تو ہدیہ بھیج کر لوح ہم سے منگوائیں۔ ہم عمل فی سبیل اللہ کریں گے۔

۷۸۶

۵۰۰	۲۰۱	۱۴۶	۹۵
۳۰۹	۵۴۶	۲۱۴	۲۰۴
۲۷۰	۱۰۶۰	۲۵۶	۱۳۴
۱۲۹	۶۸	۱۴	۶۹

یا اللہ کریم تیرے اسمائے کے توسل سے
فلاں بنت/بن فلاں کی شادی ہوجائے۔

